مجربات
الطب والکیمیاء



تحریر وتدوین

شیر حسن

Sher Hassan
Just now

کتب خانہ طبیب

﴿وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ﴾

چیف ایڈمنز

ڈاکٹر محمد زمان صابر

حکیم امجد الٰہی خان

گروپ ایڈمنز

سیف علی خان

حکیم عبدالحسیب احسن

عبدالغنی صاحب

حکیم عبدالکریم آزاد

حکیم طاہر

تحریر وتدوین

شیر حسن

Sher Hassan
Just now ·

فہرست

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مختلف امراض

کتب خانہ طبیب

Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 5 at 5:27am ·

ناف گرنے کے اسباب و علاج:۔

ناف پڑنا :۔

چیک کرنے کا طریقہ:

بعض اوقات ناف کے ادھر ادھر سرک جانے سے مروڑ اور پیچش لگ جاتے ہیں

جس پر پیچش کی عام ادویہ اثر نہیں کرتیں

ایسے معاملات میں ناف ضرور چیک کر لینی چاہئے

اس کے چیک کرنے کے طریقے درج ذیل ہیں

ا. صبح نہار منہ چت لیٹ کر ناف پر انگلی سے دباؤ دینے سے ہلکی سی تھر تھراہٹ محسوس ہو تو ناف اپنی جگہ پر ہے

ب. ناف پر دھاگہ رکھ کر پستان کے نپل تک پیمائش کرلیں

اگر دونوں طرف پیمائش برابر نہ آئے تو ناف اپنے مقام پر نہیں ہوگی

د. مریض کو چت لٹا کر دونوں ہاتھ پاؤں سیدھے کریں

اگر دونوں پاؤں کے انگوٹھے سیدھے یعنی ایک لائن میں ہیں تو ناف درست ہے

ج. مریض کی دونوں ہتھیلیاں اس طرح جوڑیں کہ کلائی کی لکیریں آمنے سامنے ہوں

دونوں ہاتھوں کی چھوٹی انگلیاں ملائیں اگر تینوں انگلیوں کی لائنیں اور ہتھیلی کی لکیر سب ایک دوسرے کے برابر ہو تو درست نا ہو تو ناف ٹلی ہوئی ہے

****

ناف سرکنے کے اسباب اور علاج :۔

اس کے اسباب میں سرد خشک سے خشک گرم اشیاء کا کثرت استعمال

اونچی نیچی جگہ سے پاؤں کا پھسلنا: زیادہ وزن اٹھانا: کمزوری

ریح پیدا کرنیوالی اور خشک مصالحہ جات کا کثرت استعمال

ان اسباب کی بدولت ناف اوپر یا نیچے سرک جاتی ہے

اور گیس کے دباؤ سے مروڑ کم ہو جاتے ہیں

زیادہ عرصہ تک یہ شکایت رہنے سے نظام ہضم پکڑ جاتا ہے

****

تدابیر اور علاج:۔

علاج سے پہلے اس کو اپنے مقام پر لائیں جس کے طریقے درج ذیل ہیں

ا.انگوٹھے سے ناف کے گرد دباؤ ڈال کر ناف اس کے مرکز کی طرف دھکیل دیں

ب. مریض کو چت لٹا کر اس کے دونوں بازو سیدھے رکھیں

پھر اس کے گھٹنوں پر دباؤ ڈالیں اس کے دونوں انگوٹھے پکڑیں جو انگوٹھا سمٹا ہوا ہو

اس کو کھینچ کر برابر کرنے کی کوشش کریں دونوں انگوٹھوں کے نشان آمنے سامنے ہونے تک یہ عمل دہراتے رہیں

د. مریض چت لیٹ کر سانس باہر نکالے.دوبارہ سانس لینے سے پہلے پیٹ کو پھیلائے اور جہاں تک ممکن ہو اسی حالت میں رکھے اس عمل کو بار بار دہرائے حتیٰ کہ ناف اپنی جگہ پر آجائے

ج. مریض چت لیٹ کر دونوں بازو سیدھے رکھے سر کے نیچے تکیہ نا ہو

ٹانگیں جوڑ کر ۹۰ درجہ کے زاویہ پر لے جا کر واپس لے آئے یہ عمل ۸ سے ۱۰ مرتبہ دہرائے

علاج:۔

چونکہ یہ خشکی گرمی یعنی عضلاتی غدی تحریک کا مرض ہے

اس کا علاج غدی عضلاتی پھر غدی اعصابی سے کریں

اجوائن پودینہ رائی تیزپات ہر ایک ہموزن

۱۰۰۰ ملی گرام کا کیپسول ۳ ٹائم

زنجبیل ۵۰ گرام

نوشادر ۲۰ گرام

مرچ سیاہ ۱۰ گرام

۵۰۰ ملی گرام کیپسول 3 ٹائم

تحریری کاپی !!!!

حکیم تجمل حسین

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 8 at 1:03am ·

آیورویدک طریقہ علاج کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ یہ دس ہزار سال پرانا ہے لیکن آج بھی اس کے ماہر معالج موجود ہیں اس طریقہ علاج میں بعض اوقات قیمتی پتھروں اور نگینوں سے بھی علاج کیا جاتا ہے۔۔۔

نگینوں کے ذریعے علاج تین طریقوں سے ہوتا ہے۔۔۔

پہلا طریقہ یہ ہے کہ نگینے کو الکحل میں یا شفاف چشمے کے پانی میں حل کر کے اسکا ٹنکچر یا ایکسٹریکٹ بنا لیا جائے جس میں کہ نگینہ اپنے شفایابی والے اثرات اس پانی میں چھوڑ دے اور اسکو استعمال کروایا جائے

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ۔۔۔۔ان نگینوں کو کشتہ کر کے استعمال کروایا جائے۔۔۔۔۔اور

تیسرا طریقہ۔۔۔یہ ہے کہ نگینہ اسطرح انگوٹھی میں یا کسی اور طرح سے پہنا جائے کہ یہ جسم کے ساتھ مس ہوتا رہے۔۔۔۔

آیئے اب دیکھتے ہیں کہ کون سے نگینے کس بیماری میں استعمال ہوتے ہیں۔

1-سنگ امیزن۔۔۔ Amazonite stone ۔۔خفیف ڈپریشن دور کرنے۔۔۔اعتماد بڑھانے اور جزبات میں ٹھہراو کے لیئے۔۔

2-فیروزہ۔۔۔ AQUAMARINE غم و یاس دور کرنے کے لیئے

3- یاقوت ارغوانی۔۔ AMETHYST بدہضمی آنتوں کی بیماریاں اور قبض اور جوڑوں کے درد کیلئے.

4- عقیق احمر۔۔۔ Carnelian ایلرجی کے خاتمے کے لیئے.

5- ہیرا۔۔۔ DIAMOND۔۔ سرطان کے مریضوں کے لیئے مفید ہے خصوصاجب کیمو تھیراپی اور ریڈیو تھیراپی کے بعد قوت مدافعت کمزور پڑ گئی ہو۔۔۔.

6- سیاہ سنگ سلیمان۔۔ BLACK ONYX نکوٹین الکوحل اور منشیات کی لت چھڑانے کے لیئے...

7- زمرد۔۔۔ EMERALD۔۔۔ درد شقیقہ میں۔۔۔.

8- سبز نگینہ۔۔ JADE۔۔۔ خواتین کے مسائل۔۔۔ اور تولیدی صحت بہتر بنانے کے لیئے.

9- سنگ لاجورد۔۔۔ LAPIS LAZULI۔۔ بینائی کو طاقتور بنانے کے لیئے.

10- سنگ دودھیا۔۔۔ OPAL۔۔۔ ذہنی اور نفسیاتی امراض کے لیئے اور ڈپریشن میں.

11- یاقوت۔۔۔ RUBY۔۔۔ دل اور خون کی بیماریوں کے لیئے۔۔.

12- سنگ گلابی۔۔۔.. ROSE QUARTZ بچوں کے امراض میں خاص طور پر خسرہ اور کن پیڑ وغیرہ میں۔۔۔

13. نیلم۔۔۔۔۔ SAPPHIRE۔۔ کھانسی زکام اور تنفسی انفیکشن میں۔۔۔ قوت مدافعت کو بہتر کرتا ہے۔

مہر فیاض صاحب 7 مارچ 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 12 at 4:30pm ·

بکھڑے کا حلوہ ..

پچھلے سال میری کمر کے مہرے ہل گئے تھے تو تقریبا معذورھو گیا تھا...

ڈاکٹر کو چیک کروایا اور علاج شروع کروایا لیکن کچھ
خاص فرق نہ پڑا تو میری نانی اماں نے ایک حلوہ بتایا

جسکو بکھڑے کا حلوہ کہتے ہیں...

میں نے حلوہ بنایا اور دو ماہ کھایا تو میرے مہرے بلکل

سیٹ ھو گئے .. درد کو آرام تو دس دن بعد ھی آ گیا تھا

لیکن مکمل صحتیاب دو ماہ میں ھو گیا اور ایک سال گزر

گیا ابھی تک کمر میں درد نہیں ہوا .. یہ حلوہ تمام جسم کی

ہڈیوں کے درد کے لیئے مجرب ھے...

بکھڑا__________سو گرام

چنے بغیر چھلکے والے__________تین پاؤ

دیسی گھی__________ایک کلو

چینی __________ایک سے دو کپ

بکھڑا ، چنا اور چینی سب اشیاء کو الگ الگ اچھی طرح

پیس لیں کسی مشین میں .. بکھڑا کافی سخت ہوتا ھے لہذا

بہتر ھے جس پنساری سے لیں اسی کے پاس اگر بڑی لوہے

والے مشین ھو تو اسی سے پیسوا لیں...

بکھڑا پیسوانے کے بعد اچھی طرح چھان لیں تا کہ کوئی بڑا

ذرہ مکسچر میں شامل نہ ہو...

چھنے ہوئے بکھڑے کو پیسی ہوئی چینی اور چنے میں ڈال کر تینوں اشیاء کو خوب اچھی طرح مکس کر لیں کسی

چمچ سے یا ہاتھوں سے ... اور اگر چاہیں تو تھوڑا سا پستہ

اور کاجو بھی پیس کے مکس کر لیں...

چنا پسنے کے بعد ہلکا سا نم ہو جاتا ھے جس وجہ سے اسکی موٹی موٹی ڈلیاں بن جاتی ہیں لہذا ہاتھوں کے ساتھ بھی خوب مکس کریں مکسچر کو اور ہاتھوں میں بھر بھر کے مسل مسل کے مکس کریں

...پھر گھی کو برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں...

جب گھی کڑکڑانے لگے اور اسکا رنگ ہلکا سا سرخی مائل ہو جائے تو آگ بند کر کے جلدی سے وہ سارا مکسچر گھی کے اندر ڈال کے زور زور سے چمچ کے ساتھ مکس کرنا شروع کردیں

سارے حلوے کو...

یاد رکھیں کہ تھوڑا سا گرم گھی الگ سے ساتھ رکھیئے گا تا کہ اگر آپکو محسوس ہو کہ گھی کم اور چنے زیادہ ہیں اور

بلکل خشک سا مٹی جیسا حلوہ بن گیا ھے تو فوری طور پر
وہ گرم گھی بھی اندر ڈال دیں یعنی حلوہ نرم سا ہونا
چاہیئے جس میں گھی ہلکا ہلکا نظر آئے اور گھی کے اندر جبمکسچر
ڈالیں تو خوب اچھی طرح مکس کرنا ھے ورنہ ڈلیاںبن جائیں گی اور

فائدہ نہیں ھو گا....

جب حلوہ تیار ھو جائے تو شیشے کے جار میں سنبھال کے
رکھ لیں اور روزانہ چار پانچ چمچ حلوہ گرم کر کے گرم

دودھ کے ساتھ کھا لیا کریں چمچ کی مدد سے...

نوٹ = اگر زیادہ بنانا ھو تو اسی مقدار میں تھوڑا تھوڑا

اضافہ کر لیجیئے گا ... شکریہ

احسن 6 جنوری2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 12 at 11:42am ·

دائمی نزلہ زکام کی معجزاتی شفا:۔

A miraculous cure for chronic Catarrah and Coryza:

نزلہ اور زکام جس سے ہر ایک کا واسطہ پڑتا ہے۔اسے چھوت دار بیماری کہا جاتا ہے جو ایک سے دوسرے کو لگ جاتی ہے۔اس لیے چھینکنے یا جمائی لیتے وقت منہ پر رومال یا ہاتھ رکھنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ یہ بہت عام مرض ہے اس کے جراثیم ہی اس کا سبب ہیں۔

نزلہ اور زکام میں فرق:

ان میں فرق یہ ہے کہ جب ناک سے پتلی رطوبت نکلے، سر بھاری اور ناک میں ہلکی جلن ہو تو اسے زکام کہتے ہیں جبکہ رطوبت یا مادہ حلق میں گرے تو اسے نزلہ کہتے ہیں۔ نزلہ اور زکام کی ابتدا میں گلے میں ہلکی خراش، سینے میں جلن، چھینکوں کا آنا، کھانسی کا آنا اور جب یہ مرض شدید ہو تو اعصاب شکنی، نبض کا تیز اور پیاس کا لگنا ہے۔علاج: طب کی دنیا میں اس کا کوئی فوری اور موئثر علاج موجود نہیں ہے اس کے جراثیموں پر کوئی دوا اثر نہیں کرتی۔اس کا اصل علاج احتیاط اور آرام ہے۔اطباء کی رائے میں نزلے کی بنیادی وجہ تھکن ہے اس لیے اس کا بنیادی علاج آرام

ہی ہے۔ مثل مشہور ہے کہ نزلہ زکام کی اگر دوا لی جائے تو ایک ہفتے میں ٹھیک ہو جاتا ہے اور اگر دوا نہ لے جائے تو سات دن میں آرام آ جاتا ہے۔

اب یہ تو بات ہو گئی موسمی یا جراثیمی نزلہ زکام کی لیکن ایک مرض نزلہ مزمن یا پرانا یا دائمی نزلہ کہلاتا ہے۔ انگریزی میں اس کو Catarrah کہتے ہیں. اس لفظ کا اردو ترجمہ ڈکشنری کے مطابق یہ ہے۔ زکام۔ نزلہ۔ چھینکیں۔

نزلہ میوکس (بلغم) کے مستقل بہائو کے ساتھ۔ ناک کی جھلیوں کی جلن و سوزش۔ ناک کی جھلیوں سے سورشی رطوبت کا اخراج۔ یہ تو ہو گیا کیرایا کیٹرا۔ دوسری اصطلاح ہے

Coryza: کوریزا۔ اس کا اردو ترجمہ ڈکشنری کے مطابق شدید زکام، بالائی نظام تنفس یعنی ناک اور حلق کی شدید سوزش۔ بلغم کا مستقل حلق میں گرنا۔ جس کی وجہ سے حلق میں خراش، کھانسی، سائنس (sinusitus) وغیرہ۔

اب یہ امراض اگر موسمی ہوں تو دوا اور علاج سے ٹھیک ہو جاتے ہیں لیکن اگر یہ دائمی ہوں تو ایسا شخص مستقل ناک کی بندش، رات کو خاص طور پر ناک بند ہو جانا، مستقل حلق میں بلغم یا رطوبت گرنے سے سوزش، ناک میں سوزش، سر میں بھاری پن، دماغی تھکاوٹ۔

آپ اس کا لاکھ علاج کروا لیجئے، بدل بدل کر دوائیں کھا لیجئے، ناک کے اسپرے استعمال کر لیجئے، لیکن زرا سا وقتی فائدہ ہوتا ہے اس کے بعد پھر وہی کیفیت۔ ڈاکٹر کبھی الرجی کی دوا دیتے ہیں، کبھی اینٹی بائیوٹک اور اکثر تو ناک کی

ہڈی کے بڑھنے کی تشخیص کر کے ناک کا آپریشن بھی کر دیتے ہیں۔ یہ پھر بھی نہیں جاتا۔ آجکل یہ مرض ہر دوسرے شخص کو بلا تخصیص جنس کے ہے۔ کبھی کم کبھی زیادہ ہوتا رہتا ہے۔ اسوقت بہت تکلیف دیتا ہے جب اس کی وجہ سے حلق میں خراش اور کھانسی ہوتی ہے۔

میں اکثر میڈیکل اور آلٹرنیٹو میڈیسن سے متعلق ویب سائٹس کھنگالتا رہتا ہوں اور اسی تلاش کے دوران بعض اوقات ایسی کوئی دوا یا شفا یا طریقہ نظر آجاتا ہے کہ جو کسی بڑے مسئلے کا آسان یا کرشماتی حل ہوتا ہے۔ اس پوسٹ کے ساتھ میں نے ایک ویب پیج کا اسکرین شاٹ بھی دیا ہے۔ جو لوگ انگریزی جانتے ہیں وہ اسے پڑھ لیں اور جن کو انگریزی سمجھنے میں دقت ہے ان کے لئے میں اس پیج کا ترجمہ تحریر کر رہا ہوں۔ ترجمہ:

دائمی نزلہ زکام سے شفا:

میں یہاں اس گروپ کے ممبرز کے لئے دائمی نزلہ وزکام کی ایک مکمل شفا شیئر کرنا چاہتا ہوں۔ میں یہاں یہ بات بتادینا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں کوئی کوالیفائیڈ ہومیوپیتھک معالج نہیں ہوں لیکن گزشتہ چالیس برس سے میں ضرورتمندوں کو جو مجھ سے امراض کے سلسلے میں رہنمائی مانگتے ہیں کو مختلف امراض ومسائل کی ہومیو ادویات مفت دیتا رہا ہوں۔

میں اب تک نزلہ وزکام کے چودہ مریضوں کو جن میں سے اکثر دائمی نزلہ وزکام کے مریض تھے کو ہومیوپیتھک دوا Bacillinum 200 کی صرف ایک خوراک سے مستقل شفایاب ہوتے دیکھ چکا ہوں۔ ان میں سے اکثر عرصہ دراز سے اس مرض میں مبتلا تھے اور ایلوپیتھک ڈاکٹروں سے علاج کرا کرا کر مایوس ہو چکے تھے۔ اس

دواکااثرراتوں رات ہوتاہے اورانتہائی ڈرامائی بلکہ کرشماتی طورپر گھنٹوں کے اندراس مرض کی تمام علامات غائب ہو جاتی ہیں۔ چھینکیں، ناک کی سوزش، بندش، جلن وغیرہ سب مکمل طورپر غائب ہو جاتی ہیں اور تمام مریضوں میں صرف ایک خوراک سے ایسافائدہ ہواکہ پھردوبارہ یہ مرض لوٹ کر نہیں آیا۔ لیکن بہرحال میں نے احتیاطی طورپر ایک ماہ بعداس دواکی ایک خوراک مزید دے دی۔ جس نے ان کو مستقل طورپر شفایاب کردیا۔

میں اس گروپ کے تمام ممبرزسے درخواست کرونگاکہ وہ دائمی نزلہ زکام کے لئےاس دوا (Bacillinum 200) کواستعمال کریں اوراپنے نتائج سے آگاہ کریں۔اس کے علاوہ بھی اگرآپ کے تجربات میں اس بیماری یاکسی اور بیماری کی مکمل شفاہوتودوسروں کے فائدے کے لئے شیئرکیجئے۔

جوڈی لویرا۔ کولمبو۔ سری لنکا۔ یہ توہوگیاانگریزی سے اردوترجمہ۔

تودوستویہ میں آپ کے ساتھ شیئرکررہاہوں۔اگرآپ بھی دائمی نزلہ زکام کے ہاتھوں تنگ ہیں تواس دواکو آزمائیں۔اگرفائدہ ہوتاہے توایک ماہ بعددوسری خوراک بھی بطورحفظ ماتقدم کے طورپر لے لیجئے۔فائدہ ہونے کی صورت میں مجھے بھی ان بکس مطلع کیجئے۔اپنے دوستوں عزیزوں رشتہ داروں کوبتایئے کہ یہ ایک ثواب اور صدقہ جاریہ ہوگا۔

ہومیوپیتھک دواہمیشہ سیل بندجرمنی کی خریدیئے۔اس کی ایک خوراک اس طرح لی جائے گی کہ رات سوتے وقت جب کہ آپ کوکھاناکھائے کم ازکم دوتین گھنٹے ہوچکے ہوں اور منہ بالکل صاف ہویعنی پان یاسگریٹ وغیرہ استعمال نہ کیاہواہو۔ایک ٹیبل اسپون یادوٹیبل اسپون پانی میں اس دواکے دس قطرے ملائیں اور منہ میں لے کر

پندرہ بیس سیکنڈ تک کلی کی طرح منہ میں گھمائیں اور پھر پی جائیں۔ ہو میو دوا ہماری منہ اور زبان میں موجود مساموں کے ذریعے جذب ہو کر زیادہ بہتر اثر دکھاتی ہے۔

آجکل یہ مرض اس لئے دائمی صورت اختیار کر گیا ہے کہ ہر گھر میں فریج موجود ہے۔ اکثر لوگ فریج کھول کر پانی کی بوتل نکال کر منہ سے لگاتے ہیں اور غٹا غٹ چڑھا جاتے ہیں۔ اس صورت میں ہمارا سر پیچھے کی جانب ہو جاتا ہے اور ٹھنڈا پانی سیدھا حلق میں جانے کے بجائے ہمارے حلق میں موجود ناک کے سوراخوں کو بھی چھوتا ہوا گزرتا ہے۔ بلکہ کچھ نہ کچھ ان میں رس بھی جاتا ہے۔ یہ ناک کی جھلیاں بہت حساس ہوتی ہیں اور متواتر ایسا کرنے سے ان پر سوزش آجاتی ہے جو اوپر کی جانب بڑھتی ہے اور پوری ناک اور سائنسز کو متاثر کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر دوسرا شخص سائنس کا مریض ہے۔ میوکس یا بلغم ایک ایسی قدرتی لیس دار مائع ہے جو ہمارے جسم کی اندرونی جھلیوں پر سوزش یا ذخم کی صورت میں اس کو مزید نقصان سے بچانے کے لئے ایک تہہ بناتا ہے۔

دوسری وجہ کولڈ ڈرنکس کی یخ بوتل کو وہی منہ سے لگا کر کھڑے کھڑے پینے سے نہ صرف اس کی برف جیسی یخ بستگی اور گیس کی تیزی حلق کے راستے ہماری ناک کی جھلیوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ اس سلسلے میں احتیاط کیجئے۔ بوتل سے منہ لگا کر پینے کے بجائے گلاس میں انڈیل کر بیٹھ کر آرام سے گھونٹ گھونٹ پیجئے۔ بچوں کو بھی تنبیہہ کیجئے کے فریج سے نکال کر بوتل منہ سے لگا کر ہرگز نہ پئیں۔ دوسری ایک احتیاط یہ ہے کہ کبھی بھی سو کر اٹھتے ہی ٹھنڈا پانی ہرگز نہ پیجئے خاص طور پر دوپہر کی نیند کے بعد۔ تجربہ کر کے دیکھ لیجئے کہ دوپہر میں نیند سے اٹھ کر فریج سے پانی کی بوتل نکال کر پی جائیے۔ آپ کو لازمی طور پر زکام ہو جائے گا اور رات کو ناک بند ہو جائے گی۔

تو دوستو دوا آپ کو بتادی ہے۔ آزمایئے اور اگر شفا ہو تو مجھ احقر کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد کر لیجئے گا۔ شکریہ

Sanaullah Khan Ahsan-







Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 14 at 3:08pm ·

السلام علیکم آداب!

دوستو، یہ سوچ کر کہ کہیں آپ اس دوا کو نظرانداز نہ کر دیں، کیونکہ بھکھڑے کے کانٹوں کا مخفی راز حکیم پینل کے پیج پر آنے کے فوراً بعد مجھے ایک تازہ دم ویڈیو میں نظر آیا تو بہت خوشی ہوئی کہ کسی نے اس موتی کی قدر کی اور آپ سب اسے عام سی بات سمجھ کر نظرانداز نہیں کرنا، آیئے اُس کانٹوں کے راز سے دوبارہ پردہ اٹھاتے ہیں ۔۔ آج میں اس کا ایک بہترین نسخہ لکھوں گا، پہلے اسے سمجھنے کیلئے ایک سچی کہانی زیب نظر کرنا چاہتا ہوں، کافی سالوں پہلے ایک دن ہم گاؤں کے لوگ ایک جگہ جمع تھے مختلف موضوعات پر باتیں ہو رہیں تھیں کہ پرانے زمانے کے لوگ کم وسائل کے باوجود بہت صحت منداور توانا تھے، اسی دوران محفل میں بیٹھے میرے ماموں

جان مرحوم چوہدری منظور علی صاحب نے سب کو مخاطب کیااور ایک واقعہ سناناشروع کیا کہ میں اس وقت نوجوان تھا، ہمارے گاؤں میں برادری کے ایک بزرگ جن کانام پہلوان خان تھاان کی زرعی زمین بھی کم تھی، گاؤں کے متمول لوگ گندم استعمال کرتے تھے اس سے کمتر طبقہ کے لوگ باجرے اور مکئی کی روٹی کھاتے تھے لیکن اس سے بھی نیچے طبقے میں سائیں پہلوان کا شمار ہوتا تھا سائیں پہلوان ہر سال اناج کے طور بھکھڑا کے بیج بوریوں میں بھر لیتااور ساراسال اس اناج کو گھر کی ہاتھ والی چکی سے پیس کر آٹابناتااور اس کی روٹی پکا کر کھاتا تھا، سائیں پہلوان ایک تہبند باندھے ایک کھلا کرتا پہنے نظر آتا تھا جیسے اس کے پاس پہننے کو ایک ہی لباس ہو، گھر میں گائے اور بھیڑیں بھی تھیں، بھیڑوں کی اون آمدن کا ذریعہ تھی، ہمارے پوٹھوہار کے گاؤں میں تفریح کیلئے میلے لگتے تھے یا کسی شادی بیاہ یا خوشی پر سانگ کی محفل ہوتی تھی ایک دن قریبی گاؤں میں سانگ (ناچ گانے) کی محفل تھی سبھی لوگ تیار تھے کہ انجوائے کریں گے ایسے موقعے کم ہی ملتے تھے، جب رات کو سب نوجوان سانگ کے تماشے پر روانہ ہوئے تو ان کے ساتھ سائیں پہلوان بھی چل پڑا، وہاں پہنچے تو دیکھا کہ دور دراز سے مہمان آئے ہوئے تھے، ایک بڑی حویلی میں صحن کے درمیان خاصی جگہ چھوڑ کر چارپائیاں بچھائی گئیں تھیں کہ آنے والے مہمان آرام سے بیٹھ کر سانگ تماشہ دیکھ سکیں، چارپائیوں کے آگے زمین پر بھی لوگ بیٹھ گئے، ماموں چوہدری منظور علی صاحب کے ساتھ کچھ معزز بزرگ تھے جنہیں احتراماً ایک چارپائی بیٹھنے کو ملی، ان کے سامنے زمین پر آلتی پالتی مار کر جوان بیٹھ گئے انہی زمین پر بیٹھے لوگوں میں سائیں پہلوان بیٹھے تھے تماشہ شروع ہوا کبھی جگت ہوتی کبھی ناچ کے ساتھ گانا 3 گھنٹے بعد معمولی ساوقفہ ہوا تو ایک لمبا تڑنگا جوان محفل کے درمیان آ گیا اس نے اپنا تعارف کروایا کہ میں فلاں مشہور آدمی ہوں جو میلوں ٹھیلوں میں بھینی کے مقابلوں کا نامور

کھلاڑی ہوں آج پوٹھوہاریوں کا مہمان ہوں کوئی جوان ہے محفل میں جو میرے ساتھ بازو پکڑنے کا مقابلہ کرے ہر طرف سناٹا چھا گیا سب کھسر پھسر کرنے لگے کہ یہ اپنے علاقے کا کنگ ہے اس کے ساتھ مقابلہ ممکن نہیں، بات ختم ہوئی وہ آدمی فخر یہ انداز سے چلتا ہوا اپنی چارپائی پر جا بیٹھا۔ پھر گانا شروع ہو گیا رات 3 بجے کے قریب پھر وقفہ ہوا تو وہی آدمی دوبارہ میدان میں آگیا اور بڑے تکبرانہ انداز میں للکارا کہ کیا کوئی مائی کا لال ایسا نہیں جو میرا بازو پکڑ سکے اسی دوران اس نے ایک گستاخانہ جملہ بولا جس سے سب لوگوں کا خون کھول اٹھا مقابلے کیلئے کوئی نہ تھا جیسے ہی وہ اپنی چارپائی کی طرف جانے لگا تو سائیں پہلوان کرتے سے مٹی جھاڑتے ہوئے اٹھا اور اسے آواز دی کہ رکو میں تمھارا بازو پکڑوں گا، پاس بیٹھے لوگ چیخ اٹھے سائیں تم نے زندگی میں کبھی کسی سے ایسا مقابلہ نہیں کیا، یہ مشہور آدمی ہے پہلے ہی بہت پریشان کر چکا ہے تمھارے ہارنے پر علاقے کی کیا عزت رہے گی سب پریشان ہو گئے، چونکہ وہ کرتا اتار کر میدان میں بدن گرم کرنے کیلئے الٹی سیدھی بازیاں لگا رہا تھا اب بات ٹلنے کا کوئی موقع نہیں تھا، بہر حال سائیں پہلوان نے میدان میں آکر اس سے ہاتھ ملایا اور بلند آواز سے کہا کہ مجھے بازو پکڑنے کا کوئی تجربہ نہیں لیکن تمھاری للکار نے مجھے یہ مقابلہ کرنے پر آمادہ کیا ہے یہ سن کر وہ اور دلیر ہو گیا کہ میرا مد مقابل اناڑی ہے اسے تگنی کا ناچ نچا کر داد وصول کروں گا سب لوگوں کے چہروں پر واضح پریشانی دکھائی دے رہی تھی سب انجام سے باخبر تھے ایک دوسرے سے کہہ رہے تھے اس سائیں نے آج ہماری ناک کٹوا دینی ہے، زندگی میں پہلی بار سائیں پہلوان کو لوگوں نے میدان میں کرتا اتارتے دیکھا سب نے ایک چٹان نما جسم کے ٹارزن کو دیکھا تو حیرت میں رہ گئے لیکن یہ سوچ کہ سائیں ان داؤ پیچ سے چونکہ واقف نہی ہے اس سے ہار جائے گا اتنے میں سائیں کی کڑک دار آواز دور تک خاموشی کا جگر چیرتے گی کہ لاؤ اپنا بازو سامنے کرو سائیں کی سادگی پر

کچھ لوگ استہزائیہ مسکرا پڑے، اس جوان نے متکبرانا انداز میں بازو ہوا میں لہرا کر کہا کہ کون سا بازو پکڑو گے، سائیں نے سادگی سے جواب دیا جو نسا سامنے کرو گے پکڑ لوں گا اس نے مٹھی بند کرتے ہوئے دایاں بازو بلند کیا۔ سائیں پہلوان نے دونوں ہاتھ بڑھا کر بازو گرفت میں لے لیا اس نے خبردار کیا کہ بازو کو اپنے سینے کے ساتھ مضبوطی سے لگا لو پھر نہ کہنا کہ میرے ساتھ کیا ہو گیا، سائیں نے جواب دیا کہ یہیں ہوا میں بازوں پکڑوں گا تم چھڑوا لو، اس نے انتہائی حقارت سے سائیں کو دھکا سا دیا بس اس کے بعد اس جوان کے بازو کی ہڈیاں چٹخنے کی آواز قریب بیٹھے لوگوں کو سنائی دی اور وہ منہ سے ایک لفظ نہ بول سکا اور اپنے قدموں پر جھول گیا اتنے میں ایک تجربہ کار نے آواز دی سائیں اس کا بازو چھوڑ دو تم جیت گئے ہو، بازو چھوڑا تو وہ پیٹھ کے بل گر گیا۔ سب لوگ اس کے لٹکے ہوئے ہاتھ کو دیکھ کر توبہ توبہ کرنے لگے، سائیں نے کرتا اٹھایا اور پہنتا ہوا واپس مٹی پر کر بیٹھ گیا، گھر والو نے مہمان کی دیگر گوں حالت دیکھ کر گانا ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ لوگ سائیں کے پاس آکر جمع ہو گئے تھپکیاں بھی دیں اور کچھ نے انعام میں پیسے بھی دیئے۔ سب لوگ ہنستے مسکراتے واپس گاؤں آ گئے اگلے دن سائیں پہلوان کے گھر سارا گاؤں جمع تھا اور سب پوچھ رہے تھے کہ تم کیا خاص چیز کھاتے ہو جو تم میں اتنی طاقت ہے اس نے سادگی سے جواب دیا کئی سال ہو گئے بھکھڑے کی روٹی کے سوا کچھ نصیب نہیں ہوا یہ سب بھکھڑے کا کمال ہے، دوستو، اس واقعے سے یہ بتانا مقصود تھا کہ خار خسک یعنی بھکھڑا بے پناہ طاقت کا حامل پھل ہے اب اسے نسخے کو سنوار کر پیش کرنے لگا ہوں اسے سینوں میں محفوظ رکھنا شائد اس سے بڑا کوئی تحفہ نہ دے سکوں.

نسخہ۔ بھکھڑاخشک پھل۔200 گرام لے لیں تاکہ اسے کوٹ کردوپٹے سے چھان کر ملائم ڈسٹ سی نکالنی ہے

بھکھڑے کا ملائم پوڈر 30 گرام

بھکھڑے کے نوکدار کانٹوں کی دھول کاڈسٹ پوڈر 20 گرام

ملٹھی،50 گرام سے نکلی ملائم دھول 10 گرام

اگر ڈسٹ زیادہ نکلے تواسی طریقے سے وزن بڑھاکر نسخہ بنالیں۔

بھکھڑے کے کانٹے باریک کر کے کسی دوپٹے سے چھان کر نکالا گیا باریک گرد نماپوڈر 20 گرام ہوگا۔ بھکھڑا پھل کا پوڈر یعنی اسی طرح دوپٹے سے چھنی ہوئی دھول 30 گرام اور ملٹھی کی چھنی ہوئی ٹیلکم پوڈر کی طرح کی ملائم دھول 10 گرام سب کو ملا کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔یا چھوٹے کیپسول بھر لیں، پھر صبح وشام غذا کے بعد دودھ کے گلاس سے ایک گولی،اور پانی بھی زیادہ پیئیں، مردانہ پاور کے ساتھ ساتھ گردے بھی صاف ہوں گے۔

نوٹ، بھکھڑے کا پھل زیادہ پرانا ہوا تو رزلٹ کمزور ہوگا بس اتنا خیال رکھنا ہے، مردانہ پاور کے بڑے سے بڑے نسخے کا مقابلہ کرے گا۔

نوٹ:۔ باقی بچے نسخے کو بھی کوٹ چھان کر محفوظ رکھ لیں کبھی ضرورت پڑنے پر استعمال کر سکتے ہیں۔

جمیل حیدر عقیل -امریکہ

اطباء کرام کے لئے۔

-------------------------ایک دوسرا طریقہ میسیریشن کا---------------

اگراسے دوآتشہ کرنا ہے تو پھر یہی ڈسٹ 70٪الکوحل {ہومیو پیتھک والی} کے ذریعے حاصل کی جائے گی، بھکھڑا کٹاہواالکحول میں ڈال کر کسی گہرے رنگ کی بوتل میں بند کریں15 دن تک روزانہ ایک دفعہ ضرور ہلا اچھی طرح ہلادیں، پھر 15دن کے بعد بھکھڑے کی لکڑیاں الگ کردیں اوراس الکوحل کو پانی کی پرات کے درمیان دھات کے برتن میں رکھ کر ہلکی آگ پر رکھیں پانی کے ابلنے سے الکوحل اڑجائے گا حسب طریق نسخہ بنالیں یہ پہلے طریقے سے بہت ہی زیادہ مقوی ہے۔

#عبدالغنی. (@[1705680102:2048:Jamil Aqeel])



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 22 at 1:37am ·

گوکھروخارخسک بکھڑاکاایک زبردست نسخہ!!!!!

ایسانسخہ پوسٹ کررہے ہیں جوبوڑھوں اور کمزورمردوں کے لیے یکساں مفید ھو.لوجی نسخہ حاضرھے

جس سے شادی شدہ ھویابوڑھے ھوں ہڈیوں کی تکلیفیں ھوں .

مردانہ کمزوری کے لیے.

اعصابی کمزوری کے لیے.

چست وتوانائی .

لوٹ کرآئے جوانی.

شباب اتناآئے کہ نظرہی ٹھہرجائے۔

ھوالشافی :

گوکھرو....یعنی بھکڑہ 1 پاؤتازہ

دودھ گائے 1 کلو

گوکھرو کو صاف کر کے دودھ کے تین حصے کریں

اور ایک حصہ دودھ اور 1 پاؤ گوکھرو

دونوں کو ہلکی آگ پر پکائیں

دودھ خشک ھوتب سایہ میں خشک کریں .

ایسے تین بار دودھ خشک کریں .

گوکھرو دودھ میں پکاھوا 1 پاؤ

موصلی 5 تولے

ثعلب مصری 5 تولے

مصطگی رومی 5 تولے

گوند پھلائی 5 تولے

زعفران 1 تولہ آگر آپکو ضرورت ھے

ورق نقرہ آدھا تولہ

قلعی تیار شدہ 1 تولہ

سب اجزائے ترکیبی کو علیحدہ علیحدہ صاف کر کے باریک پوڈر کریں اور مکس کریں.

اور سنبھال رکھیں .

طریقہ استعمال :

صبح شام ایک ایک چمچ خوراک نیم گرم دودھ سے خالی پیٹ کھائیں ۔

حکیم قاری مصطفٰے سندوری 21 مارچ 2017



بچوں کے امراض



Saif Ali Khan ▶ الطب و الکیمیا جدید
March 29 at 1:29am ·

کم وبیش 40اطباء کاایک گروہ ایک جنگل میں جڑی بوٹیوں پر تحقیق کررہاتھااس دوران ایک جھونپڑی پر نظر پڑی جس میں ایک بزرگ تشریف فرماتھے-جب ان محقق اطباء نےان سے گفت وشنید کاآغاز کیاتو معلوم ہواکہ بزرگ موصوف باتنی کے ڈاکٹر رہ چکےہیں اوراب گوشہ نشینی کی زندگی گزاررہے ہیں--پھر توسب ان کے طالب ہوئےاوران سے کسی خاص تحفہ کی استدعاکی بزرگ طبیب نےایک خاص نسخہ عطافرمایا-

!!مغز کنول گتہ جسے کول دودا بھی کہتے ہیں اسے چھیل کرپتہ دور کرکے ہم وزن مصری کوزہ ملاکر پیس لیں---چھوٹے بچوں کے کم از کم 36امراض کی ایک ہی شافی دواہے-اسے بچوں کی جادوئی چٹکی بھی کہاجاتاہے-دن مین دویاتین بار بھی دی جاسکتی ہے--خواص کے متعلق تو مفردات کی کتب بھری پڑی ہیں میں تواسے چلڈرن سپیشلیسٹ کانام دیتاہوں دوران کلاس طیبہ کالج میں استاد محترم پروفیسر حفیظ صاحب نے عطاءفرمایا--

طالب دُعا۔

حکیم امجد خان صاحب 27مارچ 2017

Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 9 at 10:48am

سُوکھے بچوں کی صحت کیلئے:۔

امراضِ اطفال:۔

لونگ 2 تولہ،، آملہ صاف شدہ دس تولہ

ان دونوں کو پیس کر آدھا کلو دہی میں ملا کر رکھ دیں چار پانچ دن بعد یہ سب خشک ہو جائے گا اسے کوٹ کر دانہ مسور برابر گولیاں بنالیں۔

ایک سال کے بچہ کو ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ پانی دیں تین سال کے بچہ کو دو گولی دن میں تین بار دے سکتے ہیں انتہائی بے ضرر اور انتہائی مفید بچوں کی دوا ہے ۔

اس کے استعمال سے سوکھے ہوئے بچے چند دن میں موٹے ہو جاتے ہیں۔ الٹی گیس پاخانے سوکڑا اور بیماری کے بعد بچوں کی کمزوری یعنی بچوں کی تمام عام موسمی بیماریوں میں مفید ہے۔

Sanaullah Khan Ahsan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 19 at 10:21am ·

تشخیص امراض نومولود:۔

شیر خوار بچوں کی زبان آپ بھی سمجھیں کو سمجھا سکتے ہیں۔وہ تکلیف میں مبتلا بھی ہوتے ہیں لیکن اس کا اظہار زبان سے نہیں کر سکتے۔ لیکن تحقیق کے ذریعے آنے والی نسلوں کو علم کے خزانے عطا کرنے والے قدیم اطباء نے مختلف امراض اور تکالیف میں شیر خوار بچے کی حرکات و سکنات اور جسمانی علامات کو نوٹ کرنے کے بعد ایسی رہنمائی عطاء کی ہے جو شیر خوار بچوں کے امراض کی تشخیص میں اطباء کی اور مختلف تکالیف کو معلوم کرنے میں ماؤں کی مددگار ہے۔ان حرکات و سکنات اور جسمانی علامات کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے:۔

☆ بچہ دن بدن دبلا پتلا ہوتا جائے مزاج میں چڑچڑا پن پیدا ہو جائے اور بے وجہ روتا رہے تو سمجھ لیجئے کہ بچہ کی صحت اچھی نہیں ہے۔

☆ذات الریہ اور وجع القلب ورم غلاف قلب میں بچہ کے چہرہ پر زیادہ گھبراہٹ اور انتشار کی علامات پائی جاتی ہیں۔

☆آنکھوں کے اطراف سیاہ حلقے پڑ جائیں اور آنکھیں اندر دھنسی ہوئی معلوم ہوں بدن کی جلد نرم پڑ جائے اور کان کی لو کو دبانے سے بچہ نہ روئے تو سمجھ لیجئے کہ بچہ دق الاطفال میں مبتلا ہے۔

☆چہرے کا رنگ زرد پڑ جائے تو سمجھ لیجئے کہ بچہ یرقان میں مبتلا ہے۔

☆چہرے پر بھربھراہٹ کا ہونا خرابی جگر کی علامت ہے۔

☆چہرے کا سیاہی مائل یا مٹیالہ ہو جانا ورم جگر یا ورم طحال یا مزمن حمی عفونتی کی علامت ہے۔

☆کان کی طرف بار بار ہاتھ لے جانا امراض گوش کی علامت ہے۔

☆ناک کی دیوار دب جانا جذام اور آتشک کی علامت ہے۔

☆جلد جلد سانس لیتے وقت ناک کے نتھنوں کا پھولنا' منہ کھول کر سانس لینا ذات الریہ کی علامت ہے۔

☆بچہ دم بدم کھانستا جائے اور روتا بھی رہے تو درد پسلی کی علامت ہے۔

☆تالو کا پھولنا اور بخار کا مسلسل رہنا ورم دماغ کی علامت ہے۔

☆سر کا گول اور بہت بڑا ہونا اور ساتھ اس کے سر کے تمام نشیب و فراز کا ابھار پیشانی کا بڑا اور کشادہ ہونا استسقاء دماغی کی علامت ہے۔

☆اگر بچہ تیسرے یا چوتھے مہینہ تک اپنی گردن سیدھی نہ کر سکے تو سمجھ لینا چاہیے کہ وہ کسی عصبی مرض میں مبتلا ہے۔

☆بچہ بغیر آنسو کے روئے تو سمجھ لیں کہ کسی جسمانی تکلیف میں مبتلا ہے۔

☆پست آواز میں رونا کمزوری کی علامت ہے۔

☆آواز پھٹی ہوئی اور بیٹھی ہوئی ہو تو سمجھنا چاہیے کہ امراض حنجرہ میں مبتلا ہے۔

☆اگر بچہ سر تکیہ پر ادھر ادھر پھیرتا جائے یا ایک ہی طرف نظر جما کر دیکھتا رہے تو سمجھ لیں کہ دماغی سخت مرض میں مبتلا ہے۔

☆بچہ کا نیند میں چونکنا یا سسکیاں لے کر رونا اور پیشانی پر شکن کا آجانا درد سینہ کی علامت ہے۔

☆اگر بچہ کسی عضو کو بار بار چھوتا ہو اگر اس مقام کو ہاتھ سے دبایا جائے تو رونے لگے تو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ بچہ کے اس عضو میں درد ہے۔

☆بچہ روتا رہے اور ضدی ہو جائے آنکھوں کے نیچے بل پڑ جائیں تو یہ تصور کرنا چاہیے کہ درد سر میں مبتلا ہے۔

☆اگر بچہ گھٹنے سکیڑ لے اور بھنویں چڑھائے اور رونے لگے تو سمجھنا چاہیے کہ درد شکم میں مبتلا ہے۔

☆بچہ کی زبان میلی اور اجابتیں بدبودار اور مائل بہ سیاہی یا خشک ہوں تو خلل شکم کی علامت ہے۔

☆بچہ کے پیشاب میں سفید تلچھٹ بیٹھ جائے تو یہ سمجھنا چاہیے کہ اس کا ہاضمہ خراب ہے۔

☆اگر سرخ پیشاب آنا شروع ہو تو یہ تصور کرنا چاہیے کہ بخار آنے والا ہے۔

☆بچہ نیند میں دانت پیسے اور ناک کھجائے اور نیند میں منہ سے رال بہے تو سمجھنا چاہیے کہ اس کے شکم میں کیڑے پیدا ہو گئے ہیں۔

☆اگر بچہ مقعد کو بار بار کھجلاتا رہے تو یہ سمجھنا چاہیے کہ چنونے ہو گئے ہیں۔

☆بچہ مٹھیاں بند کر لے اور ہاتھ پاؤں مارنے لگے اور آنکھیں چھت کو لگا دے تو سمجھنا چاہیے کہ ام الصبیان کا مرض لاحق ہو گیا۔

☆بچہ فوراً بیہوش ہو جائے ہاتھ پاؤں مارنے لگے اور منہ سے کف نکلے تو یہ صرع الطفال کی علامت ہے۔

چند کار آمد نسخے:۔

☆پرال کا گھاس جلا کر رکھ لیں۔ بچوں کی زبان پر باریک باریک ثبور پیدا ہوتے ہیں جس سے بچوں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ مذکورہ سفوف تمام دن میں چند مرتبہ لگایا جائے تو آرام ہو جاتا ہے۔

☆بچوں کے دانتوں کی جڑوں سے خون نکلتا ہو تو سوختہ پھٹکڑی بریاں، نمک لاہوری ہموزن باریک پیس کر لگانے سے خون بند ہو جاتا ہے۔

☆ڈبہ اطفال اور رفع قبض کیلئے یہ گولیاں مفید ہیں۔ مصبر زرد ایک تولہ، حب السلاطین مدبر ایک تولہ، عصارہ ریوند ایک تولہ، برگ سداب ایک تولہ، کتیرا ایک تولہ، باریک پیس کر گولیاں بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

☆بچوں کو دانت نکلنے کے زمانہ میں جو غیر معمولی اجابتیں آتی ہیں اس کیلئے یہ نسخہ خاص طور پر یاد رکھنے کے قابل ہے۔ موچرس ایک تولہ۔ گوند کیکر ایک تولہ پیس کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔

☆بچوں کے اسہال وقے میں یہ دوا کارآمد ہے۔

کپور کچری ایک تولہ زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔

باریک پیس کر گولیاں بقدر دانہ مونگ بنالیں۔ تمام دن میں چند دفعہ استعمال کرائیں۔

☆بچوں کے نفخ شکم واصلاح معدہ کیلئے یہ حبوب کارآمد ہیں۔

سنڈھ دوماشہ، سہاگہ بریاں ایک ماشہ۔ گولیاں بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

☆بچوں کے غدود بڑھ جاتے ہیں اس کیلئے یہ ضماد مجرب ہے۔

گوند چھوہارہ تین ماشہ، مقل 3ماشہ، تخم مولی 3ماشہ، پیس کر آب برگ املتاس میں پکاکر لگائیں۔



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
May 4 at 9:37am ·

بچوں کے بستر پر پیشاب کرنے کا علاج:۔

بچوں کے بستر پر پیشاب نکل جانے کے لئے اکسیر:

سفید تل 50 گرام

گری ناریل 50 گرام

مویز منقہ 50 گرام

گڑ 50 گرام

کشتہ بیضہ مرغ 30 گرام

کشتہ بلانے (بکرے کے کھر) 1 گرام

تمام کو خوب کھرل کر کے پیسٹ بنا کے محفوظ رکھیں

بچوں کے لئے 1 ٹی سپون دودھ سے

بڑوں کے لئے 1 ٹیبل سپون دودھ سے صبح شام

ابو وائل محمدی 4 مئی 2017

الطب و الکیمیا جدید ▸ حکیم مسکین شاہ
August 7 at 5:24pm ·

سیریلیک کانسخہ:۔

-1چھِلکااُتار کر بھُناہوا ”جو“....200گرام

-2خشک دودھ............................100گرام

-3خشک کیلا...........................20گرام

-4نمک حسبِ ذائقہ..................1گرام

-5شہد حسبِ ذائقہ..................20گرام

بنانے کاطریقہ: صفائی کاخاص خیال رکھیں۔جواور کیلے کوہلکا گرینڈ کرکے دودھ. نمک. شہد ملاکر فُل گرینڈ کریں.

نوٹ:-طویل مدت تک اسٹور کرناہوتوشہد کے بدلے میں30 گرام گلوکوز ڈالیں .

پیکنگ میں محفوظ کریں...... استعمال:۔ابلے ہوئے پانی میں حسبِ ضرورت سیریلیک ڈال کر ٹھنڈاہونے پر بچے کوکھلائیں. تین ماہ کے بچے کودے سکتے ہو..

نوٹ: بنانے میں آسان اورسستاہے اس لیے خود بھی مزے سے کھاسکتے ہو!!!!!

مردانہ امراض


Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 8 at 1:37am ·

مردانہ قوتِ باہ کا نسخہ:۔

اس نسخے کی خوراک نہار منہ ایک کھانے کا چمچہ ایک گلاس دودھ کے ساتھ ہے اسکے فوائد جو لوگ کہتے ہیں کہ دخول سے پہلے ہی خروج ہو جاتا ہے ان کے لیئے لاجواب ہے ۔

بلکہ 15 منٹ تک کی گارنٹی ہے شرط یہ ہے کہ ایک ماہ تک عورت کے ساتھ ہمبستری نہ کرے یہ نسخہ بہت ہی نایاب ہے صرف ضرورت مند ہی استعمال کریں غیر شادی شدہ افراد کے لیئے نہیں ہے مدت استعمال ایک ماہ ہے اسکے بعد پانچ سال تک کسی دوا کی ضرورت نہیں!!!!!

اجزائے نسخہ!!!!!

تخم شلجم 50 گرام

تخم مولی 50 گرام

تخم بلنگو 50 گرام

طباشیر انڈین 25 گرام

موصلی سفید 25 گرام

ثعلب پنجہ 10 گرام

تخم بھنگ 25 گرام

لاجونتی 25 گرام

کھتہ 15 گرام

بہمن سرخ 25 گرام

مصری 250 گرام

تمام چیزوں کو باریک پیس کر یکجا کرلیں نسخہ تیار ہے ۔

حکیم صادق انڈیا—10-دسمبر 2016—

نذر عباس صاحب

Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 27 at 10:20pm

طلائے اعظم :۔۔بنانے میں انتہائی سادہ اور پُر اثر:۔

آج میں آپ کو آسان اور ایک ایسا طلاء بتانے لگا ہوں کہ آپ کے جملہ نقائص کا علاج اس سے احسن طریقہ سے کر سکتے ہیں دعوا کوئی نہیں نہ منجی توڑ نہ چھٹے توڑ،،، بس بیماری تمام دور ہو گی۔

دو بکروں کے کپورے لیکے اور اسپر سے جھلی اتار کر صاف کر لیں اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں اور دو تین کلو پانی ڈال کر ابالنا شروع کر دیں جب محسوس کریں کہ سب کچھ گل کر تقریبا حل ہو جائے نیچے اتار لیں اور اسے ٹھنڈا ہونے کے لئے رکھ دیں جب خوب سرد ہو جائے تو اس پر اوپر چربی سی آجائیگی بس آرام سے اس چربی کو پانی کے اوپر سے اتار لیں اور اس میں دوگنا شہد خالص شامل کر کے خوب کھرل کریں ۔

بس طلاء تیار ہے عضو تناسل کے اوپر روزانہ رات کو ہلکی سی مالش کر دیں دس پندرہ روز کے استعمال سے وہ تمام ٹارگٹ حاصل کر لیں جو آپ کی نظر میں ہیں۔واللہ اعلم



Saif Ali Khan ▶ الطب و الکیمیا جدید
March 31 at 1:42am

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آغاز کرتے ہیں اللہ کے بابرکت نام سے جو۔۔ارض وسماء کامالک وخالق ہےاور پالنے والا رب ہے

اسکے بعد پیارے نبی حضرت محمد مصطفےٰ صل اللہ وعلیہ وسلم کے پیارے نام سے جو کل عالموں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں تمام دوستوں ایڈمن جناب سہیل لغاری محسن علی سیف علی خان صاحب اور تمام گروپ ممبران کا شکر گزار ہوں جو مجھے لائک کمنٹ اور میری حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔کافی دنوں سے بہت سے دوستوں کا اصرار تھا کہ انکے لئے ذکاوت حس۔۔۔ سرعت انزال۔۔ جریان اور طلاء کا مجرب نسخہ لکھا جائے۔

مجھے قوی امید تھی کہ یہ ذمہ داری میرے اکابر حکماء واطباء احسن طریقے سے نبھادیں گے لیکن انہوں نے یہ سارا بوجھ ایک ناچیز وحقیر طالبعلم کے کندھوں پہ ڈالدیا میں اللہ کا بے حد شکر گزار ہوں کہ اس نے اس خاکی کو یہ عزت بخشی۔۔میں کہاں تھا اس کرم کے قابل حضور کی بندہ پروری ہے۔میں نے یہ خصوصی پوسٹ۔۔ملک عبدالکریم کی پوسٹ۔۔اور شانی گجر۔عامر سائیں۔۔عادی بابا۔۔کے۔۔کمنٹ۔اور بہت سے سرعت انزال۔ ذکاوت حس۔ جریان کے مریضوں کے پرزور اصرار پر خدمت خلق اور مایوس العلاج میریضوں کے لئے کی ۔۔۔۔تنقید برائے تنقید سے معزرت۔۔۔

ضروری نوٹ-: (1 ذکاوت حس اور سرعت انزال کا علاج 3 مرحلوں میں ہوتا ہے۔

(2جھوٹی شہوت اور انتشار میں کمی ہو سکتی ہے۔

(3ایسی صورت میں گھبرانے کی ضرورت نہیں۔

(4ایسی صورت میں آپ ٹھیک ہو رہے ہیں۔

(5دوسرے مرحلے میں آپ کو طلاء مقوی معجونات استعمال کروائے جائیں گے۔

(6- 15دن کے بعد مجھے اپنی حقیقت سے آگاہ کریں

(7بصورت دیگر میں سمجھوں گا کہ یہ سب ڈرامے بازی ہے اور یہاں پر اس حکیم پینل میں کوئی علاج کی غرض سے نہیں آتا۔

(8واقعی ضرورت مند مریضوں کے لئے اس حقیر کے طبّی مشورے حاضر ہیں۔

(9طلاؤں کے متعلق تفصیلی پوسٹ کل کر دی جائے گی۔۔

پورے بھروسے کے ساتھ نسخہ استعمال کریں ان شااللہ شفاء ہو گی۔

یقین کامل بڑی چیز ہے۔ محنت میں عظمت ہے۔

دعاؤں کا شکر گزار۔۔نواب زادہ امانت علی۔۔31مارچ2017

میرا یہ نسخہ معمول مطب۔ آجکل کوئی اپنا راز کسی کو نہیں بتاتا۔

ھو الشافی ۔ ہر کسی کا اپنا طریقہ علاج ہے

نسخہ (15 دن کے اندر مجھے واپس رپورٹ دیں) انہیں تو میں سمجھوں گا کہ ضرور شفا بشرط

غرض ہے ان نوجوانوں نو بیاہوں ذکاوت حس سرعت انزال
جریان۔ احتلام۔ جلق کے مریضوں کے لئے۔ منی مذی ودی
خواہ لڑکی کو دیکھنے سے نکل جائے یا لڑکی سے باتیں کرتے سے دخول سے
پہلے یا ایک منٹ بعد۔ ذرا خیال دل میں آنے سے شلوار گیلی ہو۔
یا کسی بھی وجہ سے منی پانی کی طرح بہہ رہی ہو۔ انشاء اللہ شفا ہو گی

① کشتہ ملوی شورہ گھنگ والا = 15 گرام۔ دواخانہ سلیمانی

(۲) جوارش جالینوس ... 400 گرام (طبی ہمدرد۔ دواخانہ سلیمانی)
(۳) کشتہ خبث الحدید ... 15 گرام (اشرف لیبارٹریز۔ دواخانہ سلیمانی)
(۴) بھوسی اسپغول انڈیا۔ 200 گرام

ترکیب استعمال ①۔ کشتہ ملوی کی 15 عدد پڑیاں بنا لیں برابر حصوں میں۔
ایک پڑیا روزانہ صبح نہار منہ 5 گرام مکھن تازہ جالی والا۔
② جوارش جالینوس اور کشتہ خبث الحدید کو مکس کریں اچھی طرح
مقدار خوراک:۔ ایک چمچہ چائے والی صبح ناشتہ کے بعد اور ایک رات کو کھانا کے بعد
③ 3 چمچ بھوسی اسپغول لے کر ابلے ہوئے دودھ میں ٹھنڈا ہونے پر ڈال دیں
چینی حسب ضرورت بوتل کانچ کی ہو تو بہتر ہے۔ بند کر کے فریج میں رکھ دیں
صبح یا شام 5 بجے اچھی طرح ہلا کر نوش فرمائیں: قبض نہ ہونے دیں۔

نسخہ نمبر 5: پھلی ببول بغیر بیج سایہ میں خشک کردہ ثعلب چھوٹا دانہ
مغز بیج املی: یہ تینوں چیزیں برابر وزن۔
کھانڈ دیسی یا گڑ برابر وزن ادویہ۔ تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر
کم از کم 4 دفعہ بڑ دودھ (برگد) کے دودھ میں تر و خشک کریں سایہ میں
پھر باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا لیں۔
مقدار خوراک۔ ایک گولی دودھ کیساتھ شام 5 بجے 21 یوم حد 40 یوم

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 31 at 4:24am ·

پس سیل R.B.C

تولیدی مادہ جس کو منی کہتے ہیں اس کا فقدان اکثر دیکھنے میں آیا ہے اس میں آر بی سی کی زیادتی یا پس سل کا ہونا بے اولادی کا سبب اور معالجین کے لئے پیچیدہ مسلہ بن گیا ہے معالج حضرات اس کی تولید کو مد نظر رکھ کے علاج کرنے کے بجائے مغلظ اور ممسک ادویات سے علاج کرتے ہیں جو اکثر ناکامی سے دوچار ہوتے ہیں محترم اہل فن دوستو اور اہل علم احباب یاد رکھیں غذا چار درجات میں ہضم ہوتی ہے پہلا درجہ ہضم کیلوسی دوسرا درجہ ہضم کیموسی تیسرا درجہ ہضم عروقی اور چوتھا درجہ ہضم عضوی ہے یہ اعضا کے اندر ہوتا ہے چاروں ہضم مکمل ہو جائیں تو غذا کا وہ حصہ جو اعضا کو غذا دینے کے بعد بچ جاتا ہے اس کے اندر مرتبہ ثانی نفخ واقع ہو کر اس کی منی بنتی ہے یعنی غذا کا وہ حصہ جس نے اعضا کی شکل ابھی اختیار نہیں کی ہوتی منی کی شکل کر لیتا ہے یہ دو طرح سے بنتی ہے صاحب بحر الجواہر کا خیال ہے کہ معتدل غذا 72 گھنٹے کے بعد منی بننے کے قابل ہو جاتی ہے قاسم غذا عروق کے راہ گزر کر غذا جگر تک پہنچتی ہے اور جگر سے اجوف نازل کی راہ گردوں میں جاتی ہے اور گردوں میں اجوف کی راہ انثیین میں پہنچتی ہے،

قدماء کے قول کے مطابق منی مادہ اس طرز پر وصول ہوتا ہے کہ ہضم اربعہ کے بعد غذا کی رطوبت تمام اعضا میں حرارت عزیزی کے باعث پختیر کر کے دماغ کی جانب صعود کرتی ہے جو کان کے پیچھے والی عروق سے گزر کر نخاع میں جاتی ہے....

محترم بالا اقتباسات میں منی کی تولید اور منی کی سیر کا سفر نامہ بیان کیا گیا ہے....

ابھی اس کی دو صورتوں کی بیماریوں کا علاج سب سے پہلے آر بی سی کی زیادتی کا علاج کشتہ فولاد 12 گرام کشتہ نقرہ 12 گرام ازراقی 30 گرام ست سلاجیت 30 گرام زعفران 6 گرام فلفل سیاہ 12 گرام

تمام کو باریک پیس کر یکجا کر لیں کھرل میں عرق گلاب سہ آتشہ ملا کر چنے برابر گولیاں بنالیں

ایک گولی صبح و شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ....

پس سیل کا علاج:

جوہر لوبان کوڑیا 20 گرام کشتہ نقرہ 10 گرام ثعلب مصری 3 گرام آرد سنگھاڑہ 3 گرام مغز پنبہ دانہ 3 گرام

تمام کو باریک سفوف کر کے 50 گرام شیر برگد شامل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں

ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ۔

حکیم سید سجاد علی 31 مارچ 2017

Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 31 at 1:23pm ·

طلاء سیماب

روغن بیضہ مرغ توسب نکال سکتے ہیں شرط یہی ہے خود بیضہ مرغ تیار کریں کیونکہ بازار سے جو ملتا ہے میں اس پر مطمئن نہیں ہوں۔

,,,,ایک تولہ یا دو تولہ سیماب مصفیٰ لے لیں اور کسی چینی کی پلیٹ یا باؤل میں ڈالیں اور اس کے اوپر ایک قطرہ روغن بیضہ مرغ ڈالیں اور شہادت کی انگلی کی مدد سے اسے تیز تیز رگڑنا شروع کردیں سیماب اور روغن آپس میں جذب ہونا شروع ہو جائینگے آہستہ آہستہ جھاگ بنے گی اور تقریبا دو گھنٹہ کی محنت سے کریم کی شکل اختیار کر جائے گی اب تیار ہے اسے کیمیا گری کی زبان میں چھلبند کرنا کہتے ہیں۔

اب طلاء تیار ہے ایک تا دو قطرے حشفہ کو چھوڑ کر عضو تناسل پر روزانہ رات سوتے وقت مالش کریں پندرہ بیس روز کے استعمال سے سکڑا ہوا تناسل لمبائی یعنی سائز اور موٹائی اور سختی میں ہر طرح پورا ہو گا میرا خیال ھے حکماء حضرات میری بات سمجھ گئے ہیں رزلٹ سو فیصد آئیگا تجربہ شرط ہے بنائیں اور آزمائیں اور مجھے دعاؤں میں ضرور یاد رکھنا۔



Hafiz Saeedahmad Marth ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 3 at 4:21pm ·

معمول مطب۔جناب محترم نواب زادہ امانت علی صاحب۔

نسخہ پوسٹ ہو چکا جو کہ ایک فوٹو کی شکل میں ہے کچھ دوستوں کا اصرار ہے کہ موبائل انڈرائیڈ نہ ہونے کی وجہ صحیح پڑھا نہیں جاتا ان کے لیے دوبارہ لکھا جارہا ہے۔

ذکاوت حس۔ سرعت انزال۔ جریان۔احتلام۔ جلق کے مریضوں کے لیے۔ منی۔مذی۔ودی۔خواہ لڑکی کو دیکھنے سے نکل جائے۔یا لڑکی سے باتیں کرنے سے دخول سے پہلے یا ایک منٹ بعد۔ برا خیال دل میں آنے سے شلوار گیلی ہو یا کسی بھی وجہ سے منی پانی کی طرح بہ رہی ہو۔انشاءاللہ شفاء ہو گی۔

۔1. کشتہ قلعی شورہ بھنگ والا۔10 گرام۔۔2. جوارش جالینوس 400 گرام۔3. کشتہ خبث الحدید 10 گرام۔ 4 چھلکا اسپغول انڈیا 200 گرام۔۔

کشتہ قلعی کی 15 عدد پڑیہ بنالیں برابر وزن کی روزانہ ایک پڑیہ نہار منہ ہمراہ مکھن چاٹی والا سے۔۔۔جوارش جالینوس اور کشتہ خبث الحدید کو مکس کریں اچھی طرح ایک چمچ فل ناشتے کے بعد اور ایک چمچ رات کے کھانے کے بعد۔۔۔چھلکا اسپغول 3 چمچ آدھا کلو ابلے ہوئے دودھ میں ٹھنڈا ہونے پر ڈال دیں چینی حسب ضرورت بوتل کانچ کی ہو تو بہتر ہے بند کر کے فریج میں رکھ دیں صبح یا شام پانچ بجے اچھی طرح نوش کریں قبض نہ ہونے دیں۔۔۔

نسخہ پھلی ببول بغیر بیج کے سایہ میں خشک کردہ۔۔ ثعلب چھوٹادانہ۔۔ مغز بیج املی۔۔

یہ تینوں چیزیں برابر وزن کھانڈ دیسی یا گڑ برابر وزن ادویہ۔۔

تمام اشیاء کو کوٹ کر چھان کر کم از کم چار دفعہ بوہڑ کے دودھ میں تر خشک کریں سایہ میں پھر باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنالیں

ایک گولی دودھ کے ساتھ شام بجے 21 یوم حد 30 یوم۔۔۔۔۔

نوٹ۔۔ کشتہ جات سلیمانی دواخانہ اشرف لیبارٹریز ہمدرد کے لیں۔۔۔ اگر دل مانے تو میرے حق میں بھی دعا کر دیں۔

۔۔ حافظ سعید احمد مارتھ۔۔

Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 21 at 9:45pm

(آک)آکھ مدار-: (Caletropis Swallow Wost)

دیگر نام-: آکون، عربی میں عشر، فارسی میں خرک، زہرناک، تلیگو، میں مندرامو، سنسکرت میں مندار سندھی میں اک، تلنگی، حلیپنڈے، مکاٹ۔ پھل۔ بنگالی میں آکنڈہ۔ گجراتی میں آکڈو

فیملی-: جائی گنٹیکا-

ماہیت-:

آکھ کا پوداڈیڈھ گز سے دو گز تک بلند ہو جاتا ہے لیکن عموماً ایک یا نصف گز تک بلند دیکھا گیا ہے یہ شاخ در شاخ ہو کر بھی پھیلتا ہے لیکن زیادہ تر جڑ ہی سے شاخیں نکل کر ادھر پھیل جاتی ہے مدار کے جس حصہ کو توڑا جائے سفید گاڑھا دودھ ٹپکنا شروع ہو جاتا ہے اطراف میں جڑ کی نسبت زیادہ دودھ نکلتا ہے۔

پتے-:

برگد کے پتوں سے مشابہ لیکن ان کی مانند سبز نہیں ہوتے بلکہ سفید مائل ہوتے ہیں۔ تنوں اور شاخوں پر سفید رؤواں لگا رہتا ہے۔ پک جانے پر زرد رنگ کے ہو جاتے ہیں۔

پھول:-

کنوری نما گچھوں میں لگتے ہوتے ہیں۔جو باہر سے سفید اور اندر سے سرخی مائل ہوتے ہیں۔پھول کے عین درمیان لونگ کے سر کی مانند ایک شے ہوتی ہے۔جس کو قرنفل مدار یعنی آنکھ کی لونگ کہتے ہیں۔

پھل:-

اسکی شکل عموماً لمبوتری اور درمیان سے خم کھائی ہوتی ہے۔خشک ہونے پر جب پھٹتا ہے تو اس کے اندر سے سنھبل کی مانند روئی نکلتی ہے۔جو نہاہت نرم و ملائم اور چکنی ہوتی ہے۔

تخم:-

چپٹے ،سیاہی مائل اور وزن میں ہلکے حجم میں دال ارہر کے برابر ہوتے ہیں۔ بعض آکھ کے پودوں پر ایک قسم کی رطوبت منجمد ہوتی ہے۔اس کو صنغ عشر یا شکر العشر کہتے ہیں۔

دودھ:-

آکھ کے ہر حصے کو جس کو توڑا جائے تو اس سے مفید گاڑھا دودھ نکلتا ہے جو زہریلا ہوتا ہے۔

نوٹ': اس پودے کا ہر جز بطور دواء کام آتا ہے۔

آکھ کی اقسام:-

ا۔ جسکی ماہیت اوپر بیان کی جاچکی ہے یہ بطور دواء استعمال ہوتی ہے۔

2۔ پھول مطلقاً سفید ہوتا ہے اور اسکا درخت پہلی قسم سے بڑا ہوتا ہے۔

3۔اس قسم کا آکھ مزکورہ اقسام سے چھوٹا ہوتا ہے۔اور پھول پستی مائل بہ مفید ہوتا ہے۔

مقام پیدائش-:

پاکستان۔ہندوستان۔ سری لنکا۔افغانستان،ایران،اورافریقہ ہیں۔پاکستان کی بنجرزمینوں اورریگستان میں پایاجا تاہے۔موسم گرمامیں بکثرت ہوتاہے۔

ذائقہ-: تلخ تیزی مائل

مزاج-:

پھول،جڑ،پتے،اورشاخیں تیسرے درجے میں گرم خشک آکھ کادودھ چوتھے میں گرم اور خشک ہے۔

افعال-:

تازہ پتے مسکن درد اور سردی کے اورام تحلیل کرتے ہیں۔ قاطع۔اکال،

برگ خشک کاذرور جالی،اکال، مقئی،منفت، بلغم، مقطع،پتوں کاپانی محمر،اکال، قاطع

پوست بیخ مدار۔

معتدل، مقوی، قاطع،ومخرج۔ بلغم، مغشی، مقئی۔ مسہج،معدہ،آمعاہ، قاتل،کرم، شکم،

دودھ مدار۔

لازع، محلق، جاذب، سم، حیوانات، اکال، مقرح، مسہل، قوی، مقئی، معلس، قاطع، بلغم، صحیح،

استعمال-:

آکھ کا دودھ اکال مقرح ہونے کی وجہ سے داد، گنج، اور بواسیری مسوں پر لگانے ان کو جلد دور کر دیتا ہے۔ خفیف طور پر طلاء کرنے سے وجع المفاصل کے لئے بھی مفید ہے۔ کیونکہ آبلہ انگیز اور مقرح ہونیکی وجہ سے بھی مفاصل کے فاسد مواد کو خارج کرتا ہے۔ قاطع بلغم، مقئی اور مسہل قوی ہونے کی سبب امراض بلغمی خصوصاً ضیق النفس، دمہ کھانسی استعمال کرایا جاتا ہے۔

آکھ کا دودھ اکال مقرح ہونے کی وجہ سے داد، گنج، اور بواسیری مسوں پر لگانے ان کو جلد دور کر دیتا ہے۔ خفیف طور پر طلاء کرنے سے وجع المفاصل کے لئے بھی مفید ہے۔ کیونکہ آبلہ انگیز اور مقرح ہونیکی وجہ سے بھی مفاصل کے فاسد مواد کو خارج کرتا ہے۔ قاطع بلغم، مقئی اور مسہل قوی ہونے کی سبب امراض بلغمی خصوصاً ضیق النفس، دمہ کھانسی استعمال کرایا جاتا ہے ۔

نوٹ:۔

روئی کو بطور آکھ میں دودھ میں بھگو کر فرزجہ استعمال سے اسقاط حمل کرتا ہے۔ چونکہ یہ نہایت تیز ہے اور اس دوسری تکلیفوں کو بھی خطرہ ہے۔ لہٰذا احتیاط کریں۔ زیادہ مقدار میں استعمال کرنے پر مسہج ہونے کی وجہ سے

معدہ اورانتوں میں خراش شدید پیدا ہو سکتی ہے۔ بھڑ، سانپ، بچھو کے کاٹے ہوئے مقام پر لگانے سے ان کے زہر کو تسکین بخشتا ہے۔

آکھ کے تازہ پتوں کا استعمال:۔

مسکن الم اور محلل ہونے کی وجہ سے وجع المفاصل اور دیگر اورام پر گرم کرکے باندھے جاتے ہیں اوران کو نیم گرم کرکے ان کو ہاتھوں سے مل کران کا پانی نکال کر کان میں ڈالنے سے درد کو تسکین بخشتا ہے۔

یہ پانی قاطع ہونے کی وجہ سے روغن کنجد کے ہمراہ پکا کر استعمال کرنے سے بہرے پن کو فائدہ دیتا ہے۔

خشک پتوں کا سفوف جالی، اکال، اور مجفف ہونے کی وجہ سے قروح ساعیہ، خبیثہ اور آکلہ میں ذرور استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ زخم کو صاف کرتا ہے اور خراب گوشت کو دور کرکے نیا گوشت پیدا کرتا ہے اوران کو جلد خشک کردیتا ہے۔ مقطع اور منفث ہونے کی وجہ سے پتوں کو مناسب ادویہ کے ہمراہ خاکستر بنا کر دمہ کھانسی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ نیز خاکستر کئے بغیر کھلانے سے قے لاکر بھی ضیق النفس کو فائدہ کرتا ہے۔ پھول وپتوں کو نمک لگا کر ایک مٹی کے برتن میں گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں اور پھر باریک پیس کر یہ راکھ کھانسی، دمہ ، درد شکم، آنتوں کے درد استسقاء کے لئے اکسیر محلل اور مسکن کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

گل راکھ:۔

مقوی معدہ ہے قاطع بلغم ہونے کی وجہ معدہ کی ادویہ میں شامل کیا جاتا ہے۔ محلل اور مسکن ہونے کی وجہ بعض ادویہ کے ہمراہ روغن تیار کیا جاتا ہے جو مالش کرنے سے وجع المفاصل اور درد کمر وغیرہ کو شفا دیتا ہے۔

پوست بیخ آکھ:۔

معتدل اور قاطع ہونے کی وجہ سے مفاصل آتشک کے درجہ دوم اور ابتدائی جزام میں مفید ہے۔چونکہ یہ قاطع مغثی اور مقئی ہے لہٰذا اس کو ہیضہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔فاسد مواد کو قطع کر کے ان کو بزریعہ قے خارج کرتا ہے۔جڑ کو بطور جوشاندہ استعمال کیا جاتا ہے،تپ لرزہ کے لئے بھی نافع ہے معرق ہونے کی وجہ سے مرض آتشک پر بخوراً مستعمل ہے۔

نوٹ:۔اپی کاک کا ٹنکچر ایلو پیتھی میں آج بھی قے لانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ ہومیو پیتھی اپی کاک متلی اور قے کو ٹھیک کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

آک کا گوند۔:

ملین طبع ومنقث

آک کی روئی۔

زخموں سے خون بہنے کے لئے مفید ہے۔

مدار کا نمک بنانے کی ترکیب:۔

پودے کو جڑ سمیت اکھیڑ کر راکھ بنالیں اوراس کو پانی میں گھول کر گھنٹہ کے وقفے سے ہلاتے رہیں۔بعد پانی نتھار کر لوہے کی کڑاہی میں اس قدر پکائیں کہ تمام پانی جل کر نمک رہ جائے تو یہ نمک ایک رتی پان میں رکھ کر استعمال کریں۔یہ نمک قاطع اور منفث بلغم ہونے کی وجہ سے کھانسی اور ضیق النفس میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مسمم ہونے کی وجہ سے زیادہ مقدار میں استعمال سے آنتیں وغیرہ چھل جاتی ہیں یہی وجہ ہے کہ پہلے زمانے میں لڑکیوں اور جانوروں کو ہلاک کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔اس کا دودھ پانچ چھ ملی لیٹر استعمال کرنے سے ہلاکت واقع ہو جاتی تھی۔استعمال کرنے کے بعد منہ سے جھاگ آنے لگتی تھی اور بعد میں مریض ہلاک ہو جاتا تھا۔

مسموم کا علاج:۔اسٹامک ٹیوب سے دھو کر بعد میں اسپغول مسلم ہمراہ پانی یا دودھ کیساتھ دیں یا گھی اور دودھ کو بار بار دیتے ہیں اور اس کی سمیت زائل کرنے کے لئے گوکھرو کا شیرہ نکال کر فوراً پلائیں

نفع خاص-:

مقوی معدہ،نافع،ہیضہ،اور اکال، مضر مقرح جلد وغشا مخاطی، مصلح گھی،دودھ،چکنی چیزیں اور قے کرنا۔شیرہ گوکھرو۔بدل تقریح میں اس کا بدل جمال گوٹہ ہے۔

مقدار خوراک-:

سفوف چھال مقدار دورتی سے تین رتی، خشک پتے دورتی سے ایک ماشہ۔ پھول دورتی چار رتی بطور جوشاندہ چار ماشہ دودھ چار بوند سے ایک ماشہ، گوند ایک ایک ماشہ تک،

مشہور مرکبات-:

حب گل آکھ، حب عشر، روغن گل آکھ، اس کے دودھ میں تیار کشتہ بارہ سنگھا بخاروں اور نمونیہ کے علاوہ سینے کے ورد میں مستعمل ہے۔ اسکے علاوہ بہت سے کشتہ جات آکھ کی مختلف چیزوں میں تیار کیے جاتے ہیں

کیمیاوی اجزاء-:

مدار کے سب اجزاء میں ایک کڑوا زادرال جیسا جز ہے۔ نیز دواء اور جزو خصوصاً جڑ کے چھلکے مداریلین اور مدار فلے ول پائی جاتی ہیں۔

مداریلین آک کا ایک دانہ دار موثر ست ہے۔ لاس کو مدارین بھی کہتے ہیں۔ یہ الکوحل میں حل ہو سکتا ہے لیکن تیل میں حل نہیں ہو سکتا اور عجیب یہ کہ گرمی سے جمتا اور سردی سے پگھلتا ہے۔ یہ پرانے آکھ سے زیادہ نکلتا ہے

نوٹ۔ مدار کی دھونی مچھروں کو بھگا دیتی ہے۔

(الطب والکیمیا گروپ کیلئے آن لائن ویب سے اقتباس)

عبدالغنی صاحب

جلے ہوئے مریض



الطب و الکیمیا جدید ▸ محمد علی
May 3 at 4:27pm ·

آگ سے جلنے والوں کیلئے:۔

السلام علیکم۔ بہنوں کے لیے چند مفید ٹوٹکے حاضر خدمت ہیں۔

آگ کی جلن:

آگ کی جلن دور کرنے کے لیے جلی ہوئی متاثر جگہ پر گاجر، آلو یا کچا دودھ لگنے سے بھاپ کی جلن دور ہو جاتی ہے

جلے ہوئے حصہ پر تیل یا گلیسرین لگا یا جائے تو پھر آبلے نہیں پڑیں گے۔

جلد میں نکھار کے لیے:

مالٹے کے چھلکے تھوڑے سے دودھ میں بھگو دیں۔ چند گھنٹے بعد چھلکوں کو اسی دودھ میں پیس کر باریک کر لیں۔

اب اسے ابٹن کی طرح جلد پر استعمال کریں

جلد کے داغ دھبے صاف ہو جائیں گے اور جلد بھی نکھر جائے گی ــــــ

پاؤں کو ملائم اور خوبصورت بنانے کے لیے:

جب نہا کر نکلیں تو کسی کریم یا لوشن سے مساج کریں اگر ہو سکے تو گلیسرین کو ہتھیلی پر لگا کر اس میں چند قطرے پانی ملائیں اور پھر پاؤں پر مساج کریں۔

کچھ عرصہ بعد آپ دیکھیں گے کہ آپ کے پاؤں کبھی بھی خشک نہیں ہوں گے اور نہ ہی ایڑیاں پھٹیں گی۔

اگر پھر بھی ایڑیاں پھٹیں تو رات سونے سے پہلے، کسی چھوٹے ٹب میں گرم پانی لیں اس میں کوئی بھی شیمپو اور تھوڑی مقدار میں نمک ڈال کر پاؤں 15 یا 20 منٹ کے لیے اس میں رکھیں

اسکے بعد پاؤں صاف کر کے کپڑے سے تھوڑا رگڑیں اور کریم لگالیں اور ہلکا سا مساج کریں اور سو جائیں۔

صبح اٹھ کر پاؤں دھولیں۔

ہاتھوں اور چہرے کی پھٹی جلد:

ایک گلاس عرق گلاب میں دو بڑے چمچے گلیسرین اور ایک لیموں کا رس نچوڑ دیں۔ رات کو سوتے وقت چہرے ،ہاتھ اور پاؤں کی پھٹی جلد پر مل لیں۔ جلد نرم ہو جائے گی۔

دھوپ میں رنگ کالا ہو جائے تو:

دھوپ میں اگر رنگ کالا ہو جائے تو رات سونے سے پہلے دودھ میں کھیرے کا رس ملا کر روئی سے ہاتھوں اور چہرے پر لگائیں۔ پندرہ منٹ بعد صابن سے ہاتھ منہ دھو لیں۔

آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے دور کرنے کے لئے:

نیند کی کمی یا بعض دیگر وجوہات کی بنا پر اکثر آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑ جاتے ہیں انہیں دور کرنے کے لئے ایک بڑا چمچہ چنبیلی کا تیل اور اس میں آدھے لیموں کا رس ملا کر آنکھوں کے گرد لگا لیں۔

پلکیں گھنی کرنے کے لیے:

شہد اور کیسٹر ائل ملا کر پلکوں پر لگانے سے پلکیں گھنی ہو جاتی ہیں۔

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 29 at 10:08pm ·

چاولہ کلینک کراچی!!!!!

آگ سے جلنے والوں کے لیے یہ کلینک ایک نعمت سے کم نہیں یہ کلینک پرائیویٹ ہونے کے باوجود انتہائی کم خرچ پر مریضوں کا علاج کرتا ہے جلے ہوئے مریض جن میں اکثریت بچوں کی ہوتی ہے جو گرم پانی تیل وغیرہ سے جل جاتے ہیں اور بڑے عمر کے لوگ جو حادثاتی طور پر جل جاتے ہیں یہاں زیادہ تر مریض بچے اور خواتین آتے ہیں اور اس کلینک سے علاج کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلنے کے نشان بھی نظر نہیں آتے ۔

یہ پوسٹ عوام الناس کے مفاد عامہ کے لیے کی جارہی ہے کہ کبھی کوئی بھی اس حادثے کا شکار ہو تو فوری طور پر اس کلینک سے رابطہ قائم کرے اور ان کے بتائے ہوئے احتیاطی تدابیر پر مکمل عمل کرے

کلینک کے کارڈ میں جلنے والے مریضوں کو کھانے میں جو پرہیز بتایا گیا ہے اس پر سختی سے عمل کریں


کلینک کا ایڈریس اور فون نمبر تصویر میں موجود ہے۔

اللہ تعالیٰ سب کی حفاظت فرمائے آمین۔

سیف علی خان 25 دسمبر 2016

ری پوسٹنگ سیف علی خان 29 اپریل 2017


Since 1968
آگ سے جلنے والوں کو پلاسٹک سرجری کی ضرورت نہیں رہی۔
Chawla Clinic
TM
Department for Burns
& General Patients
NEW SKIN WITHOUT PLASTIC SURGERY
Dr. Farrukh Chawla
0321-2937073
0332-2541431
Dr. Shaheer Chawla
0333-2319636
Daily Timings
Morning: 10:30AM to 2:00PM
Evening: 6:00PM to 9:00PM
Friday
Morning: 10:00AM to 12:00PM
Evening: 6:00PM to 9:00PM
Sunday
Morning: 11:00AM to 1:00PM
Evening: CLOSED
ہدایات برائے جلے ہوئے مریض
تمباکو، سگریٹ، گٹکا اور دیگر نشہ آور اشیاء سے احتیاط کریں۔
ڈاکٹر کی ہدایت کے بغیر پٹی ہرگز نہ کھولیں
FIRST AID TIPS
جلنے کے فوراً بعد 30 منٹ تک ٹھنڈا پانی ڈالیں۔
کپڑوں میں آگ لگ جائے تو زمین پر لوٹ لگائیں۔
جلی ہوئی جگہ پر ٹوتھ پیسٹ ہرگز نہ لگائیں
ملتے جلتے ناموں سے ہوشیار رہیں
Clinic Address
III - A - 1 / 2, Doctors Inn Plaza, Mezzanine Floor
Near Nazimabad Eidgah Ground., Karachi.
Ph: 021-36610022, 021-36610066
: facebook.com/chawlaclinic


UNDER THE SUPERVISION OF
HOMOEOPATHIC & BURNS SPECIALIST
Dr. S.M. Siddiq Chawla
M.D. (M.A.), F.F.HOM, Ph.D. (Srilanka)
B.H.S.M; R.H.M.P. 25325 (Pakistan)
D. HOM (England)
Special Practioner For Acute And Chronic Ailments
(Founder Of New Skin Without Plastic Surgery)
Sitara-E-Jurrat: Al-Arabian Scouts
Distinction Awarded: Dean Faculty (Sussex)
Gold Medalist: Canadian Acupuncture College
Certificate of excellence: City Dist. Govt. Karachi
Certificate of excellence 2012: Kamal Laboratories
Best Prescriber of the year 2009: Kamal Laboratories
Best Prescriber of the year 2010: Kamal Laboratories
Best Prescriber of the year 2011: Kamal Laboratories
Distinction Awarded by Rotary International: Mid Town
Gold Medalist: All Pakistan Homoeopathic Association
Rabbe-Zidni Ilma: Young Boys Homoeopathic Association
New Generation Award 2001: Dolisos Laboratories France
Nishan-E-Homoeopathy: All Pakistan Homoeopathic Alliance
Distinction Awarded by Rotary International: Karachi Metropolitan
Golden Jubilee Award: Homoeopathic World on Burn Specialization
Gold Medalist: China International Educational and Medical Foundation Trust
Best Performance Award in Tandoallahyar: Homoeopathic Medical Organization
Excellence Award 2003: China International Educational and Medical Foundation Trust
H. Dr. Mrs. Gulzar Nighat Chawla
Consultant for Burns, Alopecia, Hair Falling & Sterility
D.H.M.S., R.H.M.P. (Pakistan) No. 29893
M.D.(M.A.) M.F. Hom (Srilanka)
Excellence Award 2003: China International Educational and Medical Foundation Trust
H. Dr. S. M. Farrukh Chawla
Consultant for Burns, Acupuncture, Infertility & Kidney Diseases
M.D.(M.A.) - Srilanka
D.H.M.S. (J.H.M.C.H.) R.H.M.P. (Pakistan) No. 58862
D.AC. A.AC., F.I.C.A.M. (International Institute of Complementry & Alternative Medicines)
Gold Medalalist: Canadian Accupuncture College
Excellence Award 2003: China International Educational and Medical Foundation Trust
Ex. Senior Medical Officer:
Institute of Accupuncture Columbo South Govt.
General University Teaching Hospital Kalubowila Srilanka
H. Dr. S. M. Shaheer-ul-Haq Chawla
Consultant for Burns, Diabetic Wounds, Foot Ulcer, Complicated Wounds and Bed sores
M.D. - Srilanka
D.H.M.S.; R.H.M.P. (Pakistan) No. 119244
Anton Award of Excellency(Columbo) Open International University Complementary & Alternative Medicines
Excellence Award 2003: China International Educational & Medical Foundation Trust.
Golden Jubilee Award: Pakistan Central Homoeopathic Medical College & Hospital

معروف نسخے

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 15 at 11:54pm ·

مردوخواتین کے لئے منفرد نسخہ !!!!!

قارئین محترم ! ہماراعزم ہے جو نسخہ جات حکماء اطباطبیب ویدا اپنے سینہ میں قید کر کے اس جہان فانی سے کوچ کر گئے ہیں اور جن اکسیری نسخہ جات کی تلاش حکماء اطبا کو رہتی ہے تا کہ اپنا نام اور اس جہان فانی کے لیے مایہ کا حصول بنا سکیں ان نسخہ جات کو ہم آپ احباب کی خاطر دید زیب بنائیں گے تا کہ بنی نوع کے لیے کی بھلائی اور حقیر کے لیے فلاح کا سبب ہو جائے۔

ایسا ہی نسخہ آج ہم احباب کی نظر کریں گے....

کیکر کا تازہ چھلکا دس کلو

سفوف ریٹھا آدھا کلو

شنگرف رومی ڈلی 50 گرام

ایک عدد مٹکا مٹی کا بغیر روغن کے.

ترکیب تیاری:، چھلکا کو کوٹ کر باریک کرلیں.

آدھا چھلکا مٹکے میں بچھا کر ڈال دیں اس کے اوپر آدھا سفوف ریٹھا ڈالدیں اس کے اوپر شنگرف کی ڈلی رکھ دیں اس کے اوپر پھر سفوف ریٹھا ڈالدیں اسکے اوپر باقی باریک شدہ چھلکا کیکر ڈال کر مٹکے کو پانی سے 2 تہائی تک کردیں تا کہ پانی تمام اجزاء سے اوپر دو انچ تک ہو جائے پھر اسکو آگ پر چڑھادیں جب تمام پانی خشک ہو جائے تو شنگرف کی ڈلی نکال لیں سرمہ کی طرح کھرل کرکے شیشے کی شیشی میں محفوظ کرلیں،

افعال واثرات:،

مزاج میں خشک گرم ہے پرانے نزلہ زکام اور بے حد مقوی باہ ہے شو گر سے ہونے والی کمزوری کے لیے برقی اثر دوا ہے نوجوان مرد عورت کے لیے بے مثل دوا ہے جسمانی کمزوری دور کرکے قابل اولاد بناتا ہے فالج لقوہ رعشہ کو اکسیری تاثرات کا حامل ہے،

مقدار خوراک:، ضعف باہ اور مادہ ممنویہ اور عورتوں میں بیضہ کی کمزوری کے لیے دانہ گندم برابر ایک چھٹانک مکھن میں استعمال کروائیں فالج لقوہ رعشہ کے لیے شہد میں استعمال کروائیں ساتھ دودھ نیم گرم استعمال کریں پرانے نزلہ کے لیے اطریفل اسطخودوس میں استعمال کریں،

نوٹ:، 12 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے ہے اس سے کم عمر لوگ اور دانہ گندم سے زیادہ مقدار ہرگز ہرگز استعمال مت کریں۔

حکیم سجاد علی۔ 15 اپریل 2017

کتب خانہ طبیب

Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 16 at 9:39am ·

شربتِ بادام مفرح قلب اور دماغ کی طاقت کیلئے

___گرمی کا تحفہ شربتِ بادام________

آج صبح آزاد بھٹو صاحب کی پرزور فرمائش آئی کہ گرمی آگئی ہے اور آپ نے ابھی تک گرمی کے بارے کچھ بھی نہ لکھا ہے اب میں بھی محسوس کررہا ہوں کہ واقعی گرمی آگئی ہے تو ابھی بھٹو صاحب کو کہا ہے کہ بھئی چیز ایسی کہ جو بھی اسے استعمال کرے ہمیں کم از کم دعائیں تو دے اور ہماری پیاس دعاؤں سے ہی ختم ہو جائے گی تو پھر رمضان شریف بھی قریب آرہا ہے اس کے لئے بھی خاص تحفہ ہے خود تیار کریں میں دعوے سے کہتا ہوں اس جیسا شربت بادام آپ کو مارکیٹ سے بھی نہ مل سکے گا اس جیسا ذائقہ آپ نے کبھی بھی شربت بادام میں نہ دیکھا ہو گا بازار کا تیار شدہ سے سستا بھی پڑے گا اور فائدہ مند بھی زیادہ ہو گا۔

☆عام بادام بازار سے ایک کلو خرید لیں گری بادام نہیں خریدنی یہ شرط ہے ثابت بادام خریدیں اب بادام توڑ کر گری حاصل کریں یہ گری ایک پاؤ بنے گی اب گری کو تھوڑے گرم پانی میں رکھیں تو اس کا سرخ چھلکا اتر کر سفید گری نکل آئے گی اب ایک چھٹانک چھلے ہوئے تازہ بازار سے مغز چہار لے لیں جو عام ڈرائی فروٹ کی دوکانوں اور پنسار کی دوکانوں سے مل جاتے ہیں اور بیس گرام سفید الائچی بھی لے لیں اب الائچی کو تھوڑا

کونڈے مین علیحدہ کوٹ لیں تا کہ الائچی سے دانہ باہر نکل جائیں اور اس الائچی کو ایک کپ پانی میں دو تین ابالے دے کر کسی برتن سے ڈھانک کرر کھ دیں اور اسے پڑا رہنے دیں.......

اب سفید شدہ گری بادام اور چہار مغز کو اکھٹا کر لیں اور ملک شیک بنانے والے جگ میں تیسرا حصہ بادام اور مغز اندازے سے ڈال کر ایک کپ سادہ پانی ڈال کر جو سر مشین کو چلائیں جب آپ کو نظر آئے کہ بادام اور چہار مغز باریک میدے کی طرح پِس گئے ہیں تو دو کپ پانی اور شامل کر کے تین منٹ اور جو سر مشین چلائیں اور اب کسی موٹے کپڑے کی مدد سے اس سفید دودھ کی طرح محلول کو چھان لیں اچھی طرح کپڑے کو زور سے دبائیں اور سارا دودھ اس میں سے حاصل کر لیں اسی طرح باقی بادام کی گریوں اور چہار مغز کا دودھ نکال لیں اب یہ دودھ کی طرح کا پانی 2500 ملی لٹر ہو گا اور اب اس میں پانچ کلو چینی شامل کر کے آگ پر رکھ دیں اور چمچہ ہلاتے رہیں اور اس کے ساتھ الائچی والا پانی بھی پِن کر پاس رکھ لیں جب اس بادام والے پانی کا پہلا ابالا آئے تو اس میں وہ الائچی والا پانی بھی شامل کر دے اور دو اُبالیں مزید آنے پر شربت کو نیچے اتار لیں اب آپ کا شربت بادام تیار ہے خود بھی اور مہمانوں کی بھی اس سے تواضع کریں۔



Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 16 at 10:57pm ·

اولاد نرینہ

نسخہ،،،،حب نرینہ،،،،

مور کے پر کی اندر. والی ٹکی تین عدد

مازو بغیر سوراخ کے دو تولہ

تخم بھنگ تولہ

گڑ پرانا دو تولہ

کستوری خالص 8 رتی

ست مازو 6 ماشہ

کشتہ فولاد ایک تولہ

سب کو باریک پیس کر جنگلی بیر برابر گولیاں بنالیں ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ دودھ گائے (جس نے بچھڑا جنا ہو) اگر دودھ نہ مل سکے تو لونگ اور دار چینی کے قہواہ کے ہمراہ دیں۔


صبح دوا کھانے سے پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اپنے رب سے اپنے مقصد کے لئے دعا مانگیں پھر دوا کھالیں۔

نوٹ،،، دوا کا استعمال حمل کے تیسرے ماہ کے پہلے ہفتہ میں شروع کریں پندرہ دن باقاعدہ دوا پرہیز کے ساتھ کھائیں۔

اانشاءاللہ نرینہ اولاد ہی ہو گی اس کے ساتھ ایک اور دوا بھی استعمال کریں۔

اولاد۔ نرینہ کا دوسرا حصہ،،،،

تخم بھنگ سفوف شدہ ایک ماشہ صبح ہمراہ پانی اور تخم شو لنگی 4 عدد شام ہمراہ پانی تازہ کے ساتھ استعمال کریں یہ دوا حمل کے دو ماہ بعد شروع کریں اور تیسرا ماہ کھلاتے رہیں اس دوا کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے سو بھی بدل جاتی ہے۔



السلام علیکم آداب!

دوستو آپ سب کیسے ہیں،انسان جوں جوں سائنسی سہولیات کے فوائد حاصل کر رہا ہے،اسے کچھ سائیڈ ایفیکٹ کا بھی سامنا ہے۔سبزیاں دنوں میں تیار،مرغے دنوں میں تیار، لیکن اس سپیڈی خوراک نے ہماری سپیڈ چھین لی، کوئی ایک گھر ایسا نہیں جہاں پر گھٹنوں کے درد میں مبتلا کوئی فرد نہ ہو،درد بھی ایسا کہ راتوں کا سکون چھین لیتا ہے، بزرگ لوگ اکثر اس کا شکار ہیں،تو آج کی پوسٹ بزرگ حضرات کے نام کرتا ہوں،امید کامل ہے ان کی دعائیں ہمرکاب رہیں گی،دوستو ایک نسخہ گھٹنوں پر مالش کا ہے جو کے رات سوتے وقت استعمال کریں گے اور سفوف صبح وشام استعمال کرنا ہے آیئے دونوں تراکیب نوٹ کرتے ہیں،

نسخہ (نمبر 1) کھانے کیلئے:۔

تخم گندنا 50 گرام

تخم کلونجی 50 گرام

میتھرے 50 گرام

حرمل 50 گرام

کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔

خوراک: آدھائی سپون صبح وشام غذا کے بعد ایک کپ دودھ سے انشاءاللہ دنوں میں آرام ہوگا۔

مالش برائے گھٹنوں کا درد (نمبر 2)

انڈے کی زردی ایک عدد، شہد ایک چمچ

پھٹکڑی آدھی ٹی سپون

ملا کر رات کو گھٹنوں پر لیپ کریں، ہلکے ہاتھوں سے مالش کے بعد اوپر کوئی کپڑا باندھ دیں یہ عمل صبح وشام بھی کیا جاسکتا ہے،

انشاءاللہ گھٹنوں کے درد میں بہت سکون ملے گا۔

تحریر از جمیل حیدر عقیل (نیویاک/امریکہ) 17 .. اپریل 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 18 at 10:27am ·

بینائی اور زعفران کا کمال @ بینائی بحال ہوسکتی ہے!!!!

ابھی کچھ دیر پہلے میری نظر سے یہ سٹڈی گزری کہ اٹلی میں بہت سی یونیورسٹیز نے ایک ریسرچ کی جس میں کمزور نظر کو 97٪ بحال کرنے کا کامیاب تجربہ کیا

زعفران 20 ملی گرام روزانہ چائے میں ڈال کر تین ماہ تک پلایا گیا تو 97 فی صد کمزور نظر بحال ہو گئی، تاہم یہ حقیقت اپنی جگہ ہے کہ زعفران بہت قیمتی ہے لیکن اس سے حاصل ہونے والی بینائی اور زیادہ قیمتی ہے۔

Jamil Aqeel] 15 April 2017:1705680102:2048]@



Saif Ali Khan ▶ الطب و الكيميا جديد
April 18 at 2:28pm ·

ٹھنڈائی گرم موسم کا تحفہ :۔

اجزاء: بادام پچیس گرام،، چہار مغز پچیس گرام۔

کالی مرچ ایک چائے کا چمچ ثابت۔الائچی چار سے پانچ عدد۔ثابت زیرہ ایک چٹکی۔ خشخاش ایک چائے کا چمچ۔تِل چار کھانے کے چمچ۔ چینی حسب ضرورت۔ برف حسب ضرورت۔

ترکیب :۔پہلے گرائینڈر یاہاون دستے میں بادام، چار مغز، کالی مرچ، الائچی، ثابت زیرہ، خشخاش، چینی اور تِل پیس لیں اوراسے ململ کے کپڑے میں ڈال کرایک پوٹلی بنالیں۔ایک جگ پانی میں اسے ڈال کراچھی طرح عرق نکال لیں۔جب تیار ہو جائے تواسے گلاس میں نکال کر حسب ضرورت برف ڈالیں اور پودینے کے پتے کے ساتھ پیش کریں....

بشکریہ آپکادستر خوان ۔۔۔ سیف علی خان 18 اپریل 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
April 19 at 1:50pm ·

السلام علیکم آداب !۔۔۔ قد بڑھانے کا عظیم المثال نسخہ :۔

دوستو آپ کیسے ہیں، یقیناخوش وخرم۔ پچھلے دنوں قد بڑھانے کاایک نسخہ تحریر کیاتھا،جو صرف بیس سال تک کی عمر میں مفید ہے لیکن یہ نسخہ 35 سال تک قد بڑھانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔یہ نسخے آپ اپنے پاس محفوظ کر لیاکریں تاکہ زندگی کی کسی موڑپر ان نادر چیزوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے،میں آج اپنے حصے کی پوسٹ پہلے ہی ڈال چکاہوں لیکن جب یہ ریسرچ میرے سامنے آئی تو مجھ سے رہا نہ گیا،مجھے اپنی طبیعت کااندازہ ہے کہ آج اگراس ریسرچ کو شیئر نہ کیاتو کل تک میں اپنے کاموں میں مصروف ہو کر اسے بھول جاؤں گا،لیکن اگر یہ نسخہ ابھی آپ کے سامنے پیش کر دوں تو زیادہ مناسب رہے گا،یہ نسخہ بہت اہمیت کاحامل ہےاسے نظرانداز نہیں کرنا ،انشاءاللہ جب بھی اسے آزمائیں گے میرے لئے ڈھیروں دعائیں کریں گے۔

اس نسخے میں دیسی ادویات استعمال ہوئی ہیں جو کسی تعارف کی محتاج نہیں،ساتھیو! طب ہر شعبۂ زندگی کی نمائندگی کرتی ہے یہ تاثر بلکل غلط ہے کہ اطباء صرف ایک مضمون کاپرچار کرتے ہیں،میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ ہمیشہ مانگ اور طلب پر ہی توجہ دی جاتی ہے آپ اگر دیگر جسمانی عوارض کے بارے میں سوال کرتے ہیں تو بہترین نسخہ جات آپ کے لئے شیئر کئے جاتے ہیں،جن میں ذیابیطس،وزن کی کمی وزیادتی،سیکس کے مسائل،

دیگر جسمانی عوارض غرضیکہ زندگی کی تمام جہتوں پر آپ کی مکمل رہنمائی کی جاتی ہے، اب آئیں آپ کو قد بڑھانے کا یہ نسخہ لکھوادوں۔

نسخہ :۔

اسگندھ پوڈر۔15 گرام

تل سفید پوڈر۔25 گرام

تخم کونچ پوڈر۔50 گرام

اونٹ کے خشک دودھ کا پوڈر۔150 گرام

تمام اجزا کے پوڈر ایک جگہ ملا کر گہرے شربتی رنگ کے جار میں محفوظ کر لیجئے۔ بوقتِ ضرورت اس چارٹ کے مطابق حسب عمر دوا دیں،

(1) ۔۔12 سے 15 سال تک (1) ٹی سپون روزانہ دو بار

(2) ۔۔16 سے 23 سال تک (1.5) ڈیڑھ ٹی سپون روزانہ دو بار

(3) ۔۔24 سے 35 سال تک (1) ٹیبل سپون روزانہ دو بار

یہ دوا45دن تک لگاتار استعمال کی جائے گی جس سے قد میں اور صحت میں خاطر خواہ اضافہ ہو گا۔

جمیل حیدر عقیل19اپریل2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 21 at 6:13pm

گرمی کا دشمن " تھادل " گھر پر بنایئے :۔

گرمیاں آتے ہی ٹھنڈے مشروبات کا استعمال عام ہو جاتا ہے، گرمی ختم کرنے کیلئے تھادل کا بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

گرمیوں کا مشہور اور دلفریب مشروب ہے جس کے پینے سے نہ صرف ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے بلکہ دن بھر گرمی کا احساس بھی کم ہوتا۔

شہر میں رہنے والے لوگ اکثر بازاری تھادل استعمال کرتے ہیں لیکن آپ اسے گھر میں بھی تیار کر سکتے ہیں۔

اجزاء:

ایک کلو چینی،150 گرام بادام،1 کھانے کا چمچ چہار مغز،ایک کھانے کا چمچ ثابت سبز الائچی، سونف ایک کھانے کا چمچ، دیسی گلاب کی پتیاں ایک مُٹھی خشخاش ایک کھانے کا چمچ، زیرہ ایک کھانے کا چمچ درکار ہوگا۔

ترکیب تیاری:

150 گرام بادام کو رات بھر پانی میں بھگو کر چھلکا اتار دیں اسی طرح سونف، چہار مغز، خشخاش، سبز الائچی اور زیرہ کو ایک کپ پانی میں رات بھر کیلئے بھگو کر رکھیں۔

گلاب کی پتیاں دھو کر ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔

سب سے پہلے ایک پین میں ایک لیٹر پانی اور چینی کو پکنے کیلئے چولہے پر رکھ دیں، ساتھ ساتھ اس میں بننے والا جھاگ چھلنی سے اتارتے جائیں۔

اب بادام، چہار مغز، خشخاش، سبز الائچی، سونف اور تھوڑا سا پانی بلینڈر میں ڈال کر پیس لیں، اس کو کپڑے کی مدد سے چھان کر اس کا پانی شیرے میں ڈال دیں۔

گلاب کی پتیوں کو بھی پانی سمیت گرائنڈ کر کے چھان لیں۔ یہ پانی بھی شیرے میں شامل کریں۔

مزید 10 منٹ تک شیرے کو پکا کر چولہے سے اتار لیں، اس کو ٹھنڈا کر کے بوتل میں ڈال لیں، لیجئے تیار ہو گیا۔

اب آپ اس کو روح افزاء کی طرح استعمال کر سکتے ہیں۔ چار ٹیبل اسپون شربت ایک گلاس ٹھنڈے پانی میں برف کے ساتھ گھول کر نوش جاں فرمایئے۔

یہ مشروب رمضان کے لئے بہترین ہے۔

ٹھنڈک کے ساتھ جسم اور دماغ کی خشکی دور کرتا ہے، طبیعت کو خوشگوار اور ہشاش بشاش رکھتا ہے۔

بچوں کو دودھ میں ملا کر بھی دے سکتے ہیں۔

اس ترکیب سے آپ کئی بوتلیں تیار کر کے محفوظ کر سکتے ہیں۔

روزے سے ہونے والی خشکی کا بہترین علاج ہے۔

ایک گلاس افطار میں اور ایک سحری میں۔

Ch zakaullah khan 21 April 2017



Abdul Ghani ▶ الطب و الكيميا جديد
April 21 at 8:20pm ·

Black Hair Herbal Oil

بالوں کو کالا کرنے کا تیل:-

نسخہ:-

تیل سرسوں 2 کپ

تخم میتھی پوڈر 2 ٹی سپون

ہلدی آدھی چمچ

مہندی پوڈر ایک چمچ

بنانے کا طریقہ:- ایک شیشے کے جار میں دو کپ سرسوں کا تیل ڈالیں اور پھر تخم میتھی پوڈر 2 چمچ ملائیں پھر ہلدی آدھا چمچ شامل کریں اور ساتھ میں ایک چمچ مہندی پوڈر ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں پھر اس جار (شیشے کا برتن

یا کھلے منہ والا بوتل) کو دو ہفتے دھوپ میں رکھیں، اس کے بعد چھان کر شیشے کے ہی برتن یا بوتل میں محفوظ کر لیں۔

استعمال-: یہ بلیک ہئیر کلر تیل 2 یا 3 چمچ اور اس میں دو یا تین چمچ دہی خوب ملا کر سر میں دو گھنٹے کے لئے لگائیں۔ انگلیوں کی مدد سے بالوں میں مساج کیجئے۔ اس کے دو گھنٹے بعد پانی سے سر دھولیں۔

فوائد-: اس سے بال کالے بھی ہوں گے، مضبوط بھی ہوں گے، بال گرنا بند، بالوں میں چمک بھی آئے گی، بال لمبے بھی ہوں گے جڑ سے کالے ہوں گے...... (سفید بالوں کو سیاہ رکھنے کی صلاحیت ہے اس بلیک ہیر کلر تیل میں)۔۔ بے خطر بنائیے نہایت مفید اور کم خرچ ترکیب ہے۔

جمیل حیدر عقیل-امریکہ۔





Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 23 at 4:51pm ·

انڈا/بیضہ/تخم مرغ:- (Egg)

دیگرنام:-

عربی میں بیضہ ماکیاں،فارسی میں تخم مرغ،سندھی میں آنواورانگریزی میں ایگ کہتے ہیں۔

ماہیت:-

اس سے مرادمرغی کاانڈاہے اس کی دواقسام ہیں۔ایک دیسی مرغی کاانڈااوردوسرابائیلر مرغی کاانڈا،ویسے عام طورپردیسی مرغی کے انڈے کوپسند کیا جاتاہے۔اوریہ بازارمیں بہت مہنگافروخت ہوتاہے۔ویسےڈاکٹریہ کہتے ہیں کہ دیسی اوربائیلر کے انڈے کی غذائیت میں کوئی فرق نہیں۔

رنگ:-

سفید جبکہ دیسی ہلکابراؤن۔

ذائقہ:-

پھیکاقدرے شور۔

مزاج:-

زردی گرم تر درجہ اول۔

افعال:-

مولد خون، مقوی بدن مقوی باہ جبکہ سفیدی مسکن و مبرد ہے۔

استعمال:-

نیم بریاں انڈا صالح لکیموس ،کثیر القدااور قلیل الفضول ہے۔یہ زور ہضم ہے اس سے خون زیادہ پیدا ہوتا ہے۔دل دماغ بدن اور باہ کو قوت بخشتا ہے۔کمزور مریضوں کیلئے عمدہ غذا ہے انڈہ کی سفیدی میں غذائیت کم اور یہ دیر ہضم ہے۔

دودھ کے بعد اگر کسی چیز کو مکمل خوراک کہا جاسکتا ہے تو وہ انڈا ہے۔مرغی کے ایک آم انڈے کا وزن تقریباً ساٹھ گرام ہوتا ہے۔جس میں دو تہائی سفیدی اور ایک تہائی زردی ہوتی ہے۔اس میں غذائیت کے تمام اہم اجزاء موجود ہیں۔جس میں دو تہائی سفیدی اور ایک تہائی زردی ہوتی ہے۔

انڈے کی زردی میں میں چکنائی فاسفورس، کیلشیم، آئرن، پروٹین، معدنی نمکیات اور لیسی تھین ہوتی ہے۔

انڈے میں ستر فیصد پانی چودہ فیصد پروٹین، گیارہ فیصد چکنائی اور پانچ فیصد نمک ہوتا ہے۔نمکیات اس کے چھلکے میں ہوتی ہے۔اس لیے انڈے کے ساتھ نمک اور کاربوہائیڈریٹ والی خوراک ملا کر کھانا چاہیئے۔

انڈہ محفوظ کرنے کا طریقہ-:

اس کے چھلکے کو ایئر ٹائٹ کر دیا جائے جس کیلئے اس چونے کے پانی میں بھگوتے ہیں۔ یا اس پر تیل لگا دیتے ہیں۔ یا موم چڑھا دیتے ہیں اور فریج کے اندر بھی انڈہ جلد خراب ہو جاتا ہے۔

تازہ انڈے کی شناخت-:

ایک پاؤ پانی میں نصف چھٹانگ نمک ملائیں اور انڈے کو اس میں ڈالیں اگر انڈہ ڈوب جائے تو تازہ اور جبکہ خراب انڈہ تیرنے لگ جائے گا۔

انڈہ کو ہاتھ میں لے کر روشنی کے رخ کر دیکھیں اگر انڈہ میں دھبے نظر آئیں تو انڈہ خراب ہے۔اور اگر صاف نظر آئے تو انڈہ تازہ یعنی ٹھیک ہے۔

نفع خاص-:

مقوی باہ بہترین غذا۔

مضر-:

گرم مزاجوں کیلئے۔

مصلح-: دودھ۔

بدل-: مرغ کے خصیئے میں۔

مقدار خوراک:-

ایک سے دو عدد جب کوئی دوسری غذا میسر نہ ہو تو دو سے چار عدد تک کھائے جا سکتے ہیں۔

اہم بات:-

انڈہ فرائی ایک اونس کھانے سے سو کلوریز، ایک انڈہ ابلا ہوا اسے اسی کلوریز انڈہ آملیٹ ایک اونس کھانے سے ایک سو دس کلوریز حاصل ہوتی ہے۔

(الطب والکیمیا گروپ کیلئے آن لائن ویب سے اقتباس)۔

عبدالغنی



Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
April 22 at 2:07pm ·

خون کی کمی دنوں میں دور!!!!

جسم میں H.B لیول 14 کریں انیمیا اور لیکومیا میں مفید!!!!

جسم میں HB کا کم ہونا اور خاص طور پر بچوں اور خواتین میں خون کی کمی ایک عام بیماری ہے

نارمل 14 سے 13.6 H. B کو نارمل مانا جاتا ہے یہ وہ مقدار ہوتی ہے جو ایک صحت مند جسم میں خون سرکولیٹ کرتی ہے تازہ پھلوں کے جوس زیادہ سے زیادہ استعمال کریں

خون کی کمی کیلیئے:

خون کی بوتلیں لگانے کی ضرورت پیش نہیں آتی، مریض ٹھیک اور تندرست ہو جاتا ہے۔

نسخہ:

کلونجی 50 گرام، کاسنی کے تخم 50 گرام، اجوائن دیسی 50 گرام، نوشادر 30 گرام، کالی مرچ 30 گرام، سفوف بنالیں۔

طریقہ استعمال:

2 گرام دوا گرم دودھ یا پانی سے دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد استعمال کریں، پندرہ یوم تک۔

بڑوں کے لیئے ہاف ٹی اسپون بچوں کے لیئے ایک چٹکی۔

دیگر فوائد:

خون کی کمی کیلئے مفید ہے۔پیشاب کی سخت جلن کیلئے مفید ہے۔پیشاب بہت زیادہ آتا ہو یا رک رک کر آتا ہو۔ جگر کی کمزوری، بھوک کی کمی کیلئے مفید ہے۔خون کی سیاہی کو دور کر کے سرخ اور صالح خون پیدا کرتا ہے۔ ضعف جگر کی وجہ سے ہاتھ پاؤں میں جلن اور تپش کیلئے آزمودہ ہے۔ ضعف جگر کی وجہ سے بخار اور لرزا کیلئے مفید ہے۔

پیروں کے تلوؤں میں شدید جلن ہوتی ہو سردیوں گرمیوں میں کسی دوا سے افاقہ نہ ہوتا ہو۔ سخت سردیوں میں بھی پاؤں بستر کے لحاف سے باہر رکھتیں ہو ، مذکورہ نسخہ سے۔ہاتھ پاؤں کی جلن ختم ہو جاتی ہے۔ ضعف جگر کے مریضوں کیلیے نہایت مفید ہے۔


سیف علی خان 22 اپریل 2017


Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 23 at 7:06am ·

نمک سلیمانی

سونف،، سنڈھ،،، اجوائن دیسی،، مرچ سیاہ،، فلفل دراز،،، پودینہ خشک،، سہاگہ خام،، نمک سونچل،،، نمک طعام،، ہر ایک 100 گرام اور نوشادر ٹھیکری 200 گرام سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

خوراک مقدار،،، 4 رتی تا 1 ماشہ بعد از طعام استعمال کریں بہت زیادہ ہاضم اور بھوک بیدار کرتا ہے مزاج غدی اعصابی یعنی گرم تر ہے۔



Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 23 at 7:18am ·

نمک مولی

بازار میں یہ عام پراڈکٹ نمک مولی کے نام سے ملتی ہے انتہائی تیز ہاضمہ دار ہوتی ہے ہیضہ میں بہت مفید ہوتا ہے سوء ہضم میں اگر پاخانہ ٹوٹ ٹوٹ کر آرہا ہو تو فوراً آرام دیتا ہے نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

اجوائن دیسی صاف کرکے ایک پاؤ کوٹ لیں اور اس پر بہت تھوڑی مقدار یعنی تقریباً تیس گرام تیزاب گندھک ڈال دیں تاکہ سب اجوائن کو تیزاب لگ جائے اور اسے دو روز کے لئے کسی محفوظ برتن میں رکھ دیں تمام

اجوائن دیسی سیاہ رنگ میں نرم گیلی شکل میں ہو گی جیسے سخت قوام کا معجون ہوتا ہے اب اس میں ایک کلو نمک طعام شامل کر دیں اور اچھی طرح مکس کر لیں اب آپ کا نمک مولی تیار ہے بہترین چٹخارے دار نمک مولی ایک رتی سے ایک ماشہ مقدار میں استعمال کریں۔



Mehmood Bhutta ▶ الطب و الكيميا جديد
April 24 at 7:32am ·

ہیپاٹائٹس بی اور سی کا مکمل علاج

چند روز سے دوست حکماء مجبور کر رھے تھے کہ ہیپاٹائٹس کا سب سے بہترین علاج لکھیں کافی دن سے انباکس میں یہ سوال آرھے تھے وقت بھی کم ھوتا ھے اور سوچتا ھوں پیار کرنے والے بھی ناراض نہ ھوں اب آپ سے میری گزارش ھے نسخہ جات اور مکمل علاج تو میں لکھ رھا ھوں آپ سے میری گزارش ھے مریض سے پیسہ بہت کم اور شرعی اعتبار سے جائز لیں چند ھزار میں کسی کا اگر علاج ممکن ھے تو لاکھوں میں نہ لیں آپ کا رازق تو اللہ ھے بندہ کسی کو کیا دے سکتا ھے خیر کوشش کریں۔

یہ ایک ترتیب سے میں مکمل علاج لکھ رھا ھوں آپ بھی اسی ترتیب سے بغیر کسی اضافہ کیے اسے استعمال کریں انشاءاللہ کامیابی ھو گی مایوس سے مایوس مریض کو بھی دیں انشاءاللہ ہر صورت شفاء ھو گی ۔

نسخہ نمبرایک,,,,,سوڈاسیلی سلاس 25 گرام

سوڈابائی کارب 25 گرام

پتراافولاد 25 گرام

تین پاؤ پانی میں حل کر کے مکسچر بنالیں چار چچ صبح شام دیں

نسخہ نمبردو,,, برگ مدار خشک شدہ اور ہلدی برابر وزن پیس لیں اور درمیانے سائز کے کیپسول بھر لیں صبح دوپہر شام ہمراہ پانی دیں۔

نسخہ نمبر تین,,,,زعفران 10 گرام

کلونجی پاؤ مغزبادام 50 گرام

ریوند چینی 50 گرام

جدوار خطائی 25 گرام


ہلدی بریان 25 گرام

تین گنا شہد مین ملا کر معجون بنالیں۔

آدھی تاایک چچ چھوٹی صبح شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں اگر جگر پر چربی چڑھ گئی ہو تو انجیر پانچ تا چھ دانہ کے جوشاندہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

شربت اونٹ کٹارے والا جس کا نسخہ میں چند روز پہلے لکھ چکا ہوں چار چمچ صبح شام دیں۔

یہ تھا مکمل علاج اس سے سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ وائرس جسم سے مکمل طور پر خارج ہو جاتا ہے اندر سو نہیں جاتا بلکہ بھاگنے میں ہی عافیت سمجھتا ہے۔



Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 24 at 11:30pm ·

رنگ گورا کرنا

لاکھوں کروڑوں روپیہ صرف اور صرف کاسمیٹکس پر خرچ کیا جاتا ھے عورتیں تو عورتیں مرد بھی بننے سنورنے میں لاکھوں روپیہ خرچ کرتے نظر آتے ھیں جس کسی کو بھی دیکھا ایک ہی جنون میں مبتلا نظر آیا خیر حد ھو گئی زمانے کی اس ترقی کی کاسمیٹکس تیار کرنے والی کمپنیوں کی تو چاندی ھو گئی ایک ہی مرض میں مبتلا ساری قوم ۔

آج صبح میں نے سوال اٹھایا کہ کیا رنگ گورا کرنا چاہئے انکار کسی نے بھی نہ کیا ہر ایک کی خواہش کہ رنگ گورا کرنا وقت کی اہم ضرورت ھے بندہ بے شک اندر سے کالا ہی رھے ماشاءاللہ چہرے پہ نور نظر آنا ضروری ھے واللہ اعلم۔۔۔۔

سب سے پہلے کریم۔۔۔۔

سائٹرک ایسڈ50 گرام

ای وی ایکس15 گرام

پانی250 گرام

دانہ دار پوٹاش8 گرام

ٹی جی اے50 گرام

کاربالک ایسڈ6 قطرے

شیمپو بیس 1 چمچہ

خوشبو کوئی ایک

چونا20 گرام

تمام چیزوں کو ملالیں کریم بن جائے گی ۔

یہ ھے وہ کریم جو رنگ گورا کرنے والی مختلف ناموں سے مارکیٹ میں دستیاب ھیں تین سے پانچ روز یا زیادہ سے زیادہ ایک ھفتہ کے استعمال سے رنگ گورا ضرور ھو جائے گا گارنٹی سے لیکن آپ کی نازک جلد پر کیا اثرات مرتب ھوگے تو کچھ تو آپ کو نسخہ سے اندازہ ھو گیا ھو گا کچھ تجربہ کر کے دیکھ لیں کیا یہ ظلم نہیں ھے جو

بازار میں بک رھاھے اور لوگ پاگلوں کی طرح استعمال کر رہے ھیں میں اکثر خواتین کو دیکھتا ھوں ان کے گال انتہائی سرخ ھوتے ھیں تو مجھے اندازہ ھو جاتا ھے کہ موصوفہ نے اپنا بیڑا غرق کر لیا ھے یہ سب کچھ ھر کیمکل کے سٹور پر عام مل جاتا ھے جہاں سے آپ ایسنس زور کلر خریدتے ھیں وھیں سے یہ سب کیمیکل مل جائیں گے

اب آتے ھیں دوسرے موضوع کی طرف۔

یورپ والوں نے ایشیا والوں کی اس کمزوری کو بھی کیش کیا کہ یہ نسل ھماری طرح اپنی چمڑی سفید کرنا چاھتی ھے تو انہوں نے ایک قدم اور آگے بڑھایا اور ایک انجیکشن "بلوٹا تھی آن" نکال کر عوام کو چیلنج کر دیا کہ جو کوئی ھمارا یہ انجیکشن استعمال کرے گا اس کا رنگ گورا بالکل ھماری طرح ھو جائے گا کیونکہ یہ انجیکشن فری ریڈیکل جو جلد کو ڈارک کرتے ھیں جلد سے خارج کر کے رنگ گورا کر دیتا ھے شرط یہ ھے کہ آپ اسے مسلسل استعمال کریں کیونکہ اس ٹیکے کا اثر صرف تین دن ھی رھتا ھے اب افسوس کا مقام یہ ھے کہ دنیا رنگ گورا کرنے کے لئے دھڑا دھڑ انجیکشن لگوا رھے ھیں اسٹوروں پر پورا ھی نہیں ھوتا کیا آپ جانتے ھیں کہ یہ انجیکشن کس بوٹی سے تیار ھوتا ھے افسوس کوئی بھی نہیں جانتا اگر علم ھوتا تو آج دن کی پوسٹ میں کوئی نہ کوئی ضرور ذکر کرتا,,, کوئی بات نہیں میں بھی آپ ہی کا ساتھی ہوں۔

ارے دوستو! ہماری بلی اور ہمیں ہی میاؤں,,, نہیں سمجھے نا۔

چلو بتاتا ھوں میرے عزیزو! یہ انجیکشن تربوز سے تیار کیا جاتا ھے تربوز میں اتنا زیادہ 'بلوٹا تھی آن' موجود ھے کہ آپ تصور ھی نہیں کر سکتے جو بھی رنگ گورا کرنا چاھتا ھے وہ روزانہ جب تک موسم ھے تربوز کھائیں انشاءاللہ

رنگ سفید اور سرخ ہوگا اس کے علاوہ خصوصی ہدایت یاد رکھیں ہر سفید چیز کھانے سے رنگ گورا نہیں ہوتا بلکہ چینی ایک ایسی زہر ہے جس کے زیادہ استعمال سے چہرے پر چھائیاں اور سیاہ حلقے بنتے ہیں جن خواتین کے چہرے پر سیاہ داغ اور چھائیاں ہیں وہ چینی فوراترک کردیں بڑوں کو چینی بہت جلد بوڑھا کردیتی ہے بچوں کی ذہنی اور قد کی نشوونما روکتی ہے شکر اور دیسی گڑ استعمال کیا کریں مضمون تو بہت لمبا ہے بس اسی پر اکتفا کرونگا اللہ تعالی سب کو سیدھے راستہ پر چلنے کی توفیق عطاء فرمائے اور صحت دے۔ آمین۔



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 25 at 6:11pm ·

شربت من ٹھار:۔

دوستوں کی خدمت میں ایک ایسا شربت جگر ٹھار پیش کررہا ہو جسے اپنے اور مریضوں کے لیے وافر مقدار میں تیار کرتا ہوں۔ جگر کے تمام جملہ امراضءیرقانءمعدہ جگر مثانہ کی گرمی خواہ کس حد تک ہو ہاتھ پاؤں کی جلن کیلئے بہترین ٹانک ہے۔

تازہ خون پیدا کرتا ہے ضعف قلب خوف وڈر کی وجہ سے دل کی دھڑکن کا تیز ہو جانا، کیلیے از حد مفید ہے

مجرب بالمجرب ہے۔۔۔

تیاری شربت من ٹھار:۔

اجزا:۔

ایک تربوز 3 کلو

۲ تولہ صندل سفید برادہ

۵ تولہ خشخاش

۱\۲ کلو کشمش

تربوز کو چھوٹا چیرا لگا کے تین حصہ خالی کر لیں اس میں صاف کی ہوئی خشخاش آدھی بچھا دیں اس پر ایک تولہ برادہ صندل سفید بچھا دیں پھر باقی خشخاش بچھا دیں پھر ایک تولہ صندل برادہ اسی طرح تہہ بہ تہہ کے بعد دبا کے اوپر تک دھو کے صاف کی ہوئی کشمش سے بھر دیں اس باقی ٹکیہ لگا کے آٹا لگا کے بند کر دیں۔۔۔

کپڑا لپیٹ دیں اور 20 دن کسی محفوظ جگہ رکھ دیں یاد رہے ٹکی کا منہ اوپر ہو۔ 20 دن بعد جو برآمد ہو کپڑ چھان کریں ایک کلو چینی کا اضافہ کر کے شربت تیار کر لیں۔۔۔

خوراک:۔

2 سے 10 سال کے بچوں کو ایک درمیانہ چمچ پانی میں دیں۔۔

بڑوں کے لیے 2 چمچ نہار منہ اور شام 5 بجے صرف 10 دن کے متواتر استعمال کے بعد فرق خود دیکھیں گے۔۔

میرے حق میں دعا کردیں۔۔

حکیم میاں علی فیصل 25اپریل2017

نسخہ شمع شبستان

شکریہ غلام مرتضی کھوکھر



Razamen Lewaal ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 29 at 8:47pm ·

داد چنبل کا نسخہ :۔

نسخہ :۔

زقوم کا پتہ آدھا پاؤ ٹکڑا سرسوں کے تیل میں جلائیں ساتھ کڑاہی پیستے رہیں بلکل تیل میں ہی ختم کریں بعد میں چھان کر جو موٹے ٹکڑے وغیر نکال دیں اسکے بعد 100 گرام ویسلین ڈالدیں مکس کریں

جب ٹھنڈا ہو جائے تو محفوظ کریں داد چنبل پہلے گرم پانی میں کپڑا ڈبو کر صاف کریں پھر دوا لگائیں

انشاء آللہ ہفتہ عشرہ میں ختم ہونگیں۔ طالبِ دعا ہوں۔


Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
May 6 at 8:04am ·

شبکوری کا علاج :

اسباب :

بدن کا کمزور ہونا، معدہ میں غلیظ مادہ جمع ہو کر بخارات دماغ اور آنکھوں طرف جانا

سفید اور چمکدار چیزیں زیادہ دیکھنا

تشخیص :

مریض دن کو دیکھے گا جیسے شام ہو گی رات کو کچھ نہیں دیکھے گا

ھوالشافی :

سیاہ سرمہ، قلمی شورہ 14/14 گرام، تخم سرس، برگ سرس، برگ نیم 2/2 گرام، فلفل دراز ساڑھے 7 گرام ، چاکسو، سیاہ ہرڑ 1/1 گرام، کشتہ جست 5 گرام، عرق گلاب بوتل

تمام ادویات پیس کر عرق میں کھرل کریں

استعمال : رات کو آنکھوں میں دو دو سلائیاں لگا دیں

شب کوری کا خاص علاج ہے اس سے آنکھوں کا دھندہ. پھلہ . سفیدی. خارش. مسلسل استعمال سے عینک کی عادت ختم ہو جاتی ہے

پرہیز: ٹھنڈی چیزیں. چنے. گوبی. کیلا. اچار. گوشت بند کریں۔

طالب دعا۔

عبدالغفار



Razamen Lewaal ▸ الطب و الکیمیا جدید
May 6 at 10:57am ·

دمہ خشک و بلغمی:۔

جناب محمود بھٹہ صاحب الحکمت اسلام علیکم۔

جی میں نے دمہ کا ایک نسخہ بنایا تھا وہ میرے ایک دوست نے صرف تین دن استعمال کیا تھا اسکا مرض بلکل ختم ہوا ہے وہ نسخہ اس کے خرچے پر بنایا تھا سب اس کے ہاتھ میں دیا دوبارہ مجھے ضرورت بنانے کی نہ ہوئی اگر کسی کو ضرورت ہو تو بنائے اور آپ لوگ نسخے کی رہنمائی فرمائیں؟

نسخہ۔ سم الفار سیاہ 2 تولہ۔ پیس کر 4 کلو گائے کا پیور تازہ دودھ دیگچی میں ڈالکر آگ پر چڑائیں ایک دیسی یعنی گھریلو مرغی کا انڈہ کپڑے میں پہلے بند کر کے سوئی سے سلائی کر کے دودھ میں لٹکائیں تہہ تک نہ پہنچے دودھ جوش

کرتے وقت ٹکر نہ لیں جب دودھ کھویہ بن جائے تو اتار کر کھویا زمین میں دفن کریں انڈا ٹھنڈا کر کے زردی حاصل کریں زردی کاغذ پر پھیلادیں خشک کریں پھر محفوظ رکھیں۔

دمہ خشک کے لئے ایک چاول دودھ نیم گرم شکر ملے سے دیں دمہ بلغمی کو پانی سے ایک چاول دیں جلیبی کھلائیں انشاءاللہ چند میں شفاء ہو گی۔



Zahoor Ahmadraza ▸ الطب و الکیمیا جدید
May 13 at 9:58pm ·

پسینہ زیادہ آنے کے لئے:۔

کثرت پسینہ گرمی کا موسم ہے جن کو پسینہ بہت زیادہ آتا ہے ان کے لیے اعلی نسخہ پیش خدمت ہے یہ نسخہ میرے ابو جی حکیم محمد رفیع القمر زیدی نقشبندی مرحوم کا نسخہ ہے جو احباب بنائیں دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نسخہ:۔

تخم کاہو، تخم خرفہ، تخم کاشنی

برابروزن سفوف بنالیں

1 ماشہ صبح وشام بعداز غذا ہمراہ تازہ پانی۔

Razamen Lewaal ▸ الطب و الکیمیا جدید
May 14 at 10:52pm

قوتِ باہ اور نر چِڑا:۔

بہت سے حکیموں نے مختلف قسم کا بنایا ہے لیکن فائدہ ایک ہی قوت باہ ہے جو بنایا ہے فائدے میں ایک زبردست بلکل چِڑا بناتا ہے آپ لوگ بھی بناؤ آج کل چڑیوں کے جفتی کا ٹائم ہے نر چِڑا پکڑو غولیل یا بندوق سے نہ مارو خون نہ نکالو، ثابت پکڑو پھر مار ڈالو سر سمیت پر و آلائش صاف کرو پھر پیٹ میں،

فلفل سیاہ، اجوائین خراسانی، لونگ، ہر ایک ایک ماشہ افیون تین ماشہ

داخل کرکے ثابت پیٹ کو سوئی سے سلائی کرکے روغنِ زرد میں اتنا بریاں کرو کہ سوکھ جائے جلے نہیں

پھر اتار کر اچھی طرح پیس کر چوٹے چنے کے برابر گولی بنائیں۔

صبح و شام ایک ایک گولی گرم دودھ کیساتھ کھائیں۔

قوت باہ کا تماشہ دیکھیں۔اور دُعاؤں میں یاد رکھیں۔



Sajid Butt ▶ الطب و الکیمیا جدید
May 19 at 10:18pm ·

شربت بزوری بنانے کا طریقہ :-

اللہ کی رضااور خوشنودی اور آپ کی دُعا حاصل کرنے کیلئے لکھ رہاہوں-تاکہ رمضان کی آمد آمد ہے-اورافطاری کے ٹائم اس کو استعمال کر سکیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں اور سب روزے داروں کے پاس پہنچ جائے اور وہ اس سے فائدہ اٹھاسکیں اور سارے دن کی انرجی کو بحال کر سکیں-

شربتِ بزوری کے اجزاء :-

سونف>----:----->50 گرام

تخم کاسنی>---:---->50 گرام

جڑ سونف>---:---->25 گرام

جڑ کاسنی>---:---->25 گرام

مغز تربوز>----:---->50 گرام

مغز کھیرا>----:---->25 گرام

پکھڑا>------:---->50 گرام

تخم کثوث>------:---->50 گرام

بنانے کا طریقہ ☆-

تمام اشیاء کو 12 گھنٹے 2 کلو پانی میں بھگو کر رکھ دیں -

پھر 45 منٹ کیلئے ہلکی آنچ پر پکائیں -

اس پانی کو چھان لیں اور اس میں 800 گرام چینی ڈال دیں پھر 45 منٹ کیلے ہلکی آنچ پر رکھ دیں جب چینی مکمل حل ھو جائے تو اس میں 1 گرام ٹاٹری ڈال دیں ٹاٹری ڈالنے کے بعد مزید 45 منٹ ہلکی آنچ پر رکھیں اور میل اُتارتے جائیں جب صاف ھو جائے تو اس شربت کو اتار کر محفوظ کر لیں شربت بزوری تیار ھے -

فوائد ☆-

جگر کی گرمی اور اس سے پیدا شدہ امراض کیلے مفید ھے -

پیشاب کھل کر آئے گا اور اس کی جلن کو دور کرتا ھے

جگر، گردہ اور مثانہ کے گرم امراض میں مفید ھے -

طریقہ استعمال ☆-

ایک گلاس پانی میں دو چمچ شربت بزوری حل کر کے افطاری کے وقت پیئں۔

جڑی بوٹیاں



Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 24 at 8:07pm

برہمی بوٹی :۔ (Centella asiatica)

السلام علیکم آداب!

دوستو! آج کل ہر دوسرا آدمی شکائت کرتا ہے کہ اب کوئی بات یاد نہیں رہتی، اپنے ہاتھ کی رکھی چیز گھر میں گم سی ہو جاتی ہے، کام میں جی نہیں لگتا، طبیعت میں چڑ چڑاپن سا رہتا ہے۔ خیالوں میں یکسوئی نہیں۔۔۔۔ کالج جانے والے بچے بھی اسی قسم کی شکایت کرتے نظر آتے ہیں، میں آج جس بوٹی کا ذکر کرنے لگا ہوں، قدرت نے اس میں بے انتہا وصف رکھے ہیں، میں آپ کے سامنے چند ایک بیان کرتا ہوں۔ یہ بوٹی کوئی نئی نہیں ہے بلکہ 5000 قبل از مسیح سے استعمال کی جا رہی ہے۔۔ اس کے پودے کو انگلش میں Centella asiatica۔۔ کہتے ہیں اور طب میں برہمی بوٹی کے نام سے مشہور ہے Centella asiatica ۔۔

دماغ کی کمزوری (بھولنے کا مرض):

ایک اعصابی ٹانک ہے اور لمبی عمر تک جینے کی راہ ہموار کرتی ہے

بے چینی اور تفکرات میں بہت مفید ہے

نظر کی کمزوری میں بہت ہی مفید ہے

ذہنی تھکاوٹ میں آسودگی بخشتی ہے

سر پر چوٹ لگنے سے متاثر ہونے والی یاداشت میں فائدہ مند ہے

بے خوابی میں بھی بہت معاون ہے

نسخہ :

برہمی بوٹی 2 ٹی سپون

پودینہ خشک 4 ٹی سپون

ایک گرام میٹھا سوڈا

لیمن ایک عدد (جوس)

پانی ایک لیٹر

پانی تیز گرم ایک کیتلی میں ڈال کر تمام ادویہ شامل کر کے 5 منٹ کیلئے دم پر رکھیں پھر چھان کر نیم گرم یا ٹھنڈا کر کے ایک کپ صبح و شام غذا کے بعد پی لیں اسے فریج میں رکھ کر کافی دنوں تک استعمال کر سکتے ہیں، بہتر ذائقے کیلئے الائچی یا کوئی اور چیز شامل کی جا سکتی ہے، اسے ٹھنڈا بطور مشروب پی سکتے ہیں۔

برہمی بوٹی ایک ہی دفعہ 50 گرام خرید کر رکھ لیں،

نوٹ۔ بڑوں اور بچوں کے لئے یکساں مفید ہے۔

تحریر از جمیل حیدر عقیل صاحب۔24مارچ2017



Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 25 at 12:29pm ·

گلو -:Tinospora Cordifolia

دیگر نام-:

ہندی میں گرچ بنگالی میں گلانچا گجراتی میں گل بیل، سنسکرت میں گڈوچی اور انگریزی میں ٹائنو سپورا کارڈی فولیا کہتے ہیں۔

ماہیت-:

گلو مشہور اور لمبی عمر والی نما بوٹی ہے۔ یہ اپنے نزدیک کے کسی درخت دیوار یا کسی اور سہارے سے اوپر سے بل کھاتی ہوئی بڑھتی ہے اس کے تنے سے بہت سی ڈنڈیاں نکل کر زمین میں دھنس جاتی ہے یا اس کی ٹہنیوں کا کاٹ کر زمین میں گاڑ دینے سے نئے پودے پیدا ہوتے ہیں۔ تنے کے اوپر کی چھال بہت پتلی اور مٹیالی ہوتی ہے۔ لیکن نیچے سے سبز ہوتی ہے۔ پتے پان کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔ جو پانچ سے بارہ سینٹی میٹر تک لمبے ہوتے ہیں۔ جن کا رنگ گہرا سبز اور آگے سے نوک دار ہوتے ہیں پھول گرمیوں میں چھوٹے چھوٹے زرد رنگ کے گچھوں کی شکل میں لگتے ہیں۔ ان کے بیج ٹیڑھے اور چکنے سے ہوتے ہیں۔ اس کے تمام جزو کڑوے ہوتے ہیں۔

آیورویدک شاستر میں آملہ گلو اور ہرہڑ کو امرت سے پیدا ہوئے مانتے ہیں جس کی وجہ سے ان کو امرتا بھی کیا جاتا ہے۔

مقام پیدائش:-

پاکستان وہندوستان۔۔۔درخت نیم پر چڑھی ہوئی گلو بہترین ہوتی ہے۔

مزاج:-

گرم خشک۔۔درجہ اول۔ بعض کے نزدیک مرکب القویٰ سرد خشک۔

افعال:-

دافع بخار، مقوی وقابض معدہ، قاتل کرم شکم، مصفیٰ خون نافع سوزاک وجریان مدربول۔

استعمال:-

گلو سبز بخار کی جملہ اقسام حتیٰ کہ حمیات مرکبہ مزمنہ اورتپ دق کیلئے نقوعاًو مطبوعاً مستعمل ہے اگر گلو سبز سے پانی نچوڑ کراستعمال لیاجائے تووہ زیادہ قوی اثر ہوتاہے۔ قابض ہونے کی وجہ سے اسہال مزمنہ اوراسہال خونی کے بند کرنے کیلئےاستعمال کراتے ہیں اور سوزاک وجریان میں بھی تنہایامناسب ادویہ کے ہمراہ مستعمل ہے۔ مصفیٰ خون ہونے کی وجہ سے امراض جلدیہ اور آتشک وجذام میں استعمال کراتے ہیں۔ تلخ ہونے کی وجہ سے کرم شکم کے قتل کرنے کیلئے پلاتے ہیں۔اس کانشاستہ بھی ست گلو کے نام سے استعمال کیا جاتاہے۔مزمن بخار کیلئے گلو سبز ٹکڑے کرکے رات کو گرم پانی میں بھگودیتے ہیں اور صبح کوزلال لے کر شربت بنفشہ ملا کر پلاتے ہیں۔

گلو کو مناسب ادویہ کے ہمراہ اسہال سوزاک اور جریان میں استعمال کرتے ہیں جیسے اسہال و پیچش میں پسی ہوئی سونٹھ زخم میں شہد تپ لرزہ میں طباشیر اور سوزاک میں کشتہ قلوی کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔

گلو کو خوب کچل کر چار سے چھ گھنٹہ پانی میں جوش دیں پھر چھان کر پانی کو اتنا خشک کریں وہ گولیاں بنانے کے لائق بن جائے تو یہ عصارہ گلو بن جائے گا جو مصفیٰ خون، دافع بخار اور قاتل کرم شکم ہو گا۔اس میں ہڑتال گاؤدنتی کا عمدہ کشتہ دافع بخار تیار ہوتا ہے۔

نفع خاص-:

دافع حمیات، مصفیٰ خون۔

مضر-:

بے ضرر ہے۔

مصلح-:

طباشیر، دانہ ہیل،

بدل-:

ست گلو۔

مقدار خوراک-:

لکڑی۔۔۔ایک تولہ سے دو تولہ۔۔۔ مطبوخ یا نقوع یا آب گلو گلو کی شاخ اور پتوں کو نچوڑ کر لیا جائے دو سے تین تولہ.

(الطب و الکیمیا گروپ کیلئے آن لائن ویب سے اقتباس)

#عبدالغنی



Abdul Ghani ▸ الطب و الكيميا جديد
March 23 at 8:18pm

کچلہ / اذاراقی :- (Poison Nut)

دیگر نام :-

لاطینی میں نکس وامیکا عربی میں اذراقی فارسی میں حب الفرب گجراتی میں کجرا بنگالی میں کچیلہ اور انگریزی میں "پائزن نٹ" یاڈاگ پوائزن کہتے ہیں۔

ماہیت :-

کچلہ کا درخت عموماً چالیس سے پچاس فٹ اونچا ہوتا ہے۔ یہ ہر موسم میں ہرا بھرا رہتا ہے اس کی شاخیں پتلی لیکن کافی مضبوط ہوتی ہیں۔ تنا اگر کاٹا جائے تو پہلے سفید بعد میں زردی مائل بھورا ہو جاتا ہے۔ پتے آم کی یا جامن کی طرح ملائم چمک دار چکنے دو سے تین انچ لمبے اور دو انچ چوڑے ہوتے ہیں ان سے بدبو دار رس نکلتا ہے۔ جو زہریلا ہوتا ہے۔ پھول سردی اور موسم بہار میں میں دو دفعہ لگتے ہیں۔ جو چھوٹے سبزی مائل زرد اور ہلدی کی بو ہوتی ہے۔ اطباء نے اس کو زہریلا کہا ہے۔ جو مدبر کرنے کے درمیان نکال دیا جاتا ہے۔

مقام پیدائش :- یہ عرب کے علاوہ اڑیسہ مان بھوم مدراس کوچین ٹراونکور ساحل مالا بار اور لنکا اور برما کے جنگلات میں خودرو ہوتا ہے۔

مزاج :- گرم خشک ۔۔۔ درجہ دوم۔

افعال-:

دافع امراض بلغمیہ وعصبانیہ محرک ومقوی قلب۔ مصفیٰ خون مقوی باہ منفث بلغم محرک ومقوی قلب محلل اورام۔

استعمال-:

معدہ کی غشا مخاطی کی طرف کچلہ دوران خون کو زیادہ کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے معدیہ رس زیادہ ہو کر بھوک بڑھ جاتی ہے اور ہاضمہ کو تیز کر دیتی ہے ااور مسہل تاثیر پیدا کرتی ہے۔ کم مقدار میں قلب وعضلات میں تحریک پیدا کرتی ہے۔ اور لقوہ درد کمر عرق النساء نقرس میں بکثرت اندرونی وبیرونی مستعمل ہے۔ مقوی اعصاب وباہ ہونے کی وجہ سے ضعف باہ میں صدیوں سے مستعمل دوا ہے منفث بلغم ہونے کے باعث سرفہ ضیق النفس اور مرض سل میں بھی بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ استرخائے مثانہ کی وجہ سے بار بار پیشاب آنے کیلئے خاص دواء ہے۔ مصفیٰ خون ہونے کے باعث آتشک جیسے امراض فساد خون میں کھلایا جاتا ہے۔

خاص استعمال-:

کچلہ مدبر کے استعمال سے منشیات مثلاً بھنگ افیون اور ہیروئن وغیرہ کی عادت ختم ہو جاتی ہے۔ اور تمام طاقتیں بحال ہو جاتی ہیں۔

بیرونی استعمال-:

محلل ہونے کی وجہ سے اورام پر خصوصاً طاعون کی گلٹی پر اس کو گھس کر طلاء کرتے ہیں۔بواسیری مسوں میں خارش ہو تو اسے تنہا یا دیگر ادویہ کے ہمراہ مسوں پر لگاتے ہیں اور وجع المفاصل وغیرہ کے لئے روغن کنجد میں اس کو جلا کر مالش کرتے ہیں۔۔

تدبیر علاج سمیت-:

سٹامک ٹیوب سے معدہ کو دھوئیں یا بار بار قے کرائیں اور تشنج سے قبل دودھ اور گھی بار بار پلائیں یا کوئی مقئی دواء دے کر قے کرائیں پھر پوٹاشیم برومائیڈ ایک ڈرام ایک گلاس پانی میں ملا کر پلائیں اگر سانس بند ہونے کا خطرہ ہو تو مصنوعی تنفس جاری کریں اس کے بعد مناسب ادویہ کے علاج کریں۔

نفع خاص-: مقوی اعصاب وباہ۔

مضر-: غیر مدبر اور تشنج پیدا کرتا ہے۔

مصلح-: شکر لعابات روغنیات۔

بدل-: بھلانوں

مقدار خوراک-:

آدھ رتی سے ایک رتی تک کچلہ مدبر۔

مشہور مرکب-:

معجون اذارای، حب اذارای، روغن کچلہ۔

جوہر کچلہ-:

اس کی وجہ سے خون آکسیجن کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔اور کاربانک ایسڈ گیس کی مقدار گھٹ جاتی ہے۔ لیکن زیادہ مقدار میں بھی یہ زہر قاتل ہے.

(الطب والکیمیا گروپ کیلئے آن لائن ویب سے اقتباس)

#عبدالغنی





Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 2 at 1:08am ·

قد بڑھانے کا نسخہ:۔

السلام علیکم آداب!

دوستو، میری پوسٹ کے کمنٹس میں اکثر لوگ علاج کی غرض سے سوال کرتے ہیں، میں نے اپنے تعارف میں بھی واضح کیا تھا کہ میں پریکٹس میں نہیں ہوں، 20 سال پہلے گورنمنٹ ہسپتال پنجاب سے بھی ایک سال وابستہ رہا ہوں۔ مجھ سے بہتر اور کہنہ مشق حکماء موجود ہیں جو ہر لحاظ سے بہتر ہیں، میں امریکہ میں ہوں اس کا مطلب یہ نہیں کہ اب بڑے حکیم صاحب کے تخت پر بیٹھ گیا ہوں، یقین مانئے ایک سے بڑھ کر ایک حکیم وہاں موجود ہیں، بہت ہی لائق اور دانا لوگ موجود ہیں، اکثر عوام بہت بھولے بھالے ہیں، صرف حکیم نام ہی سن کر اپنا سب کچھ قدموں میں ڈھیر کر دیتے ہیں، خدارا یہ تو دیکھ لیا کریں، حکیم صاحب کوالیفائیڈ ہیں یا صرف 4 نسخوں کے بل بوتے پر سپر پاور بنے ہوئے ہیں، اسی بھیس میں اکثر لٹیرے بھی چھپے ہوتے ہیں۔

ایک نوجوان کے بار بار کئے گئے اس سوال پر ایک نسخہ عرض کرتا ہوں کہ قد بڑھانے کا کوئی نسخہ دیں، جی نسخہ عرض کرنے سے قبل یہ گزارش بھی ہے کہ صحت مند ماحول، اور صحت مند غذا اس ضمن میں خود کسی نسخے سے کم نہیں، لیجئے ایک سادہ سا نسخہ حاضر ہے لیکن صرف چند اجزاء دیکھ کر نظر انداز نہیں کرنا.

نسخہ:

اسگندھ ناگوری پوڈر(2 ٹیبل سپون)

گڑ دیسی(ایک ٹیبل سپون)

خالص دودھ(ایک گلاس)

اسگندھ ناگوری کو پوڈر کر کے رکھ لیں،100 گرام پوڈر ہو. کسی بند ڈبے میں محفوظ کر لیں روزانہ رات سونے سے قبل ایک گلاس دودھ میں 2 ٹیبل سپون اسگندھ کے ساتھ ایک ٹیبل سپون گڑ ملائیے اور پی لیجئے۔

مدت کورس 45 دن ہے. انشاءاللہ قد میں اضافہ ہو گا.

دوستو، قد بڑھنے کی ایک عمر ہوتی ہے اس کے بعد زیادہ توقع نہیں رکھی جاسکتی. نوخیز نوجوان بہرحال اس سے مستفید ہو سکتے ہیں، 6 سال سے 16 سال تک قد تیزی سے بڑھتا ہے۔

ورزش کو بھی معمول بنائیے۔

(اس سب عمل سے ایک دو انچ قد بڑھ سکتا ہے)۔

نوٹ:-

ان حالات میں یہ نسخہ استعمال کرنا مناسب نہیں.

1: اینٹ ایسڈ کے ساتھ مت استعمال کریں (ایسڈ کنٹرول کرنے والی ادویہ)

:2 خالی معدہ.

:3 حاملہ خواتین.

:4 بلغم کی وجہ سے سینے کی جکڑن میں مبتلا افراد.

:5 ڈائیریا ہو تو.

:6 بڑی آنت میں سوزش ہو تو.

:7 آنتوں میں کیڑے نہ ہوں.

بس ان باتوں کا دھیان رکھنا ہے.

(گروپ الطب والکیمیا کیلئے: جمیل حیدر عقیل صاحب کے مضامین سے اقتباس)





Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 4 at 12:18am

پیاز اور لہسن سے بالوں کا علاج:۔

السلام علیکم، آداب!

دوستو آپ سب کیسے ہیں، ہم نے اس پہلے والی پوسٹ میں بالوں کو گرنے سے روکنے کا آسان سا نسخہ شیئر کیا اور آج بات کریں گے گنج پن پر،،،،

گنج پن یعنی سر سے بال بالکل غائب ہو جانا، اسکی بھی کافی وجوھات ہیں۔ ذہنی دباؤ، فکر، نامناسب غذا، بفا، جلدی امراض، لمبی بیماری، بعض ادویات کا سائیڈ ایفیکٹ، سر پہ ٹوپی کثرت سے پہننا وغیرہ وغیرہ،،، اب آپ کو ایک نہائت مجرب نسخہ بتانے والا ہوں جو دیکھنے میں بہت ہی معمولی ہے لیکن کام میں بڑی بڑی اشتہاری دوائیوں کو چت کر دے گا۔ یہاں امریکہ میں لوگ اسے استعمال کرتے ہیں اور تعریفوں کے انبار لگا دیتے ہیں جی ہاں یہی نسخہ میں نے اپنے ایک عزیز دوست کو بتایا تو اس نے ایک غریب آدمی کو تفصیل سے سمجھا دیا، اب اس کی روٹی روزی اسی سے ہے۔ آپ اسے گھر میں بلا خطر بنائیں اس جوس کو ہر ہفتے میں 3 بار لگانا کافی ہو گا اور 3 ماہ تک ضرور استعمال کریں، فرق آپ دنوں میں ملاحظہ کر سکتے ہیں، جن لوگوں کے سر کے مسام ڈیڈ ہو چکے ہیں وہ بھی کافی حد تک بال واپس لا سکتے ہیں، یہ نسخہ سر کے سفید بالوں کی گروتھ کو بھی روکتا ہے،

اس کے دو اجزا ہیں، پہلا جز و پیاز ہے جو قدرت کی انمول عطاؤں سے لبریز ہے۔ پیاز میں صرف قدرتی سلفر (گندھک) ہی نہیں بلکہ کئی اور نادر اجزا بھی ہیں۔۔ چلیں آپ کی معلومات کیلئے درج کئے دیتا ہوں،

پیاز ::::

،Saturated ،Fat ،Fiber ،Sugar ،Carbs ،Protein

،Omega-6،Omega-3،Polyunsaturated ،Monounsaturated

Vitamin C ،Galactose ،Maltose،Lactose،Fructose ،Sucrose

،Quercetin،Anthocyanins ،Potassium ،Vitamin B6،Folate (B9،

،،Thiosulfinates ،Sulfur-compounds

Bone ،Blood Sugar Regulation ،Anti-Microbial Effects

،Cancer Prevention ،Health

بہت ہی نادر وٹامن اور امائینو ایسڈز بھی موجود ہیں،اللہ پاک نے پیاز میں اتنا کچھ سمو دیا ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے،اب آپ ضرور سمجھ گئے ہوں گے کہ کیسے مردہ جسم میں جان آتی ہے۔اور پیاز قوت باہ کا انمول تحفہ ہے ،بہر حال ہم آج بالوں کو اگانے اور گرنے سے بچانے کیے لئے اس کا استعمال سمجھ رہے ہیں،

لہسن :::

سر کی جلدی فنگس کو نیست ونابود کرنے والا دوسرا جزو لہسن ہے جو دنیائے طب میں کسی تعارف کا محتاج نہیں، پھر بھی اس کے اجزا کا اجمالی ذکر کئے دیتا ہوں،

Garlic Is Highly Nutritious, But Has Very Few Calories

Manganese: 23% of the RDA.

Vitamin B6: 17% of the RDA.

Vitamin C: 15% of the RDA.

Selenium: 6% of the RDA.

Fiber: 0.6 gram.

Decent amounts of calcium, copper, potassium, phosphorus, iron and vitamin B1.

ان دونوں کا جوس نکال کر باہم ملادیں اور پھر سر پر 20 منٹ کیلیئے ہر ہفتے نہانے سے پہلے لگا لیجئے، پھر نہا لیجئے۔۔۔۔

احتیاط : گھر میں صرف یہ احتیاط کریں کہ جوس لگانے کے بعد صوفہ سیٹ پر نہ لیٹیں یا سرہانے پر سر نہ رکھیں تاکہ اس کی بُو آپ کی چیزوں کو متاثر نہ کرے اور آپ دل برداشتہ نہ ہوں۔

نسخہ : پیاز 3 عدد درمیانے،، لہسن 8 پوتھیاں

باریک کرکے ہاون دستہ یا گرائینڈر سے کچل کر صاف ململ کی طرح کے کپڑے کی مدد سے نچوڑ لیں، سپرے والی بوتل میسر ہو تو بہت اچھی ورنہ انگلیوں کی مدد سے بالوں کی جڑوں اور جلد میں جذب کروائیں

یہ سمپل سا نسخہ آپ کو کبھی مایوس نہیں کرے گا بلکہ آپ کی وجہ سے ہزاروں لوگوں کو خوشی اور طمانیت دے سکتا ہے، خود بھی استعمال کیجئے دوستوں کو بھی بتایئے اور غریب ناداروں کو بھی محبت سے بتایئے،،،

التماس دعا۔

جمیل حیدر عقیل 3 اپریل 2017



Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 8 at 8:21pm

اونٹ کٹارا :۔(Milk thistle)

السلام علیکم آداب !

دوستو، کیسے ہیں آپ سب ، میں کافی دنوں سے سوچ رہا ہوں کہ آپ ایک ایسے پودے کی افادیت سے آگاہ کروں جو طب میں اب کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے ،اس کی فصل اب پاکستان میں تیار ہو چکی ہو گی۔ آپ اسے نظر انداز نہ کریں ، یہ ایک عظیم پودہ ہے ،جو نمبر 1 محافظ جگر ہے۔ کسی بھی وجہ سے جگر (ڈیمج) خراب ہو جائے، کسی زہر کے اثر سے یا کسی بیماری کی وجہ یہ بیج بہت مدد گار ہو سکتے ہیں ،اس میں پائے جانے والے مفید جزو کو " silybum marianum" کہتے ہیں۔ اس سے ہیپاٹائٹس سی کی وجہ سے جگر پر پڑنے والے منفی اثرات سے بچا جاسکتا ہے، جگر کو دوبارہ فعال بنانے میں بے نظیر ہے۔ 2008 میں مجھے ایک نوجوان آدمی دکھایا گیا جو قریب المرگ تھا۔ اسے ہیپاٹائیس سی نے آخری سٹیج پر پہنچا دیا تھا، میں خود بھی دلی طور مایوس تھا، کچھ بیج میں نے پنڈی سے اکٹھے کئے ہوئے تھے، 200 گرام کے قریب تھے جو میں نے اس نوجوان کی ماں کے حوالے کئے اور بتایا کہ ان کو باریک پیس لیں ،اور ایک ٹی سپون روزانہ ایک دفعہ پانی سے دیں، تقریباً ایک ماہ کے بعد اسے ماں دوبارہ میرے پاس لائی تو وہ اپنے قدموں پر چل کر آیا، میں خود حیرت کی تصویر بنا اسے دیکھ رہا تھا۔ ساتھیو، یہ پودہ قدرت کی عظیم نعمت ہے۔ اسے اس موسم کا گراں تحفہ سمجھ کر اکٹھا کر لیجئے ،اس پر تیز نوکدار کانٹے ہوتے ہیں، میں نے اپنے تدبر سے کھاد کے خالی توڑے کو اسے جمع کرنے کیلئے استعمال کیا تھا ،اور پھول پلاس کی مدد سے

توڑے تھے، خشک ہونے پر اسی پلاسٹک کے توڑے میں ڈال کر کوٹیں حتی کہ بیج سے روئی اور دیگر اجزا علحیدہ ہو جائیں، تو پنکھا لگا کر بیج صاف کر کے محفوظ کر لیں، جتنے زیادہ بیج جمع کر سکتے ہیں کریں، شائد کسی مسکین کی دعا آپ کا مقدر بنے، دوستو: یہ زہر نہیں ہے بلکہ ایک عظیم تریاق ہے،

اس سے ڈرنا نہیں کسی جاہل کی باتوں میں نہ آنا، یہ ہیپاٹائی ٹس کا کلی علاج نہ بھی ہو تو مگر جان بچانے میں بہت مددگار ہے، اس نازک مرحلے پر جگر کی حفاظت کرتا ہے، اگر شراب یا زہریلے کیمیکل کی وجہ سے کوئی جان خطرے میں پڑ جائے تو یہ بہت مددگار ہو گا۔

اس کے ایکسٹریکٹ کی خوراک 450 ملی گرام روزانہ ہے مگر بیجوں کا پوڈر ایک ٹی سپون روزانہ کی خوراک ہو گی پلیز، اس موسم میں یہ نایاب موتی اکٹھے کر لیں۔ یہ آپ کو کبھی مایوس نہیں کریں گے۔

طالب دعا

تحریر از جمیل حیدر عقیل صاحب (امریکہ)۔8 اپریل 2017ء



Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 8 at 10:22pm

سمبلو سے بیماریوں کو منہ توڑ جواب دیجئے :۔

(حکیم عبدالوحید سلیمانی اردو ڈائجسٹ، نومبر ۲۰۰۵ء)

مارچ 2004ء کے اردو ڈائجسٹ میں سمبلو پر میرا مضمون چھپا، تو پاکستان کے کونے کونے سے لوگوں نے رجوع کیا۔ میں نے دس ہزار افراد کو یہ بوٹی مفت فراہم کی۔ بھارت، بنگلہ دیش اور پاکستان کے بے شمار اخبارات و رسائل نے اردو ڈائجسٹ کے حوالے سے یا بلا حوالہ اسے نقل کیا۔ بے شمار طبّی جرائد نے اسے اپنے صفحات میں جگہ دی۔ بوٹی حاصل کرنے کے لیے برصغیر کے علاوہ سعودی عرب، شارجہ، دبئ، کویت، ایران، برطانیہ، امریکہ، کینیڈا، برازیل، جرمنی اور آسٹریلیا سے بھی لوگوں نے رابطہ کیا۔ ایسا لگتا ہے کہ اردو ڈائجسٹ کا دائرہ اثر دنیا کے تمام ممالک تک پھیلا ہوا ہے۔

ناسپاس گزاری ہوگی اگر میں ان اصحاب کا شکریہ ادا نہ کروں جو مجھے وقتاً فوقتاً سملو بوٹی بلا قیمت ارسال کرتے ہیں اور میں بھی بلا معاوضہ مستحق مریضوں کو دیتا ہوں۔ ڈاکٹر محبوب خان خاکوانی پہلے مجھے ہر ماہ ایک دو کلو سمبلو بھیجا کرتے تھے، اب دو بوری بھیجتے ہیں۔ مانسہرہ، بالاکوٹ، کشمیر اور شمالی وزیرستان سے بھی لوگ گاہے بگاہے بھجواتے ہیں۔ ماہ جون میں مجھے زیارت (بلوچستان) جانے کا اتفاق ہوا۔ زیارت، بابا خرواری اور دوزخ تنگی کے علاقوں میں زرد سمبلو کے ہزارہا پودے لگے ہوئے دیکھے۔ لورالائی جانے کا اتفاق ہوا تو درگئی، قلعہ سیف اللہ اور سنجاوی کے اطراف میں بھی پودے نظر آئے۔ خوشی ہوئی کہ صرف شمالی علاقہ جات ہی نہیں بلوچستان بھی

اس نعمت سے مالامال ہے۔وہاں کے لوگوں سے اس کا نام پوچھا تو معلوم ہوا کہ لوگ اسے "زرل" کہتے ہیں۔ بعض جگہ اسے "کورئے" کہہ کر پکارا جاتا ہے۔اردو ڈائجسٹ میں میرا مضمون چھپنے سے پہلے ایبٹ آباد میں اس کا نرخ ۴۰ روپے کلو تھا، مضمون کی مقبولیت کے بعد اس کی مانگ بڑھی تو دکانداروں نے 100 روپے کلو کر دیا۔

بالا کوٹ سے ایک ہفت روزہ "سیف الملوک" نکلتا ہے۔مارچ 2004ء میں میرا مضمون چھپا تو 17 اپریل کے سیف الملوک میں جناب گلزار شاہ ٹانگڑی نے سنبل اور سرطان کے عنوان سے ایک مضمون لکھا جس کے مفید حصے پیش ہیں:

قارئین کرام! اردو ڈائجسٹ کی مارچ 2004ء کی اشاعت میں ایک مضمون سمبلو کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ بار بار اسے پڑھا اور غور کیا کہ یہ کون سی بوٹی ہے؟ آخر اس نتیجے پر پہنچا کہ یہ دراصل سمبل یا سمبل نامی عام جھاڑی ہے جس کی جڑ زرد رنگ کی ہوتی ہے۔ ہمارے علاقے میں یہ کانٹے دار جھاڑیاں بکثرت پائی جاتی ہیں۔ مضمون نگار نے اس جھاڑی کو بوٹیوں کی صف میں شمار کر کے خوشخبری سنائی ہے کہ سمبل کی جڑ کے سفوف سے سرطان کے مریضوں کا شفا بخش علاج ہو چکا ہے۔چند مریضوں کے تجربات بھی بیان کیے گئے ہیں جنہیں شفا نصیب ہوئی۔

مضمون نگار عبدالوحید سلیمانی نے جو مستند حکیم ہیں، ہر مریض کی حالت تفصیل سے بیان کی ہے۔ ضلع مانسہرہ کے دیہات میں سمبل کی جھاڑی کثرت سے ملتی ہے۔یہ خودرو جھاڑی ہے۔اکثر لوگ اسے چراگاہوں سے کاٹ دیتے ہیں لیکن یہ ختم ہونے میں نہیں آتی بلکہ موسم بہار میں پھر برگ و بار لے آتی ہے۔اس کے پرانے

پودوں کا قد سات آٹھ فٹ ہوتا ہے۔شاخیں اطراف میں پھیلی اور کانٹوں سے بھری ہوتی ہیں۔ہر کانٹا سہ شاخہ ہوتا ہے۔پرانے پودوں کے تنے کا قطر تین چار انچ ہوتا ہے۔جڑیں گہری بلکہ آٹھ دس فٹ اندر گئی ہوتی ہیں۔یہی جڑ کار آمد ہے۔

اسے کاٹ کر اس پر سے چھلکا اتارتے اور سائے میں خشک کر لیتے ہیں۔یہ چھلکا زرد رنگ کا اور کڑوا اس قدر کہ الامان۔اس کے زرد پھول گچھوں کی شکل میں لہلہاتے ہیں۔پتے لمبوترے اور نوکیلے ہوتے ہیں۔پھول چند دن بعد جھڑ جاتے ہیں۔ان کی جگہ چھوٹے چھوٹے سبز دانے نکلتے ہیں جو پکنے پر سیاہ ہو جاتے ہیں۔بچے انہیں کھانے کے لیے جھاڑیوں پر لپکتے نظر آتے ہیں۔کچھ بچے پھول اور پتے بھی شوق سے کھاتے ہیں جن کا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔بڑے بھی یہ پھل کھاتے ہیں جو منہ اور گلے کے امراض کا علاج ہے۔اس کی جڑ خزاں کے آخر میں نکالی جاتی ہے تاہم ضرورت پڑنے پر کسی وقت بھی تازہ جڑ کا چھلکا اتار کر استعمال کر سکتے ہیں۔

مقامی لوگ اسے مختلف امراض میں استعمال کرتے اور اس کے شفا بخش اثرات سے مستفید ہوتے ہیں۔مثلاً گلے میں تکلیف ہو تو اس کا چھلکا منہ میں رکھ کر سو جائیے۔اس کا کڑوا پانی حلق سے اترتا رہتا ہے اور صبح تک تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔منہ میں چھالے ہوں تو ایک چٹکی سفوف منہ میں رکھنے سے گھنٹہ بھر میں تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔جوڑوں کے درد میں سوتے وقت دو تین چٹکیاں سفوف پانی سے لے لیں۔تین چار روز یہ عمل دہرانے سے درد رفع ہو جاتا ہے۔

سنبل کا سفوف روزانہ چھڑکنے سے پرانے سے پرانا زخم ہفتہ بھر میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ساتھ ہی دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ہمراہ سفوف کی دو تین چٹکیاں لینی چاہییں۔ ہڈی کے ٹوٹ جانے پر انڈے کی سفیدی میں سنمبل کا سفوف ملا کر متاثرہ جگہ لیپ کیجئے اور کس کر باندھ دیجئے، ہڈی جڑ جائے گی۔ کئی ایک فوائد اب سامنے آ رہے ہیں مثلاً ذیابیطس کے مریض دو تین چٹکیاں دن میں دو بار پانی سے پھانک لیں، تو شکر کی سطح معمول پر آ جاتی ہے۔ اس بارے میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے کہ کیا واقعی سنمبل کا سفوف مانع ذیابیطس ہے یا نہیں؟ حکیم صاحب انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں، میں ان کی کاوش کو سلام کرتا ہوں.

مارچ 2004ء کے بعد میں نے بے شمار امراض پر سمبلو یا اس کے مرکبات استعمال کیے، الحمدللہ وہ بے حد کامیاب ہوئے مثلاً چھاتی کے سرطان میں کشتہ سنکھ، ہلدی اور سملو ہم وزن باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھر لیں۔ انہیں صبح، دوپہر، شام بعد از غذا استعمال کریں۔ بفضلہ تین ماہ میں آرام آ جائے گا۔

غدہ درقیہ کی سوجن:-

اگر غدہ درقیہ (Thyroid Gland) بڑھ جائے تو مندرجہ بالا تین ادویہ میں آرسینک پاؤڈر نمبر ۲ کا ہم وزن اضافہ کریں اور صبح و شام بعد از غذا زیرو کا کیپسول بھر کر استعمال کریں۔ دو سے تین ماہ میں بڑھا ہوا غدہ معمول پر آ جائے گا۔

داغ دھبے اور چھائیاں-:

نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے چہروں پر اکثر سیاہ چھائیاں اور داغ دھبے پڑ جاتے ہیں یا دانے نکل آتے ہیں۔ لڑکے اور لڑکیاں یہ بھی چاہتے ہیں کہ ان کی رنگت صاف ہو جائے۔اس مقصد کے لیے وہ طرح طرح کے آمیزے اور کریمیں استعمال کرتے ہیں مگر سملو کریم سب سے بہتر ہے۔اس کے استعمال سے ایک نوجوان بچی کے دانے ایک ہی ہفتے میں کافور ہو گئے۔ نسخہ حسب ذیل ہے:

کشتہ سنکھ، سملو، ہلدی اور آم کے درخت کی چھال چاروں ہم وزن باریک پیس کر چہرے کی کسی اچھی کریم میں ملا لیں اور رات کو چہرے پر لگائیں۔ کریم ان چاروں کے مجموعے کے برابر ہونی چاہیے۔ صبح ڈیٹول، نیم یا گندھک کے صابن سے منہ دھو لیں۔

خارش، داد، پھوڑے-:

جسم پر خارش، داد چنبل، پھوڑے پھنسی ہوں یا سر پر دانے نکل آئیں، تو سملو کی جڑ ۵ تولہ باریک پیس کر بیس تولہ سرسوں کے تیل میں ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ پندرہ دن میں فائدہ ہو گا۔ مرض پرانا ہو، تو نسخہ ایک تا دو ماہ استعمال کریں۔

دماغی رسولی کا خاتمہ-:

درخت سرس کی چھال، کشتہ سنکھ، سملو اور ہلدی میں ہم وزن چینی شامل کر کے زیرو کے کیپسول میں بھر لیجئے۔ صبح، دوپہر اور شام بعد غذا عرق دھمانسہ کے ساتھ ایک ایک کیپسول استعمال کریں۔ ذیابیطس کے مریض چینی

شامل نہ کریں، نیز چار چار رتی کی مقدار میں دوا لیں۔ تین سے چار ماہ تک دوا کا استعمال جاری رکھیں۔ یہ دماغی رسولی (برین ٹیومر) کا شافی علاج ہے۔

گردے بہتر بنایئے-:

اگر گردے میں رسولی ہو یا ان کی صفائی (ڈائیالیسس) ہو رہی ہو تو:

ایک چاول کشتہ سونا،

ایک چاول آرسینک نمبر ۲،

ایک رتی کشتہ سنکھ،

ایک ماشہ سمبلو

ملا کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول بھریں اور صبح و شام بعد غذا، عرق منجشٹھا کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر ڈائیالیسس روزانہ بھی ہو رہا ہو تو نسخے کے ایک ہفتہ استعمال سے ہر دوسرے روز ہونے لگے گا اور چالیس روز کے استعمال سے ہر پندرہ روز بعد۔

بہترین منجن-:

اگر دانتوں میں درد ہو یا مسوڑھوں سے خون آتا ہو، تو کسی اچھے منجن میں اس کی نصف مقدار کے ہم وزن سمبلو ملائیں اور دانتوں پر بطور منجن ملیں، ان شاءاللہ دنوں میں خون رک جائے گا اور دانتوں کا درد بھی کافور ہو گا۔

درد سے نجات پائیے-:

درد جسم کے کسی بھی حصے میں ہو، جوڑوں کا درد ہو یا کندھوں کا، ٹانگوں میں ہو یا کولہوں میں، عرق النساء ہو یا سر درد، مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرنے سے بالکل ختم ہو جاتا ہے:

کشتہ سنکھ ۴ تولہ، سملو ۴ تولہ، کچلہ مدبر ایک تولہ، کشتہ شنگرف ٦ ماشہ، کشتہ بارہ سنگھا ٦ ماشہ، آرسینک پاؤڈر نمبر ۲ ایک تولہ۔

یہ ادویہ باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول میں بھر لیں اور صبح و شام بعد از غذا ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ ایک ماہ تک کھانے سے ہر قسم کا درد ختم ہو جائے گا۔

بانجھ پن دور کیجئے-:

بانجھ پن، اٹھرا اور منہ کے سرطان کے لیے وہی نسخہ استعمال کیجئے جو چھاتی کا سرطان دور کرتا ہے۔ اسی مقدار میں ایک ایک ماشہ، بانجھ پن اور اٹھرا سے نجات کے لیے چھ چھ ماہ اور منہ کے سرطان میں تین ماہ تک استعمال کریں۔

خون کا زہر-: خون میں اگر ایک قسم کا زہر، سیرم ٹرائی گلیسرائیڈز (Serum TriGlycerides) بڑھ جائے تو سنکھ کا کشتہ، سملو اور ہلدی ہم وزن ملا کر ایک ایک ماشہ کے کیپسول عرق ذیابیطس چوتھائی پیالی کے ساتھ صبح و شام بعد غذا، استعمال کریں۔

امساک کے مریض-:

مضمون زیر تحریر تھا کہ حکیم محمد شفیق مغل مرید کے سے تشریف لائے۔وہ سمبلو کی گولیاں بنا کر امساک کے مریضوں کو دیتے ہیں، بے حد مفید ثابت ہوئی ہیں۔

انہوں نے نسخہ بتایا کہ ۵ تولہ سمبلو ایک کلو پانی میں بارہ گھنٹے تک بھگو کر رکھئے پھر اسے آگ پر چڑھادیں۔جب آدھا پانی رہ جائے تو سمبلو چھان کر خشک کرلیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔رات سوتے وقت دو گولی ہمراہ ڈیڑھ پاؤ دودھ استعمال کریں۔

بلند فشار خون معمول پر لایئے-:

سمبلو بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) میں بھی مفید ہے۔ایک پاؤ سمبلو باریک پیس لیں،اس میں پانچ تولہ تازہ کھجور گھٹلی نکال کر ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔پہلے ایک ہفتہ صبح، دوپہر اور شام بعد غذا،ایک ایک گولی استعمال کریں۔دوسرے ہفتے صبح شام بعد غذا لیں۔ تیسرے ہفتہ صرف بعد غذا ایک گولی استعمال کریں۔ بفضلہ تعالی خون کا دباؤ معمول پر آجائے گا۔

تپ دق اور پرانا بخار-:

ملتان سے ہمارے ایک عزیز، طیب انصاری صاحب تشریف لائے۔انہوں نے تپ دق اور پرانے بخار کے لیے ایک نسخہ بتایا: سمبلو، کشتہ گئودنتی، ست گلو اور افسنتین دس دس تولہ ،اجوائن خراسانی دو تولہ اور نمک خوردنی

ایک تولہ ،ان سب کو ملا کر باریک پیس لیں اور ایک ایک ماشہ صبح وشام بعد غذا ہمراہ چائے استعمال کریں۔چند دن میں بخار ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گا۔

ہڈی ٹوٹ جائے تو۔۔۔

قاری فصیح الدین ضلع مانسہرہ کے باسی ہیں۔ان کے بھائی جناب قاری شمس الدین جید عالم دین اور ہومیو پیتھی ڈاکٹر ہیں۔موصوف آج کل لاہور میں ہی مقیم ہیں۔پچھلے دنوں ان سے ملاقات ہوئی۔سمبلو کے موضوع پر گفتگو ہوئی تو انہوں نے بے شمار واقعات اور نسخے بتائے۔ان میں سے ایک نذر قارئین ہے:

کہنے لگے ، "آج سے چالیس سال قبل ہم نے گھر میں گائے بھینس پال رکھی تھیں۔ان کا دودھ دوہنا اور انہیں چرانا میری ذمہ داری تھی۔پہاڑی علاقہ تھا،اسی میں گائے بھینسیں چرتی تھیں۔ایک دفعہ میری سب سے لاڈلی بھینس پہاڑ کی چوٹی سے پھسل کر نیچے جا گری۔ہم بھاگ کر بھینس کے پاس پہنچے،وہ بری طرح زخمی تھی اور ران کے قریب اس کی ہڈی ٹوٹ چکی تھی۔سب کہنے لگے کہ اب اس کا بچنا محال ہے لہذا اسے ذبح کر دیا جائے مگر میں نے کہا اسے ذبح نہیں کرنے دوں گا۔میری ضد کے سامنے میرے گھر والوں نے ہتھیار ڈال دیے مگر یہ بھی کہا کہ دیکھیں تم اس کی کیسے خدمت کرتے ہو۔میں نے ادھر ادھر سے پوچھا کہ بھینس کی زخمی ٹانگ کیسے ٹھیک ہو سکتی ہے مگر کوئی مناسب جواب نہ ملا۔اسی اثناء میں مجھے ایک سیانے کے بارے میں بتایا گیا۔لوگوں کا کہنا تھا کہ وہ مجھے اس کا حل بتا سکتا ہے۔

میں اس کے پاس گیا تو اس نے کہا کہ مکئی کے آٹے میں سمبلو ملا کر پانی میں آمیزہ تیار کرو اور بھینس کی ران پر لیپ کر دو۔ میں ایسے ہی کرتا رہا۔ اللہ کے فضل سے بیس دن بعد بھینس بالکل ٹھیک ہو گئی اور چلنے پھرنے لگ گئی۔ اس کے بعد وہ لمبا عرصہ زندہ رہی اور اس دوران چھ بچے بھی دیے۔"

اس واقعے سے مجھے شرقپور کے ایک حکیم کا واقعہ یاد آ گیا جن کے پاس اٹھارہ انیس سالہ لڑکا لایا گیا تھا۔ اس کی ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی۔ انہوں نے انڈے کی سفیدی میں سمبلو پیس کر لگایا، تو اس کی ہڈی جڑ گئی اور وہ پیدل چل کر واپس گیا۔ اس علاج میں بھی بیس دن ہی لگے تھے۔

عرق النساء کی تکلیف:-

قاری فصیح الدین نے عرق النساء کو دور کرنے کے لیے بھی ایک نسخہ بتایا۔ عرق النساء عورتوں کی بیماری نہیں بلکہ ایک رگ ہے جو کولہے کی ہڈی سے لے کر پاؤں تک جاتی ہے، جب اس میں شدید درد ہو تو انسان چلنے پھرنے سے قاصر ہو جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سمبلو، چاکسو، سونٹھ اور مرچ سیاہ ۵-۵ تولے لے کر ایک کلو شہد میں حل کر دیں اور صبح دوپہر شام ۲-۲ چھوٹے چمچ استعمال کریں۔ پندرہ دن میں عرق النساء کی تکلیف ختم ہو جائے گی۔

اس مرض کے لیے ایک اور صاحب نے بھی نسخہ عنایت کیا۔ ایک پاؤ سمبلو باریک پیس کر چار کلو دودھ میں ملا کر پکائیں۔ ایک پاؤ سمبلو باریک پیس کر چار کلو دودھ میں ملا کر پکائیں۔ جب دو کلو دودھ رہ جائے تو اسے برفی کی طرح کاٹ لیں اور صبح و شام بعد غذا ایک ایک ٹکڑا کھائیں۔ دودھ میں حسب ذائقہ چینی شامل کی جاسکتی ہے۔

عرق النساء، جوڑوں کے ہر قسم کے درد، گنٹھیا اور بولی تیزاب (یورک ایسڈ) سے نجات پانے کے لیے صرف سمبلو ہی کافی ہے۔ سمبلو سیاہ ۳ماشہ کا ایک ٹکڑا رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں، صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے جب پانی جذب ہو جائے تو پیالی میں مزید پانی ڈال دیں۔ اسے نماز عصر کے بعد پیجئے۔ اب بوٹی ضائع کر دیں اور رات کو نئی بوٹی پانی میں بھگوئیے۔ یہ نسخہ پندرہ بیس روز استعمال کریں۔

ذیابیطس کے لیے بھی تنہا سمبلو مفید ہے۔ ۳-۳ماشہ اسے درج بالا نسخے کے مطابق استعمال کریں۔

مرض ذیابیطس میں -: گورکھ پان، برگ نیم، سمبلو کی جڑ کا چھلکا، کرنجوا، گڑمار بوٹی، رسونت مصفی، چاکسو چرائتہ نیپالی اور نرکچور، ہر ایک دس تولہ خرید لیجئے۔ سب کو باریک پیس کر ملا کر رکھ لیں اور ۳-۳ماشہ صبح و شام بعد غذا استعمال کریں۔ یہ دوا ذیابیطس دور کرنے کے علاوہ پیشاب کی بدبو اور زیادتی سے بھی نجات دلاتی ہے۔

منہ کی بیماریاں -: منہ کا درد دور کرنے اور ہلتے ہوئے دانت قائم رکھنے کے لیے سمبلو، جڑ پان اور عناب ہم وزن ملا کر ۲-۲ماشہ صبح و شام بعد غذا لیں۔ اگر پسلیوں یا گردن کے مہروں میں درد ہو تو ایک ماشہ رات کو دودھ سے لیں۔

مختلف نسخے -: ایک شخص کی سینے کی ہڈی حادثے میں ٹوٹ گئی۔ ہڈی پر سمبلو اور ارجن کا چھلکا ہم وزن باریک پیس کر انڈے کی سفیدی میں ملا کر صبح اور رات لگایا گیا۔ بیس دن میں ٹوٹی ہوئی ہڈی ٹھیک ہو گئی۔ ایک شخص کے سینے پر ناسور کا پھوڑا نکل آیا۔ روزانہ صبح دوپہر اور شام بعد غذا ایک ایک ماشہ سمبلو باریک پیس کر استعمال کروائی گئی۔ اللہ نے بیس دن میں اسے شفا سے نواز دیا۔

مضمون تکمیل کے مراحل میں تھا کہ ٹاؤن شپ لاہور سے جناب حکیم محمد ریاض تشریف لائے۔انہوں نے ذیابیطس دور کرنے کے لیے اپنے سینے کا ایک راز عطا فرمایا اور کہا کہ اس دوا کا ایک ماہ استعمال کافی ہے۔

سمبلو، کلونجی، تخم میتھی، کاسنی ہندی ہم وزن لے کر ۵-۵ ماشہ یعنی ۱-۱ چمچ صبح وشام بعد غذا استعمال کریں۔رات کو خشخاش ایک چمچ دودھ کے ساتھ کھالیں۔

یہ وہ چند تجربات ہیں جو مجھے گزشتہ ایک سال میں حاصل ہوئے۔اگر سمبلو کے تجربات آپ کے تجربے میں بھی آئے ہوں، توان سے آگاہ کیجئے تاکہ خلق خدا کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جاسکے۔

(الطب والکیمیا گروپ کیلئے آن لائن ویب سے اقتباس)

#عبدالغنی



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 9 at 6:13pm ·

گلقند آک!!!!

گرم مزاج معدے کے السر کے لیئے خطرناک ہے سرد مزاج کو نافع ہے بلغم کو فنا کرتی ہے ریاحی درد کی دشمن دردوں سے نجات سمیت متعدامراض میں اکسیر ہے مناسب بدرقہ کے ساتھ۔

صرف اطبائے کرام کی بنانے کی اور انہی کی اجازت سے استعمال ہوسکتی ہے بلاضرورت استعمال خطرناک ہے۔

سیف علی خان 9اپریل 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 15 at 10:56pm ·

ہیموگلوبن خون کے سُرخ ذرات کی کمی کیلیئے:۔

ہیموگلوبن آئرن سے بھرپور پروٹین ہے جو خون کے لال خلیوں میں موجود ہوتا ہے۔یہی پروٹین پورے جسم میں آکسیجن پہنچانے کا ذریعہ ہے۔اس کا کام پھیپھڑوں سے آکسیجن لے کر پورے جسم کے ٹشوز میں پہنچانا ہے۔اس طرح خلیات اپنا کام صحیح طرح سے انجام دے پاتے ہیں۔اس کے علاوہ ہیموگلوبن خلیات سے کاربن ڈائی آکسائڈ لے کر پھیپھڑوں میں پہنچاتا ہے۔

صحت مند زندگی کے لئے ہیموگلوبن کی بہت اہمیت ہے اس لئے ضروری ہے کہ خون میں اس کی مناسب مقدار کو قائم رکھا جائے۔

مردوں میں ہیموگلوبن کا لیول ۱۴ سے ۱۸ جبکہ خواتین میں ۱۲ سے ۱۶ ہونا چاہئے۔جب ہیموگلوبن کا لیول گرتا ہے تو اس سے کمزوری، سستی، سردرد، سانس کا پھولنا، رنگت پیلی پڑ جانا، دھڑکن کا تیز ہونا اور بھوک کم لگنے جیسے مسائل پیش آتے ہیں۔اگر ہیموگلوبن کا لیول مستقل طور پر گرتا رہے تو مریض انیمیا کا شکار ہو جاتا ہے۔کچھ قدرتی ذرائع استعمال کر کے ہیموگلوبن کی کمی کو دور کیا جاسکتا ہے۔

ہیموگلوبن لیول بڑھانے کے طریقے:۔

آئرن سے بھرپور غذائیں:

آئرن کی کمی ہیموگلوبن کے کم ہونے کی اہم وجہ ہے۔ کلیجی، گوشت، پالک، بادام، کھجور اور دلیے میں آئرن کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے۔اپنے ڈاکٹر سے پوچھ کر کوئی آئرن سپلیمنٹ بھی لے سکتے ہیں، کیونکہ زیادہ مقدار میں آئرن لینا بھی بعض اوقات نقصان دہ ہوتا ہے۔

وٹامن سی کا استعمال:

وٹامن سی کی کمی کی وجہ سے کم ہونے والا ہیموگلوبن، وٹامن سی سے بھرپور غذائیں لینے سے بڑھ سکتا ہے۔ وٹامن سی کی کمی کی وجہ سے آئرن پوری طرح جسم میں جزب نہیں ہو پاتا۔

* وٹامن سی پپیتہ، کینو، لیمو، اسٹرابیری، شملہ مرچ، گریپ فروٹ، ٹماٹر اور پالک میں موجود ہوتا ہے۔ان غذاؤں کو اپنی خوراک میں شامل کر کے وٹامن سی کی کمی کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

*اس کے علاوہ ڈاکٹر کے مشورے سے وٹامن سی کا سپلیمنٹ بھی لیا جا سکتا ہے۔

فولک ایسڈ:

فولک ایسڈ ایک بی کمپلیکس وٹامن ہے، جو ریڈ سیل بنانے کے لئے ضروری ہوتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ فولک ایسڈ کی کمی ہیموگلوبن کی کمی کا باعث بنتی ہے۔

کچھ غذاؤں کے ذریعے فولک ایسڈ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ جیسے ہرے پتوں والی سبزیاں، کلیجی، چاول، خشک پھلیاں، بیج، گیہوں، دلیہ، مونگ پھلی اور کیلے وغیرہ۔

چقندر:

چقندر کا استعمال ہیموگلوبن کا لیول بڑھانے کے لئے بہترین ہے۔ اس میں آئرن، فولک ایسڈ، فائبر اور پوٹاشیئم کی وافر مقدار پائی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چقندر جسم میں ریڈ سیل کو بڑھاتا ہے۔

*ایک یا دو چقندر چھلکے سمیت مائکروویو میں پکالیں یا روسٹ کریں، ٹھنڈا کریں اور چھلکا اتار کر کھائیں۔

*آپ جوس بھی بنا سکتے ہیں جس میں ایک درمیانہ چقندر تین گاجر اور آدھی شکر قندی ملا کر جوس نکالیں اور دن میں ایک دفعہ پیءں۔

سیب:

روزانہ ایک سیب کھانے سے ہیموگلوبن کا نارمل لیول برقرار رہتا ہے۔ سیب میں آئرن اور دوسرے ایسے اجزا شامل ہوتے ہیں جو ہیموگلوبن کو بڑھانے کے لئے درکار ہوتے ہیں۔

*روزانہ ایک سیب (اگر چاہیں تو ہرا سیب) چھلکے سمیت کھائیں۔

*سیب کا جوس بھی پی سکتے ہیں۔ آدھا کپ سیب کا جوس اور آدھا کپ چقندر کا جوس اس میں تھوڑا سا ادرک یا لیموں کا جوس شامل کر لیں اور دن میں دو دفعہ پیءں۔

انار:

انار میں آئرن، کیلشیئم، پروٹین، کاربوہائڈریٹ اور فائبر موجود ہوتا ہے۔اس کا استعمال خون میں ہیموگلوبن کو بڑھاتا ہے اور دوران خون کو بہتر بناتا ہے۔

*ایک درمیانہ سائز کا انار یا ایک گلاس انار کا جوس ناشتے کے ساتھ لیں۔

*اس کے علاوہ دو چائے کا چمچ انار دانے کا پاؤڈر بھی لے سکتے ہیں۔

بچھوا بوٹی (نیٹل):

یہ ایک جڑی بوٹی ہے جو ہیموگلوبن کا لیول بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔اس میں آئرن، وٹامن بی، وٹامن سی اور دوسرے وٹامن ہوتے ہیں جو ہیموگلوبن کو بڑھاتے ہیں۔

*دو چائے کے چمچ نیٹل کے خشک پتے ایک کپ گرم پانی میں ملائیں۔

*دس منٹ تک رکھ دیں

*چھان کر تھوڑا شہد ملا لیں۔دن میں دو بار پیئیں۔

آئرن کی کمی کرنے والی چیزوں سے پرہیز:

اگر آپ میں ہیموگلوبن کی کمی ہے آپ کو ایسی غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہئے جو آپ کے جسم میں آئرن جزب کرنے کی صلاحیت کو روکتے ہیں۔آئرن کو روکنے والی چیزوں میں

*کافی

*چائے


*سوفٹ ڈرنکس

*کیلشیئم سے بھرپور غذائیں یعنی ڈیری پروڈکٹ وغیرہ شامل ہیں۔

ورزش:

اپنے روزانہ معمولات میں ورزش کو شامل کریں۔جب آپ ورزش کرتے ہیں تو آپ کا جسم زیادہ ہیموگلوبن بناتا ہے اور پورے جسم میں زیادہ آکسیجن پہنچتی ہے۔

سیف علی خان 15 اپریل 2017



Saif Ali Khan ▶ الطب و الکیمیا جدید
April 17 at 9:46pm

گل بابونہ :۔Chamomile Flower

مری سے ایوبیہ کی طرف جائیں تو سڑک کنارے بیٹھے بچے کیموما ئل فلاور سے بنے خوبصورت تاج فروخت کرتے نظر آتے ہیں۔سیاح حضرات اس تاج کو شوق سے سر کی زینت بنا کر سیلفیاں لیتے ہیں اور خود کو کسی جنگلی قبیلے کا راجہ محسوس کرتے ہیں

کیموما ئل فلاور کو اردو میں گل بابونہ کہا جاتا ہے

مری اور گلیات کی وادیوں میں موسم گرما کے آغاز کے ساتھ ہی دور تک پھیلے سر سبز قطعات پر بکھرے ان پھولوں کی افادیت سے کم لوگ ہی واقف ہوں گے۔

دیہات کے رہنے والوں کے نزدیک اس پھول کی چنداں کوئی اہمیت نہیں ہے بلکہ یوں کہا جائے تو زیادہ مناسب ہو گا کہ وہ اس کی افادیت سے بالکل بھی آگاہ نہیں ہیں، یہاں تک کہ مری کے باسیوں نے تو اسے کوئی نام دینا بھی گوارہ نہیں کیا

زمین کی نباتات میں اللہ تعالیٰ نے بے پناہ خوبیاں اور فوائد پنہاں کیے ہیں، گل بابونہ کا شمار بھی رب کی انہی بے بہا اور خوبصورت نعمتوں میں کیا جاتا ہے۔

دنیا کے بہت سے ممالک اور پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں کیمومائل فلاور کی چائے بہت شوق سے پی جاتی ہے جو اپنے طبّی فوائد اور مسحور کن خوشبو کے لحاظ سے بے مثال ہے۔

کیمومائل یا بابونہ کے پھول پر یورپی ممالک میں کی جانے والی تحقیق سے اس کے حیرت انگیز اور ان گنت فوائد سامنے آئے ہیں جن میں سے کچھ درج ذیل ہیں

بابونہ کا پھول خون کو پتلا کر کے اس میں Coumarin کمپاؤنڈ خون کو پتلا کرتا ہے

صدیوں سے اس کی چائے یونان، مصر اور روم میں زخموں کو مندمل کرنے کیلئے استعمال کی جاتی رہی ہے جسے جدید تحقیق نے بھی درست ثابت کیا ہے

طبّی ماہرین کے نزدیک یہ چائے ذیابیطس اور بلڈ شوگر کے مریضوں کیلئے بھی انتہائی افادیت کی حامل ہے

یہ اینٹی بکٹیریل ہے اور سردی سے ہونے والی کھانسی فلو اور بخار وغیرہ کے مریضوں کیلئے انتہائی سود مند ہے

برطانیہ میں ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق کیمومائل ٹی پٹھوں کے درد اور کچھاؤ میں آرام دیتی ہے

یہ چائے معدے کے امراض مثلاً گیس اور السر وغیرہ کیلئے انتہائی مفید ہے

کیمومائل ٹی کی مدد سے نیند کے مسائل سے چھٹکارا پایا جا سکتا ہے۔اس کے استعمال سے بہتر اور پر سکون نیند آتی ہے

یہ بواسیر کا قدرتی علاج ہے اور اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔

مغربی محققین طب نے اس بات کا امکان بھی ظاہر کیا ہے کہ یہ کینسر کے خلاف بھی موثر ہے لیکن فی الحال اس کے بارے میں مزید تحقیق جاری ہے

یہ چائے صحت مند جلد کے حصول کے لیئے بھی مفید ہے اور خواتین اس نیچرل سکن کلینزر کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔

حکیم حضرات کے نزدیک اسکا مزاج خشک اور گرم ہے، جبکہ ذائقہ تلخ اور تیز ہے، یہ مقوی معدہ ،کاسر ریاح، محلل مقوی دماغ واعصاب، مدر بول و حیض ہے

بابونہ کو طب میں زیادہ تر ورموں اور صلابتوں کے تحلیل کرنے کیلیئے ضمادوں میں شامل کرتے ہیں۔یعنی اس کو عموماً چوٹ، موچ، ورموں میں سکائی کرنے کیلیئے جوشاندے سے دھوتے ہیں۔دماغی عصبی امراض کیلیئے سینہ کے ہضم کے اخراج کیلیئے یرقان اور درد کان، عرق النساء گھٹیا، وغیرہ میں سفوف یا مختلف طریقوں سے کھلایا جاتا یا مالش کی جاتی ہے۔

جنین، مشیمہ کے اخراج پیشاب اور حیض کو جاری کرنے کیلیئے مریض کو اس کے جوشاندے میں بیٹھا کر آمزن کراتے ہیں۔اور اندرونی طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔

روغن کنجد میں روغن بابونہ بنایا جاتا ہے۔جو موچ، ورموں اور کان کے ورم و درد کیلیئے مفید ہے۔پھولوں کا تیل دافع تشنج ہے۔اعصاب کو نرم کرتا ہے۔اور قوت دیتا ہے۔

بابونہ کی جڑ سب افعال میں قوی ہے.

اس سیزن میں ان پھولوں کو ضائع کرنے بجائے خشک کر کے محفوظ کر لیں اور مزیدار چائے سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ صحت کی دولت سے مالا مال ہوں۔

اسکی مزید افادیت کے لیئے اطبائے کرام اپنی رائے سے نوازیں۔ شکریہ

سیف علی خان 17 اپریل 2017



کُشتہ جات

Nazar Abbas ▸ الطب و الكيميا جديد
March 23 at 6:44pm ·

شنگرف اور بکری کا دودھ :۔

اسلام علیکم ! نسخہ سنیاسی جو ہمارا مجرب المجرب ہے بنائیں کھائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں

مصفٰی خون و قوتِ باہ۔

پندرہ تولہ کالا چنا، پندرہ تولہ جو کا دلیہ

روزمرہ دن کو پانی میں بھگودیں اور کشتہ شنگرف ڈیڑھ ماشہ اس میں مکس کریں رات کو بکری کو کھلادیں صبح بکری جتنا دودھ دے اس کو دو جوش دے کر نوش فرمالیں بیس دن میں خون بالکل صاف ہو گا اور گئے گزرے مرد اور مرد جوانمرد ہونگے۔

Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 6 at 1:02pm

روغن نیلا

آج سے سینکڑوں سال پہلے سے لے کردوسوسال پہلے تک جنگیں تلواراور تیرکمان سے کی جاتی تھیں لوگوں کو تلواروں سے بڑے بڑے گھاؤ لگ جایا کرتے تھے فوج میں جراح موجود ھوتے تھے جنھیں آج ہم سرجن کہتے ھیں وہ ان جوانوں کاعلاج اور جراحی کیاکرتے تھے کیسے ؟

وہ انتہائی کامیاب سرجن تھے آپ صرف سوچ سکتے ھیں کہ تلوار کازخم کتنا بڑا ھوتاھوگا.جی ھاں وہ زخم ٹھیک ھو جایاکرتے تھے موجودہ دور کی کوئی بھی سہولت اس دور میں میسر بھی نہ تھی پھران کاکیاطریقہ علاج تھاوہ کیسے جانیں بچایاکرتے تھے غور کیاکبھی,,,,,,,

آیئے میں آپ کو بتاتاھوں۔ اس دور میں حکماء حضرات زخموں کے لئے روغن نیلااستعمال کرتے تھےاور وافر مقدار میں تیار کرتے تھے آیئے آج ھم بھی وھی روغن تیار کرتے ھیں۔

اچھاسانیلاتھوتھاایک پاؤ لے لیں اور ایک خالص تانبے کاپتیلا یعنی بڑی ہانڈی لے لیں اور اس میں گندم سے نکلاھوا چھان یعنی گندم کی بھوسی تقریبا ایک کلو اس کی تہہ میں بچھادیں اور اس کے اوپر نیلا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے رکھ دیں درمیان میں ایک پختہ اینٹ کاٹکڑا رکھ دیں جس پر ایک سٹیل کا برتن رکھ دیں تیل جمع کرنے کے لئے,,اب ھانڈی کے منہ پر تغاری رکھ دیں اور اسے چاروں طرف سے آٹے کے ساتھ بند کردیں یعنی گل حکمت اور اب اسے آگ پر رکھیں اور تغاری میں پانی ڈال دیں اور نیچے دھیمی آگ جلادیں دو گھنٹہ تک یہ عمل

جاری رکھیں اور تغاری کا پانی گرم ھونے کی صورت میں احتیاط سے تبدیل کرتے رھیں دو گھنٹہ بعد عمل کو بند کر دیں ٹھنڈا ھونے پر احتیاط سے تغاری کو اتار کر اندر والے برتن کو نکال لیں اس میں آپ کا روغن نیلا تیار شدہ حالت میں ھوگا سنبھال رکھیں۔

کسی بھی قسم کا زخم ھو معمولی سا لگائیں اس کے علاوہ ھر قسم کے پھوڑوں پر بھی لگائیں تیزی کے ساتھ شفایاب ھونگے۔



Saif Ali Khan ▶ الطب و الکیمیا جدید
February 17 at 8:35pm ·

کُشتہ ہڑتال ورقیہ :۔

پھٹکڑی پسی ہوئی تقریبا 5 تولہ لے کر توے پر دو تین چٹکی ڈال کر اوپر تولہ ہڑتال ورقی رکھ کر اوپر چٹکی چٹکی ڈالتے رہیں کہ ہڑتال چھپی رہے آگ درمیانی جیسے چائے کے لیے ہوتی ہے. پھٹکڑی شیشہ نما گلاس کی طرح ھو گی اس میں ہڑتال نظر آتی رہے گی جب ہڑتال پگل کر سرخ ھو جائے آگ بند کر دیں ٹھنڈی ہونے پر ہڑتال پھٹکڑی سے الگ کر پیس لیں. زیرو سائز کے کیپسول میں صبح ناشتے کے گھنٹہ بعد پانی سے لیں. دوسری خوراک ایک دن چھوڑ کر لیں اس طرح سات خوراک کے لے کر پھر ٹیسٹ کروا کر رپورٹ دیں اسکے دیگر فوائد بھی ہیں لیکن وہ بتا دئے تو آپ نے فی خوراک ایک ہزار پر بھی نہیں دینی کسی کو اس لیے اتنا ہی کافی ہے اللہ کریم آپ کو محض اپنے فضل و کرم سے شفاء عطاء فرمائے۔ آمین ثم آمین

عام طور پر اس کشتہ کی خوراک ایک سے دو چاول ہے ۔

نوٹ!!!

پنساری سے مل جائے گی..زرد رنگ گندھک سم الفار اور پارے کا مرکب ہے.ایک تولہ لینی ہے کسی اچھے پنساری سے لیں ورقی ھو ورقی کے بجائے اکثر طبقی دے دیتے ہیں پہچان یہ ہے کہ ورقے ورقے سنہری رنگ کے جڑے ھو کر ڈلی بنی ھو گی۔

ڈاکٹر زمان صابر صاحب 16 فروری 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 20 at 11:12am ·

کُشتہ فولاد سفید :۔

انتہائی مقوی باہ۔ ضعف البدن کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔۔اس کی ایک خوراک سیروں گھی ہضم کر دیتی ہے۔۔

نسخہ -: شب یمانی پانچ تولہ کو دو انڈوں کی زردیوں میں کھرل کر کے اس کے درمیان برادہ فولاد رکھ کر دو رکابیوں میں بند کر کے چار سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر بدستور عمل کریں اکیس عمل سے فولاد کا بہت اعلی سفید کشتہ ملے گا۔۔

عمیر رضا۔ 20 فروری 2017

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 18 at 11:39pm ·

کُشتہ عقیق :۔

ضعف مثانہ۔مثانہ کی کمزوری۔ گرمی۔ قطرے وغیرہ کے لیے بہترین ہے مجرب وآزمودہ ہے۔۔

نسخہ :۔ درخت سرس جسے شریں بھی کہتے ہیں کی پھلی کے بیج حسب ضرورت لے کر پیس کر پانی کے ساتھ پیسٹ سی بنالیں اس کے درمیان سرخ عقیق کا ایک ٹکڑا رکھ کر دس سے پندرہ کلو اپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ برآمد ہوگا پیس کر رکھ لیں ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔۔

عمیر رضا صاحب 18 فروری 2017

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 21 at 2:53pm ·

کشتہ نقرہ خاصُ الخاص :۔

یہ ایسا نسخہ ہے جو سرعت انزال کو پندرہ منٹ میں ختم کر دیتا ہے۔۔دیگر جریان واحتلام کا جانی دشمن ہے۔۔احتلام تو اسکی پہلی خوراک سے ختم ہو جاتا ہے۔ بڑی بڑی ممسک ادویات اسکی غلامی کے لائق ہیں۔۔اگر انسان سات خوراکیں لگاتار استعمال کر لے تو کبھی بھی عورت سے پہلے منزل نہیں ہوگا۔۔دیگر جسمانی کمزوری دل اور دماغ کے لیے اکسیر اعظم ہے ان شاءاللہ۔۔

نسخہ :۔

دو تولہ برادہ نقرہ مصفٰی لیکراس میں تیس تولہ آب پھلی خام ببول کھرل کریں اور خشک ہونے پر ایک کلو کی آگ دیں۔۔ سرد ہونے پر نکال کر مزید تیس تولہ آب پھلی ببول کھرل کر کے ایک کلو کی آگ دیں۔۔ اسی طرح 12 عمل کرنے ہیں ہر عمل میں تیس تولہ پانی کھرل ہو گا۔۔ عمل مکمل ہونے پر اکسیرِ بینظیر تیار ہے۔۔

مقدار خوراک: دو چاول ہمراہ مکھن یا بالائی استعمال کریں اور تماشہ خداوندی ملاحظہ فرمائیں۔۔

عمیر رضا صاحب 21 اپریل 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
May 7 at 9:24pm ·

روح طوطیا بنانے کا طریقہ :۔

نیلا تھوتھا سو گرام، جست سو گرام

طوطیا جو کوب کر لیں اور جست کے چھوٹے چھوٹے باریک ٹکڑے کر لیں

ان دونوں کو کسی کانچ کے برتن میں ڈال دیں اور اس پر عرق گلاب ڈال دیں عرق قریب دو بوتل ہو

تو تھوڑی دیر بعد اس کے اندر ری ایکشن شروع ہو جائے گا تین چار دن تک بلبلے اٹھتے رہیں گے اس دوران اس برتن کو دو چار گھنٹے بعد ہلاتے رہیں جب بلبلے نکلنے موقوف ہو جائیں تو پانی کو آہستہ سے نتھار لیں

نوٹ!!!

نتھارنے کا عمل بہت احتیاط سے کریں نیچے بیٹھا ہوا کوئی بھی زرہ ہانی کے ساتھ شامل نہ ہو

اور کسی برتن میں رکھ کر پکائیں جب پانی ختم ہو جائے گا تو نیچے سفید پوڈر ملے گا اسے اِکھٹا کر کے محفوظ کر لیں یہ پوڈر روح طوطیا ہے۔

اس کی خوراک چوبیس گھنٹے میں صرف ایک بار ایک رتی ملائی وغیرہ میں رکھ کر دیں


فوائد: جن زخموں سے پیپ آرہی ہو ،جو زخم سڑ گل گئے ہوں، بے حد مصفٰی خون ہے

خون کو بند کرتا ہے زخم کا ہو حیض کی زیادتی ہو یا دوران حمل ہو جسم کے کسی بھی حصے سے ہو فوراً روکتا ہے ۔

کیمیا والے تو اس سے بہت کام لیتے ہیں۔

جعفی شیرازی 7 مئی 2017

متفرق بیماریاں



Mehmood Bhutta ▸ الطب و الكيميا جديد
March 20 at 10:33pm

گیس کیلئے شربت

آجکل ہر شخص اس بیماری میں مبتلا نظر آتا ہے حکیم صاحب,,ڈاکٹر صاحب گیس بڑی پیدا ہوتی ہے کوئی علاج کریں تو میرے عزیزو! آج کے بعد آپ اس نسخہ کو اپنے استعمال میں لائیں اللہ شفا دیں گے مندرجہ ذیل علامات میں آپ اسے مکمل کامل پائیں گے تیر کبھی بھی خطا نہ ہو گا۔

معدہ کی گیس یعنی تبخیر دل کی گھبراہٹ بوجہ گیس خفقان قلب معدہ کا درد انتڑیوں کی سوزش جگر کے امراض قبض,,, بغیر السر معدہ کے آپ ہر اس معدہ کے مرض میں استعمال کر سکتے ہیں جو آپ کو نظر آئے۔

نسخہ :۔

تیزپات ، پودینہ، اجوائن دیسی، سوئے، کرفس، سونف، سنڈھ

ہر ایک 50 گرام لے لیں اور سوڈا بائی کارب 10 گرام لے لیں

ست پودینہ,,,,,, ست اجوائن,,,, ہر ایک 2 رتی

اب تمام ادویات کو 6 کلو پانی میں بھگودیں 12 گھنٹہ بعد دو چار اُبالے آنے کے بعد پِن کر صاف کر کے 5 کلو چینی میں قوام کر کے سوڈا بائی کارب اور ست ہر دو قسم شامل کر کے اس میں 5 گرام سوڈیم بینزویٹ شامل کر دیں تا کہ خراب نہ ہو۔

دو،،، دو چمچ صبح دوپہر شام پلادیں فوری اور تیز اثر ہو گا۔



Hussnain Amjid Rana ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 20 at 1:11pm ·

پِتے کی پتھری کا مکمل علاج :۔

پتے کی پتھری کیا تحلیل ہو سکتی ہے؟

آج میں آپ کے ساتھ ایک ایسا نسخہ شئیر رہا ہوں جو میرے لئے مجرب المجرب ہے۔ تقریباً 3 سال پہلے میری وائف کی طبیعت بگڑ گئی ساری علامات گیس ٹربل کی طرح کی تھیں، کچھ سمجھ نہ آئے ایک دن اس نے دائیں طرف پسلیوں کے نیچے بوجھ کی شکائت کی تو مجھے خدشہ ہوا کہیں پاکستان سے ہیپاٹائٹس تو نہیں لے آئی سوچا ٹیسٹ کروالوں، ان دنوں میرے فیملی ڈاکٹر مشتاق ص۔ ڈاکٹر صاحب۔ سے تمام معاملہ ڈسکس کیا تو کہنے لگا معاملہ واقعی جگر کا ہے، پہلے ان کی سونو گرافی کروا لیتے ہیں شاید کچھ سامنے آئے۔

انہوں نے اپنی نرس ایلزبتھ کو بلایا اور سونو گرافی کا کہا کچھ دیر بعد ہی نرس رزلٹ لے کر آگئی۔ ڈاکٹر صاحب نے وہ چھوٹا سا ایکسرے دیکھا اور کہنے لگے جمیل صاحب پتے کا آپریشن کروانا پڑے گا کیونکہ پتہ میں صفرا کی پتھریاں بن چکی ہیں۔ میں تاریخ دیتا ہوں آپ جا کر آپریشن کروالیں۔ میں نے کہا ڈاکٹر صاحب ابھی رک جائیں

میں چند دن بعد آؤں گا یہ سن کر ڈاکٹر صاحب ہنس پڑے بولے جمیل صاحب آپ طب کا کوئی

داؤ پیچ آزمانا چاہ رہے ہیں تو میرا کوئی اعتراض نہیں صرف مریضہ کی اذیت کا خیال رہا ہے جیسے آپ کی مرضی ہم لوگ واپس آ گئے وائف کہنے لگی کیا ممکن ہے کہ بغیر آپریشن ٹھیک ہو جاؤں میں نے تسلی دی کہ انشاءاللہ آپریشن نہیں ہو گا ان دنوں انٹرنیٹ پر روس کے ایک ڈاکٹر کا مجرب نسخہ انگلش میڈیا پر گردش کر رہا تھا کہ 100٪ پتے کی پتھری تحلیل ہو سکتی ہے۔ اجزاء مجھے یاد تھے ایک دو چیزیں خرید کر ہم گھر واپس آ گئے۔ رات 8 بجے نسخے کے مطابق 2 ٹیبل سپون میگنیشیا سلفاس (سالٹ) گھول کر پلا دیا پھر 10 بجے رات سونے سے قبل ایک چھوٹا گلاس چکوترے کا تازہ جوس لیا اور اس میں 4 ٹیبل سپون روغن زیتون شامل کر کے

پلا دیا اور سونے کی ہدایت تاکہ چلنے پھرنے سے متلی نہ آئے۔

نسخہ میں 100 ملی لیٹر روغن زیتون پلانے کی ہدایت تھی میں نے ذاتی طور پر اسے 20 ملی لیٹر کر دیا۔ بہر حال صبح طبعیت خاصی بہتر تھی۔ دوسرے دن جوس میں 3 ٹیبل سپون / پھر بالترتیب تیسرے دن 2 ٹیبل سپون / پھر آخری دن ایک ٹیبل سپون روغن زیتون جوس میں پلایا اور پھر ڈاکٹر صاحب کے پاس چلے گئے

ڈاکٹر صاحب دیکھتے ہی مسکرائے اور بولے میں پہلے ہی کہہ رہا تھا کہ ٹائم ضائع نہ کرو اور آپریشن کی تاریخ لے لو۔ میں نے کہا آپ ضرور تاریخ دیں لیکن پہلے سونو گرافی کروائیں انہوں نے جھٹ سے فائل کھولی اور ایکسرے میرے سامنے ہوا میں لہرایا۔ میں نے کہا ڈاکٹر صاحب نئی سونو گرافی کی بات کر رہا ہوں۔ وہ پھر ہنس پڑے بولے اس سے کچھ فرق نہیں پڑنے والا میں امریکہ میں اپنی لیاقت کی وجہ سے ہوں ڈاکٹر ہوں، میں نے کہا میں آپکی

پریکٹس سے بہت مطمئن ہوں اسی لئے کوئی گوراڈاکٹر نہیں چنا،ابھی میری درخواست مانئے وہ جانتے تھے کہ میں ماضی میں طب آفیسر رہ چکا ہوں،میری بات سن کر انہوں نے کندھے اچکائے اور نرس کو بلا کر دوبارہ سونوگرافی کی ہدائت کی۔پہلے بار کی طرح کچھ دیر بعد رپورٹ آگئی۔ڈاکٹر صاحب نے فوراایکسرے اٹھاکر لائٹ کی طرف کیااور چہرے پر کئی رنگ آئے۔میں ذراپریشان ہواخدا خیر کرے۔وہ بولے ابو بکر صاحب طب میں واقعی کچھ چیزیں معجزانہ سی بھی ہیں جیسے آج میں یہ کیس دیکھ رہاہوں پھرانہوں نے نسخہ اپنے پاس لکھا۔اور مجھے گرمجوشی سے رخصت کیا۔۔۔آپ صاحبان میں سے اکثر کے پاس یہ نسخہ پہنچ چکاہے ذرا تبدیلی کے ساتھ۔۔۔تمام کمال روغن زیتون کاہے صاحب جیسے چاہیں آزمالیں۔

نسخہ کی تفصیل: 4دن کاکورس :

(1)۔۔۔۔۔۔میگنیشیا سلفاس (سالٹ)(ایپسم سالٹ)2ٹیبل سپون رات 8بجے

پھراس کے بعد رات 10بجے(سونے سے پہلے)

(2)۔۔۔۔۔۔۔۔چکوترے کاجوس ایک چھوٹاگلاس

(3)۔۔۔۔۔۔۔۔روغن زیتون 4ٹیبل سپون پہلی دفعہ (روزانہ ایک ٹیبل سپون کم کرتے جائیں)

نتیجہ <۔۔۔۔۔انشااللہ پتھری پہلے ہی دن اپنے انجام کو پہنچ جائے گی۔

نوٹ:پتے کی نالی زائد گوشت کی وجہ سے بند ہو گئی ہو تو پھر سرجری کروانی پڑے گی۔



Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 23 at 4:39pm ·

چقندر ایک سبزی آپ سب جانتے ہوں گے مگر اس سے بہترین ہیئر کلر ڈائی بھی کیا جاسکتا ہے

کیسے ؟؟؟؟؟

بالوں کو رنگنے کے لیئے بہت شاندار طریقہ ہر قسم کے سائیڈ ایفیکٹ سے پاک مرد و عورت کے لئے

تین گلاس پانی میں تین چمچ چائے کی پتی ڈالیں اور اسے نرم آگ پر سرپوش رکھیں ایک بڑے سائز کا چقندر کو موٹا موٹا کوٹ لیں اور اس میں ڈال دیں پانی جب ایک گلاس رہ جائے تو آگ بند کر کے ٹھنڈا ہونے دیں اسے چھان کر بالوں کو اچھی طرح گیلا کریں خشک ہونے کے بعد کسی اچھے شیمپو سے دھولیں شروع میں یہ عمل ہر ہفتے اور بالوں پر رنگ پختہ ہونے پر مہینے میں ایک بار ۔

نوٹ !!!!! یہ کتابی نسخہ نہیں ہے۔

سیف علی خان صاحب

Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 24 at 6:45am

امراضِ دل !!!!!

دل کی شریانوں کا سکڑنا، شریان کی لچک ختم ہونا، والو کا بند ہونا، دل کانپنا، دل کا درد، بے چینی دل کی کمزوری، دمہ قلبی بیری بیری کا مرض تمام امراض دل کے لیئے اکسیر اعظم !!!!

ارجن کی چھال ایک فیصد الکوحل 51 فیصد چھال کو موٹا موٹا کوٹ کر شیشے کی بوتل میں ڈال کر بوتل کو بند کر کے دھوپ میں رکھ دیں اور دن میں دو مرتبہ بوتل کو ہلا دیں پھر 4 روز کے بعد الکوحل کو چھان کر محفوظ کر لیں

خوراک !!!! دس قطرے آدھا چھٹانک پانی میں ڈال کر پلائیں ان شاء اللہ 3 دن میں شفاء ہو گی ۔

استاد صوفی اسلم 24 مارچ 2017

Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 25 at 1:27pm ·

خارش اور جلدی امراض

نسخہ :۔

سرس کے تنے کا موٹا چھلکا اتار لیں جو اندر سے سرخ اور سفید رنگ میں ملے گا اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں,,, 2 کلو اس سرس کے چھلکے کو چار کلو پانی میں ابالنا شروع کر دیں جب پانی دو کلو رہ جائے تو اتار کر مل پِن کر صاف کر لیں اب اس میں دو کلو چینی ڈال کر قوام بنائیں جب اس میں سے آدھا پانی جل جائے گا تو قوام ھو جائے گا اور اسے بوتل میں ڈال کر سنبھال لیں روح افزا جیسا سرخ رنگ کا شربت تیار ھے جو خوش ذائقہ بھی ھو گا

جوان آدمی کو ایک تولہ صبح شام ہمراہ پانی یا ویسے ہی پلا دیں مندرجہ ذیل علامات کا شافی علاج ھے

خشک خارش ہے یا تر خارش اس کے لئے بہت لاجواب، امساک بھی پیدا ھو گا

آپ اسے چنبل میں استعمال نہ کریں چنبل میں کوئی فائدہ نہیں ھو گا باقی ہر جلدی مرض میں انتہائی مفید ھے سینکڑوں دفعہ کا میرا اپنا تجربہ ھے ۔

Saif Ali Khan ▶ الطب و الکیمیا جدید
March 25 at 6:05pm

مختلف بیماریوں کیلئے

طب کا نچوڑ

طب مشرق کا معجزہ اکسیر اورام ہمہ قسم:

یہ دوا اورام کے لئے سچ مچ معجزایاکرامت ھے کسی بھی طریقہ علاج اس نسخہ کا مقابلہ نہیں کر سکتا مرہم داخلیون اور ٹنکچر آیوڈین اس کے سامنے بالکل ہیچ ہیں ہر قسم کے سرطان دما میل پھوڑے داد چنبل گندے زخم ورم فوطہ ورم رحم ورم جگر ورم معدہ ورم امعاء ورم مثانہ ورم خنازیر کنٹھ مالا رسولی بہق کلف نمش ذات الجنب وغیرہ تمام اندرونی بیرونی ثبور یعنی پھنسیاں وغیرہ اس کے کھانے اور لگانے سے فوراً دُم دبا کر بھاگ جائیں مریض اچھاخاصا تندرست ہو جاتا ھے ۔

نسخہ :۔ ھوالشافی:

کنیر کی جڑ پانچ تولہ سفید وسرخ پھول والی. اشق مصبر یعنی ایلوا زرد اندمد حرج تخم ترب رائی گوگل نوشادر ٹھیکری والا شب یمانی ہر ایک تولہ. تولہ سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں بعدازاں عرق برگ سوہانجنہ وسرکہ اتنا

ڈالیں کہ تربتر ھو جائے اور کھرل میں ڈال کر خوب حل کریں اور گھوٹیں جب گولیوں کا سا قوام ھو جائے تو بقدر ضرورت روغن زرد شامل کر کے گولیاں باجرے برابر سب ادویہ کی بنالیں

چار رتی سے چھ رتی تک بچوں کو ایک رتی تا تین رتی تک حسب عمر دیں پچکاری کے لئے مردانہ و زنانہ امراض میں پانی ملا کر استعمال کریں شیاف رحم کے لئے روغن زرد میں ملا کر استعمال کریں

ورم رحم رسولی کے لئے ڈوش کا کام دیتی ھے۔

غرضیکہ جملہ اورام اندرونی بیرونی قروح ثبور گنج وغیرہ کے واسطے اسکو معجزہ یا کرامت کہوں سب کچھ بجا ھے۔

نوٹ: یہ نسخہ طبّی رجسٹریشن بورڈ روالپنڈی کو بھی پیش کیا جا چکا ھے عوام الناس کی بھلائی و نفع کی خاطر۔

کتاب

حکماء کی زندگیوں کا طبّی نچوڑ

تحقیق و تالیف

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی




Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
February 27 at 10:57am ·

ٹائیفائیڈ بخار کے لیئے !!!!

11 پتے پپیتے کے اور 11 دانے منقٰہ کے لیکر ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکائیں جب ایک کپ رہ جائے تو چھان کر پی لیں صبح خالی پیٹ صرف 3 دن گندم کی روٹی سے پرہیز کریں ٹائیفائیڈ کے لیئے بہت عمدہ ہے ۔

زبیر ملک 9 فروری 2017



Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 26 at 9:12pm ·

بھگندر اور کینسر

یہ نسخہ جس ترتیب سے لکھ رہا ہوں اسی ترتیب سے بنائیں

نمبر 1 ,,, زنک سلفیٹ اور گندھک آملہ سار برابر وزن باریک پیس لیں

اس میں سے 1 ,, رتی صبح شام استعمال کرنے سے چہرے پر دانے نکلنے بند ہو جائینگے

نمبر 2,,, تیزاب گندھک سے پارہ کشتہ کریں پھر پھٹکڑی سفید 10 گرام بریاں کریں پھر سہاگہ 10 گرام بریاں کریں اب ان دونوں کا وزن 6_6 ماشہ رہ جائے گا

اب کشتہ پارہ 6 ماشہ، پھٹکڑی بریاں 6 ماشہ، سہاگہ بریاں 6 ماشہ، سیندور 6 ماشہ

ان چاروں کو کھرل کر کے دانہ گندم برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح شام ہمراہ پانی یا دودھ دیں سات روز میں ہنجیران ختم ہو جائیں گی

اب نسخہ نمبر ایک۔ 1 رتی اور نسخہ نمبر دو۔ایک گولی کسی کیپسول میں بھر لیں

ایک کیپسول صبح شام ہمراہ دودھ استعمال کریں ایک ہفتہ میں بھگندر سے موادرسنا بند ہو جائے گا 40 روز کھلائیں بھگندر ناسور ختم ھو جائے گا مکمل علاج ہے اس کے ساتھ کسی اور دوا کی ضروت نہیں ہے۔

اور اس دوا کے استعمال سے ابتدائی کینسر کا کامیاب علاج کیا جاتا ہے میں نے یہ پوسٹ صرف حکماء کے لئے لکھی ہے عام لوگ اسے خود بنا کر استعمال کرنے کی کوشش نہ کریں صرف حکیم ہی اسے تیار کر سکتا ہے اور تفصیل سے لکھ دیا ہے غیر ضروری غیر علمی سوالوں سے اجتناب کریں۔

Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 27 at 10:16am ·

دانت کادرد!!!!

Toothache بعض جگہ ہومیوادویات کے علاوہ بھی دواؤں کاذکر کیاگیاہے انہیں صرف متعلقہ پیشے کے مستندافراد ہی استعمال کرا سکتے ہیں۔

تعارف:

دانت درد کی عمومی وجوہ میں دانت پرچوٹ لگنا،دانتوں میں میل کی پیلی تہہ جمنا،دانت کا گلنا،دانت کاٹوٹ کر نکل جانا، یادانت کا نکالے جاناہو سکتاہے،جبڑے کے کھپوڑی سے ملنے والے جوڑمیں انفیکشن سے یادل کے عارضہ میں بھی دانت درد ہو سکتاہے ان سب کیفیات میں دانت تک آنے والی عصب پر دباؤ/تحریک Irritation کا بڑھناہوتاہے یہ عصب دانت کی اندر اوراس کی جڑ میں ہوتی ہیں۔

دانت کے درد سے کھانے کے بعد برش کرنے اور خلال کرنے، نماز کے لئے وضو کرنے سے قبل مسواک اس طرح کرنے سے کہ دانتوں پراوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر کے رخ مسواک یابرش کرنے اور دانتوں کی چوڑائی سطح پر برش یامسواک کو گھڑی کی سوئی کے رخ اوراس کے مخالف رخ جمع اور ضرب کے نشان کے رخ کم از کم گیارہ بار خوب اچھی طرح دباکر پھیریں،اس کے لئے فلورائڈ ٹوتھ پیسٹ یاسرسوں کے تیل کی پانچ بوندوں میں

چھو تھائی چٹکی میٹھا سوڈا اور اتنا ہی لاہوری نمک ملا کر دانت صاف کئے جا سکتے ہیں، انشااللہ تعالیٰ اس طریقے سے دانت صاف کرنے اور خلال کرنے سے دانتوں پر میل نہیں جمے گا۔

دانتوں میں خرابی کی علامات:

ا۔ ۱۵ سکینڈ سے زیادہ عرصے تک ٹھنڈے اور گرم کھانے سے غذا کا دانتوں پر دباؤ بڑھنے سے ان لہروں کی مانند درد ہو جو کہ جبڑوں کا کانوں تک جائے تو یہ دانت کے اندر اور مسوڑھوں میں ورم کی نشان دہی ہوتی ہے۔

۲۔ غذا چبانے سے اس میں درد ہونا۔ ۳۔ دانتوں کے گرد یا مسوڑھوں سے خون رسنا۔ ۴۔ مسوڑوں کے ورم کا رخساروں تک آنا۔ ۵۔ دانتوں کے جڑنے کی جگہ سرخی ہونا۔ ۶۔ دانتوں میں درد سائی نوسائیٹس، حلق یا کان میں درد سے بھی ہو سکتا ہے، ان بیماریوں دانتوں کا نہیں بلکہ ان بیماریوں کے علاج کی طرف توجہ دینی چاہئے یعنی درد کے اصل محرک کو پہچاننے کی ضرورت ہوتی ہے۔

علاج :

اگر دانت درد گھریلو ٹوٹکوں یا عام ادویات سے نہ جائے تو عین ممیکن ہے کہ معاملہ سنگین ہے اس سلسلے میں میں ڈنٹل سرجن سے رجوع کرنا چاہئے کیونکہ عین ممکن ہے کہ دانت کا درد مسوڑھوں یا عقل ڈاڑھ کے نکلنے یا کسی اور وجہ سے ہو۔

ا۔جب میٹھا کھانے اور ٹھنڈی ہوا لگنے سے درد ہو لیکن دیر تک نہ رہے تو یہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ ابھی دانت کی اوپری سخت سطح کو نقصان پہنچا ہے۔دانت پیلا یا کالا ہونا شروع ہوا ہے یعنیDental decay کی کیفیت ہو اور دانت گلنا شروع ہوا ہے۔

۲۔اگر گرم چیز کھانے پینے یا گرم ہوا لگنے سے درد ہو جو کہ تھوڑی دیر رہے یا لمبے عرصے تک جاری رہے تو اغلب امکان یہ ہوتا ہے کہ دانت کا کھوڑ یعنی Cavity مسوڑھوں میں pulp کے نزدیک پہنچ چکا ہے۔یہ نقصان قابل تلافی ہوتا ہے جسےReversible pulpitis کہا جاتا ہے۔

۳۔جب دانت درد کسی بھی وجہ سے شروع ہو دیر تک رہے اور جلد بند ہونے کا نام نہ لے تو یہ اس امر کی نشان دہی ہے کہ دانت سے اور دانت کو پیغامات کی ترسیل کرنے والی عصبNerveمتورم ہو چکی ہے۔اور یہ نقصان ناقابل تلافی سمجھا جاتا ہے اسے Irreversible pulpitis کہا جاتا ہے۔

۴۔جب دانت میں مستقل ہی تکلیف دہ درد ہوتا رہے تو یہ دانت کے اندر پھوڑا Abscess بن چکے کا واضح اعلان ہے جس سے پیپ یا تو دانت کے اندر رستی ہے یا دانت کی جڑ میں رہتی ہے۔

۵۔جب کسی دانت یا داڑھ کے پاس مسوڑھے سوجھ جاتے ہیں اور ان میں درد بھی ہوتا ہے تو یہ پھوڑا بنے دیر ہو جانے کی واضح علامت ہے۔جب کبھی یہ پھوڑا پھٹ جاتا ہے تو اس سے خصونت پھیل خون تک بھی پہنچ جاتی ہے۔اس سے متعلقہ متاثرہ فرد کو بخار آنا شروع ہو جاتا ہے۔

۶۔ بعض اوقات خصونت کے ہوتے ہوئے بھی دانت بغیر درد پُرسکون ہوتے ہیں۔اس طرح کی Infection کا علم اتفاقیہ ہی ایکسرے کے ذریعے ہوتا ہے۔یہ خصونت وہاں سے کسی اور جگہ منتقل ہو جاتی ہے۔اس سے چہرے کے عصب Trigeminal nerve متاثر ہوتی ہے اور کسی ایک رخسار میں درد منتقل ہو جاتا ہے۔

۷۔ عموماً فلیو یا نزلہ زکام کی بیماریوں میں بھی دانت حساس ہو جاتے ہیں لیکن یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے۔مزید بر اں دانت کی بھرائی کے بعد بھی چند دن تک یہ بہت حساس رہتے ہیں۔

۸۔ کبھی کبھار عقل داڑھ نکلنے میں شدید تکلیف ہوتی ہے۔ مسوڑھے پھول جاتے ہیں، درد شدت اختیار کر جاتا ہے۔اگر داڑھ کو نکلنے کے لئے جگہ نہ ہو یعنی جبڑہ چھوٹا ہو تو یہ داڑھ خصونت کا باعث بن جاتی ہے۔یہ کیفیت کئی اور تکالیف کو جنم دے سکتی ہے.

۹۔دانت پر چوٹ لگنے کے باعث بھی تکلیف ہو سکتی ہے۔

دانت کے گلنے کا عمل:

دانتوں میں درد کی بڑی وجہ دانت میں کھوڑ Cavity کا پیدا ہونا ہے۔کھوڑ کا بننا اب عام سی بات بن کر رہ گئی ہے۔اس کی تین بڑی وجوہ ہیں۔

(ا) بچپن میں چند ایسی انٹی بائی آٹک ادویات کا استعمال جن (میں کلورم فی نیکول ٹٹرا سائیکلین سر فہرست ہیں) سے دانتوں کی بیرونی سخت تہ Emamel کو نقصان پہنچتا ہے۔

(۲) موروثی طور دانتوں کا کمزور رہ جانا۔

(۳) کھوڑ پہلے بہت چھوٹی جگہ پر بنتے ہیں جہاں کہ دانتوں کی صفائی ٹھیک طور پر نہ ہو سکی ہو۔ خوراک کے گلنے سڑنے سے جو تیزابی مادہ بنتا ہے اس میں پیدا ہونے والے (کیٹانو) بکٹریا دانت کی بیرونی سطح پر میل کی شکل نمایاں ہوتے ہیں۔ پھر اس بیرونی Emanel سطح میں چھید کر اندر داخل ہو جاتے ہیں۔ جیسے ہی اینامل خراب و تباہ ہو جاتی ہے اس کے بعد دانت کا اندر کا حصہ Dentine اور پھر Pulp اس کی باری آتی ہے۔ پلپ کیٹانو کے اثر انداز ہونے کے نتیجے میں یہاں ورم اور سوجن ہو جاتی ہے۔ اگر یہ تباہی کا عمل جاری اور ساری رہے تو دانت کی جڑ ان کے زہر کے زیر اثر کھوکھلی ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ جس کے نتیجے میں وہاں ورم کے بعد پھوڑا بنتا ہے اور آس پاس کے دانتوں کے بعد باقی دانت تباہ ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

دانت میں پھوڑا:

جب دانت میں کھوڑ پیدا ہو جاتا ہے اور اس کے بعد کی کیفیت کو نظر انداز کیا جاتا رہے تو دانت کی عصب تک خصونت پہنچ جاتی ہے۔ جس کے نتیجے میں دانت سے متعلق عصب کی بافت کو نقصان پہنچتا ہے یہ گلنا شروع ہو جاتی ہے، پھوڑا بن اس میں پیپ پڑ جاتی ہے۔ پیپ اطراف میں پھیلتی ہے۔ اس سے مسوڑھوں میں چھالے پیدا ہوتے ہیں۔ جب یہ پھٹ جاتے ہیں تو درد میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

پھوڑے کی علامات:

ا۔رُک رُک کر اٹھنے والا یا پھڑکن والا یا مسلسل شدید درد۔ ۲۔غذا کے کاٹنے یا چبانے کے دوران درد کا بڑھنا۔ ۳۔ مسوڑھوں پر ورم اور سوجن۔ ۴۔ تکلیف کے بہت بڑھ جانے کی صورت میں بخار رہنا۔

بچاؤ:

دانتوں اور مسوڑھوں کو بیماریوں سے بچانے کے لئے ایک معالج اپنے مریضوں کو قائل کرتا رہے کہ وہ روزانہ صبح سو اٹھ کر، سونے سے پہلے اور ہر کھانے کے بعد اور ہر نماز سے پہلے مسواک یا برش کریں اور دانتوں کے درمیان جمع ہونے والے میل کو فلاس یا دھاگے کی مدد سے اس طرح صاف کرتے رہیں ان کے مسوڑھے زخمی نہ ہوں۔ مسواک یا برش دانتوں کے علاوہ مسوڑھوں پر بھی پھیرنے کی ہدایت کریں تاکہ وہاں گردش خون بہتر ہو اور دانتوں کی جڑوں کے پاس سے چھپا میل بھی باہر آسکے۔دانت جلدی میں نہیں بلکہ سکون کے ساتھ تینوں زاویوں سے صاف کرنے کے بارے میں بتائیں۔ برش یا مسواک دانتوں پر ۴۵ سے ۶۰ کے زاویے پر رکھ کر ہر طرف سے کم از کم تین منٹ تک دانت صاف کرنے کا مشورہ دیں۔ برش کے ساتھ ہومیوپیتھک دواساز اداروں کے بنئے ہوئے ٹوتھ پیسٹ کے علاوہ زیتون، پیلو، نیم اور کیکر کی ٹہنیوں سے بنائی گئی مسواک کو بھی موثر پایا گیا ہے۔

متوازن غذا کا استعمال بھی دانتوں کی صحت کے لئے بہت ضروری ہے۔ حمل کے دوران ہی بچوں کے مضبوط دانتوں کی بنیاد پڑتی ہے۔اس کے لئے حاملہ کو قائل کریں کہ اُس کی اور اُس کے بچوں کی مستقبل میں صحت کا

دارومدار اِس حالت کے دوران متوازن غذا کے استعمال پر ہے۔ان اُمور کے علاوہ ایک اوراہم بات مریضوں کے ذہن نشین کرائیں کہ یہ اب ایک تحقیق شدہ مسلمہ حقیقت ہے کھانے کے وقفوں کے دوران کسی صورت میں میٹھے کا استعمال اور مختلف برانڈ کے کولاز سے دانت کی سخت تہ خراب ہوتی ہے۔مزید براں وٹامن سی اور تیزابیت سے بھرپور غذائیں یااچار چٹنیاں وغیرہ اور تیزابیت والے مشروب کازیادہ استعمال بھی دانت کی بیرونی سطح کو گلانے کا سبب بنتا ہے۔

اس لئے عوام الناس کوان کے استعمال سے بازرکھنے کے لئے معلومات کی فراہمی ایک معالج کی ذمہ داری ہے۔ ایک طرف توکولاز مضر صحت ہیں دوسری طرف یہ ملک کے قیمتی زرمبادلہ کو ملک سے باہر لے جاتے ہیں اور ملک کو مقروض بنانے کاایک محرک بھی بنتے ہیں۔مزیید براں دانتوں کوچوٹ سے محفوظ رکھیں۔

علاج:

جن ہومیو پیتھی یابایوکیمک کی تجویز کی گئی ادویات کے ساتھ پوٹینسی نہیں لکھی گئی ہے تب انہیں ۶ پوٹینسی یا ۶۔ایکس پوٹینسی میں استعمال کرائیں۔ پہلی چار خوراک کاوقفہ ہر آدھ گھنٹے بعد،بعدازاں جاگنے کے دورانیے میں ہر ۴ گھنٹے بعد۔تکلیف میں خاطر خواہ کمی نہ آنے کی صورت میں مریض کو کسی مستند ڈنٹل سرجن کی طرف ریفر کریں۔

۱۔بیلاڈونا۳ X تکلیف کے شروع ہوتے ہی یہ دیں۔

۲۔ہیپر سلف ۳۰ جب پھوڑا اپنی جگہ سے باہر پھیلنا نہ شروع ہاہو۔

۳۔ مسوڑھے اسپنج نما ہو گئے ہوں، منہ میں تھوک کی بہتات ہو تب مرکری کاروسیوس ۳۰

۴۔ مسوڑھوں سے جہاں پیپ خارج ہو رہی ہو گن پاؤڈر ملنے کا مشورہ دیں اور گن پاؤڈر ۳x ہر ۸ گھنٹے بعد کھانے کے لئے تجویز کریں۔

۵۔ ہائی پریکم مدر ٹنکچر اور کیلنڈولا مدر ٹنکچر سے کلیاں کرنے کا مشورہ دیں۔

۶۔Achyranthus6x جب پھوڑا اذائی گو بیٹک بافت تک پہنچ جائے اور اس کی وجہ منہ کھلا کا کھلا رہ جائے۔

۷۔ کلکیریا پکریکم ۶ جب پیپ مستقل خارج ہو رہی ہو۔

۸۔ کیمو ملا ۳۰ جب پیپ نکلنے میں درد ہو۔ یہ شفاف ہو اور گرم محسوس ہو۔

دانت پر چوٹ کے بعد درد۔

۱۔ دانت نکلوانے کے بعد یا دانت پر چوٹ کے بعد درد میں آرنیکا ۳۰ Arnica30 دن میں ۴ بار Arn.200 سوتے وقت

۲۔ دانت نکلوانے کے بعد خون نہ رُکے تب فاسفورس ۶ Phosph.6 اور Ip.200 فوراً کھلائیں اور بلیو ایلکٹر سٹی دوا لگائیں۔

دانت درد کی وجہ نمایاں نہ ہو یا ظاہرہ غیر طبّی سبب کے باعث درد ہو:

۱۔ جب سامنے کے دانت میں درد ہو اور تھوک روئی کی مانند آرہا ہو تب نکس ماس کیٹا Nux moschata

۲۔جب داڑھوں میں سرد یا گرم ہوا سے درد ہو، منہ سے بُو آتی ہو جلن ہو اور ذائقہ کھٹا ہو، پانی نما تھوک سے منہ بھر ا رہے، خون آرہا ہو تب کلکیریا کارب. Calc.carb

۳۔جب کپڑے دھونے کے بعد اوپر کے دانتوں میں درد ہو تب فاسفورس . Phos

۴۔جب حمل کے دوران دانت درد ہو، منہ خشک رہے اور زبان سن یا مفلوج سی محسوس ہو تب نکس موسکاٹا Nux moschata

۴۔جب بائیں طرف کے دانتوں میں درد ہو تب کیمو ملا Chamomilla

۵۔جب دائیں طرف کے دانتوں میں درد ہو تب بیلاڈونا Belladonna

۶۔جب ایک ساتھ تمام دانتوں میں درد ہو تب پیپر مٹ. Piper met

۷۔جب دانتوں کی جڑوں میں کولن یا درد ہو تب فلورک ایسڈ. Flouric acid

۸۔جب دانت درد سے جبڑے پر دباؤ کا احساس ہو یا دانت پر دباؤ سے درد محسوس ہو تب آرنیکا Arnica

۹۔جب دانت درد ایسے محسوس ہو جیسے اندر کے رخ جا رہا ہو تب رہسٹا کس Rhus tox

۱۰۔جب دانت درد باہر کے رخ جاتا محسوس ہو تب فاسفورس Phosphorus

۱۱۔جب دانت درد کسی ایک جگہ نہیں بلکہ اِدھر اُدھر ہو یا پھیلتا محسوس ہو تب فاسفورک ایسڈ Phosporic acid

۱۲۔جب دانت درد ایسا محسوس ہو جیسے دانت کو کھودا جارہا ہو تب اگنیشیا Ignitia

۱۳۔جب دانت درد ایسا جیسے دانت کو کاٹا جارہا ہو تب پلسٹلا Pulstilla

۱۴۔جب دانت درد مستقل دن رات ایک سا ہو تب سلفر Sulphur

۱۵۔جب دانت درد صرف دن میں ہو اور رات کو بالکل نہ ہو تب نکس وامیکا۔ Nux vom

۱۶۔جب دانت درد دن میں زیادہ ہو اور رات کو قدرے کم ہو تب مرکری کار۔ Merc.cor

۱۷۔جب دانت درد دن میں بھی ہو اور بستر میں لیٹنے سے بھی ہو اور رات میں بیٹھے رہنے یا کھڑے رہنے سے نہ ہو یا تمباکو کے استعمال یا خوشبو سے ہو یا یہ احساس ہو کہ دانت بہت لمبے ہو گئے ہیں۔تب کلیمٹ Clematis erec.

۱۸۔جب دانت درد آدھی رات کے بعد ہو تب اسٹافی زگریا Staphysagria

۱۹۔جب دانت درد صبح اٹھنے پر محسوس ہو تب لیکاسس Lachasis

۲۰۔جب دانت درد صرف دوپہر کے وقت ہوتا ہو تب کاکولس Cocculus

۲۱۔جب دانت درد صرف سہ پہر میں ہو تب کاسٹیکم .Caus اور لائی کوپوڈیم yc باری باری

۲۲۔جب دانت درد شام کے وقت ہو تب پلسٹلا Pulsatilla

۲۳۔جب دانت درد رات میں ہو تب ہائی اوسی مس Hyoscamus

۲۴۔ جب دانت درد ہر دوسرے دن ہو تب چائنا China

۲۵۔ جب دانت درد ساتویں دن ہو تب آرسینک Arsenic album

۲۶۔ جب دانت درد موسم بہار میں محسوس ہو تب پلسٹلا Pulsatilla

۲۷۔ جب دانت درد موسم گرما میں ہو تب نیٹرم میور .Nat.mur

۲۸۔ جب دانت دررد موسم خزاں میں ہو تب چائنا China

۲۹۔ جب دانت درد موسم سرما میں ہو تب رہسٹاکس. Rhus tox

۳۰۔ جب دانت درد ہوا کے تناسب میں نمی کے بڑھنے سے اور خاص طور رات کے وقت ہو تب نکس موس کاٹا Nux moschata

۳۱۔ جب دانت درد سرد نم ہوا سے زیادہ بڑھ جائے تب ایلیم سیپا Allium cepa

۳۲۔ جب دانت درد آندھی آنے سے قبل یا آندھی کے وقت بڑھ جائے تب ایکونائٹ Aconite

۳۳۔ جب دانت درد خشک ہوا سے زیادہ بڑھ جائے تب سلفر Sulphur

۳۴۔ جب دانت درد کسی طریقہ ہائے طب کی پسینہ دبا دینے والی ادویات کے استعمال کے بعد ہو تب کیمو ملا Chamomilla

۳۵۔ جب دانت درد سگریٹ نوشی سے کے باعث ہو تب اگنیشیا Ignitia اور کلی میٹس Clematis erecta باری باری

۳۶۔ جب دانت درد نمکین اشیا کے کھانے کے بعد ہو تب کلکیر یا کارب Calcarea carbonicum

۳۷۔ جب دانت درد کھانے کے دوران ہو تب کاکولس Cocculus

۳۸۔ جب دانت درد کھانے کے بعد ہو تب بیلاڈونا Belladonna

۳۹۔ جب دانت درد غذا چبانے پر ہو تب چائنا China

۴۰۔ جب دانت درد مسواک یا برش کرنے کے دوران ہو تب اسٹافی ز گریا .Staphy

۴۱۔ جب دانت درد کلّی کرنے کے دوران ہو تب پلاٹینا Platina

۴۲۔ جب دانت درد ذہنی طور پر تھکا دینے والے کام کے بعد ہو تب اگنیشیا Ignatia

۴۳۔ جب دانت درد ماہواری شروع ہونے سے پہلے ہو تب آرسینک البم .Ars.Alb

۴۴۔ جب دانت درد ماہواری شروع رہنے کے دورانیے میں ہو تو کلکیر ریا کارب C.carb

۴۵۔ جب دانت درد ماہواری ختم ہونے کے بعد ہو تب برائی اونیا Bryonia

۴۶۔ جب دانت درد زیادہ کافی پینے کے سبب سے ہو تب سلیشیا Silicea

۴۷۔جب دانت درد چلنے پھرنے کے دوران کم ہو جائے تب پلسٹلا Pusatilla

۴۸۔جب دانت درد پانی میں انگلیاں ڈبونے سے کم ہو تب کیمو ملا Chamomilla

۴۹۔جب دانت درد کمرے کے اندر زیادہ محسوس ہو تب فاسفورس Phosphorus

۵۰۔جب دانت درد تمبا کو کھانے سے بڑھ جائے تب مرکری سال Merc sol.

۵۱۔جب دانت درد مسوڑھوں تک پھیلے تب رہسٹاکس Rhus tox

۵۲۔جب دانت درد رخسار تک پھیلتا محسوس ہو تب کاسٹیکم Causticum

۵۳۔جب دانت درد میں رخسار اور مسوڑھے متورم ہوں تب باری باری سلیشیا ۱۲۔ایکس

Siliceaاور کالی میور ۱۲۔ایکسKali mur.12x

۵۴۔جب دانت درد کان تک پھیل جائے تب آرسینک البم Arsenic album

۵۵۔جب دانت درد آنکھ تک پھیل جائے تب پلسٹلا Pulstalla

۵۶۔جب دانت درد سر تک پھیل جائے تب انٹی مونیم کروڈ Anti.crud.

۵۷۔جب دانت نہ نکلنے کی وجہ سے درد ہو تو باری باری کلکیر یا فلورCalc flour.3xاور کلکیریا

فاسCalc.phos.3x

۵۸۔جب دانت درد کے ساتھ تھوک آنا بڑھ جائے تب نٹم میور۶۔ایکسNat.mur.6x

۵۹۔جب دانت درد ٹھیر ٹہیر کے ہوتب باری باری کالی سلف ۶۔ایکس Kali Sulph.6xاور میگنیشیا فاس۶۔ایکس.Mag.phos.6x

۶۰۔جب دانت درد چھونے سے زیادہ اور گرمی سے کم ہو تب میگنیشیافاس. Mag.phos

۶۱۔جب دانت درد چھونے سے زیادہ اور سردی سے کم ہو تب باری باری فیرم فاس

Ferr. phosکالی سلف .Kali sulphاور کالی میور.Kali mur

۶۲۔جب دانت درد پانی میں کام کرنے سے بڑھ جائے تب تمام فاس. All phos

۶۳۔جب دانت میں بد گوشت یعنی Gangrene ہو جائے تب Silicea

۶۴۔جب مسوڑھوں سے زیادہ خون آئے تب لیکاسس ۳۰.Lachesis30

۶۵۔جب عقل داڑھ نکلنے کے لئے جگہ ہو مگر اس کے نکلنے میں تکلیف ہو تب باری باری اسٹافی زگریا۳۰Staphysagria 30، بیلاڈونا۳۰، .Belladonna30اور کالی کارب ۳۰ Kali carb.30.

۶۶۔جب دانت ہل رہا ہو تب اسپونجیا Spongia

۶۷۔دانت تیزی سے گل رہا ہو اور یہ احساس ہو کہ دانت لمبا ہو گیا ہے میزیریم۳Mez.3

جڑی بوٹیوں اور گھریلوں چٹکلوں سے علاج:

جب دانت میں کھوڑ ہو تب:

ا۔ لیموں سے کلیاں کرائیں

ب۔ سفید زیرہ سے بنائے جوشاندے سے کلیاں کرائیں۔

پ۔ انجیر کے دودھ کو کھوڑ میں بھروائیں۔

ت۔ پیاز کے بیج کا دھواں دلوائیں۔

ٹ۔ مسوڑھوں پر صعتر کے پتوں سے بنا تیل لگوائیں۔

ج۔ لونگ کا تیل لگوائیں۔

بیرونی طریقہ علاج:

* باری باری جلد جلد ٹھنڈے و خوب نیم گرم پانی سے منہ دھلوائیں۔

* ہر کھانے کے بعد سواٹھ کر اور سوتے وقت برش کرنے یا پیلو، زیتون، نیم یا کیکر کی ٹہنی سے بنائی گئی مسواک کرنے کا مشورہ دیں۔

* تصویر میں دکھائے گئے پوائنٹس میں سے متعلقہ پوائنٹ پر ۳ سے ۵ منٹ تک دباؤ ڈلوائیں جیسے ہی انگلی ہلکی سی بھی نیلی ہونے لگے تو دباؤ اٹھوالیں۔

وٹامن اور منرلز:

i. وٹامن سی بایو فلاوونائڈ کے ساتھ ۱۰۰۰ ملی گرام ہر ۸ گھنٹے بعد روزانہ

ii. وٹامن اے ۲۵۰۰۰ انٹرنیشنل یونٹ مگر (حاملہ کے لئے نہیں)

iii. کیلشیم ۱۲۰۰ ملی گرام روززانہ ایک بار

iv. میگنیشیم ۶۰۰ ملی گرام روزانہ ایک بار

v. سیلیکا ۱۰۰۰ ملی گرام روزانہ ایک بار

ان کے علاوہ اگر ڈاکٹر نے انٹی بائی آٹک ادویات بھی استعمال کرائی ہوں اور ان سے درد میں کمی نہ ہوئی ہو تب زنک لوز نجز کے ساتھ Lacto bacillus acitophilius کی بھی ایک خوراک کھلوائیں۔ یہ کس اچھی لیبارٹری سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

ان کے علاوہ اگر ڈاکٹر نے اینٹی بائی آٹک ادویات بھی استعمال کرائی ہوں اور ان سے درد میں کمی نہ ہوئی ہو تب زنک لوز نجز کے ساتھ Lacto bacillus acitophilius کی بھی ایک خوراک کھلوائیں۔ یہ کس اچھی لیبارٹری سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

یا ایسی خوراک استعمال کراتے رہیں۔ جن سے دانتوں اور مسوڑھوں کی ورزش ہو اور یا انہیں مطلوبہ غذا بھی ملے مثلاً سیب، گنڈیری، مکئی کے دانے، چنے، بادام، سلاد، مچھلی، یا دیگر سمندری خوراک اور سونے سے پہلے لہسن کے

چند جوّے چبانے کے لئے تجویز کریں ان تمام چیزوں کے استعمال سے دانتوں کی صحت کے لئے مطلوبہ مقدار میں پوٹاشیم، کیلشیم، فاسفورس، میگنیشیم ملتار ہتا ہے اور وٹامن بھی۔ میٹھے اور مصنوعی سرکے اچار یا تیزابی ذائقے کی چٹنیوں کا استعمال کم سے کم کرنے کا مشورہ دیں، کیونکہ ان کے زیادہ استعمال سے دانتوں کی صحت کو نقصان پہنچتا ہے۔

گھریلو چٹکلے:

۱۔ دن میں ۳ بار ۵ منٹ کے لئے گوبھی کے پتے کا درمیان کا موٹا حصہ نیم گرم کر کے رکھنے کا مشورہ دیں۔ ۲۔ ہر روز دن میں ۲ بار انجیر کو درمیان سے کٹوا کر نیم گرم کرنے کے بعد جس دانت میں پھوڑا ہو اس پر رکھنے کا مشورہ دیں۔ ۳۔ سیب کے سرکے سے کلیاں کروائیں۔ ۴۔ لہسن کا جوا اور ادرک کا ٹکڑا، ۲ چاول برابر چبانے کا مشورہ دیں۔ ۵۔ لہسن کا جوا نیم گرم متاثرہ جگہ رکھوائیں۔ ٦۔ لونگ کا تیل لگوائیں اور لونگ متاثرہ جگہ رکھوائیں۔

تحریر: ڈاکٹر سید امجد علی

سیف علی خان 27 مارچ 2017

Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 27 at 2:47pm ·

چکن گونیا کراچی ملیر سے پھیلتا ہوا کیماڑی تک !!!!!

چکن گونیا کراچی بدترین پھیلی ہوئی غلاظت کے ڈھیروں سے بالآخر شہر بھر میں پھیلتا ہوا چکن گونیا کا وائرس !!!

چکن گونیا بخار عضلاتی اعصابی تحریک میں پیدا ہوتا ہے یہ زیادہ تر ہندوستان کے علاقوں میں پھیلا ہے اور اس سال ہندوستان کے ہر علاقے میں اس بخار سے 70/60 افراد جان کی بازی ہار گئے یہ بخار ہڈیوں سے شروع ہوتا ہے ہڈیوں میں شدید درد، بخار، ہڈیوں کا کمزور ہونا اسکی علامات میں سے ہے ایلو پیتھک نقطہ نظر سے یہ بیماری ایک دن میں پلنے والے مچھر اور دن میں کاٹنے والے مچھر کی وائرس سے پھیلتا ھے اور ہڈیوں کو سرد کر دیتا ھے, مریض کو سخت سردی لگنے لگتی ھے۔

اگر ہم قانون مفرد اعضاء کی تحقیق سے دیکھتے ھیں تو پتہ چلتا ھے کہ یہ ایک عضلاتی اعصابی بخار ھے جو سودا کے متعفن ہونے اور رطوبات کے خشک ہو کر جمنے سے پیدا ہوتا ھے اس مچھر کے کاٹنے سے وہی افراد لپیٹ میں زیادہ تر آتے ہیں جن میں پہلے سے ہی سوداوی رطوبات متعفن ہوں اگر اس کا غور سے تحقیقی معائنہ کیا جائے تو پتہ چلتا ھے کہ یہ بھی ڈینگی وائرس کی طرح ایک بگڑی ہوئی ملیریا کی قسم ھے. ہم ہندوستان کے لوگوں کی بات کرتے ہوئے صرف اتنا کہہ سکتے ہیں کہ وہاں ہر سبزی میں آلو کی کثرت ھے اور ساتھ ہی برائلر مرغ کی بھرمار

جسکی بدولت سوداجو انسانی جسم کیلئے بے حد ضروری ھے حد سے تجاوز کر کے متعفن ہو جاتا ھے اور غیر طبعیٔ صورت اختیار کرلیتا ھے جس سے سب سے پہلے ہڈیوں میں شدید درد, ریڑھ کی ہڈی میں درد, پٹھوں کا اکڑاؤ شروع ہو جاتا ھے اس میں سب سے پہلے جس بات کو ترجیح دی جائے گی وہ علاج بالغذا ھے ایسے مریض کو بکرے کی ہڈیوں کا سوپ کالی مرچ وادرک زیادہ ڈالکر پلایا جائے. بکرے کی یخنی, دیسی مرغ کا سوپ،

اور دوا کے طور پر:

ہڑتال ورقیہ درجہ اول 10 گرام کو بے حد باریک کیا جائے کم از کم 5 گھنٹے رگڑائی زور دار ہاتھوں سے کریں جب مثل غبار ہو جائے تو اسے سنبھال رکھیں اور اس میں سے ½ رتی کی مقدار صبح دوپھر شام نیم گرم پانی سے دی جائے۔

سرنجان شیریں 20 گرام

سونٹھ 20 گرام

کپور کچری 20 گرام

کالی مرچ 10 گرام


سوڈا سیلی سلاس 50 گرام

ان تمام کا پوڈر بنالیں

صبح دو پہر شام 500 ملی گرام دیں۔

تحریر !!!!! المعالج طبیب یوسف محمد

سیف علی خان 27 مارچ 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 29 at 2:34pm ·

بال صفاء !!!!!

کافی تلاش کے بعد ذیل کے نسخہ جات حاصل کئے ہیں-اس پر ماہر استاد کی رائے درکار ہے: -

نسخہ اول: ھوالشافی:

تخم قرطم (پولیاں) لیکر ان کے مغز نکال لیں اور کولہو یا مشین میں ان کا تیل نکال لیں- جہاں کے بال اڑانے ہوں، پہلے بال صاف کرکے وہاں اس تیل کو 3-4 دن میں 2-3 مرتبہ لگائیں ..

نسخہ دوم: ھوالشافی:

قسط شریں اور سورنجان تلخ ہموزن پاؤڈر بنا کر رکھ لیں اور جہاں کے بال اڑانے ہوں وہاں کے بال پہلے صاف کر لیں بعد اس پاؤڈر کو روزانہ صبح و شام استعمال کریں- انشاءاللہ چند دنوں میں بال اگنا بند کر دینگیں-

نسخہ سوم: ھوالشافی:

ہڑتال زرد اور ہلدی ہموزن ملا کر حسب طریقہ استعمال کریں —

نسخہ چہارم: ھوالشافی:

منسل (ہڑتال) زرد اور ان بجھا چونا، برابر وزن لیکر منسل زرد اور ان بجھا چونا برابر مقدار میں لیکر بقدر ضرورت پانی ڈال کر 2 تا 3 منٹ چھوڑ رکھیں- بعد جہاں کے بال اڑانے ہوں وہاں بقدر ضرورت تھوڑا گاڑھا لیپ کر دیں- ان شاءاللہ 5 منٹ کے اندر بال اڑ جائینگے- ان شاءاللہ

اور اس کی ہفتہ دن مداوت سے ان چاہے بال جو خاص کر عورتوں کے چہرے پر ہوتے ہیں وہ بھی ختم ہو جائینگے- ان شاءاللہ

استادوں کی ہری جھنڈی ملنے کے بعد استعمال کریں- ان شاءاللہ سب دوائیں فائدہ مند ثابت ہونگی- ان شاءاللہ

بعد میں عارضی طور پر بال اڑانے والا صابن کا نسخہ پیش کرونگا- ان شااللہ

شبیر علی شاہ 29 مارچ 2017



Abdul Ghani ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 30 at 8:04am ·

برص، پھلبہری -Leucoderm

السلام علیکم آداب! دوستو آپ سب کیسے ہیں، آج ہم بات کرنے جارہے ہے برص یعنی پھلبہری کی، بہت سے لوگ پھلبہری کے مرض کی وجہ سے پریشان ہیں، انھوں نے علاج بھی کروایا لیکن بے سود، جلد ویسی کی ویسی جگہ جگہ سے سفید ہے، کئی لوگ اس مرض کی وجہ سے نفیساتی طور پر بیمار ہو گئے ہیں، انھوں نے دوستوں رشتہ داروں سے ملنا ترک کر دیا ہے، دوستو اس مرض میں جلد کی رنگت بننا ختم ہو جاتی ہے جس کے سبب سفید داغ بننا شروع ہو جاتے ہیں، اسکی سب سے بڑی وجہ جسم میں تانبے کی کمی ہوتی ہے اس کے علاوہ زنک کی کمی، وٹامن ڈی کی کمی اس کا سبب ہیں، اس کا علاج زیادہ مشکل نہیں ہے صرف تہیہ کر لیں کہ کچھ عرصے تک کھٹی اشیاء سے مکمل پرہیز کرنا ہے اور اپنی غذا میں زنک کی کمی دور کرنے کیلیئے سورج مکھی کے بیج کا استعمال کرنا ہے اور تانبے کی کمی پوری کرنے کیلیئے تانبے کے برتن میں پانی پینا ہے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ رات کو تانبے کے برتن میں پانی بھر دیا جائے اور پھر سارا دن 8 سے 10 گلاس تک پانی روزانہ پیا جائے، آپ یقین رکھیں اس عمل سے آپ مکمل شفایاب ہو سکتے ہیں، میری بات پر بھروسہ رکھنا لوگوں کی باتوں میں نہ آنا، 100٪ بغیر سرمایہ خرچ کئے آرام ہو گا۔ میں اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کرتا یہ علاج بڑی کامیابی سے ہو رہا ہے، اس میں صرف مریض کی مستقل مزاجی کا عمل دخل ہے کہ وہ ان ہدایات پر عمل پیرا رہے۔۔۔

دوستو! کچھ بھائیوں نے بڑی امید سے مجھے آواز دی ہے اور میں نے بہت خلوص سے یہ نایاب موتی آپ کی خاطر چنے ہیں، میں اپنی خدمت میں سرخرو ہوں، مگر آپ کی مستقل مزاجی آپ کے علاج کی ضامن ہے۔آیئے علاج کے طریقۂ کار کو ذہن نشین کر لیں اور کل ہی سے اپنی جلد کی اصلی رنگت واپس لانے کیلئے یہ جدوجہد شروع کریں گے۔

طریقہ کار:

: 1-کاپر (تانبے) کے برتن میں رات کو پانی بھر کر رکھنا ہے اور پھر دن بھر میں 8 سے 10 گلاس پانی شام تک پینا ہے اور دوبارہ اگلے دن کیلئے پانی بھر کر رکھنا ہے، یہ چھ ماہ کا کورس ہے

: 2- حرمل، 50 گرام باریک پیس کر رکھ لیں، اور صرف ایک چٹکی بھر روزانہ کھانی ہے

: 3- غذاؤں میں تل، کاجو، مشروم، میتھی استعمال کی جائے تو بہت جلد شفا ہو سکتی ہے، زنک کیلئے سورج مکھی کے بھنے ہوئے بیج مٹھی بھر روزانہ کھالئے جائیں یا سوہانجنہ کے خشک پتوں کا سفوف ایک ٹیبل سپون صبح و شام کھالیا جائے تو شفاء یقینی ہے

: 4-روزانہ 20 منٹ دھوپ میں بیٹھنا

: 5- کھٹی چیزوں سے مکمل پرہیز کرنا ہے

نوٹ۔ علاج کا روحِ رواں جزو تانبے کے برتن میں پانی جمع رکھ کر پینا ہے اسے کسی حال میں ترک نہ کریں

اگر کچھ چیزیں میسر نہ ہوں تو بھنے ہوئے کالے چنے بھی انتہائی مفید ایٹم ہے

دوستو۔اس علاج کو معمولی نہیں سمجھنا، شفایاب ہونے پر صرف دعاؤں کی درخواست ہے


اللہ پاک ہم سب کا حامی وناصر ہو۔۔

ضروری ہدایت،

(کبھی کبھار کسی مریض کے جسم میں تانبے کی مقدار زیادہ ہو کر اُلٹی کا عارضہ لاحق ہونے کا ہلکا سا امکان رہتا ہے ایسی صورتحال میں کچھ عرصے کیلئے تانبے کے برتن والا پانی روکنا ہوگا، دوبارہ پانی کم استعمال کرنا ہوگا مگر نارمل لوگ لگاتار پانی جاری رکھیں)۔

تحریر از جمیل حیدر عقیل صاحب (نیویارک۔امریکہ)




Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
March 30 at 7:18am ·

نسخہ بال صفا کریم کا

بیریم سلفائیڈ100 گرام

زنک آکسائیڈ200 گرام

تقریبا80 گرام ویزلین سفید

تمام چیزوں کو اچھی طرح مکس کر لیں

اور کسی جیم والی خالی شیشے کی شیشی میں ڈال لیں

قدرے کریم بالوں کی جڑوں میں لگا کر تھوڑی سی مالش کریں اور تھوڑی دیر بعد صابن سے صاف کر لیں

بال صاف ہو جائیں گے ۔



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 12 at 1:35pm ·

حب شفاء

ہر گھر کی ضرورت

ھوالشافی:

ریوند خطائی، فلفل سیاہ، سونٹھ، تخم دھتورہ، گوند کیکر، اجوائن خراسانی، ہر ایک دس گرام

پیس کر 250mg کے کیپسول بھریں

خوراک: صبح دوپہر وشام ایک کیپسول پانی سے

زکام کیلئے 4 دن

نزلہ کیلئے 4 دن

بال سفید نزلہ کی وجہ سے ہو 4 ماہ

دمہ کیلئے 30 دن

بلغمی کھانسی کیلئے 10 دن

افیون چھوڑنے کیلئے 20دن

بلغمی سر درد کیلئے 7دن

سگریٹ چھوڑنے کیلئے 5دن

گُٹکہ پان و سپاری چھوڑنے کیلئے 3دن

ٹائمنگ کیلئے قبل جماع ڈیڑھ گھنٹہ دو کیپسول پانی سے

جسمانی سستی دور کرنے کیلئے 2دن

طالب دعا۔

حکیم عبدالغفار 12اپریل 2017



Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
April 14 at 9:39am ·

آنکھوں کیلئے اکسیر

جوھر توتیا و نوشاندر

تیرا تولہ توتیا

نو تولہ نوشاندر

ان کو اِکیس لیموکے رس سے کھرل کرکے خشک کریں بعد انکا جوھر اڑائیں اس طرح تین عمل کریں بس تیار ہے

فوائد:: نظر کو تیز کرتا ہے

استعمال ایک ایک ہلکی سلائی انکھوں میں لگائیں رات کو

نوٹ: اس کے استعمال سے کچھ دیر تک جلن ہو گی آپریشن والے استعمال نہ کریں۔

عبدالکریم آزاد 14 اپریل 2017

Hafiz Saeedahmad Marth ▸ الطب و الکیمیا جدید
June 17 at 10:47am

ملیریا بُخار

اسلام علیکم۔ میں نے کافی عرصے سے ملیریا پر کوئی پوسٹ نسخہ نہیں دیکھا تو سوچا چلو آج ملیریا پر ایک آسان نسخہ پوسٹ کروں جسے سب دوست آسانی کے ساتھ تیار کرلیں اس کا رزلٹ انشاءاللہ آرٹم انجکشن۔ میلارسٹ فینسی ڈار۔ وغیرہ سے زیادہ نہ ملے تو آپ مجھے گلہ دے سکتے ہیں اس نسخے سے ملیریا کے بہت سے بگڑے ہوئے مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔

پہلے آپ تر پھلہ کے جو شاندہ سے یا خیساندہ سے پیٹ صاف کرلیں دو چمچ تر پھلہ سفوف کے ایک گلاس پانی میں ابال لیں یا دو چمچ ایک گلاس پانی میں رات کو بگھودیں صبح پن چھان کے پلادیں اس کے بعد یہ نسخہ استعمال کریں انشاءاللہ ملیریا جتنا بھی بگڑا ہوا ہوگا ٹھیک ہوگا اس نسخہ کے اور بہت سے فوائد ہیں یہ میں اپنے طبیب بھائیوں پر چھوڑ رہا ہوں کہ کچھ آپ بھی لب کشائی فرمادیا کریں۔

نسخہ :۔ کوڑ۔2تولہ۔ کرنجوا۔4تولہ۔ ست گلو خالص۔2تولہ۔ ہرمل۔2تولہ۔ سب چیزوں کا سفوف بنالیں آدھا چھوٹا چمچ 3 ٹائم ہمراہ پانی۔

حافظ سعید احمد مارتھ

امراضِ نسواں


Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 29 at 4:26am ·

خواتین کے رحم کے امراض، اسباب اور علاج

السلام علیکم ....

آج کی تحریر شاید کچھ لوگوں کیلیئے بہت ہی عام ہو لیکن ایک دوست جو کہ میرے دل کے بہت ہی قریب ہے اس کیلیئے ہے وہ کافی بار مجھ سے اصرار کر چکا ہے اور شاید اب ناراض ہو گیا ہے تو یہ ایک چھوٹی سی کوشش ہے اسے منانے کیلیئے ..

میں خود مڈل کلاس طبقہ سے تعلق رکھتا ہوں اور اگر بجٹ سے تھوڑا سا کام آوٹ ہو جائے تو پیسوں کی پریشانی بن جاتی ہے . بہت سے کیس آتے ہیں بے اولادی کے اور ان میں سے 90% ایسے ہوتے ہیں جو ٹیسٹ نہیں کروا سکتے صرف پیسوں کیوجہ سے .... مرد کا ٹیسٹ تو سمپل اور سستا ہے لیکن عورت کا معاملہ اس کے برعکس ہے اسکا ٹیسٹ مہنگا اور تکلیف دہ ہوتا ہے تو میں یہاں کچھ مجربات لکھ رہا ہوں چاہے تو آزما کر ٹیسٹ کروا کے چیک کر سکتے ہیں .

اگر عورت کا رحم مطلب بچہ دانی الٹ ہو تو ایسی صورت میں صحبت کے بعد عورت کے سر میں درد ہو یا صحبت کے درمیان درد ہو تو اسکا علاج مغز بنولہ اور مرغ کی بیٹ ہموزن آپس میں پیس کر بعد حیض 3 روز شافہ کرے.

اگر بعد صحبت اندام نہانی.. بدن درد.. چہرہ زرد ہونا... رحم کا منہ بند ہو جانے کی علامت ہے .

اسکے علاج میں ہیرا ہینگ میں تل کا تیل خالص اتنا ڈالیں کہ پیسٹ سا بن جائے اسکا شافہ 3 روز بعد حیض کرے .

اگر بعد صحبت یا دوران صحبت کمر درد کرے تو اسکا مطلب ہے کہ رحم کے منہ پر گوشت یا ورم آگیا ہے .

زیرہ سفید اور ہاتھی کا ناخن برابر وزن پیس کر گائے کے گھی میں ملا کر پیسٹ بنا لیں اور بعد حیض 3 روز شافہ کرے .

رحم کے منہ پر کیڑا پیدا ہوتا ہے جو نطفہ کھا جاتا ہے اگر ایسا ہو تو صحبت کے دوران یا بعد صحبت ہڈیوں میں درد ہوتا ہے. اسکے علاج کے طور پر صابن اور سجی کھار ہموزن لیکر پانی کی مدد سے پیسٹ بنا کر حیض سے فارغ ہو کر 3 روز شافہ کرے .

اگر بعد یا دوران صحبت دل تیز تیز دھڑکے یا دل کے مقام پر درد ہو تو اسکا مطلب ہے کہ رحم میں گرمی بڑھ گئی ہے علاج کے طور پر گائے کے گھی میں مغز نیم اور گل سرخ تازہ پیس کر پیسٹ بنا لیں اور بعد حیض 3 روز شافہ کریں .

رحم میں اعتدال سے زیادہ سردی بڑھ جانے کی صورت میں دوران صحبت یا بعد صحبت پستانوں میں درد ہوتا ہے.
علاج کے طور پر کلونجی اور زیرہ سیاہ پاؤ پاؤ لیکر ایک سیر تل کے تیل میں پکائیں جب نصف رہ جائے تو روئی تر کر کے شافہ کرے...

نوٹ ..شافہ اگر دائیہ سے رکھوائیں تو بہتر ہے.

عامر سائن طب کا طالب علم



Saif Ali Khan ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 11 at 5:44pm ·

بے ضرر بال صفا پاؤڈر

ھوالشافی:

: 1-ہڑتال زرد=12 گرام

: 2-چونا قلعی=24 گرام

: 3-سنگ جراحت=12 گرام


: 4-کافور=2 گرام

ترکیب تیاری: تمام کو الگ الگ باریک سفوف کر کے اچھی طرح ملالیں-آپ چاہیں تو حسبِ ضرورت خوشبو کا اضافہ کر سکتے ہیں--بس تیار ہے-

ترکیب استعمال :۔ حسب ضرورت پاؤڈر پانی میں حل کریں، پاؤڈر ایپٹویٹ ہونا شروع ہو جائے گا-فوراسفوف کو جلد پر استعمال نہ کریں-5منٹ کے لئے رکھ چھوڑیں-بعدازاں جہاں کے بال اڑانا مقصود ہو وہاں لگائیں -

فوائد:۔سفوف کا گاڑھا لیپ 5منٹ تک بالوں میں لگا کر رکھ چھوڑدیں بعد گرم پانی یا تازہ پانی سے صاف کر کے ناریل تیل لگائیں-بالکل بے ضرر ہے-کسی بھی قسم کی جلن نہیں ہوتی بلکہ جلد ٹھنڈی اور نرم نکل آتی ہے-بازار میں بکنے والی کریموں اور پاؤڈر سے کئی گنا بہتر اور اثر دار ہے-دُعامیں یادرکھیں - طالب دعا۔

شبیر علی شاہ 11اپریل2017



Mehmood Bhutta ▸ الطب و الکیمیا جدید
April 11 at 9:18pm ·

مدر حیض ماہواری کیلئے

ممتاز صاحب سے صبح وعدہ کیا تھا کہ آپ کا تحریر کردہ مسئلے کا حل شام کو انشاءاللہ اپنے ذاتی مجربات سے لکھوں گا ایک بات ھمیشہ یادرکھیں میں جتنا بھی لکھتاھوں اپنے ذاتی تجربہ اور مشاھدہ کا نچوڑ ھوتاھے روز محشر سب نے حساب دیناھے یہ اللہ تعالی کا خود دیاھوا علم ھے اسے چھپانے اور دبانے والا منافق ھے کھل کر اظہار کیا کریں اگر آپ اس فن سے انصاف کریں گے اور اس فن کو سرعام کریں گے تو یقین جانیں آپ نے حضور نبی اکرم ﷺ کے فرمان پر عمل کیاھے آپ نے فرمایاھے تم میں سے جس کے پاس جتنا علم ھے اسے آگے دوسروں تک پہنچانا آپ پر فرض ھے ورنہ روز محشر آپ کو اس کا حساب دیناپڑے گا اگر آپ قرآن پاک کا مطالعہ کریں گے تو پورا پورا

علم طب قرآن مجید میں موجود ھے ہم مسلمانوں کی بد قسمتی کہ ہم کلام اللہ کو سمجھ نہ سکے کوشش کریں جو شیئر کریں اللہ تعالی کو حاضر جان کر سچ لکھیں

راز کی بات یہ بھی میرے تجربہ میں شامل ھے آپ اپنے نسخوں کو جتنا آگے شیئر کریں گے اس سے آپ کا رزق کم ھونے کے بجائے بڑھے گا۔

نسخہ:۔

حب مدر حیض ,,,

بلادر 10 گرام

حنظل 30 گرام

رائی 20 گرام

حب نخودی تیار کر لیں 1 تا 2 گولی ہمراہ پانی دیں

فوائد:۔بندش حیض,,, ورم رحم,,, لیکوریا,, موٹاپا,,,, رحم مین چربی کی وجہ سے حمل کا نہ ھونا

نمبر دو ,,,,

ابہل,,, مرکی,, رائی,,, کلونجی,,, سنبل الطیب,,,,, برابر وزن پیس لیں اور سفوف رھنے دیں

1 تا 2 ماشہ دن میں تین بار ھمراہ پانی دیں

فوائد ،،،

بندش حیض،،،ورم رحم،،،رسولی رحم،،،پیٹ موٹاپا،،،رحم میں ھوا بھر جانے سے حمل کا نہ ھونا ،،،

میں نے ان دونوں نسخوں کو ہمیشہ اِکھٹا استعمال کیا ھے بندش حیض میں اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں دیکھی

کلو تک رحم کی رسولی اس کے استعمال سے میں نکالی ھے سینکڑون خواتین کو آپریشن سے بچایا ھے

یہ نسخہ حکیم محمد یوسف آف جہانیاں کا ھے یہ ان کا معمول مطب تھا عرصہ دراز سے میرا ابھی معمول مطب ھے

حکیم محمود بھٹہ آپ کی دعاؤں کا ہمیشہ محتاج۔

Saif Ali Khan ▸ الطب و الكيميا جديد
March 8 at 9:19pm ·

پولی سسٹک زنانہ ہارمونز کی خرابی کی وجہ سے ہونے والے امراض

بیضہ دان میں کئی سسٹوں پر مشتمل بیماری کا اجتماع

Polycystic Ovaries Syndrome (PCOS)

پی سی او ایس کیا ہے؟

پی سی او ایس کا مطلب ھارمون کی خرابی ھے۔یہ دماغ اور بیضہ دان میں ھارمون کے توازن کو کم کرتا ھے۔اس عدم توازن کی وجہ نامعلوم ھے

عام طور پر اووری مادہ ھارمون بناتی ہے جسے ایسٹروجن اور پروگیسٹیرون کہتے ھیں

اوریز اینڈوجینز بھی بناتی ھیں جو کہ مردانہ ھارمون ھوتے ھیں۔پی سی او ایس میں اوریز بہت زیادہ ھارمون پیدا کرتی ھیں۔جس سے ھارمون کا توازن خراب ھو جاتا ھے جو کہ جسم پر اثرانداز ھوتے ھیں۔اسکے اثرات ہلکے یا پھر بہت تیز بھی ھو سکتے ھیں

پی سی او ایس کا اثر ہر دس میں سے ایک خاتون کو ھوتا ھے۔لیکن اگر آپ اپنے جسم کا خیال رکھیں اور ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق علاج کریں تو یہ بیماری قابو میں آسکتی ہے۔باقی لوگوں کو اسکا علم بھی نہیں ھوگا

پی سی او ایس کا مطلب اوریز میں بہت زیادہ سسٹس کا پیدا ھونا ھے۔

پولی سسٹس کا مطلب ہے بہت زیادہ سسٹس

پولی سسٹک اوور یز سنڈروم(PCOS)

بیضہ دان ، رطوبت سے بھرے باریک تھیلے بناتا ہے جو اوولیا انڈے رکھتا ہے۔ یہ انڈے فالیکلز یا سسٹس کہلاتے ہیں۔ ایسی عورتیں جو پی سی او ایس سے ہوتی ہیں تو ان میں فولیکلز اچھی طرح انڈے نہیں چھوڑتے اور وہ کئی چھوٹے سسٹس میں بڑھتے ہیں۔

اوریز سیال مادے سے بھرے ہوئے تھیلے پیدا کرتی ھیں جن میں انڈے ھوتے ھیں ان تھیلوں کو فولیکلز یا سسٹس کہتے ھیں۔ ہر مہینے جب عورتوں کا سائکل ھوتا ھے، پکے ھوئے فولیکل پھٹ جاتے ھیں اور انڈے باہر نکل جاتے ھیں۔ اس عمل کو اوولویشن کہتے ھیں۔

جن خواتین کو پی سی او ایس ھوتا ھے ان کا دماغ ھارمون کا پیغام اووری کو نہیں بھیجتا کہ تیار انڈے نکال دے۔ اس لئے اوولیوشن کبھی ھوتی ھے اور کبھی نیں ھوتی۔ فولیکلز پھٹنے کی بجائے بڑے ھو جاتے ھیں اور اوور یز میں سسٹس کی شکل اختیار کر لیتے ھیں۔

پی سی ایس او کی علامات اس وقت شروع ھوتی ھیں جب لڑکیوں کو پہلی بار پیریئڈ شروع ھوتے ھیں جسکی وجہ اینڈروجینز کی زیادتی ھوتی ھے لیکن جن خواتین کو پی سی او ایس ھوتا ھے انہیں پیریڈ کم یا بلکل نہیں ھوتے۔

پی سی ایس او کی ممکنہ علامات یہ ھو سکتی ھیں -:

چھرے اور جسم پر غیر ضروری بال

وزن مین توازن رکھنے میں مشکل

چھرے پر کیل اور مہاسے

ایسی اوور یز جن میں جن میں سسٹس زیادہ ھو جاتی ھیں

خون میں چربی کا بڑھنا

انسولین یا شو گر کا بڑھنا

خون میں اینڈرو جینز کا بڑھنا

لیکن تمام خواتین کو یہ شکایات نیں ھو تیں

پی سی او ایس کی تشخیص مریض کی ہسٹری، امتحان اور خون کے ٹیسٹ سے ھوتی ھے

پی سی ایس او کے لئے کوئی ایک ٹیسٹ نہیں ھوتا۔ اس کو جانچنے کے لئے ڈاکٹر کچھ سوالات کرتے ھیں جو کہ مندرجہ ذیل ھیں:

پیریڈ سے متعلق

بالوں اور جلد کے مسائل

وزن کا بڑھنا

ماضی میں آپکی صحت کے متعلق سوالات.

ڈاکٹر اور نرس آپکا وزن، قد اور خون کا دباؤ ناپیں گے۔ وہ خون کا نمونہ بھی لیں گے۔ آپکے خون میں انسولین، ھارمون اور گلوکوز ٹیسٹ کیا جائے گا

ھوسکتا ھے ڈاکٹر اوری کا الٹرا ساؤنڈ سکین بھی کرے جس سے سسٹ کا پتہ چلے گا

پی سی او ایس کو قابو کیا جاسکتا ھے اور جسم پر اسکے اثرات کو کنٹرول کر سکتے ھیں

پی سی او ایس کا کوئی مستقل علاج نہیں لیکن پھر بھی علاج سے اسے قابو میں کیا جاسکتا ھے۔ پی سی او ایس کا علاج دو وجوھات کی بنیاد پر ضروری ہے۔

ظاھری حالت:

بہت سی جوان عورتیں کو جنہیں پی سی او ایس ھوتا ہے، یہ فکر ھوتا ھے کہ وہ کیسی نظر آتی ھیں۔ یہ سمجھ میں آنے والی بات ھے۔ پی سی او ایس کے علاج سے آپکی ظاھری حالت اچھی ھوجاتی ھے اور آپ اپنے آپ کو اچھا محسوس کرتی ھیں مستقبل میں صحت۔

اگر پی سی او ایس کا علاج نہ کیا جائے تو صحت کے بہت سے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔یہ صحت کے مسائل مندرجہ ذیل ہیں۔

دل کی بیماری، شوگر، موٹاپا، بچہ دانی کا کینسر، حاملہ ہونے میں رکاوٹ

پی سی او ایس کا علاج:

پی سی او ایس کا علاج اسکی علامات پر منحصر ھے کیونکہ پی سی او ایس سے وزن بڑھتا ھے اور آپکو بہت اچھی خوراک کھانے اور ورزش کرنے کی ضرورت ھوتی ھے۔

ہارمون کے ساتھ علاج:

پی سی او ایس ہارمون کے غیر متوازن ھونے کی وجہ سے ھوتی ھے،اس کا علاج یہی ھے کہ ہارمون کو متوازن کیا جائے جس کے دو طریقے ہیں

مادہ ھارمون کی سطح کو بڑھایا جائے

نر ھارمون کی بڑھتی ھوئی سطح کو کم کیا جائے

مادہ ھارمون کی سطح بلند کرنے کے لئے ڈاکٹر آپکو پیدائش کنڑول کرنے والی گولیاں تجویز کر سکتے ھیں۔ایسی گولیوں کے درج ذیل اثرات ھو سکتے ھیں

یہ ماھواری کو ریگولر کرنے میں مدد کرتے ہیں

چہرے پر کیل مہاسے اور غیر ضروری بال کی افزائش کو روکتے ہیں

بچہ دانی کے کینسر کے خطرات کو کم کرتے ھیں

مردانہ ھامون کے اثرات کو کم کرنے کے لئے ڈاکٹر اینٹی اینڈروجینز دیتی ہے۔اینٹی اینڈروجینز کے ذیل کے اثرات ھو سکتے ھیں

یہ نر ھارمون کا عمل روک دیتے ھیں

یہ غیر ضروری مہاسے اور غیر ضروری بالوں کو روکتے ھیں

ایک عام اینٹی اینڈروجن ھے جسے سپارونولیکٹون کہتے ھیں۔اگرآپ وہ کھارھے ھیں تو شاید آپ عمل پیدائش روکنے والی گولیاں بھی لے رھے ھوں۔ بعض پیدائش روکنے والی گولیوں میں اینٹی اینڈروجن اور مادہ ہارمون بھی ھوتے ھیں۔اکر آپ کو پس سی اوایس کی وجہ سے شوگر ھوگئی ھے تو اسکی دوا بھی کھانا ھوگی

غیر ضروری بالوں سے نجات:

پی سی اوایس کے ساتھ حاملہ ھونا مشکل ھو جاتا ھے۔دوسروں کو کوئی مسلہ نہیں ھوتا۔پی سی اوایس کی وجہ اووری میں سسٹس کا پیدا ھونا ھے۔پی سی اوایس والی خواتین کی بچہ دانی اور انڈے نارمل ھو سکتے ھیں۔اگرآپ حاملہ ھونا چاھتی ھیں تو اپنے ڈاکٹر سے بات کیجئے۔ایسے علاج موجود ھیں جس سے آپ کے حاملہ ھونے کے امکانات بڑھ سکتے ھیں

اہم نکات:

پی سی او ایس ھارمون کا عدم توازن ھوتا ھے جو خواتین کو متاثر کرتا ھے

اسکی علامات میں ماھواری میں بے قاعدگی کا ھونا ھے

دوسری علامات میں کیل مہاسے، موٹاپا اور غیر ضروری بالوں کا ھونا ھے

پی سی او ایس کا علاج ھارمون سے کیا جاتا ھے۔ اس سے آپکے جسم اور ظاھری حالت پر اچھا اثر پڑتا ھے

اگر پی سی او ایس کا علاج نہ کیا جائے تو اس سے بانجھ پن، دل کا مرض اور اووری کا کینسر ھونے کا خطرہ ھوتا ھے

دوائیں : Medicine

ھوا شافی.

معجون محلل سلعہ 10 گرام، معجون محلل جگر 10 گرام، سفوف سلعہ رحمی 5 گرام، دن میں 3 مرتبہ.

سفوف ڈنڈی سرخ 5 گرام، سفوف رطوبت نسواں 5 گرام

دن میں 2 مرتبہ سادے پانی سے استعمال کریں۔

نوٹ : یہاں جو بھی دوائیں لکھی جارہی ہیں وہ مرض کے شروعاتی وسط تک کے لیے ہے یہ مکمل علاج نہیں ہے. خود ساختہ علاج بہتر نہیں ہے طبیب سے مشورے اور مکمل جانچ کے بعد ہی دوائیں استعمال کریں۔

الیکٹروہومیوپیتھی کیا ہے؟

ڈاکٹر تنویر شاہد

قِسط نمبر: 1

عنوان: موجد اور اسکی ایجاد کا تعارف ۔

نیوٹن کا سبب اور کششِ ثقل کا قانون کس کو معلوم نہیں۔

آج آپکو اٹلی کے باشندے ڈاکٹر کاونٹ سیزر میٹی-ایک بیمار کتے اور الیکٹروہومیوپیتھی کی ایجاد کی مختصر کہانی سُناتا ہوں جس میں کاونٹ سیزر میٹی کے پڑوسی ایک کسان کے کتے نے گالوانی کے مینڈک کا کردار ادا کیا- یہ کتا ایک جِلدی مرض میں مبتلا تھا اور روزانہ ایپنائن پہاڑ کی چوٹی پر چڑھتا اور وہاں اُگنے والی ایک بوٹی کو اکھاڑ کر کھاتا اور خد کو تندرست بنایا کرتا تھا۔میٹی کو اتفاقاً اس بات کا مشاہدہ ہوا اس نے ایک دن اس کتے کا پیچھا کر کے اس بوٹی کو شناخت کیا جو کتے نے اپنے علاج کے لئے استعمال کی تھی۔اس نے اس بوٹی کے چند پتوں کا رس نکال کر کنٹھ مالا (خنازیر Scrofula -) میں مبتلا شخص پر آزمائش کی اور شاندار نتائج دیکھ کر دھنگ رہ گیا. پھر میٹی نے جڑی بوٹیوں پر تجربات کرنے شروع کئے جو کہ انتہائی حوصلہ افزاء ثابت ہوئے ۔

الیکٹر وہو میو پیتھی ایک اٹالین سائنسدان کاونٹ سیز رمیٹی - Count Cesare Mattei 1809)
1896) نے ایجاد کی. جو اٹلی کے شہر بلوگنا سے تھے. وہ کئی علوم میں ماھر تھے۔اوراپنے وقت کے مشہور و
معروف ھو میوپیتھ تھے. میٹی نے مختلف طریقہ علاج کا گہرا مطالعہ کیااوران میں خامیوں کی نشاندھی کی۔انہوں
نے کہاہو میو پیتھی عروج کو نہیں پہنچ سکتی اس میں اصلاح کی ضرورت ھے میٹی کی یہ بات آگے چل کر درست
ثابت ہوئی۔میٹی نے نہ صرف نئے نئے پودے (جڑی بوٹیاں۔نباتات۔درخت۔ پھل پھول اور دیگر) دریافت
کئے بلکہ پہلے سے دستیاب پودوں سے بھی استفادہ کیااور آخر کار وہ اس نتیجے پہ پہنچے کہ فطری طور پر انسان نباتات
کے قریب ترین ہے بلکہ اسکی غذا، رہن سہن اور زندگی نباتات کے بغیر ناممکن وادھوری ہے.میٹی نے ایک بنیادی
فلسفہ زندگی سامنے رکھا کہ سارے انسان و نباتات ایک دوسرے سے ایک ربط مسلسل رکھتے ھیں پھر کائناتی
توانائی جسے اوڈک فورس کہاجاتاھے پودے اپنے اندر جذب کرتے رہتے ھیں اور انہی پودوں سے انسان اپنی
توانائی حاصل کرتاھے روزمرہ کی خوردونوش کازیادہ تر انحصار سبزیات، پھل پھول اور ترکاریوں وغیرہ پر ھونا
اس کا بین ثبوت ھے یہی نباتاتی اشیاء انسان کے لئے آب حیات تیار کرتے ھیں جس کے جام انسان تازندگی پیتا
رہتاھے اور مسرور لمحات کے بعد یہ توانائی جہاں سے آتی ھے وہیں واپس چلی جاتی ھے اس لئے کہ ہر شے اپنے
اصل کی طرف لوٹتی ھے ۔

میٹی نے اپنے فن دواسازی کی بنیاد نباتاتی پودوں پر رکھی اس نے نباتاتی پودوں کے خلاصے حاصل کیئے ان کے
عروق کشید کئے۔پھر اپنی تھیوری اور نظریے کے مطابق ادویات کے گروپ تشکیل دیئے۔ پھر ان کو مختلف
حالتوں میں ہزاروں مریضوں پر آزما کر تجربات اور مشاہدات کی کسوٹی پر کم و بیش 25 سے 30 سال پر کھااور

آزمایا. الیکٹرو ہومیو پیتھی کسی مرض کی ظاہری علامات کے بجائے اصل مرض کے حقیقی اسباب سے بحث و علاج کرتی ھے یہ نہائیت سادہ، آسان، زود اثر، بے ضرر قدرتی اور بالمثل علاج ھے. اس طریق علاج میں موجد نے مریض کی علامات حاصل کرنے کی بجائے مریض کے طبعی مزاج کی شناخت پر زیادہ زور دیا ھے. حقیقت میں کسی بھی بیماری کی علامات ہمیشہ کسی عضو کی خرابی ہی سے پیدا ہوتی ھے یہی واضع علامات معالج کے لیے اصل مقام مرض کی تشخیص کے لئے رہنما ثابت ہوا کرتی ہیں ۔

یہ ادویات جڑی بوٹیوں، سبزیوں اور پھلوں سے بنائی جاتی ھیں بلکہ یہ ایسے پودوں کے جوہر ھیں جو کہ ریڈیائی توانائی سورج کی شعاؤں سے براہ راست حاصل کرتے ھیں اور یہی وجہ ھے کی ان کے شفائی اثرات زود اثر اور فوری عمل پذیر ھیں. ادویات میں کوئی نشہ آور، حرام یا زہریلی چیز ہر گز شامل نہیں ہوتی جسکی ہمارے مذہب اسلام میں ممانعت ہو.

ان ادویات کے برقی اثرات کو دیکھ کر اس نے اپنے طریقہ علاج کا نام طب الیکٹرو ہومیو پیتھی رکھا اور

Electro = Bio-energy

Homoeo = Homeostasis

Pathy = The mode of treatment.

Electro Homeopathy is a plant-orientated system of herbal medicine.

Complex Complexis Curantur

"Life is in the Blood, Disease in its Vitiation and Medicine in Similars"

زندگی اور صحت خون کے صاف رھنے سے اور بیماری خون کے بگاڑ سے ھے. شفاء بالمثل دواء سے ھے۔ کا نظریہ علاج اپنایا .

یہ ایک جدید ترین میڈیکل سائنس ھے. ہومیو پیتھی میں مدر ٹنکچر الکوحل کی مدد سے تیار کیے جاتے ھیں جبکہ کاونٹ سیزر میٹی نے مدر ٹنکچر کو آب مقطر میں تیار کیا۔ادویات کی تیاری کا ایک خاص اور اچھوتا طریقہ جو میٹی نے استعمال کیا اسے کوھوبیشن کہتے ھیں جس کا ذکر آگے آئیگا.

ان شاء اللہ۔

وقت کا تقاضا ھے کے ایلو پیتھی کے مقابلہ کی کوئی طب ہو جو ایلو پیتھی کی طرح فوری اثرات کی حامل ہو لیکن اس کے بعد کے بد اثرات سے ہر لحاظ سے مبرا ہو یہ خوبی صرف الیکٹرو ہو میو پیتھی ادویات میں پائی جاتی ھے جب ادویات کی بات شروع کروں گا تو بتاؤں گا کہ کتنی تیز رفتاری سے اسکی ادویات اثر پزیر ہوتی ھیں آپ ایلو پیتھی ادویات کی رفتار کو نہ صرف بھول جائیں گے بلکہ آپکو خوشگوار حیرت بھی ہو گی .

حوالہ جات:-

1- Electro Homeo Medicine. A New Medical System.

(1891)

(Dr. Count Cesar Matti)

Translated by:

R.M. Theobald

M. A. - M. R. C. S.

2- تشخیص الامراض

الیکٹروہومیوپیتھی

ڈاکٹر دلشاد احمد

سیکنڈ ایڈیشن-1999

3- الیکٹروہومیوپیتھی (میٹریا میڈیکا)

ڈاکٹر این ایل سنہا

مترجم ڈاکٹر مشرف زیدی

-4 کمپری ہینسو میٹریا میڈیکا آف الیکٹرو ہومیو پیتھی .

ڈاکٹر محمد اکرم نجمی

پرنسپل الحسن الیکٹرو ہومیو پیتھی میڈیکل کالج .

-5 الیکٹرو ہومیو پیتھی فارمیسی .

ڈاکٹر محمد سعید آزاد-1999

-6 امراض وعلاج (الیکٹرو ہومیو پیتھی .)

سید مشرف علی زیدی

سیکنڈ ایڈیشن-1999

-7 ذاتی تجربات ۔ڈاکٹر عطا محمد کھوکھر۔سیکنڈ ایڈیشن-1996

-8 پریکٹس آف الیکٹرو ہومیو پیتھک میڈیسن

ڈاکٹر اللہ دتہ ڈوگر۔ پرنسپل انٹرنیشنل الیکٹرو ہومیو پیتھک میڈیکل کالج .

-9 بنیادی اصول۔(میٹریا میڈیکا-الیکٹرو ہومیو) ڈاکٹر این ایل سنہا، مترجم ڈاکٹر مشرف زیدی اور دیگر۔

ہومیو اور الیکٹرو ہومیو میں فرق:۔

ہانیمن پہلے mbbs ڈاکٹر تھا مگر ایلو کے نقصان دیکھ کر الگ ہو کر پودوں پہ تجربات کر کے ہومیو پیتھی بنانے میں کامیاب ہوا۔

جبکہ کاونٹ میٹی ہومیو پیتھی کے موجد کا کولیگ تھا مل کر ہومیو پہ ورک کیا مگر ہومیو کے سست رزلٹ پہ دلبرداشتہ ہو کر الگ ہو کر اپنے تجربات کئے اور ایک نیو سسٹم بنانے میں کامیاب ہوا جسکا نام اس نے الیکٹرو ہومیو پیتھی رکھا۔۔۔

میٹی اٹلی کے نواب خاندان کا فرد تھا جو بعدازاں جرمنی منتقل ہو گیا۔۔۔

ہومیو اور الیکٹرو ہومیو میں فرق:۔

ہومیو پیتھی میں ایک پودے سے ایک ہی دوائی بنائی جاتی ھے۔۔۔ یہی وجہ ھے کہ یہ سست بھی ھے اور نقصان دہ بھی۔۔۔ جبکہ الیکٹرو میں ہم مزاج 7،6 پودے استعمال ھوتے ھیں جس سے رزلٹ بھی تیز ترین ھے اور نقصان بھی نہی ھوتا کیونکہ ایک پودے کا زہر دوسرا ختم کر دیتا ھے۔ ہومیو والے زہریلے پودے و جاندار سے ادویات بناتے ھیں جبکہ حدیث ھے کہ "تم علاج معالجہ کرو مگر حرام شے سے علاج نہ کرو"

ہومیو والے ٹی بی کے علاج کی میڈیسن ٹی بی کے ہی گندے بلغم سے بناتے ھیں جو کہ نہایت کراہت آمیز ھے۔۔۔ الیکٹرو میں صرف 116 پودے ہی یوز ہوتے ھیں

ہومیو والے پودے کو الکوحل میں ڈالتے ھیں جس سے پودے کا زہریلا مواد بھی دوائی میں شامل ہو جاتا ھے جبکہ الیکٹرو میں پودوں کو ڈسٹلڈ واٹر میں ڈالا جاتا ہے

ہومیو والے الکوحل 90% دیتے ھیں جو کہ شراب کی قسم اور اسکے پھیلاو کا سبب بھی ھے جبکہ الیکٹرو اس سے پاک ھے

ہومیو والے علامات کا علاج کرتے ھیں جبکہ الیکٹرو میں وجہ ختم کی جاتی ھے

ہومیو والوں نے گورنمنٹ سے ایمرجنسی کی صورت میں ایلو کا سہارہ بھی لیا ہوا ھے جبکہ الیکٹرو والے ایلو میڈیسن فورا چھڑوا دیتے ہیں۔۔۔

پھر الیکٹرو میں 5 بجلیاں بھی ہیں جو کہ 50% سے زیادہ پرابلم موقعہ ہی پر حل کر دیتی ھیں۔۔۔ہومیو میں یا کسی دوسرے سسٹم میں ایسا کچھ نہیں ھے۔۔۔۔

کھیل کے دوران زخمی کھلاڑی کو جو سپرے کیا جاتا ہے وہ بھی الیکٹرو اور جرمنی کا ہے

اور بھی بہت کچھ ہے جو کہ نعمت سے کم نہیں۔۔۔۔۔ذکر ہوتا ہی رہے گا۔

ڈاکٹر تنویر شاہد

ٹائیفائیڈ۔۔تباہ کاریاں۔۔۔مروجہ علاج۔۔۔اور حقیقی علاج صرف الیکٹرو ہومیو پیتھی کے سنگ

ڈاکٹر تنویر شاہد۔19-09-2017

ٹائیفائیڈ بخار دورِ حاضر میں عام سا و معصوم سا بخار بن کر رہ گیا ہے۔۔۔۔۔اور راوی زیادہ تر چین ہی چین لکھتا ہے۔۔۔۔۔کیوں کہ آج کل ڈینگی کا بھی دور دورہ ہے۔۔۔۔ویسے بھی جدید میڈیکل سائنس تیز ترین علاج کی بدولت اس کا حشر نشر کر کے ایڈز، شوگر، تھیلیسیمیا و ہیمو فیلیا کا علاج ڈھونڈنے میں مصروف ہے۔۔۔۔مگر اب وہ زمانے گئے جب لیبارٹریز میں سہولتیں نہ ہونے کے سبب "سر فلیمنگ" کی بلغم والی پلیٹ میں کہیں سے پھپھوندی آکر گر جاتی تھی اور حادثاتی طور پر پنسلین بن جایا کرتی تھی۔۔۔۔اب تو انکی لیبارٹریز میں آکسیجن بھی پوچھ کر داخل ہوا کرتی ہے۔۔۔۔

خیر چونکہ جگر ملیریا بخار کی آماجگاہ ہے جو کہ بگڑ کر ٹائیفائیڈ کی صورت میں ہمیشہ سے چھوٹی آنت میں قبر تک بسیرا کرتا ہے۔۔۔۔جب بھی حالات و موسم سازگار ملے چوری چھپے نکلنے کی کوشش کرتا ہے جسے اکثر سالانہ یا 5 یا 10 سالہ پروگرام کے تحت پیناڈول بروفین و اینٹی بائیوٹک کی تھرڈ جنریشن سے مارا جاتا ہے۔۔۔۔مگر ٹائیفائیڈ کا جراثیم بھی اکھاڑے کا وہ پہلوان یا ریسلنگ کا وہ باکسر ہے جو پہلے چپ چاپ مار کھاتا ہے درمیان میں 4، 2 مکے جڑ 🤮🤮🤮 کر پھر مار کھاتا ہے اور مخالف کو تھکا کر آخر کار جیت جاتا ہے۔۔۔۔۔

باقی اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ جدید میڈیکل سائنس ٹائیفائیڈ کا مستقل سدباب کر رہی ہے تو یا تو خود اسکا اپنا اس طب سے روزگار وابستہ ہے یا پھر وہ اسکے پروٹوکول سے متاثر ہے۔۔۔۔

اسکا سب سے بڑا ثبوت تو یہی ہے کہ مریض خود بھی

1-اندرونی بخار کی شکائت کرتا ہے۔۔۔۔

2-اسے سالانہ بخار ضرور ہوتا ہے اور لیب ٹیسٹ میں ٹائیفائیڈ ہی آتا ہے۔۔۔۔

3-پانچ یا دس سال بعد بھی بخار ہو تو ٹائیفائیڈ ہی نکلتا ہے۔۔۔

پھر یہی مریض یکایک کسی بڑی بیماری کا شکار ہو جاتا ہے جو عمر کے کسی بھی حصہ میں حملہ آور ہو جاتی ہے۔۔۔۔

یہ بیماریاں مندرجہ ذیل ترتیب سے آگے پیچھے وقوع پذیر ہوتی ہیں اور ایک مریض میں کوئی ایک بڑی بیماری بھی ہو سکتی ہے یا بیک وقت دو چار بیماریاں آگے پیچھے بھی شروع ہو جاتیں ہیں۔۔۔۔۔۔اور اکثر مریض کہتے بھی ہیں کہ ہم تو بیماریوں کا مجموعہ ہیں یا یہ کہ ڈاکٹرز کو ہماری بیماری کی سمجھ ہی نہیں آرہی۔۔۔۔۔

اثرات

ملیریا (مس ہینڈ لنگ) >ٹائیفائیڈ بخار (مس ہینڈ لنگ) >امراض معدہ (معدے کا کینسر، سوزش معدہ، پتلا پن یا موٹاپہ، بانجھ پن، امراض رحم، کمی پریڈز و لیکوریا، لو بی پی، قبض، پٹھوں کے امراض، سر درد، اپنڈکس) علاج میں >>مس ہینڈ لنگ سے

پارٹ 1-معدہ و جگر کا چکنائی کو ہضم نہ کرنے پر کولیسٹرول میں اضافہ پھر ہائی بی پھر امراض دل فالج و ہیمبرج >>وغیرہ

یا پھر امراض معدہ میں مس ہینڈلنگ پر

پارٹ 2-امراض دماغ نفسیاتی امراض، ڈپریشن، نیند کی کمی، خوف، وہم اوران میں شدت پر مالیخولیا وغیرہ

پارٹ 3امراض جگر ولبلبہ۔۔۔۔۔۔۔۔شوگر+اور شوگر کے مروجہ علاج کے دوران مس ہینڈلنگ پر گردوں پر اثرات سے ہائی بی پی پھر ہائی بی پی سے ہیمرج، فالج یاہارٹ اٹیک اورانہی میں سے کسی علاج کے دوران موت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فرض کیا کہ ایک دن کا یا12 سال کا یا کسی بھی عمر کا انسان ہے اسے یا تو بچپن سے ٹائیفائیڈ تھا یا پھر ملیریا میں کونین بروفین وانیٹی بائیوٹک کے استعمال سے ملیریا ختم ہو گیا ہے یا بگڑ کر ٹائیفائیڈ ہو گیا ہے۔۔۔۔(بونس>امراض جگر ولبلبہ)۔۔۔۔۔۔اب ٹائیفائیڈ کو ختم کرنے کے دوران پیناڈول یا بروفن کے ساتھ پھر تھرڈ جنریشن کی اینٹی بائیوٹک بھی یوز کرلی گئی ہے۔۔۔۔دنیا جانتی ہے کہ یہ سب جگر کا بیڑہ غرق کرتی ہیں تو کیا یہ جگر کے اندر لبلبہ کے فنکشن کو ڈسٹرب نہیں کرے گی۔۔۔۔۔جو عمر کے کسی بھی حصہ میں شوگر کی وجہ بھی ہے؟؟؟؟

فرض کیا کہ شوگر نہیں ہوئی اور بخار بھی چھوٹی آنت میں سمو چکا ہے۔۔۔۔تو یقیناً پتلا پن پیدا ہو گا جب مریض کہتا ہے کہ بہت کھاتا ہوں مگر خوراک لگتی نہیں ہے۔۔۔۔اس حالت میں 70% قبض ہو جاتی ہے 100% بی پی لو رہنے لگتا ہے۔۔۔۔۔ قبض کو دنیا72 بیماریوں کی ماں سمجھتی ہے مگر آج تک کسی نے تشریح نہیں کی۔۔۔۔۔

اس مریض کو50 سے 80 پرسنٹ خون کی کمی کے چانس ہوتے ہیں اور سی۔بی۔سی پر9،8،7 یا10 ایچ۔بی آتی ہے۔۔۔۔

اگر لڑکی ہے تو پریڈز کی کمی امراض رحم و بانجھ پن تک بذریعہ سر درد۔۔۔۔کمر درد پٹھوں کے امراض دھڑکن کا تیز ہونا تک بات چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔

پھر لو بی پی ختم کرنے کے لئیے نمک اور کیلسی کا بے جا استعمال بھی لو بی پی کو ختم کرنے کی بجائے مریض کو دیگر امراض میں لے جا رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔نہ ہی کبھی آج تک لو بی پی ٹھیک ہوا ہے۔۔۔۔۔

اور اگر پتلا پن نہیں ھوا بلکہ ٹائیفائیڈ کے معدہ میں سٹور ہونے کے سبب معدہ چکنائیوں کو صحیح طریقہ سے ھضم نہیں کر پا رہا تو موٹاپا، الرجی یا کولیسٹرول لیول بڑھنے پر ہائی بی پی کے سبب امراض دل۔۔۔۔برین ہیمرج۔۔۔فالج وغیرہ کی طرف مریض دوڑ رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

اسی طرح معدہ و جگر بوجہ ٹائیفائیڈ مخصوص خوراک سے مستفید ہونے کی بجائے ان سے یورک ایسڈ میں اضافہ کر رہا ہوتا ہے جس سے گردوں و پتہ میں پتھری بن رہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

ایسی حالت میں مریض کو مستقل پرہیز پر لگا دیا جاتا ہے جو قبر تک ساتھ جاتا ہے۔۔۔۔۔

ٹائیفائیڈ وشوگر کا تعلق:۔

ٹائیفائیڈ وشوگر کے معالجین ومریض جانتے ہیں کہ ٹائیفائیڈ والا مریض اور کوئی دوسرا شوگر والا مریض عمر کے کسی بھی دور میں اکثر پنڈلیوں میں درد کی شکائت کرتے ہے۔۔۔ کسی نے نہی سوچا کہ دو مختلف امراض کے زیادہ تر مریض ایک ہی جگہ پنڈلی کے مقام پر درد کی شکائت کیوں کرتے ہیں؟؟؟

آکو پنکچر کو سمجھنے والے حضرات بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ جسم کے ایک ہی حصہ میں بے چینی پیدا کرنے والی مختلف امراض کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ضرور ہوا کرتا ہے۔۔۔ یہ سادہ سی دلیل بھی ہے۔۔۔

بہر حال جب بھی ریسرچ ہو گی تو شوگر کی وجہ میں ٹائیفائیڈ کا اپنا رول ہو گا یا ملیریا و ٹائیفائیڈ میں استعمال ہونے والی کونین، پیناڈول و اینٹی بائیوٹک کے جگر ولبلبہ پر اثرات کا رول ہی سامنے آئے گا اور یہ رول عمر کے کسی بھی حصہ میں پلے ہو سکتا ہے۔۔۔۔

مروجہ علاجات:۔

پہلی بات تو یہ ہے شاید زیادہ تر معالجین چلتے پھرتے کھاتے پیتے انسان میں ٹائیفائیڈ کی موجودگی سے ہی انکار کر دیں مگر سالانہ بخار یا عمر کے کسی بھی حصہ میں ٹائیفائیڈ کا منظر عام پہ آنا بہت سے سوالات کو جنم بھی دیتا ہے۔۔۔۔

دنیا بھر میں ماں کی گود سے پہلا علاج طب نبوی یا خوراک سے ہوتا ہے جب مائیں خود ہی ننھے منے بچوں کا علاج سونف، الائچی و جائفل وغیرہ سے کر رہی ہوتی ہیں۔۔۔۔۔ یہاں مسئلہ کور نہ ہونے پر یقیناپروٹوکول والی طب دھڑا دھڑ تجربات کر کے ملیریا یا ٹائیفائیڈ کو آنت میں سٹور کر کے بھیج دیتے ہیں۔۔۔۔۔

پھر زندگی بھر بخار کی قسط در قسطیں چلتی ہیں اور لو بی پی یا بھوک نہ لگنا یا خون کی کمی دور کرنے کے لئیے مریض ہومیو وہر بلسٹ کا ڈور کھٹر کاتا ہے۔۔۔۔۔ اب مسلہ حل ہو یا نہ ہو میں اس بحث میں پڑ کر معاملے کو طول نہی دینا چاہتا مگر اتنا ضرور کہنا چاہوں گا کہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔۔۔۔۔؟

قارئین خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ لو بی پی کا علاج جدید میڈیکل سائنس سمیت کسی طب میں نہیں ہے اگر ہے تو کیا کیوں نہی جا رہا۔۔۔۔؟

اے مسیحا میرے۔۔۔۔۔

ہم خاک ہو جائیں گے تم کو خبر ہونے تک۔۔۔۔۔

ڈاکٹر تنویر شاہد

(الیکٹرو ہومیو فزیشن)

ڈاکٹر آف آلٹرنیٹو میڈیسن وونڈر فل سسٹم آف دی ورلڈ <

(معالج و سپیشلسٹ آف حجامہ) سنت نبوی < سپیشلسٹ آف ٹریٹمنٹ بذریعہ فوڈ اینڈ فروٹس <

تشخیص و علامات:

ہمارے پاس روٹین میں جو مریض آتے ہیں ان میں یہ علامات پائی جاتی ہیں۔۔۔۔۔

1۔ بخار کسی بھی قسم کا

2۔ بذات خود ٹائیفائیڈ کے علاج کا کہنا

3۔ پنڈلیوں میں درد کی شکائت

4۔ پاؤں کی تلیاں جلنا

5۔ بھوک بالکل نہ لگنا

6۔ بھوک لگے مگر کھانے کو دل نہ کرنا

7۔ منہ کی کڑواہٹ

8۔ منہ یا زبان کے چھالے

9۔ تیزابیت

10۔ مسلسل و پرانی الٹیاں

11۔ قبض و شدید قبض

12۔بواسیر

13۔موشن یا سنگرہنی

14۔لو بی پی

15۔پچکے گال

16۔خون کی کمی

17۔دبلا پن

18۔موٹاپا (مگر میرے شہر میں اسکا تناسب کم ہے)

19۔معدہ و جگر کی گرمی

20۔خوراک کا نہ لگنا

21۔شدید سر درد (ہر قسم)

22۔کمی نیند

23۔مرگی (ہر قسم)

24۔کمر درد

25۔پٹھوں کے امراض

26۔ جریان واحتلام

27۔ پیشاب کے بعد قطرے

عورت ہے تو

28۔ڈسٹربنس آف پریڈز

29۔ سوزش رحم وبیضہ

30۔پانی وبلڈ کی رسولیاں

31۔اٹھرا

32۔رحم کا کمزور ہوناوغیرہ

33۔اپھارہ وسانس پھولنا

34۔ سستی،کاہلی وتھکاوٹ

35۔آسیب (فرضی)

حقیقی جنات کے علاوہ تمام آسیب جیسی علامات کے کیسسز میں بہت سے عامل حضرات بھی علم کے حماموں میں ننگے پائے ہیں۔۔۔ جبکہ مسئلہ لوبی پی ومرگی وغیرہ کا یاٹائیفائیڈ سے جڑا ملتا تھا۔

یہ سب علامات ہیں دنیا بھر میں کوئی بھی معالج علامات کا علاج کرتا ہے تو کرتا رہے مگر وہ علامات کے علاج کے بھنور میں ایسے پھنستا ہے کہ پھنستا ہی چلا جاتا ہے۔۔۔۔اور بدلے میں کولیسٹرول وہائی بی پی کا علاج کرتے کرتے مریض کو امراض دل یا برین ہیمرج وفالج میں لے جاتا ہے۔۔۔

اسی طرح ملیریا سے ٹائیفائیڈ اور ٹائیفائیڈ سے امراض جگر لبلبہ، پتہ، تلی، غدود و گردے سے چلتا ہوا شوگر تک لے جاتا ہے۔۔۔۔

اسی طرح امراض معدہ و جگر کا علاج کرتے کرتے یورک ایسڈ سے گزرتے ہوئے امراض جوڑ، گردہ و پتھری ڈایالائسس تک جا پہنچتا ہے۔۔۔

اور ایسے مریض جو پروٹوکول سے متاثر ہو کر علامات کا علاج کرواتے ہیں ان کا معاملہ آسمان سے گرا اور کھجور میں اٹکا والا ہو کر زندگی کی جمع پونجی لٹا کر بغیر دانت، بینائی، سیکس، گردہ، پتہ یا ٹانگ کے زندگی کے دن پورے کرتا ہے۔۔۔

حقیقی علاج وکمالات الیکٹروہومیوپیتھی۔۔۔۔

اب بات آتی ہے فائنل ومستقل علاج کی۔۔۔۔میں ایسے تمام مریضوں یاعلامات کاعلاج تھوڑی بہت تبدیلیوں کے ساتھ کرتاہوں۔۔۔۔جس میں مرض کے مطابق پوٹینسی چھوٹی بڑی ہوسکتی ہے۔۔۔۔یافیمیل ہونے کی صورت میں عورتوں کی خاص میڈیسن C12 کومختلف طاقتوں میں شامل کرلیاجاتاہے۔۔۔۔اورمیری بھرپور توجہ ٹائیفائیڈپررہتی ہے۔۔۔۔اورمیں اپنے مریض کوپہلے ہی دن بتابھی دیتاہوں کہ کوئی پرانابخار نکل سکتاہے مگراس میڈیسن سے اتربھی جائے گا۔۔۔۔اورواقعی میں پہلے دوسرے تیسرے یاحدکرلیں توچوتھے ہفتہ میں یہ مہمان ذلیل خوارہوکرنکلتابھی ہے۔۔۔۔دس دس سال پرانے بخاربھی نکلتے دیکھے ہیں۔۔۔۔

اس بخارکی شدت بھی ہوتی ہےاورہلکاپھلکابھی ہوتاہے۔۔۔۔۔مگرہم اس وقت خاص طورپرمریض کوایلومیڈیسن سے بچاکربخارکاسرکل پوراہونے دیتےہیں۔۔۔۔۔۔

ویسے بھی الیکٹرومیڈیسن کوبیرونی طورپرڈینگی سمیت کسی بھی بخارمیں جگرپرلگادیں توفوراًبےچینی وبخارمیں کمی ہوتی ہےاوریہ پروسس 24یا36 گھنٹوں سے پہلے پوراہوجاتاہےاورمریض اتنابہترمحسوس کرتاہے کہ اسکی 30 میں سے سبھی علامات بھی ختم ہوناشروع ہوجاتی ہیں۔۔۔۔۔

لوبی پی 80/120پرآجاتاہے۔۔۔۔صرف روٹی کےاستعمال پرخون دھڑادھڑپیداہوتاہے حتی کہ میرادعوی ہے کہ ایک ماہ پہلے بلڈکاطالب ایک ماہ کے بعدبلڈدینے والابھی بن جاتاہے۔۔۔۔مگرہم مریض کا2سے 3ماہ

میں علاج مکمل کر لیتے ہیں۔۔۔۔اور مریض مخجل خرابی و مستقبل میں بڑی بڑی امراض سے بھی بچ جاتا ہے۔۔۔۔۔

احباب سے گزارش ہے کہ میری اس تھیوری کو سمجھنے کی کوشش کریں۔۔۔۔۔۔ہو سکتا ہے کہ قلیل وقت کی بناء پر کوئی مرض غلط ایڈ ہو گئی ہو یا آپ مزید بھی کسی مرض کا شمار کر سکتے ہیں جو مجھ سے او جھل ہو گئی ہو یا ایسا بھی ممکن ہے کہ آپ اسے ٹھکرانا چاہیں بھی تو نہ ٹھکرا سکیں۔۔۔۔۔۔فالج پہ پوسٹ کا وعدہ کر کے نصف کام بھی کیا مگر احباب کی لو بی پی۔۔۔۔۔خون کی کمی۔۔۔۔۔۔بخار و ٹائیفائیڈ کی پوسٹیں پڑھ کر اور ویسے بھی موسم بھی ٹائیفائیڈ کے لیے سازگار ہے۔۔۔۔۔سو یہ ورک کیا ہے۔۔۔۔۔۔

ہر طب سے ریلیٹڈ معالج کی تنقید و حوصلہ افزائی ہی میری اصل دولت ہے۔۔۔۔باقی میں ذاتی طور پر کسی پیتھی کے خلاف نہیں مگر رُلتے و تڑپتے مریض بھی دیکھے نہیں جاتے۔۔۔۔۔ویسے بھی میں خود لو بی پی کا مریض ہوا کرتا تھا مجھے پتہ ہے کہ کون کون اس علاج میں کیا کیا کوششیں کر رہا ہے۔۔۔۔۔باقی الیکٹرو ہومیو پیتھی ہی ہے جسکی بناء پر سورج کو بھی چراغ دکھانے کی جسارت کرتا ہوں۔۔۔۔۔۔میں اسی کے بل پر بڑے سے بڑا دعوی کرتا ہوں۔۔۔۔ویسے بھی یہ علاج ہی نہیں بلکہ مستقل علاج ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ پاک کی بہت بڑی نعمت بھی ہے۔۔۔۔۔

ڈاکٹر تنویر شاہد

الیکٹرو ہومیو فزیشن و سپیشلسٹ حجامہ تھراپی۔19-9-17

الیکٹرو ہومیو پیتھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بے ضرر ولازوال سسٹم

ڈاکٹر تنویر شاہد کے تجربات سے

احباب سے گزارش ہے کہ ٹائیفائیڈ کی پوسٹ پر آپکی تنقید و حوصلہ افزائی کا شکریہ۔۔۔اس تحریر کے ذریعے پوری انسانی جسم اور بیماریوں کو سمجھنا بہت آسان ہوا ھے۔۔۔۔

معالجین کے علاوہ عام آدمی بھی اپنی مرض اور اسکی وجوہات کو پہلی بار سمجھنے کے قابل ہوا ہے۔۔۔۔۔خدارا علامات کی بجائے وجوہات پہ ورک کریں۔۔۔۔

میں کم از کم ایک بات جانتا ہوں کہ اللہ پاک نے علاج معالجہ ہر انسان کے اندر پیدائشی طور پر رکھ دیا ہے جو اس پر غور کرتا ہے اس کے راستے آسان ہو جاتے ہیں۔۔۔۔

باقی جدید علم کا حصول بھی اچھی چیز ہے مگر جدید میڈیکل سائنس ہی انسانی باڈی کی ٹھیکیدار نہیں ہے۔۔۔

ہزارہا مثالیں دی جاسکتی ہے جو علم آج سے صدیوں پہلے ملا آج کی جدید میڈیکل سائنس انہیں کندھوں پہ بندوق چلا رہی ہے۔۔۔۔۔

کسی قسم کے پروٹوکول سے متاثر ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں ھے۔۔۔۔ہاں مگر اپنے علم پہ عبور والی ہی میڈیسن چلائی جائے۔۔۔۔۔اور اپنے سسٹم کے دائرہ میں ہی علاج کیا جائے۔۔۔۔

باقی ہر معالج کو چاہئیے کہ آنے والا زمانہ موجودہ زمانے سے بھی زیادہ فاسٹ آرہاھے سو مستقبل میں ہر معالج کے پاس حجامہ کا ہتھیار ضرور ہونا چاہئیے۔۔۔۔۔اور ہم سب کو ٹو دی پوائنٹ حجامہ کرنا بھی سکھائیں گے انشاءاللہ تعالی جو احباب اس وقت صرف حجامہ کر رہے ہیں وہ صرف حجامہ پر ہی نہ رہیں وہ کم از کم الیکٹرو ہومیو پیتھی کی پریکٹس تو ضرور سیکھ لیں جو شارٹ ترین ہے۔۔۔۔۔کسی قسم کا رسک نہیں ھے۔۔۔۔آسان ہے۔۔۔۔۔سائیڈ ایفیکٹ نہیں ھے۔۔۔۔

اب میں ٹائیفائیڈ والی پوسٹ پر ایک چھوٹی سی مثبت تنقید کے جواب میں کیا جانے والا کمنٹ پیسٹ کرتا ہوں۔۔۔۔اور بات مزید کلئیر ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔

کمنٹ کا جواب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

1) بھائی جو 30 علامات میں نے بتائی ہیں کم از کم ان میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ ٹائیفائیڈ کی پیدا کردہ ہیں۔

2) الحمدللہ میں ان سب علامات کا تقریبا ایک ہی میڈیسن یا مخصوص میڈیسن سے علاج کرتا ہوں۔

یہ سب کی سب کسی نہ کسی طرح معدہ و چھوٹی آنت سے تعلق رکھتی ہیں۔

مثال:۔

شروع شروع میں مجھے مرگی کے علاج میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا اور شاید کہ میں مایوس ہوتا مگر چھوٹی آنت کی میڈیسن نے مجھے حیرت انگیز نتائج دیئے۔۔۔ مگر بخار بھی 3،2 دن رہا۔۔۔ مگر لاہور فاطمہ میموریل کا جواب یافتہ فیمیل مریض مستقل طور پر ٹھیک ہوا۔۔۔

پھر لو بی پی کے علاج میں بخار آیا۔۔۔۔۔

پھر قبض کے مستقل علاج میں بخار آیا۔۔۔۔۔

حتیٰ کہ

اگر میرے پاس 100% مریض آئے ہو تو 70% نے ٹائیفائیڈ سے چھٹکارہ پایا اور دوران علاج ان کو 24 سے 36 گھنٹے بخار رہا مگر الحمدللہ تندرست ہوئے۔۔۔۔

تقریبا 5 سال تک مجھے سمجھ نہیں آئی نہ ہی میں نے سوچا کہ ایسا کیوں ہے۔۔۔۔

پچھلے ڈیڑھ سال سے ٹائیفائیڈ اور چھوٹی آنت کے تعلق پر غور کیا۔۔۔۔

باقی میرے ناقص علم کے مطابق چھوٹی آنت میں ٹائیفائیڈ ہی سٹور ہوتا ہے۔۔۔۔

دوسری بات اگر پوری دنیا کہتی ہے کہ قبض 72 بیماریوں کی جڑ ہے۔۔۔ تو یقینا قبض کی وجہ ٹائیفائیڈ ہی ہے۔۔۔

اب ہم یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ٹائیفائیڈ 72 بیماریوں کی جڑ ہے۔۔۔۔۔ تو کچھ بھی غلط نہیں۔۔۔۔

قبض=72امراض=(قبض کی وجہ) آنتوں کی خشکی یا ٹائیفائیڈ

سو

قبض=ٹائیفائیڈ=72امراض

ویسے بھی اگر بڑی بیماریاں خود بخود آجاتی ہیں تو یورپ میں اسکی ریشو کم کیوں ہے؟؟؟ کیونکہ یورپ میں حتی الامکاں ایلو میڈیسن سے بچوں کو آج بھی دور رکھا جاتا ہے۔۔۔

باقی کچھ امراض وراثتی ہوتے ہیں۔۔۔ مثلا تھیلیسیمیا ہیمو فیلیا۔۔۔۔۔۔۔۔ وغیرہ

کچھ امراض کا سبب بیرونی عوامل ہوتے ہیں۔۔۔۔ مثلا ایڈز۔۔۔ کالا یرقان۔۔۔۔۔۔۔۔ ٹی بی وغیرہ

دعا گو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈاکٹر تنویر شاہد

الیکٹرو ہومیو پیتھی دنیا کا پانچواں تیز ترین میڈیسن سسٹم ہے جو کہ ہومیو پیتھی کی خامیوں و سستی دور کرنے کی کوششوں و ریسرچ کے بعد وجود میں آیا۔۔۔ نہایت بے ضرر و سستا ترین میڈیکل سسٹم ہے۔

اس سسٹم میں شروع سے آج تک صرف 114 پودے شامل ہیں۔۔۔۔

اس سسٹم کی بنیادی میڈیسن صرف 58 ہیں۔۔۔۔

اس سسٹم کی منفرد ترین چیز جو اسے دیگر تمام سسٹمز سے منفرد کرتی ہیں۔ اسکی پانچ بجلیاں ہیں

یہ پانچ بجلیاں دراصل لیکوئڈز ہیں جواندرونی وبیرونی طور پر مستعمل ہیں۔۔۔انکے شفائی اثرات فوری و تیز ترین ہیں۔۔۔۔کہ جادو کا ساماں محسوس ہوتا ہے۔۔۔۔

یہ بجلیاں ہر قسم کا بی پی، درد، چوٹ، جلن وہر طرح کی ایمر جنسی کو بیرونی استعمال پر ہی سیکنڈز میں ختم کر دیتی ہیں۔۔۔۔

دنیا بھر میں کھیلوں کے میدان میں زخمی کھلاڑیوں کو کیا جانے والا سپرے صرف اور صرف الیکٹرو ہومیو پیتھی کا ہی فراہم کردہ ہے۔۔۔

جدید میڈیکل سائنس اسے میجک سپرے کے نام سے جانتی ہے بال کی کھال اتارنے میں عبور کے باوجود اسکی تہہ تک پہنچنے میں ابھی تک ناکام ہے۔۔۔

اور یہ سپرے مستقبل میں ہر پاکستانی صرف 50 یا 100 روپے میں حاصل کر کے سپرٹ وپائیوڈین سے جان چھڑا کر اپنی ایمر جنسی سے چھٹکارہ پا سکے گا۔۔۔یہی سپرے 70 یا 80% تک جل جانے والے انسان کے لیے بھی فوری ریلیف کا باعث ھوگا اور ہر گھر کی ضرورت بھی ہو گا جو بیک وقت ہائی بی پی و بخار تک کو بھی فوری ریلیف دے گا۔۔۔کسی بھی اور میڈیکل سسٹم میں اس طرح کے کسی بھی سپرے کا تصور ہی محال ہے

اسی سسٹم کے انجکشن جو تیز ترین ہونے کے ساتھ ساتھ بے ضرر بھی ہیں نہایت جادو اثر اثرات کے حامل ہیں۔۔۔۔میرا دعوی ہے کہ پٹھوں کے امراض میں مشہور بدنام زمانہ ایلوا انجکشن میتھیکو بال، الیکٹروا انجکشن کے آگے کچھ بھی نہیں ہے۔

دوسری جنگ عظیم میں جب ایلو سسٹم اتنا فعال نہیں تھا تو الیکٹرو میڈیسن نے لاکھوں زخمیوں کو جلا بخشی۔۔۔۔

واحد سسٹم ہے جو کہ ہر طرح کے کیمیکل، حرام اجزا، نشہ، سٹیرائیڈ و الکوحل سے بھی پاک ہے۔۔۔۔اسلامی اصولوں کے عین مطابق ہے۔۔۔۔

کسی بھی مرض میں مبتلا کوئی بھی مریض سب کچھ کر کے بھی لاعلاج رہے تو کم از کم الیکٹرو میں ضرور آئے۔۔۔۔

الیکٹرو ہومیو میڈیسن باآسانی دستیاب نہ ہونے کے سبب مارکیٹ میں مہنگے داموں و مطلوبہ کوالٹی نہ ملنے کے سبب بہت جلد ایسا لائحہ عمل پہ کام جاری ہے کہ اس سستے ترین سسٹم تک ہر امیر غریب کی رسائی ہو۔۔۔۔

ڈاکٹر تنویر شاہد

الیکٹرو ہومیو فزیشن

رحم کا کمزور ہونا(نیچے گرنا یا لٹک جانا)

ڈاکٹر تنویر شاہد کے قلم سے۔17-10-17

امراض رحم کی یہ علامت رحم کی دیواروں کے مسلز میں دوران خون کی ڈسٹربنس(خشکی)کی وجہ سے ہے جس پر حد سے زیادہ دباؤ وغیرہ کی وجہ سے اسکی گرپ یا کھنچاؤ ختم ہو جاتا ہے۔۔۔۔جب اسکی دیواریں پھیلتی ہیں تو ردعمل میں سکڑاؤ پیدا نہ ہونے پر رحم کے مسلز ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔۔۔اسکی مثال یوں بھی لی جاسکتی ہے کہ ڈلیوری کے بعد پیٹ کا واپس اپنی اصلی حالت میں آ جانا۔۔۔۔اور انہی علامات میں مبتلا خواتین کا پیٹ بھی لٹک جانا۔۔۔۔

بنیادی وجوہات

لو بی پی،خون کی کمی، قبض لیکوریا یا حیض کی بندش کی علامات رکھنے والی خواتین میں اسکے ہونے کے چانسسز ہوتے ہیں۔۔۔۔

فزیکلی وجوہات

اوپر دی گئی بنیادی وجوہات کی حامل خواتین میں یہ مسئلہ ان تین وجوہات سے پیش ہوتا ھے

1۔بھاری بھر کم کام یا لوڈ اٹھانے پر رحم کی لچک کی حدود ڈسٹرب ہو جاتی ہیں اور واپس اسی حالت میں نہیں جاتی۔۔۔

2۔دوران آپریشن ریڑھ کی ہڈی میں لگنے والا انجکشن ہے۔۔۔۔

3۔بچے کی رحم میں گروتھ ہے۔۔۔۔جیساکہ ساتویں منتھ کے بعد لیڈی ڈاکٹر بیڈ ریسٹ کا کہتی ہے۔۔۔۔۔۔

علاج

میڈیسن صرف اور صرف خواتین کے لئے معروف ہے مزید علامات لیکر اس میں C1 الیکٹرو ہومیو پیتھی میں گروپ کی میڈیسن کو بھی مرض کی شدت کے مطابق مختلف طاقتوں میں استعمال کروایا جاتا ہے۔۔۔۔۔یہ A طاقت 200 تک بھی ہو سکتی ہے۔۔۔۔اور بیرونی طور پر ناف اور کمر پر ریڈ بجلی کا کمپریس یا مساج بھی کروایا جاتا ہے۔۔۔۔۔

ڈاکٹر تنویر شاہد

الیکٹرو ہومیو فزیشن۔17-10-17

امراض گردہ وپتہ اور الیکٹروہومیوپیتھک:۔

ڈاکٹر تنویر شاہد کے قلم سے۔۔۔۔12-10-17

انسانی جسم میں گردے اور انکے افعال کادرست ہونا یا رہنا اللہ پاک کا بہت بڑا انعام واحسان ہے۔۔۔۔کیونکہ یہ واحد بیماری ہے جو دیکھتے ہی دیکھتے شہنشاہ کو گدا بنادیتی ہے۔۔۔۔۔۔یہ واحد بیماری ہے جس میں سرجری کے اکا دکاون-ڈے میچز کے بعد جب کریٹینین لیول اپنی حدود کو کراس کرتا ہے تو مریض اور اسکی فیملی کے ہاتھوں کے طوطے تواڑتے ہی ہیں مگر بڑے بڑے مسیحا بھی اپنی مکمل ناکامی کارونا روتے ہیں۔۔۔۔۔مگر اس کے آگے بند باندھنے کی بجائے مریض کو کڈنی ٹرانسپلانٹ کے فائنل میچ کے لئے تیار کرنا شروع کردیا جاتا ہے۔۔۔۔۔۔پھر بدنام زمانہ گردوں کی خرید وفروخت کے ساتھ ساتھ اس بزنس در بزنس کاروبار میں نامی گرامی مسیحا بھی قانون کی گرفت میں آئے ہیں۔۔۔۔۔اس کھیل میں ڈونرز ہمیشہ مالی وجسمانی طور پر میچ ہارتا ھے اور زیادہ تر انعامی رقم وٹرافی ایمپائر کے گھر چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔اور غریب آدمی کو تیز ترین میڈیکل سائنس دور ہی سے دھتکار دیتی ہے۔۔۔۔

گردوں کے فنکشنز

ورٹیبریٹ جانداروں کے جسم میں گردے خون میں سے فالتو نمکیات، پانی، یوریا اور سیرم کریٹینین جیسے زہریلے مرکبات کو الگ کر کے مثانہ میں بھیجتے ہیں جسے بوقت ضرورت پیشاب کی صورت میں جسم سے نکال دیا

جاتا ہے۔۔۔اور طبیعت میں باقاعدہ فرحت وتازگی کا احساس ہوتا ہے۔۔۔۔۔ جبکہ گردے فیل ہونے پر یہی نمک ہائی بی پی کا سبب ہوتا ہے اور یوریا کی زیادتی سے مریض کو قے، متلی اور گبھراہٹ و بے چینی ہوتی ہے

باقی سیکس۔۔۔ہنسنا۔۔۔رونا۔۔۔دوڑنا۔۔۔بھاگنا۔۔۔لڑنا جیسے جذبات کا اظہار بھی گردوں ہی کی مرہون منت ہے۔۔۔

امراض گردہ اور گردوں سے کھلواڑ۔۔۔۔۔۔

گردے کی پتھری، پس سیلز، پروٹین کا اخراج، گردے کا سکڑنا و پھیلنا گردے کی سست یا رسولی وغیرہ گردوں کی امراض ہیں

گردوں کی جملہ امراض بیماریوں میں کوئی بھی بیماری ایسی نہیں ھے جو خطرے سے باہر ہو۔۔۔

نام نہاد غیر فطری طب ایلو پیتھی تو بذات خود وقتی ریلیف کے تناظر میں سٹیرائیڈ دے دے کر گردوں کا بیڑہ غرق کر کے مریض کو معصومیت کے ساتھ ڈایالائسس تک پہنچا کر ہاتھ کھڑا کر دیتی ھے

ویسے بھی اس سسٹم میں میڈیسن کی تین ہی اقسام ہیں جیسا کہ 1 پین کلر 2 اینٹی بائیوٹک اور سٹیرائیڈ و ویکسینز (مصنوعی وٹامنز) اور چوتھی قسم کی میڈیسن کی دریافت زمین پر تو ناممکن ہے مریخ پر ہو جائے تو کچھ کہا نہیں جاسکتا۔۔۔۔۔۔

بہر حال گردوں سے پتھری نکالنے کے ہزار ہا نسخے موجود ھیں اور شاید یہی وہ بیماری ھے جس میں مریض کو تھوڑے سے عرصہ میں سینکڑوں نسخوں سے گزار دیا جاتا ھے۔۔۔ایسے میں اگر کوئی عطائی مل جائے تو بعض اوقات لینے کے دینے بھی پڑتے ھیں

مگر افسوس یہ ھے کہ ہر معالج کی یہی کوشش ہوتی ھے کہ بس پتھری نکل جائے نہ کہ یہ کہ مستقبل میں پتھری بننے کا عمل بھی روکا جاسکے ؟؟؟

ڈاکٹر تنویر شاہد

ڈاکٹر آف ونڈر فل میڈیکل سسٹم الیکٹرو ہومیو پیتھی۔وسپیشلسٹ آف حجامہ

اسباب امراض گردہ

1۔ زمینی پانی کا استعمال

2۔ چھوٹی آنت کی سوزش

3۔ شراب نوشی و دیسی شراب

4۔ الکوحل سے بنے مشروبات و کولڈ ڈرنکس کی زیادتی

5۔ کولیسٹرول والے ہائی بی پی و شوگر اور انہیں کے علاج کی ایلو میڈیسن و انسولین

6۔ غیر مستند ذرائع سے کشتہ کا حصول

7۔ وراثتی طور پر جسم و گردے کے ٹشوز کا نازک ہونا

8۔ ویاگرہ کا اندھا دھند استعمال

چھوٹی آنت کی سوزش کی وضاحت۔۔۔۔۔

چھوٹی آنت کی سوزش سے معدہ و جگر مفید خوراک کو صحیح طریقہ سے ہضم نہیں کر سکتے اور بلڈ میں یورک ایسڈ کی مقدار بڑھنے لگتی ہے جس سے گردوں و پتہ میں پتھریاں وجود میں آتی ہیں۔۔۔اور بار بار پتھری یا سرجری سے گردے فیل ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔

اسی طرح ایک یا دونوں گردوں میں کسی سسٹ کی بدولت عضوء گردہ کی خود اپنی خوراک (بلڈ) رک جاتی ہے

جس سے گردے سکڑنا شروع ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

بے ضرر و حقیقی علاج: الیکٹرو ہومیو پیتھک میں

S6+C6+A2+VEN-2

اس نسخہ کو مختلف مریضوں کو مختلف طاقتوں میں استعمال کروایا جاتا ہے

گردوں کے ہر طرح کے عوارض میں بہت ہی لازوال و بے ضرر میڈیسن ہے اس لیول کی میڈیسن شائد ہی کسی اور سسٹم میں بن سکے۔نہ صرف یہ کہ گردے کی پتھری بلکہ پتہ کی پتھری بھی بغیر آپریشن نکال باہر کرتی ہے۔۔۔۔۔خون کے اجزاء و کمپوزیشن کو درست کر کے فیوچر میں بھی پتھری بننے کا عمل روک دیتی ہے۔۔۔۔۔

نوٹ: اسی میڈیسن سے بلڈ یوریا و کریٹنین بھی بہت جلد نارمل ہونا شروع ہو جاتے ھیں

دیگر علامات قے یا پیشاپ میں خون وغیرہ پہلے دن سے ہی ٹھیک ھو جاتے ہیں

مکمل اسلامی و مستقل علاج ہے۔۔۔کسی قسم کا سائیڈ ایفیکٹ نہیں ھے۔۔۔۔بارھا آزمودہ ھے۔۔۔۔

باقی شفا کی مالک صرف اور صرف اللہ کی ذات مبارک ھے۔

ڈاکٹر تنویر شاہد-(12-10-17)

شوگر۔۔۔اور۔۔۔الیکٹرو ہومیو پیتھی:۔

شوگرایک عجیب بیماری ہے کہ جس کا نہ سر ہے نا پیر۔۔۔۔نہ اسکے ہونے کی آج تک کوئی وجہ بتا سکا ہے۔۔۔۔اس بیماری کی پیدائش نے ایلو سسٹم کو مزید ناکام ثابت کر دیا ہے۔۔۔۔ہر بیماری کی طرح اس میں بھی اب تک صرف فرسٹ ایڈ سے ہی کام چلایا جارہا ہے۔۔۔۔

شوگر کے ہونے کی وجوہات

پہلی وجہ

چونکہ شوگر صرف اور صرف غدودی بیماری ہے۔۔۔۔مثلاً جگر،لبلبہ،معدہ اور گردے یہ سب غدود ہیں ان سے ہٹ کر سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ ان سب میں کوئی بگاڑ بھی نہ ہو اور شوگر بھی ہو جائے۔۔۔۔

دوسری وجہ

(سیلز ڈسٹربنس تھیوری)

جسم میں گلوکوز کا مناسب طور پر استعمال نہ ہونا۔۔۔۔یعنی کہ خوراک جو ہم کھاتے ہیں وہ گلوکوز کی صورت میں بلڈ میں شامل ہوتی رہتی ہے۔۔۔اور بذریعہ بلڈ وہ جسم کے ایک ایک سیل کو پہنچائی جاتی ہے۔۔۔خوراک یا گلوکوز کا انہیں نظر نہ آنے والے سیلز میں جذب ہونے کا عمل ہی ثابت کرتا ہے کہ صحت مند یا طاقت ور جسم بن رہا ہے۔۔۔

اس وجہ کو سمجھنا ان احباب کے لئے زیادہ آسان ہوگا جن کے آس پاس سیم کی تباہ کاریاں ہیں۔۔۔اس وجہ کے مطابق سیم اور شوگر ایک جیسی بیماریاں ہے۔۔۔ سیم زدہ زمین کو نہری پانی کم دیا جاتا ھے اور سیم نالے بنا کر پانی کا لیول کم کیا جاتا ہے۔۔۔اسی طرح شوگر والے مریض کو مخصوص غذا دی جاتی ہے مگر سیم نالوں کی طرح جسم سے شوگر نکالنے کی بجائے مصنوئی انسولین لگا کر لیول کم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔۔۔۔

اس تھیوری کا اب میں پروف بھی دیتا ہوں۔۔۔۔۔

نمبر-1 احباب جانتے ہیں کہ انسولین سے شوگر کنٹرول ہونے کے باوجود یہ مریض کمزور و معذور ہوتا چلا جاتا ہے۔۔۔

نمبر-2 مریض کی ہڈیاں، دانت، بینائی اور سیکس پاور تک ختم ہو جاتی ہے۔۔۔۔اور پاؤں سُن ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔۔۔ایسے میں اگر پاؤں کی انگلی زخمی ہو جائے تو ایلو حضرات ایڑی چوٹی کا زور لگاتے ہیں مگر زخم مزید بگڑنے پر سرجری کے ٹیسٹ میچز کی خواہش ظاہر کر دیتے ہیں۔۔۔۔۔اور میری یہ بات سچ ثابت ہو جاتی ہے کہ تھرڈ جنریشن کی جدید اینٹی بائیوٹک کا اثر زخمی سیلز تک پہنچنے میں ناکام ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔؟

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جسم میں کسی ایسی چیز کا سائیڈ ایفیکٹ ہوا ہے جس نے سیلز میں اینابولزم کو ڈسٹرب کر دیا ہے جس سے یا تو سیلز کا اپنا فنکشن ڈسٹرب ہوا یا اس چیز نے سیل میں صحیح مقدار میں گلوکوز کو سیل میں داخل ہی نہیں ہونے دیا۔۔۔۔۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ خوراک جسم کو نہیں لگتی۔۔۔۔اینٹی بائیوٹک کا اثر زخمی سیلز تک نہیں پہنچتا۔۔۔یہی مفید گلوکوز دانت تک نہیں پہنچتی تو دانت گرنا شروع۔۔۔۔آنکھوں تک نہ پہنچنے پر بینائی

ڈسٹرب۔۔۔۔ہڈیوں تک پوری مقدار نہ پہنچنے پر ہڈیاں کمزور اور سیکس پاور بھی ختم۔۔۔۔زخم تک نہ پہنچنے پر زخم کا بگڑ کر گینگرین بن جانا۔۔۔۔۔اب ظاہری سی بات ہے کہ جسم میں جب گلوکوز کی کھپت ہی نہیں ہے تو لبلبہ کہاں تک انسولین پیدا کر سکتا ہے؟؟؟

اکنامکس کے اصول ک مطابق ڈیمانڈ پر پروڈکشن ہوا کرتی ہے۔۔۔۔ڈیمانڈ نہی تو پروڈکشن بند۔۔۔۔جس طرح بھوک نہ ہو تو کوئی بھی بچہ نہیں روتا کیوں کہ ڈیمانڈ نہیں ہے۔۔۔۔مگر شوگر کے مریض کو تو ڈیمانڈ بھی ہے پھر بھی پرہیز کروایا جارہا ہے۔۔۔۔۔؟ جبکہ اسکا علاج چاہتے ہوئے بھی ایلو پیتھی کرنے میں ناکام ہے۔۔۔۔

ایک اور دلیل کہ اگر شوگر لیول برقرار رکھنا ہی علاج ہے تو شوگر کے مریض انسولین کے باوجود بھی دانت، بینائی، ٹانگ، طاقت اور سیکس سے کیوں محروم ہوتے جارہے ہیں؟؟؟؟

اب شاید ایلو حضرات اس تھیوری کو فورا ریجکٹ کر سکتے ہیں مگر حقیقت یہی ہے کہ اینٹی بائیوٹک کے بغیر بھی ہر زخم وائٹ بلڈ سیلز کی مدد سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔۔۔۔مگر یہاں تو میڈیسن بھی ناکام ہو رہی ہیں۔۔۔۔۔

دونوں وجوہات کے وقوع پذیر ہونے کے عوامل۔۔۔۔

نمبر-1 لبلبہ کے فنکشنز کا ڈسٹرب ہونا

نمبر-2 گلوکوز کا سیلز میں کم مقدار میں داخل ہونا

دونوں صورتوں میں انگلش میڈیسن کا اندھادھند استعمال ہے۔۔۔۔چونکہ یہ سسٹم مصنوعی میڈیسن سسٹم ہے اس لئے یہ جسم کے ساتھ میچ نہیں کرتا۔۔۔۔اور دوسری بات بے دھڑک ہائی پوٹینسی کا استعمال ہے۔۔۔۔جو لبلبہ کے فنکشنز کو ڈسٹرب کر دیتا ہے جس طرح ہائی وولٹیج کے جھٹکے الیکٹرونکس کی اشیاء کو جلا دیتے ہیں۔۔۔۔ اس سے جگر کے فنکشن بھی متاثر ہو جاتے ہیں اور معدہ تک خراب ہو جاتا ہے۔۔۔۔دوسرا یہی میڈیسن ہیں جو سیلز کی سطح پر ایک تہہ پیدا کر دیتی ہیں کہ گلوکوز مناسب مقدار میں جسم کے سیلز میں داخل ہی نہیں ہوتی۔۔۔۔۔یا یہ میڈیسن جس طرح لبلبہ کے فنکشن کو ڈسٹرب کرتی ہیں اسی طرح ایک سیل کو بھی جلا دیتی ہیں جس سے سیلز کا گلوکوز توڑ کر ہضم کرنے والا پروسس یا فنکشن ڈسٹرب ہو جاتا ہے۔۔۔اور نتیجہ میں گلوکوز ہضم ہی نہیں ہوتی۔۔۔۔۔ جس سے دیگر مسائل کے ساتھ ساتھ بلڈ میں شوگر لیول بھی بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔۔

ایلو تھیوری کہ "لبلبہ کام نہیں کرتا" یا فیل ہو گیا ہے۔۔۔۔ بالکل غلط ہے۔۔۔۔پہلی بات تو ایلو ریسرچر شاید قیامت تک اربوں روپیہ خرچ کر کے بھی یہ نہیں بتا سکتے کہ چلو مان لیا کہ لبلبہ کام نہی کرتا مگر اسکی وجہ تو بتا دیں

کہ کس وجہ سے لبلبہ نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے تاکہ انسان اس خوراک یا عمل سے پرہیز کر کے لبلبہ کو فیل ہونے سے بچالے تاکہ شوگر جیسی مرض سے بچا جا سکے۔۔۔۔؟

مگر میں کہتا ہوں کہ لبلبہ فیل یا ختم نہیں ہوا مگر اس کے فنکشنز ڈسٹرب ہیں۔۔۔دلیل یہ ہے کہ 500 شوگر والا آدمی جب فوراً بے ہوش ہو کر گرتا ہے تو یک دم کس سسٹم نے اسکی شوگر غائب کر دی؟؟؟ کونسا عضو ہے جو لبلبہ کے بغیر یہ کام کر سکے؟؟؟ یہ لبلبہ ہی ہے جو اچانک ورکنگ میں آکر انسولین اتنی پیدا کر دیتا ہے کہ شوگر اپنے لیول سے بھی ڈاؤن ہو جاتی ہے جس سے مریض بے ہوش ہو کر گر جاتا ہے۔۔۔

ایلو ریسرچر خود ٹامک ٹوئیاں مارتے ہیں۔۔۔اور اربوں کی لیبارٹریوں میں بیٹھ کر وہ بات کرتے ہیں جس کا سر ہوتا ہے نہ پیر۔۔۔اور شاید ایک دن وہ بھی آجائے کہ وہ شوگر میں میری سیلز ڈسٹر بنس تھیوری بھی مان لیں۔۔۔مگر تب بھی وہ یہ نہ کہہ دیں کہ جسم کے سیلز فیل ہو گئے ہیں نہ کہ یہ سیلز کے فنکشنز ڈسٹرب ہیں۔۔۔۔

یہ سب تو شوگر کی بیماری، دائرہ عمل اور ایلو پیتھک کی ریسرچ کی بنیادی غلطیاں ہیں اب ہم علاج کی طرف آتے ہیں۔۔۔پہلے میں آپکو الیکٹرو کی پاکستان میں آمد و سبب بیان کرتا ہوں۔۔۔

الیکٹروہومیو کی پاکستان میں آمد:۔

1960 کی دہائی میں بشیر احمد کھوکھر (مرحوم) جو کراچی میں مشہور زمانہ ہومیوپیتھ تھے۔۔۔ کو شوگر کا مرض ہوا اور کسی دوست کے مشورہ پہ الیکٹرو کی میڈیسن انڈیا سے منگوائی اور مستقل طور پر الیکٹرو ہی کے طبیب ہو گئے۔۔۔ آپ انڈیا میں کان پور میں الیکٹرو یونیورسٹی کے اہم عہدے دار بھی ہوئے اور 1971 میں پاکستان میں الیکٹرو کو رجسٹرڈ بھی کروایا۔۔۔

تو میں یہی کہوں گا کہ شوگر کی بدولت ہی الیکٹرو پاکستان میں تشریف لائی۔۔۔ احباب اس بات سے شوگر پر الیکٹرو کے اثرات ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔۔۔

علاج۔۔۔۔۔

الیکٹروہومیو پیتھی نے شوگر کا بہترین علاج دنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔۔۔ شوگر سے ریلیٹڈ 50% سے زائد علامات کا خاتمہ پہلے 4،2 دن میں ہی ہو جاتا ہے۔۔۔ پیشاب کا بار بار آنا تقریبا پہلے دن سے کور ہو جاتا ہے۔۔۔ ڈیڑھ 2 ماہ کے استعمال سے سیکس پاور بھی لوٹ آتی ہے۔۔۔ انسان میں نئی زندگی و بھرپور زندگی کی جھلک باقاعدہ نظر آنے لگتی ہے۔۔۔

الیکٹرو میڈیسن شوگر کے زخموں کا جو ستیاناس کرتی ہے شاید ہی کبھی ایلو یا دوسری طب کر سکے۔۔۔۔ پاؤں و ٹانگوں کے سن پن کو پہلے دن سے ہی ختم کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔۔۔۔

ہم شوگر کے مریض کا علاج 4 سے 6 ماہ میں مکمل کر لیتے ہیں۔۔۔

سب سے مزے کی بات یہ ہے کہ آپ گلائیکو میٹر سے شو گر چیک کر کے ایک ڈوز لے لیں۔۔۔اور ایک گھنٹہ بعد پھر شو گر چیک کر لیں۔۔۔۔نتائج دیکھ کر آپ حیران نہ رہ جائیں تو کہنا۔۔۔۔؟

ہم الیکٹرو کے ان کمبنیشن

66 200x

222 30x

Ven- 120x

شو گر میں بے دھڑک استعمال کرتے ہیں۔۔۔۔

میں اپنے اس نسخہ و شو گر پر اپنے نظریات ثابت کرنے کے لیے واحد شو گر کی بیماری کا ملک بھر کی عوام کے لیے ایک ایسا میکا نزم بنانا چاہتا ہوں کہ کم از کم شو گر کا علاج بالکل فری کیا جا سکے۔۔۔۔۔یہ آفر آپ سب کے لیے اس عید کا پیکج ہے۔۔۔۔مگر چو نکہ ابھی ہمارے وسائل ذرا محدود ہیں۔۔۔ہم کسی سے مالی امداد یا چندہ لیکر فلاحی کام کرنے کے خواہشمند بھی نہیں ہیں۔۔۔

مگر پھر بھی کچھ عرصہ تک ایسا پرو گرام پیش کر دیا جائے گا کہ مریض خود آکر اپنی میڈیسن لے سکے۔۔۔۔اور شو گر پر اس کے کمالات دیکھ سکے۔۔۔

باقی شفا کا مالک اللہ تعالی کی ذات ہے۔۔۔۔انسان تو صرف کوشش کرتا ہے اسباب اللہ بناتا ہے۔۔۔۔ مگر یہ بات بھی ضرور ہے کہ ہم مریض کو نقصان دہ اشیاء دوائی کے نام دے کر دھوکا نہیں کرتے۔۔۔۔

الیکٹرو نہایت ہی بے ضرر ترین سسٹم ہے جس کی دنیا بھر میں مثال نہیں ہے۔۔۔۔۔

مفہوم حدیث پاک ہے

'تم علاج معالجہ کرو مگر تم حرام شے سے علاج نہ کرو'۔۔۔۔

نوٹ۔۔۔۔۔

شوگر کے بارے میں میرا پہلا نظریہ "ڈسٹر بنس فنکشن آف لبلبہ اور دوسرا نظریہ یعنی" سیلز ڈسٹر بنس تھیوری" میری ذاتی سوچ ہے، غلط بھی ہو سکتی ہے۔۔۔۔ مگر احباب اس بارے میں سوچ بچار کر لیں تو کیا حرج ہے ؟؟؟

ڈاکٹر تنویر شاھد

الیکٹرو ہومیو فزیشن پاکستان

سلام ٹُو آل ممبرز۔۔۔۔

1-ملک بھر میں الیکٹروہومیو کی معیاری میڈیسن کا مسلہ در پیش آرہا ہے۔۔۔۔

کچھ دوست ہر مسلہ کے حل کے لیے خالص جرمنی کی ہی امید رکھتے ہیں جو کہ بالکل غلط بات ہے۔۔۔۔ کیونکہ بہت سی امراض بشمول شوگر میں آپکو اسکی طاقت ہی فائدہ دے سکتی ہے نہ کہ میڈیسن کا 0 x ہونا۔۔۔۔۔ ہومیو والے میری بات کی تصدیق کر سکتے ہیں۔۔۔۔

2-اب بعض اوقات اگر کسی احباب کو کسی الیکٹرو کلینک کا ایڈرس دے بھی دیا جائے تو کنفرم نہیں ہوتا کہ وہاں سے آپکو مطلوبہ چیز ہی ملے گی یا نہیں۔۔۔۔۔ اور ایسا ہوا بھی ہے اسی لیے نسخہ نہیں دیا جارہا۔۔۔

3-اگر پھر بھی ایڈرس یا نسخہ دینے پر آپکو مطلوبہ نتائج نہ ملے تب بھی لوگ اس سسٹم سے بدظن ہو جائیں گے۔۔۔۔ یہی وجوہات ہیں جسکی بناء پر یہ سسٹم پاک میں بہت پیچھے رہ گیا ہے۔۔۔۔

4-پاکستان بھر میں گھر بیٹھے اسکا ڈپلومہ فراہم کردیا جاتا ہے جس سے ماہر الیکٹرو پیتھ کی بجائے عطائی پیدا ہو گئے ہیں۔۔۔ اور عطائی وہی ہوتا ہے جس کے پاس کسی بھی علم میں عبور نہ ہو۔۔۔۔۔

5-اس طرح مریض بدظن بھی ہوتا ہے۔۔۔۔۔ اسکو خواری کے ساتھ ساتھ مرض میں اضافہ یا اسکا پیسہ ضائع ہونے کا احتمال ہوتا ہے۔۔۔۔۔

6-ہم چاہتے ہیں کہ ملک بھر میں ماہر الیکٹروپیتھ کا علم ہو۔۔۔تاکہ ان کی مناسب رہنمائی وعلم کے بعد اسے مطلوبہ میڈیسن کی فراہمی بھی ہو اور ہر مریض کو سستی ترین میڈیسن مل سکے اور اگر مریض کی تسلی یاافاقہ نہ ہو تو اسکا سدباب بھی کیا جاسکے۔۔۔تاکہ مریض اور ڈاکٹر میں اعتماد کا رشتہ موجود رہے۔۔۔

باقی میں سب احباب کو یقین دلاتاہوں کہ یہ بے ضرر و سستا ترین سسٹم ہے۔۔۔اور ہم اس سسٹم کو پھیلانے کے لیے لوٹ مار کا بھی خاتمہ چاہتے ہیں۔۔۔

ہماری سچائی یہ بھی ہے کہ ہم توشوگر کا علاج پورے ملک میں فری بھی کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہر مریض اسے بلا خوف خطر آزماسکے اور خدانخواستہ کسی کیس میں ناکامی بھی ہو یا مریض مایوس بھی ہو تو کم از کم اسکی دولت توضائع نہ ہوسکے۔۔۔۔۔۔

باقی فری علاج کے لئے بھی کسی میکانزم کی ضرورت ہے آپ سب رائے دے سکتے ہیں کہ کیا طریقہ کار اختیار کریں کہ ملک بھر میں ہر مریض کو چیک کر کے علاج شروع کیا جاسکے۔۔۔۔

آپ خود ہی بتائیں کہ اگر میں اپنا ایڈرس دے بھی دوں تو دور دراز کے مریضوں کو کس طرح ٹچ کیا جاسکتا ہے؟؟؟ان کا مسلہ تو پھر بھی موجود رہے گا۔۔۔

باقی عید کی وجہ سے ہم بھی اپنے ٹاپک کینسر کو چھوڑ کر شوگر میں قبل از وقت گھس آئے حالانکہ 6 ماہ تک کسی میکانزم پہ ورک ہوچکا ہوتاتب یہ پوسٹ کی جاتی تونہ ہم پریشان ہوتے نہ آپ سب ہوتے۔۔۔۔۔

باقی شوگر پر یقیناً قسط 2 بھی بنتی ہے۔۔۔۔ مضمون کی طوالت واحباب کے انتظار پر پہلی قسط ہی پوسٹ کرنا پڑی مگر اس میں بھی کوئی خاص کمی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

شوگر کے موضوع پہ ساری تفصیلات کو کتابی شکل بھی دینے کا بہت جلد ارادہ ہے۔۔۔۔۔ اسکے علاوہ ماہنامہ "الیکٹر وہومیو" کا بھی پلان ہے۔۔۔۔۔ مگر اس سے بھی پہلے ایک ایسے مٹیریا میڈیکا کو چھپوانے کے لیے بھی کام جاری ہے جو شاید پہلے کبھی موجود نہ ہوگا۔۔۔۔۔

آپ سب کی رائے ودعاوں کی ضرورت ہے تاکہ ہم اس سسٹم ومیڈیسن کو ہر آدمی کی پہنچ میں ممکن بنا سکیں۔

باقی میرا یہ پیغام ہر قسم کی مرض میں مبتلا مریض کے لیے ہے کہ مایوسی گناہ ہے۔۔۔۔۔ الیکٹرو میں ہر لاعلاج مرض کا علاج موجود ہے۔۔۔۔۔ آپ کم از کم ایک بار اس سسٹم کو ضرور آزمالیں۔

ڈاکٹر تنویر شاھد

جگر کا کینسر۔۔۔۔ کھلواڑ۔۔۔۔۔۔اور علاج۔۔۔۔:۔

جگر عضو رئیس ہے۔۔۔۔اسکا بڑا کام خوراک کے ہاضمہ کے لیے اینزائمز کی فراہمی۔۔۔۔ پھر ہضم شدہ خوراک کو حرارت سے پکا کر سرخ رنگت دینا ہے جسے ہم خون کہتے ہیں۔۔۔۔ پھر خوراک کے فضول اجزاء کو اپنی رطوبت صفراء کی مدد سے جسم سے نکالنا بھی ہے۔۔۔۔

جگر کے سیلز میں مائی ٹوسس یادیگر عوامل کی بدولت جب بھی کوئی سسٹ یار سولی وجود میں آتی ھے تو کینسر کا نام ڈیکلئیر ہونے پر مریض کو موت سے قبل موت دکھائی دینے لگتی ہے۔۔۔۔اور پھر۔۔۔۔۔ جگر کی سرجری کا زیادہ تر ایک ہی ون-ڈے میچ بمشکل چلتاہے کہ ٹرانسپلانٹ کی ترغیب دے کراور میچز کی خواہش بھی ظاھر کر دی جاتی ہے۔۔۔۔۔ مگر زیادہ تر یہ میچ غربت،عطیہ کنندہ کی عدم موجودگی پر منسوخ ہو جاتاہے۔ یا پھر سب کچھ ارینج ہوجانے کے بعد یہ میچ ملک میں مطلوبہ (۔ skills سکلز) گراونڈز نہ ہونے کے سبب انڈیامیں منتقل کر دیا جاتاہے۔۔۔۔

مگر زیادہ تراس فائنل میچ میں بھی جیت ایمپائروں کی ہی ہوا کرتی ھے۔۔۔۔

ویسے یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جگر کے ٹرانسپلانٹ والے میچز سے صرف امیر ترین لوگ ہی لطف اندوز ہوا کرتے ہیں اور ملک بھر کی 70% آبادی کو غربت کے سبب اس طرح دھتکارہ جاتاہے کہ کوئی پرسان حال بھی نہی ہوتا۔۔۔۔

ایک وقت تھا کہ کہ سر جری کو ہم بھی ایک نعمت سمجھا کرتے تھے۔۔۔ مگر الیکٹرو کی بدولت دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوتے بھی دیکھا ہے۔۔۔۔ جب بھی جسم میں کہیں بھی کینسر کی تشخیص ہو تو شروع میں ہی ایلو میں اسکا سد باب نہ ہونے کے سبب بذریعہ ریڈیالوجی و کیمو تھراپی بات سرجری تک پہنچتی ہے۔۔۔۔ جیسا کہ ہم کہتے ہیں کہ مریض کو لاشعوری طور پر مسیحا ہی بند گلی تک پہنچاتے ہیں۔۔۔۔۔ اور کبھی کبھی مریض خود بھی سستی کی بدولت خود کو بند گلی میں پاتا ہے تو کینسر کے نام پر فرسٹ ایڈ سے بھی محروم ہو چکا ہوتا ہے۔۔۔۔

الیکٹرو ہومیو پیتھی میں کینسر کی دیگر ادویہ کے ہمراہ جگر کی اپنی دوا F1 کو مرض کی شدت کے مطابق مختلف طاقتوں میں S2 کے ساتھ استعمال کروائی جاتی ہے۔۔۔

اور جگر پر F2+GE کا مساج کروانے سے مریض فوراً سکون محسوس کرتا ہے۔۔۔ زیادہ تر دکھ درد بیرونی مساج سے ہی دور ہو جاتے ہیں اور مریض کی ایمرجنسی کا خاتمہ ہونے لگتا ہے تو الیکٹرو کا جادو سر چڑھ کے بولنے لگتا ہے۔۔۔

ویسے ہم کسی بھی طب کو مکمل طور پر غلط نہیں کہتے مگر غیر فطرتی عوامل یا ابھی تک مریض پر ہونے والے تجربات پر تنقید کا حق ضرور رکھتے ہیں جس میں پیسے اور زندگی کا نقصان مریض کا ہی ہوا کرتا ہے۔۔۔۔

تجویز:۔وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔الحمدللہ خیریت طالبِ خیریت۔

سمندر پھل اور جائفل پنساری سے لیکر کر ہموزن پیس کر تین ماشہ شام کھانے کے بعد پانی سے دیں. اگر حیض جاری ہو جائے تو ٹھیک ورنہ دوسرے دن پھر دیں پھر بھی نہ ہوں تو تیسرے دن پھر دے دیں امید ہے ہو جائیں گے ان شاءاللہ. جاری ہونے پر دوا روک دینی ہے.

ڈاکٹر محمد زمان صابر

مرہم بواسیر

جو اپنی تعریف آپ ہے۔

مازو تین حصے، افیون دو حصے، مسکہ یا ویزلین پانچ حصے۔

باہم کھرل کر کے مرہم بنالیں۔

صبح اور رات سوتے وقت مسوں پر لگائیں۔ درد و خارش پہلے روز زائل ہو جائے گی۔

چار روز کے استعمال سے مسے نیست و نابود ہوں گے۔

ڈاکٹر محمد زمان صابر

اکسیرِ بواسیر

....

ھوالشافی. مائیں خورد پانچ تولہ, کالی مرچ دو تولہ.

دونوں کو ڈیڑھ سیر مولی کے رس میں کھرل کر کے بڑے چنے جتنی گولیاں بنالیں. ایک گولی چھٹانک مکھن سے صبح ناشتے میں کھالیا کریں. سات دن میں بواسیر خونی و بادی درست ہو گی اور خون چاہے سیروں آتا ہو دوسرے دن بند ہو گا ان شاءاللہ.

مسوں پر یہی گولی لعاب دہن سے گھس کر لگادیں اکسیر اور مجرب ہے.

....

ڈاکٹر محمد زمان صابر

فنگل الرجی: استفسارِ مریض

ڈاکٹر صاحب فنگل الرجی کے لیے جلد اثر کرنے والی ہو میو دوا بتائیں.

تجویزی دوا: پٹرولیم 30 پانچ پانچ ڈراپ آدھا کپ پانی میں دن میں تین بار کھانے کے گھنٹہ بعد پی لیا کریں۔ ان شاءاللہ جلد شفاء ہو گی۔

استفسار مریض برائے ٹائمنگ

السلام علیکم. ڈاکٹر صاحب بہت کمزوری ہے ٹائمنگ نہ ہونے کے برابر ہے اور کبھی تو دخول سے پہلے انزال ہو جاتا ہے۔ مہربانی فرما کر کوئی اچھی سی ہومیو دوا تجویز فرمادیں۔

بہت نوازش ہو گی۔

....

تجویز:۔ ہومیو ڈراپ (ڈامیانہ Q) کے دس دس قطرے دن میں تین بار آدھا گلاس پانی میں کھانے کے گھنٹہ بعد پی لیا کریں. دوا مسعود کمپنی کی یا جرمنی کی لیں.

. ساتھ ایسڈ فاس 200 کے پانچ قطرے صبح نہار منہ لیں آدھا کپ پانی میں.

....

ڈاکٹر محمد زمان صابر

السلام علیکم عزیز دوستو بھائیو!

بوجہ مصروفیت کافی لمبی غیر حاضری کے بعد پھر آپ پیاروں کی محفل میں حاضر :)

دعا ہے اللہ کریم ہم سب کو ہمیشہ سلامت اور انسانیت کی خدمت میں جڑا رکھے آمین ثم آمین.

....

لگے ہاتھوں کشتہ نیلا تھوتھا,

جو خون کی خرابیوں کی اکسیر ہے,

نیز جلدی امراض الرجی خارش حتیٰ کہ آتشک کا بھی ایک ہفتہ میں خاتمہ کر سکتا ہے.

ترکیب=پھٹکنڈہ تازہ کوٹ کر 250 گرام کے نغدے میں 12 گرام نیلا رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں.

خوراک=دو سے چار رتی دہی میں کھلائیں. سات خوراک کافی ہوں گی ان شاءاللہ.

دوران استعمال غذا گھی روٹی.

....

ڈاکٹر محمد زمان صابر.

سنیاسی کہانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میم،نون کی زبانی

....

دوستو یہ کہانی دو کرداروں (میم،نون) کی ہے۔نون کی یعنی ایک البیلے معصوم سنیاسی نسخہ کی جو صدیوں سے نرم و گداز اور قدر دان سینوں کا مکین تھا.

اور انہی قدر دان سینوں میں نسل در نسل سفر کرتے ہوئے ہمارے دور تک آ پہنچا تھا. فطرت کے منتخب کردہ کچھ گداز سینوں کی پناہ اور مہربان ہاتھوں کے لمس کے سوا یہ معصوم دیگر زمانے کی سرد و گرم ہواؤں سے ناآشنا تھا۔

اور میم کی یعنی نون کے اس آخری ٹھکانے کی جو چاہتا تھا کہ نون کو وسیع سے وسیع تر ٹھکانے ملیں اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی مسیحائی تاثیر سے فیض مند ہوں۔

دوستو کہانی کچھ یوں شروع ہوتی ہے کہ،

اس مکیں یعنی سنیاسی نسخہ (نون) کے زمانہ حاضر کے ٹھکانے اور مکاں (میم) کے دل کو ماحول کے کچھ مناظر نے اپنی طرف بے اختیار کھینچ لیا۔اور اس پر اچانک یہ منکشف ہوا کہ آس پاس دکھی اور سسکتی انسانیت کو کسی عظیم مسیحا کی ضرورت ہے۔اپنے اور غیروں کی سازش کا شکار اس دکھی بیمار انسانیت پر اس کا دل بے آختیار بھر آیا.
لیکن میم کوئی عظیم مسیحا نہیں تھا کہ پوری انسانیت کے دکھ درد کے لیے تنہا مسیحائی کر سکتا۔اس لیے یکدم اسے

اپنی کوتاہی اور کم مائیگی کا احساس ستانے لگا۔اور مایوسیوں نے اس پر ہر طرف سے اپنے سیاہ جھالے تاننے شروع کر دیے۔انہی مایوسیوں سے لڑتے جھگڑتے اچانک ایک شعر اس کے لبوں پر دعا بن کر ابھرا،

""ختم کر دے یہ صدیوں کا الم ناک سفر

اے خدا بھیج کوئی راہ دکھانے والا""

دعائیں بے تاثیر کب ہوتی ہیں، پس اچانک ایک روشن خیال اس کے دل میں کوندا کہ ،اگرچہ وہ پوری دکھی انسانیت کی مسیحائی تو نہیں کر سکتا۔ مگر یوں مایوسیوں کے اندھیرے کے سامنے بے دست و پا ہونے کے بجائے ,اپنے حصہ کا کوئی دیا تو ضرور روشن کر سکتا ہے. شاید ہاں شاید یہ امید کا دیا روشنیوں کا پیغام بن کر ماحول میں چھائی تاریکیوں کے لیے پہلی کرن ثابت ہو،اور پھر اس کی ہمراہی میں مسیحائی کی کرن در کرن اتر کر ایک پر صحت روشن دن کی نوید بن جائیں۔

پس یہ امید فنزاء خیال میم کو اپنے خواب کی تعبیر لگا.اور اس خیال کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اس نے اپنے سر مایہ اپنی خستہ حال زنبیل کو ٹٹولا، جو قدیم اقدار سے نسبت رکھنے کی وجہ سے اسے عزیز از جاں تھی. تو اچانک ایک صدیوں کے امیں سینے اور مہرباں مسیحا کے بخشے ہوئے ہدیہ ء کرم،ایک شہ پارہ پر اس کی نظر جا ٹکی۔اس کو اپنا مقصود ملتا محسوس ہوا۔اور اپنا ہاتھ اس نایابِ زمانہ شہ پارہ کی جانب بے اختیار بڑھا دیا، تاکہ اس کو وہ اپنے دکھی لوگوں کی مسیحائی کی منزل کی طرف پہلا قدم بنا سکے.اور اس اندھیری راہ پر پہلا دیا جلا سکے. لیکن اس نے محسوس کیا کہ وہ شہ پارہ جو صدیوں کے سینے سے ایک مخفی راز کی طرح سفر کرتا آیا تھا. وہ بھلے اپنے سنیاسی دیس کا شہزادہ

سہی لیکن دورِ حاضر کی ناقدری کی بدولت کہیں زیاں نہ ہو جائے، اور اس کا زیاں میم کے روشن خواب کو جلا نہ دے۔

پس میم سوچنے لگا کہ کوئی ایسی صورت نکالی جائے کہ قدردانی کی فضا پروان چڑھ سکے، اور خواب کی تعبیر ممکن ہو سکے۔

پس اس مکانِ گداز نے اپنے ماحول پر نظر ڈالی تو زمانے کے مروج طور طریقہ پر ایک اشتہاری پردے پر نظر پڑی، جو اسے مناسب لگا۔ تاہم ایک امتحان نے اسے آ پکڑا۔ اسے اس اشتہاری مہم میں اخلاص اور حب جاہ کے درمیان تمیز کرنا تھی۔ اس نے اپنے آپ کو پرکھا۔ وہ اخلاص کا دعوی تو نہیں کرنا چاہتا تھا، لیکن اسے اتنی خبر ضرور تھی کہ یہ تمیز نہ کرنے والے سدا اپنے آپ کے لیے ایک جبرِ مسلسل بن جاتے ہیں۔ پس اس نے اللہ کا نام لے کر اس اشتہاری پردے پر اپنے فن اور خونِ جگر کو گھول کر ایک اشتہار کی صورت چھڑک دیا. وہ اشتہار کچھ اس طرح تھا..

ایک نایاب سنیاسی نسخہ

جس کی ایک ہی خوراک سے سوئی ہوئی طاقتیں بیدار ہو کر انتشار و امساک کا سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگتا ہے۔:):)

سنیاسی ایک خوراک کے ہزاروں روپے لیتے ہیں۔

اور ایک سو خوراکیں امید ہے پچاس روپے میں تیار ہو جائیں گی۔:)

پر سنیاسی تو ہوتا ہی وہ ہے جو ککھ کو ہنر سے لکھ کر دے۔

اور ہنر تو مشکل ہوتا ہی ہے، اس لیے یہ نسخہ چائے بنانے سے بس تھوڑا سا آسان ہے۔:)

سچا سنیاسی کبھی مشکل جھنجٹ میں نہیں پڑتا۔

....

یہ اشتہار زمانے کے اشتہاری پردے پر لگا کر میم انتظار کرنے لگا۔اور دل سے دعائیں بھی کرنے لگا کہ اس کا مقصود بھر آئے۔اسے کچھ ایسے قدر شناس اور مہربان سینے مل جائیں کہ جو اس سنیاسی جوھر کی قدر کر سکیں، اور ان مہربانوں کی بدولت یہ مخفی دفینہ بڑے پیمانے پر لوگوں کے دکھ اور بیماریوں کے لیے مداوا اور شفا بن سکے۔

میم نے دیکھا کہ حسب توقع نہ سہی پھر بھی کچھ طالب، کچھ ضرورت مند اپنی دلچسپی کا اظہار لیے جمع ہو گیے ہیں۔ تو اس نے صدیوں کے امین سینوں کے مسافر سنیاسی دنیا کے اس موتی (نون) کو ان کے درمیان لا کے رکھ دیا۔

السلام علیکم پیارے بھائیو دوستو!

حسبِ وعدہ سنیاسی نسخہ

جس کی ایک خوراک سوئی قوتوں کو بحال کرتی ہے۔

ایک انڈا بہتر ہے دیسی ہو، لے کر اس میں نوکدار سائیڈ کی طرف چھوٹا سا سوراخ کر کے سفیدی نکال دیں، اور اس میں سم الفار زرد چھ ماشہ کی ڈلی ڈال دیں۔

اب کسی برتن یا توے پر اتنی ریت ڈالیں کہ انڈا اس پر کھڑا ہو سکے۔ نیچے آگ جلا دیں، ریت گرم ہونے پر آگ دھیمی کر دیں، اور جب زردی کا تیل خشک ہو جائے آگ بند کر دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

بس تیار۔ :) مشکل سے ملا نسخہ ہے قدر فرمائیے گا۔

طریقہ استعمال: ۔ماچس کی تیلی لیکر جتنا حصہ اس پر آتشی مواد لگا ہوتا ہے، تقریباً اتنا حصہ دوسری جانب کا پانی سے گیلا کر کے دوا میں پھیر دیں۔ جو تیلی کے ساتھ لگے وہ زبان سے چاٹ لیں۔

خوراک لیتے وقت پیٹ نہ زیادہ بھرا ہو نہ خالی۔ درمیانہ سا ہو۔

نوٹ: موٹے تازے بندے تو لے لیں۔ لیکن جو کمزور گرم مزاج ہیں ان کے لیے مشورہ ہے کہ چند دن کوئی مغلذ دوا لے کر پھر یہ خوراک لیں۔

ان شاءاللہ مایوسوں کو بھی ایک خوراک کافی ہو گی۔ دوسری خوراک کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

اوہ۔اللہ کی پناہ۔ یہ کیا ہونے لگا۔ جن سینوں سے قدر دانی کی امید باندھی تھی، جن دلوں سے نرمی اور گدازی کی توقع رکھی تھی، وہ ہی سنگ باری کرنے لگے۔

ایک پھتر آیا کہ زہر قاتل ہے۔

دوسرا پتھر طریقہ خوراک غلط۔

ایک اور پر جہالت پتھر مقدار خوراک زیادہ۔

ایک عجیب پتھر کہ طب کے اصول نہیں پائے جا رہے۔

الغرض جتنے منہ اتنی باتیں.

اللہ اللہ یہ کیا ہونے لگا، سارا خواب بکھرنے لگا۔

اچانک نگاہ اس شہ پارہ (نون) پر پڑی تو بہت پژمردہ، مایوس سا لگا۔ جیسے زبان حال سے کہہ رہا ہو،

نون : اے جانِ نون، اے دلِ مہرباں، اے پیارے میم ! یہ کہاں اور کن لوگوں کے درمیاں لا کھڑا کیا ہے مجھے۔ آپ سے زیادہ کسے میری نازکی اور حساسیت کا پتہ ہوگا۔ میری سانسیں گھٹ رہی ہیں۔ پلیز آپ نے جہاں میری تعریف میں اتنے الفاظ لکھے تھے، وہاں میری مذمت میں، ان لوگوں کی موافقت میں دو لفظ لکھ دیں، مجھے زہر لکھ دیں، مجھے قاتل لکھ دیں۔ تاکہ میں ان کی دست برد سے بچ کر واپس اپنے صدیوں کے مہربان سینہ بہ سینہ نرم و گداز ٹھکانوں کی طرف لوٹ جاؤں۔

میم : اے اللہ مدد فرما۔

نون کی فریاد نے دل دہلا دیا.

ایک نگاہ نایابِ زمانہ شہ پارہ پر ڈالی، ایک نظر تماش بینوں کے مجمع پر ڈالی۔ مایوسی کی کالی چمگادڑ پھر اپنے پر پھیلانے لگی. خواب بکھرنے لگا۔ قریب تھا کہ نون کی بات پر عمل کر کے بے حس ہو جاتا، اور اس مقولے پر عمل پیرا ہو جاتا کہ """جتھّے گیّاں بیڑیاں اتھے ہی گیے ملنگ"""

مگر اچانک اللہ کریم کی مدد آن پہنچی، تماشائیوں کے بیچ کچھ غم زدہ، دکھی اور مایوس ہوتے چہروں پر امید کی جلتی بجتی شمعیں نظر آنے لگیں، ہاں وہی شمعیں جو حوصلوں کے لیے مہمیز ہوتی ہیں۔

پس ان جلتی بجھتی شمعوں کے صدقے،

نون کے سامنے دست سوال دراز کر دیا کہ،

اے جانِ میم اے تحفہ دلبراں! یہ لوگ یہ میرے پیارے لوگ ایسے بالکل نہیں ہیں جیسے دکھ رہے ہیں. ان کے اندر اتنی تلخیاں گھول دی گئی ہیں کہ یہ حلاوت کا ذائقہ بھول بیٹھے ہیں۔ یہ بہت مایوس سے ہو گیے ہیں۔

ان کو دلوں کی گدازی اور زبانوں کے تقدس پر اعتبار کرنا بھلا دیا گیا ہے. ان کو فقط چند رٹائے ہوئے لفظوں کی بولی آتی ہے۔

اے جانِ میم، اے پیارے نون! اب وقت آ گیا ہے کہ تو ان کی بولی میں اپنی پہچان بیان کر۔ انھیں بتا کہ علم اور معلومات میں کیا فرق ہوتا ہے۔ انھیں دکھلا کہ نظرِ تنقید اور نگاہِ رسا و اصلاح میں کیا فرق ہوتا ہے۔ پلیز اے پیارے نون ان کو تیری ضرورت ہے. یہ اندر سے بہت دکھی ہیں. کچھ اپنے کچھ غیروں کے لگائے گھاؤ سے گھائل ہیں۔ اگر میں تیری بات مان لیتا ہوں تو ان کی مسیحائی کون کرے گا. ٹھیک ہے تجھے افشا کر کے میں نے کچھ قدیم اصول توڑے ہیں۔ لیکن خدا گواہ ہے یہ سب میں نے انسانیت کی خدمت کے لیے کیا ہے، جو قدیم اصولوں سے زیادہ اہم ہے۔ پلیز اے جانِ میم! میرا ساتھ دے۔

نون پیارے نون چل تجھے ایک قطع بھی سنا دو، شاید تو میری بات سمجھ جائے۔

"""زرخیز زمینیں کبھی بنجر نہیں ہوتیں

دریا ہی بدل لیتے ہیں رستہ اسے کہنا

کچھ لوگ سفر کے لیے موزوں نہیں ہوتے

کچھ رستے کٹتے نہیں تنہا اسے کہنا"""

نون کا دل یہ سب سن کر بھر آیا، اور کچھ اس طرح حاضرینِ مجلس سے مخاطب ہوا۔

نون: اے خرد مندانِ محفل!!!!

سنو! میں کہ صدیوں کا مخفی راز، گداز دلوں کا مکیں، امین سینوں کا مکیں، ہاں میں یعنی نون آپ سے مخاطب ہوں۔

میں نے دلِ میم کا درد پالیا ہے۔ اس کی تمنا، اس کا خواب، میری تمنا اور میرا خواب بن گیا ہے۔ آپ کی محرومیوں کا باعث ہر عقدہ کھل گیا ہے۔ میں کسی کو قصوروار ٹھہرائے بغیر آپ کا ساتھ پانے کو آپ کے کام آنے کو آپ سے اپنا تعارف عرض کرنا چاہتا ہوں۔

میں ایک نسخۂ سنیاسانہ ہوں، جسے علم و فن اور صدیوں کے مجرب ہاتھوں نے ترتیب دیا ہے۔ جسے اخلاص و محبت اور مہرباں ہاتھوں کے لمس نے روحوں میں کھلنے والے علمی شگوفوں پر مرتب کیا ہے۔

آپ لوگوں نے جلد بازی میں مجھے پہچاننے میں خطا کردی ہے۔ میں چاہتا ہوں اپنے پیارے میم کے لیے اور آپ سب پیارے پیارے لوگوں کے لیے آپ کی غیر دانستہ خطا کا ازالہ کردوں۔

سنیں میں ایک پردیسی آپ سے آپ کی زبان میں بات کرتا ہوں۔

آپ سب عقل و دانش کے حامل ہیں۔ آپ کو خوب معلوم ہوگا کہ مفرد اور مرکب کیا ہوتا ہے۔ آپ کی سائنس مرکب اور آمیزہ کی کیا تعریف کرتی ہے، یہ سب بخوبی جانتے ہوں گے۔ آپ نے اسکول کی کیمیا کی کتابوں میں کیمیائی تعامل کی تعریفیں یقیناً پڑھی ہوں گی۔ انہی تعریفوں میں مرکب کی تعریف بھی ہے، کہ جب دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو کیمیائی تعامل سے مرکب کیا جاتا ہے، تو ایک نئی چیز بن جاتی ہے جسے مرکب کہتے ہیں۔ اور اس مرکب کے خواص اس کے اجزاء کے خواص سے الگ ہوتے ہیں۔ شاید کچھ لوگ بھول گیے ہوں تو،

چلیں آپ کو آسان سی مثال سے سمجھاتا ہوں۔

دیکھیں ہائیڈروجن (H) ایک ایندھن گیس ہے، یعنی آتش ہے۔ اور،

آکسیجن (O) آتش کی معاون ہے. آپ لوگوں نے سکول ٹائم میں جلتی موم بتی پر الٹا گلاس رکھ کر مشاہدہ کیا ہوگا کہ آکسیجن نہ ملنے سے آگ بجھ گئی ہوگی. پس آکسیجن آتش کی معاون ثابت ہوئی.

اب آتے ہیں کیمیائی تعامل سے مرکب کے الگ خواص کی جانب.

کیمیائی تعامل سے آتش ہائیڈروجن کے دو مالیکیول اور معاون آکسیجن کا ایک مالیکیول لے کر مرکب کیا تو پانی بن گیا. (H_2O)

اب غور فرمائیں آتش اور معاونِ آتش کے مرکب یعنی پانی کو آگ پر ڈالیں تو آگ کو بجھا دیتا ہے. پس مرکب کا اپنے اجزاء سے خواص میں الگ ہونا واضع ہو گیا. دیکھیے آگ اور آگ کی معاون چیز کیمیائی تعامل پر مرکب ہوئی، تو آگ کی دشمن بن گئی، خواص الٹ ہو گیے۔

یہاں آپ سے خطا ہوئی. آپ نے میرا ایک جزء دیکھا، جس کے نام میں زہر اور زردی کے معنی ہیں۔ آپ نے زہر، زہر کا شور مچا دیا.

پیارے پیارے لوگو! مجھے غور سے دیکھو، میرے کئی اجزاء ہیں، جو خود کو فدا کر کے مرکب ہو کر مسیحائی خواص میں ڈھلتے ہیں.

....

میم: میں نے نون کے تعارف کے درمیان اس مقام پر جب لوگوں کے چہروں پر نگاہ کی, تو کافی ذھن رسا آنکھوں سے ناآشنائی کی دھول اڑتے دیکھی. جب کہ کچھ چہرے ابھی تک لاعلمی کی وجہ سے ٹس سے مس نہ ہوئے تھے.

اسی دوران ایک آدھ پھتر بھی اڑتا آیا، کہ "لو دیکھو یہ کونسا مرکب ہے۔ نرا سم الفار ہے، زہر ہی زہر ہے۔ اور کیمیائی اجزاء کہاں ہیں."

خیر چلیں نون کے تعارف پر واپس چلتے ہیں.

....

نون: عزیز از جاں لوگو! میں اب آپ کو بتانے لگا ہوں کہ کے میرے کتنے اجزاء کیسے آپ کے لیے فدا ہو کر اکسیر میں ڈھلتے ہیں۔ اور علمی زبان میں اپنے اجزاء کا تعارف اور کیمائی عمل کی تشریح کرنے لگا ہوں.

میرا پہلا جز سم الفار زرد ہے۔ ہاں بے شک اس کے نام میں زہر اور زردی کے معنی ہیں۔ لیکن آپ پوری ایمانداری اور انصاف سے سچ بتائیں۔ کیا آپ کے مختلف طریقہ ہائے علاج میں زہروں سے ہی اکسیری دوائیں نہیں بنائی جا رہی ہیں.

"ایک آدھ پھتر پھر: زہر؟ دوا؟"

ابھی ٹھریں میری پوری بات سنیں. دوسری چیز اس جزء میں زردی ہے.

زردی کے بارے جو نہیں جانتے وہ جان لیں کہ زردی گرمی اور آتش کا نشان ہے. سورج کی زردی, دھوپ کی زردی, آگ کی زردی, آم کی زردی, ہلدی کی زردی دیکھیں اکثر گرم ہیں.

اچھا آپ طب سے منسلک لوگ زردیرقان کی مثال سے خوب سمجھیں گے، کہ طبیب لوگ اسے جگر کی گرمی قرار دیتے ہیں۔ سو یہاں بھی زردی گرمی کی علامت ٹھہری.

انڈے کی زردی کو سب جانتے ہیں، مگر یہ کم جانتے ہوں گے کہ یہ دیگر فوائد کے علاوہ سم الفار کا تریاق ہے.

"ایک آدھ چھوٹا سا پھتر، یہ وہ، وہ یہ۔"

ابھی ٹھہریں میرا تعارف جاری ہے، تو یرقان کے مریض کو اطباء جو دوائیں استعمال کراتے ہیں آپ طب سے وابسطہ لوگ خوب جانتے ہیں کہ ان ادویہ میں سر فہرست فولاد ہوتا ہے۔

اب میرے ایک اور جزء کو دیکھیں، جس کی طرف آپ کی نگاہ جا ہی نہیں رہی ہاں وہ جزء ہے ریت۔

ریت جو اپنے جگر کا فولاد شیشے کی چھلنی سے چھان کر جوھرِ لطیف کی صورت اس کیمیائی تعامل کو بخشتی ہے۔

آپ سوچتے ہوں گے ریت تو انڈے سے باہر ہے، یہ کیسے کیمیائی عمل کا حصہ بنے گی؟ تو عزیزو کیا آپ نفوذ کی دن رات مثالیں نہیں دیکھتے۔ خوشبو کا ہوا میں نفوذ، گرم، سرد پانی کی گرمی، سردی کا برتن وغیرہ میں نفوذ۔ اوہ چلیں طب سے متعلقہ مثال لیتے ہیں۔ طبیب حضرات پانی میں سم الفار ڈال کر اس میں انڈہ ابالتے ہیں۔ تو کیا اثرات نفوذ نہیں کرتے۔ عوام یوں سمجھ لیں کہ پانی میں نمک ڈال کر انڈہ ابالنے سے انڈے کا چھلکا آسانی سے اتر آتا ہے ۔ تو یہی نمک کا نفوذ ہے۔

اے حاملین عقل و دانش!

میرا تیسرا جزء بیضہ ہے۔ جو کیلشیم اور فاس کے اجزاء کے علاوہ دیگر کئی غذائی چیزوں سے مرکب ہے۔ اسکا خول ، قدرت کی لطیف چھلنی، خشک زرد چہروں کی شفاریت کے بخشے فولاد اور دیگر جواھر کو اپنے مساموں سے گزارتے ہوئے اپنی کیلشیم وغیرہ کے مخفی خزانوں کو فدا کرتے ہوئے کیمائی تعامل کی نذر کرتا ہے۔

ایک اور اہم جزء آگ کو بھی یاد رکھنا، جو خود جل کر آپ کے لیے فدا ہو کر ریت اور دیگر اجزاء کے جگر پاروں کو اوپر کی جانب نفوذ کراتی ہوئی دھیمی آنچ کے ساتھ کیمیائی تعامل کے اس عمل میں اہم کردار رکھتی ہے۔

جب کیمیائی عمل میں نفوذ پزیری کے لیے آبِ حیات کی ضرورت پڑتی ہے، تو بیضہ کی زردی اپنے جگر کا ایک تولہ نیل نچھاور کرتی ہے۔ فولاد کیلشیم، فاس، وغیرہ کے جوھرِ لطیف حیات بخش دھیمی آنچ پر عرضِ سم میں آب حیات کی موجودگی میں امتزاج پاتے ہیں۔

فطرت کے کئی قوانین مل کر مددگار بنتے ہیں۔ کئی اجزاء اپنی جانوں کو اپنے جگر کو فدا کرتے ہیں۔ تب جا کہ ایسے مرکب ایسی اکسیریں تیار ہوتی ہیں۔

اے یارانِ نکتہ داں !!!

دیکھو بھلے اس مرکب کو آپ اب بھی سم الفار کہیں لیکن یہ زہر سے امرت بن گیا ہے، زرد سے سرخرو ہو گیا ہے۔ اس کے خواص علم و فن کے مراحل سے گزر کر کیا سے کیا ہو چکے ہیں۔ اس کے زرد یر قانی گال اب فقط زرد نہیں رہے، بلکہ ان میں اب خونی رنگوں کا جوھر چھلک رہا ہے۔

میم : اس مقام پر آ کر میں نے دیکھا کہ نون کے اس خوبصورت علمی تعارف پر لوگوں کی آنکھوں سے حقارت کی چربی پگھل چکی تھی۔ تاہم ایک سوال اب تک ان کی آنکھوں سے چھلک رہا تھا وہ سوال اور اس کا جواب جاننے کے لیے چلیے پھر نون کے تعارف کی جانب چلتے ہیں۔

لوگوں کا ایک سوال مہذب لیجہ میں: ٹھیک ہے مان گیے کہ سم مرکب ہو گیا تاثیر بدل گئی، اور مقدار تو پہلے بھی زیادہ نہیں تھی اب بلا شک خطرہ تو دور کی بات مفید بدن ہو گئی لیکن،

کیا ایک خوراک اور وہ بھی ایک لکھ کی خوراک کیا اتنا فائدہ دے سکتی ہے جس کا ذکر کیا گیا ہے؟

نون: دیکھیے صاحبانِ من!!!

میں آپ کو اس کا جواب بھی سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔

یہ سنیاسی علوم ہیں جو میں آپ کی مروجہ سائنسی زباں میں پیش کر رہا ہوں۔ سنیں سنیاسی نسخہ جات اس طرح کام کرتے ہیں جیسے ایک کرنٹ کام کرتا ہے۔ یا موٹر اور پنکھوں میں استعمال ہونے والے کیپسٹر کی طرح ہوتے ہیں جو جسمانی نظاموں کو ایک بار اس طرح فعال کر دیتے ہیں کہ خود ساکت بھی ہو جائیں تو نظام فعال رہتے ہیں۔

رہی تھوڑی سی مقدار کی ایک خوراک، تو کبھی آپ نے اسی کرنٹ کا مروج پیمانوں سے رتی، تولہ کا وزن لیا ہے۔ جو تانبے وغیرہ کی تاروں میں الیکٹرانوں کی دھکم پیل کرتے ہوئے جاری ہو کر بھاری بھر کم مردہ مشینوں کو حرکت میں لے آتا ہے بس اس ایک خوراک اور لکھ کی تھوڑی سی مقدار کو اس کرنٹ پر قیاس فرمالیں۔

میم: میں نے دیکھا کہ لوگ کافی مطمئن کھڑے تھے اور ان کی آنکھوں میں طلب بھی صاف نظر آ رہی تھی۔

لیکن نون تو کسی اور دیس کا باسی تھا اسے اپنے مقام اور لوگوں کی طلب سے کیا لگاؤ۔ وہ تو کسی اور شے کی تلاش میں تھا۔

آیئے ایک بار پھر نون کی جانب جا کر جانتے ہیں کہ اس کی حقیقی طلب کیا تھی۔

نون: اے خندہ جبینو!!!

مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ آپ مجھ کو جاننے لگ گئے ہیں لیکن نہایت درد مندی سے عرض ہے کہ یہ سب سائنس بیان کر دینے کے باوجود میرا وجود محض سائنسی نہیں مجھ سے کامل فائدہ وہ شخص ہی اٹھا سکے گا جو اخلاصِ نیت اور مخلوقِ خدا کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر مجھے مرتب و مرکب کرے گا۔ ورنہ مجھے اکسیری فائدوں کا حامل نہیں پائے گا۔

"ایک پھتر پھر: لیں جی نئی بھاشا سنیں سائنس سے وجود ثابت کروا کر پھر سائنس کی ہی نفی"

نون: عزیزانِ من!!!

مجھے اس سوال پر کوئی گلہ نہیں، کہ جس دنیا میں آپ جی رہے اس میں سائنس کی ترقی اور اسکے فنون کا تقاضا ہے کہ آپ کے ذھنوں میں یہ سوال ابھرے۔

سنیے اے پیارے ہم نشینو!!!

میں نے اب تک آپ کی بولی آپ کے نفع کے لیے بولی اور اب میں اپنی بولی آپ کے نفع کے لیے بولوں گا جس میں آپ کے اس سوال کا جواب بھی ہوگا اور دیگر رہنمائی بھی۔

بس اتنی درخواست ہے کے ظاہری سماعت کے ساتھ ساتھ دل کی سماعت کو بھی شامل رکھنا۔

اے گرامی قدر حکماء اور طبیب حضرات اے دانائے فن !!!

میں نے اپنے تعارف کے شروع میں بتایا تھا کہ میں کسی اور دیس کا باسی تھا۔ مجھے خلوص و محبت کے ہاتھوں سے ترتیب دیا گیا اور صدیوں تک قدردان، امین اور فطرت کے منتخب نرم و گداز سینوں میں میری پرورش ہوئی ۔ مہرباں اور پر اخلاص ہاتھوں کے لمس نے مجھے جھولا۔ میری فطرت میں نزاکت و حساسیت ودیعت کر دی گئی۔ یقین جانیں جس طرح ابدان کے لیے وائرس جراثیم یا خلطوں کا بگاڑ قاتل ثابت ہوتا ہے اسی طرح نیتوں کا کھوٹ، بے قدری، حرص، حبِ مال و جاہ جیسی بد اقدار میرے لیے قاتل ثابت ہوتی ہیں۔ یہ بداقدار و بری خصلتیں مجھ میں نفوذ کر کے مجھے بہت کمزور کر دیتی ہیں اور کبھی تو بالکل مردہ کر دیتی ہیں۔

اے میرے عزیز دانشورو !!!

میں جانتا ہوں آپ کے ذہنوں میں یہ سوال اٹھ رہا ہوگا کہ کیسے یہ غیر مادی خصلتیں میرے مادہ ہوتے ہوئے مجھ میں نفوذ و سرایت کر سکتی ہیں۔

خوب جان لو کہ ایسا ہونا عین ممکن ہے۔ دیکھیں میں آپ کو اس کی وضاحت کچھ مثالوں سے سمجھاتا ہوں۔ یہ سنیاسی علوم کے جوہر ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

آپ نے اکثر گھر میں یا کہیں کسی کھانا بنانے والے ہاتھ کی لذت چیک کی ہو گی یا سنا ہو گا کہ ،ماں کے ہاتھوں کی لذت اور ہی ہے۔یا فلاں کے ہاتھ کی لذت ہی الگ ہے۔فلاں کی بریانی مشہور ہے فلاں کا کباب مشہور ہے وغیرہ وغیرہ۔

اسی طرح بعض ہاتھوں کی برکت بھی دیکھی سنی ہو گی۔

ایک اور مثال دیکھیں آپ میں سے اکثر نے مرغی خود ذبح کی ہو گی یا ذبح ہوتے دیکھی ہو گی۔

بعض ذبح کرنے والے کا ہاتھ بھاری ہونے کی وجہ سے مرغی ذبح ہوتے ہی بے حس و حرکت ہو جاتی ہے اور ،

بعض زبح کرنے والے کا ہاتھ ہلکا ہونے کی وجہ سے مرغی زبح کے بعد اٹھ کر کچھ قدم بھاگتی بھی دیکھی گئی ہے۔

تو عزیزان من! جس طرح ایک ہاتھ کی غیر مادی چیزیں یعنی لذت ، برکت اور بھاری یا ہلکا پن، چھری یا چمچ سے سرایت کرتا ہوا کھانے اور مرغی یا دیگر مادی اشیاء پر اثر انداز ہوتا ہے تو ثابت ہو گیا کہ بعینہ بری اور اچھی خصلتیں بھی مادے پر اثر انداز ہوتی ہیں پس مجھ پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔اچھی خصلتوں سے میری اکسیری طاقت زیادہ ہو جاتی ہے۔

اس لیے عاجزانہ درخواست ہے کہ اچھی نیت اخلاص اور مخلوق خدا کی بھلائی کے لیے مجھے بنائیں ان شاء اللہ بتائے گیے فوائد سے مجھے بڑھ کر پائیں گے۔بس یہی کہنا تھا مجھے۔

اتنا کہہ کر نون خاموش ہو گیا اور جھجکتے ہوئے آس پاس کے لوگوں کی آنکھیں تلاشنے لگا۔

میم: آہ نون کی پر درد باتوں سے بہت دیر سے میری آنکھوں میں جل مل کرتے رکے آنسو بے اختیار چھلک کر نیچے زمیں میں جذب ہو گیے۔ سر اٹھا کر جو دیکھا تو بہت سے لوگوں کی آنکھیں میری طرح چھلک رہی تھیں اور پوری زمین نم ہو چکی تھی۔ معصوم سے نون کی دل فگاری اثر دکھا چکی تھی۔اس موتی کو بہت ساری صدّفوں کے گداز سینے مل گیے تھے۔

ایک دم میری زبان پر حضرت علامہ اقبال مرحوم رحمۃ علیہ کا یہ مصرع آگیا کہ:

"ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی"

میں نے ایک دم نون کی طرف نگاہ کی تو اس کا انگ انگ مسکان بنا زبانِ حال سے گویا تھا۔آیئے نون کی آخری بات بھی سنتے جائیں۔

نون: مجھے یقین تھا کہ دور کوئی بھی ہو،

لوگوں کے سینوں میں گداز دل ہوتے ہیں۔

پتھر تو فقط کہاوتوں میں ہوتے ہیں۔

میم: الوداع نون۔

نون: الوداع میم۔

تحریر: دلِ صابر۔

محترم جمیل عقیل صاحب کا ایک سادہ مگر کثیر الفوائد نسخہ اور عاجز کی ایک سفارش:

....

پیٹ کی چربی

____

السلام علیکم آداب

دوستو آپ سب کیسے ہیں، آپ کے میسج دیکھتا ہوں مگر ان دنوں مصروفیت کچھ زیادہ ہے۔ دوستوں نے پیٹ پر سے چربی کی تہہ پگھلانے کا آسان اور خوش ذائقہ نسخہ مانگا ہے، یقین کریں یہ نسخہ ذائقے میں بھی لاجواب ہے اور پیٹ کی چربی پگھلانے میں بھی لاثانی ہے، گھریلو چند چیزوں سے بنا یہ نسخہ نامی گرامی تراکیب سے کہیں زیادہ موثر ہے، پیٹ پر چربی کی تہہ ہماری غذائی بھرمار کا نتیجہ ہے۔ ہم نسخے بھی کھاتے ہیں۔ اور مرغے کی تلی ہوئی ٹانگیں، دیسی گھی کے پراٹھے بھی جاری رکھتے ہیں۔

بھائیو؛ جہاں آگ لگی ہو وہاں پانی ڈالا جاتا ہے، اگر پانی کی بجائے پٹرول ڈالیں گے تو آگ اور بڑھے گی۔ اپنی خوراک پر توجہ دیں پلیز۔ پھر نسخہ غضب کا کام کرے گا۔

آیئے وہ خوش ذائقہ اور تیر بہدف نسخہ لکھتے ہیں۔ اپنے عزیز و اقارب اور دوستوں کو گفٹ کرتے ہیں۔

نسخہ:۔

تخم السی 12 ٹی سپون

زیرہ سفید 4 ٹی سپون

سونٹھ کا پوڈر 4 ٹی سپون

ترکیب۔

پہلی دونوں چیزوں (تخم السی، زیرہ سفید) کو ہلکا سا بھون کر باریک کرلیں پھر سونٹھ کا پوڈر ان میں ملادیں نسخہ تیار ہے

استعمال:۔

آدھی ٹی سپون صبح ودوپہر شام غذا کے بعد پانی کے ساتھ کھائیں، چند دنوں میں ہی واضح فرق محسوس کریں گے، چربی تحلیل کرنے کیلئے 6 ہفتے تک استعمال جاری رکھیں۔

اللہ پاک حامئ وناصر ہو

خیر اندیش

جمیل حیدر عقیل

امریکہ۔

....

ماشاءاللہ. نہایت آسان اور کار گر نسخہ ہے قوی امید ہے موٹاپے کے اکثر عوارضات پر کار آمد ثابت ہو گا. فالتو چربی کو پیٹ کے علاوہ دیگر جسم کے اندرونی اجزاء سے بھی ختم کرے گا. گردوں کی صفائی کرے گا. بلڈ پریشر کو نارمل رکھے گا. معدہ کی اصلاح کرے گا.

زچہ کے دودھ میں اضافہ کرے گا.

قبض سے ہونے والے مسائل جیسے تبخیر، بواسیر وغیرہ میں نافع ہوگا الغرض یہ سادہ سا نسخہ بہت سے فوائد کا حامل ہے.

سفارش: اگر روزمرہ گھر میں تیار ہونے والے سالن میں مناسب مقدار ڈال دیا کریں تو پورے گھرانے کی صحت کا ضامن ہو سکتا ہے ان شاءاللہ.

بہت بہت شکریہ بھائی جمیل عقیل صاحب سلامت رہیں سدا.

....

عرض گزار:)

ڈاکٹر محمد زمان صابر.

کشتہ تانبہ سفید: ایک راز

ترکیب:۔ پارہ دس گرام اور کلی سات گرام جھلبند کر کے دو تانبے کے پیسوں پر فرش ولحاف کر کے پاؤ نگدہ کوڑ گندل میں رکھ کر مٹی کے بوتہ میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلہ کی آگ دیں. اکسیری اثرات کا حامل سفید براق برآمد ہوگا.

بنا کر دعاؤں میں یاد رکھیں.

استفسار برائے آدھے سر کا درد (دائیں جانب):

Auslamoalaikum

Dr Zaman DrZaman Saber Kaya hall hay Allah apko Hamesha khosh rkhe

Sir Meri sis ko right side PE Adde sir ka dard hay please aos ka koi Elaj btaye jab b Hoti hay na zayada Hoti hay na kum dard Hoti hay

.Elaj btayePlease Dr shib aes ka koi

....

عاجز کا تجویزی علاج:

وعلیکم السلام. ہومیو دوا سینگوی نیریا 30 اور سلیشیا 30 دونوں کے تین تین ڈراپ آدھا کپ پانی میں ملا کر صبح, دوپہر, شام ناشتے اور کھانے کے گھنٹہ بعد پی لیا کریں.

اللہ کریم شفاء بخشے آمین.

....

ڈاکٹر محمد زمان صابر.

قوتِ باہ, انتشار+امساک=ٹائمنگ:)

....

مشکِ کستوری خالص, عنبر, زعفران, کشتہ ڈائیمنڈ اور کشتہ سونا........:)

لو جی کمنٹس آنا شروع ہو جاتے ہیں.

کیا آپ کے پاس بنا بنایا مل سکتا ہے؟

کورس کی قیمت کتنی ہے؟

نہیں دوستو! ایسی بات نہیں آسانی سے ملنے والی شے ہے اور سستی بھی لیکن محنت اف:)

ادویہ کو اعلیٰ نہ گھسنے والے کھرل میں کھرل کرنا ہے ایک ماہ مسلسل۔ تین چار بندوں کی ڈیوٹی لگا دیں باری باری کھرل کریں:)

لو جی کچھ ایسے کمنٹس پھر شروع:

کیا تیار مل سکتا ہے؟ کتنے کا ملے گا؟

کھرل کیا ہوتا ہے؟:)

چھوڑو جی یہ اپنا چورن بیچنے کا طریقہ ہے:)

ایسا کھرل فلاں پتھر کا فلاں جگہ سے ملے گا۔

آج کل یہ چیزیں خالص نہیں ملتیں۔

نہیں نہیں سستا بھی اور آسان بھی لیکن۔۔۔۔پلیز عوام دور رہیں۔:)

اب یہ کمنٹس شروع:

جب عام آدمی نہیں بنا سکتا تو فائدہ کیا شیئر کرنے کا؟

اطباء کے پاس تو پہلے بھی نسخے ہیں کچھ عام آدمی کے لیے شیئر کریں۔

ایک آدھ دل جلے کا کمنٹس: نہ نو من تیل نہ رادھا کی ناچ بس اپنی دوا بیچنے کا انداز ہے۔

ارے نہیں نہیں نہیں ایسی کوئی بات نہیں صرف پانچ روپے میں پانچ منٹ میں دوا تیار :)

جی کیا کہا عوام؟ جی جی سب بنا سکتے کسی حکیم طبیب کی شرط نہیں۔

نسخہ :۔پیارے دوستو آپ نے کرنا یہ ہے کہ ایک گرام دار چینی پسی ہوئی عصر کے وقت پھانک لینی ہے پانی سے اور بس :)

متوقع کمنٹ عوامی: کتنے دن؟ بی پی والے کیا کریں؟

جواب: جتنے دن چاہیں۔بی پی والے بھی لیں۔

متوقع کمنٹ طبیبی: مزاج کیا ہے؟ فلاں مزاج کو ہی صرف فائدہ ہو گا۔

جواب: تجربہ شرط ہے باقی بحث کی ہمت نہیں :)۔

مرگی، صرع کبیر وصغیر

.Epilepsy : Grand mal & Petit mal

نیز بچوں کی مرگی,ام الصیبان, بچوں کو بخار سے ہونے والے جھٹکے:

....

ھوالشافی:

ہومیو دوائیں بیلاڈونا30اور ایتھوزا30

دونوں کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے کے گھنٹہ بعد دیں.

پانچ سال سے کم عمر بچوں کو اس آدھے کپ سے ایک چمچ دیں.ان شاءاللہ آرام ہوگا.

طالبِ دعاڈاکٹر محمد زمان صابر.

پیلیا(یرقان)

استفسار:

السلام علیکم ڈاکٹر صاحب میرے بیٹے کو پیلیا ہو گیا ہے اس کی عمر دو سال ہے

آنکھوں کا رنگ بھی پیلا ہے اور پیشاب بھی پیلا ہے.

مہربانی فرما کر کوئی دوا تجویز کر دیں شکریہ.

....

عاجز کی تجویز:

وعلیکم السلام. قرشی کا شربت فولاد چوتھائی چھوٹا چمچ دودھ یا شربت وغیرہ میں ملا کر دیں. دن میں ایک بار.

ساتھ ہومیو دوا چیلڈونیم 30 اور کارڈایم 30 دونوں کا ایک ایک قطرہ ایک چمچ پانی میں دن میں تین بار دیں.

بہت جلد شفاء ہو گی ان شاءاللہ.

ڈاکٹر محمد زمان صابر.

استفسار برائے سر کانپنا بوجہ سموکنگ:

اسلام علیکم!

معزز حکماء سے توجہ کی درخواست ہے

ایک دوست، عمر 42 سال 3 بچوں کا باپ ہے ساوتھ افریقہ میں ملازمت کرتا ہے جہاں مختلف گیسوں سے واسطہ پڑتا ہے اور مریض تمباکو نوشی بھی کرتا ہے دن بھر میں کم و بیش 30 سگریٹ جن میں سے اوسطا "10 سگریٹ گانجے کے پیتا ہے اگر ساوتھ افریقہ میں ہو تو اور پاکستان میں ہو تو کم و بیش 10 سگریٹ چرس کا معمول جسمانی

طور پر نارمل ہے لیکن گزشتہ ایک سال سے اسکا سر کانپنا شروع ہوا ہے کبھی زیادہ کبھی کم کانپتا ہے اس کی وجہ سے پریشان ہے بیماری کی تشخیص و تجویز فرمادین بندہ ممنون تشکر ہوگا اور ہاں ہاتھ نہیں نہیں کانپتے صرف سر کانپتا رہنمائی فرماکر ماجور ہوں.

....

ڈاکٹر صاحب یہ پوسٹ میں گروپ میں لگا چکا ہوں لیکن کوئی خاطر خواہ جواب موصول نہیں ہوا گذارش ہے کہ طب یونانی اور ھومیوپیتھک دونوں میں تجویز فرمادیں مشکور ہوں گا

بندہ پریشان ہے اس مرض کی وجہ سے اسکے کام میں مسائل آرہے ہیں جزاک اللہ.

....

عاجز کا تجویزی علاج:

پہلے تو نشہ چھوڑنے کی ہدایت کریں پھر یہ علاج فرمائیں.

ہومیو دوا نکس وامیکا200 کے پانچ قطرے صبح شام کھانے کے گھنٹہ بعد آدھا کپ پانی میں.

نیز دیسی چوزے کی یخنی ہفتہ میں ایک دوبار دیں.

اللہ کریم شفاء عطا فرمائے آمین.

....

گلہڑ، گوائٹر، تھائی رائیڈ غدود کے امراض

اہم علامات: جاگتے سوتے نبض تیز چلنا، دل کا تیز دھڑکنا، انگلیوں کا کانپنا، وزن کا کم ہو جانا، اسہال، شدید کمزوری، بھوک زیادہ اور زیادہ کھانا مگر جسم کا گھلتے جانا اور غصہ بڑھ جانا۔

....

. goitre Hyperthyroidism, Exophthalmic

تھائی رائڈ کا فعل تیز ہونا، جس میں آنکھیں باہر کو ابھر آتی ہیں

ہومیو علاج:

بیلاڈونا30، کلکیریا کارب30، سپونجیا30 تینوں کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے کے گھنٹہ بعد۔

تھائی رائڈ غدود کا فعل سست پڑ جانا۔

ہومیو علاج:

کیکٹس 30، گلونائن30، تھائی رائڈین30. تینوں کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں دن میں تین بار کھانے سے گھنٹہ بعد۔

....

دردوں کے لیے اکسیری آسان تیل.

....

تیل سرسوں ایک پاؤمیں پانچ تولہ نمک سرخ ڈلی ڈال کر ہلکی آگ پر 20 منٹ پکا کر ڈلی نمک نکال کر زمیں میں دفن کردیں کہ زہریلی ہوگی کوئی جاندار نہ کھالے. تیل شیشی میں سنبھال لیں. دانت درد. داڑھ درد/اور بچھو کے کاٹے پر لگائیں. نیز جوڑوں کے درد، کمر درد اور دیگر ہر قسم کے دردوں کی اکسیر ہے.

....

ایکس اور وائی دونوں سپرمز کی افزائش کے لیے:

....

املی کلاں یا خرد کی گھٹلی کی گری پیس کر نصف گرام صبح شام دودھ سے کھلائیں ایک ماہ بعد چیک اپ کروالیں۔

....

طالب دعا.

محمد زمان صابر

16/12/12

استفسارِ مریض:

....

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

مجھے پچھلے 7 ماہ سے پیٹ کا درد تھا ناف کے تین انچ دائرے میں الٹراسونڈ اور کچھ ٹیسٹ کروائے تو ڈاکٹر صاحب نے کھانے میں گوشت مرغی مچھلی آئل اور گیس کرنے والی چیزوں پر پابندی لگائی تو 2 ماہ میں نے ابلی گاجر کھیرے کدو مولی پھلی وغیرہ استعمال کی جس سے پیٹ کے درد میں کوئی افاقہ نہیں ہوا پھر ناف کے ٹوٹکے دم تیل کی مالش بھی کرواتا رہا جس سے کوئی فرق نہیں آیا پھر 3 ماہ میں نے صرف دہی کے ساتھ روٹی کھائی پھر بھی کوئی فرق نہیں آیا درد ایک ہفتہ ٹھیک تو ایک ہفتہ درد درد کی کنڈیشن یہ ہوتی جب بھی درد شروع ہوتا تو پیچش لگ جاتے بہت زور سے اور پیٹ میں گیس بنتی پر خارج نہیں ہوتی بہت تکلیف دہ عمل حیرت کی بات رمضان المبارک کا پورا ماہ مجھے کوئی درد نہیں ہوا سموسے پکوڑے قیمے کی ٹکیاں شوربہ چاول جو دل کرتا کھاتا پر درد نہیں ہوا رمضان کے ٹھیک 4 دن بعد پھر سے وہی درد شروع ہوا ہسپتال اور ڈاکٹر چینج کیا جس کی رپورٹس میں نے لگائی الٹراساؤنڈ کی رپورٹس 2 دن بعد ملیں گی ان ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ پیٹ کا درد کچھ بیکٹریا ہیں پیٹ میں اس وجہ سے ہے پر ساتھ میں ایک سینٹی لفٹ گردے میں پتھری کا بھی بتایا میں دوائی کھا کھا کر تنگ آگیا ان گولیوں کی وجہ سے مجھے محسوس ہوتا میرا سر گھومتا اور جیسے بخار ہو صرف قابل حکیم حضرات مشورہ دیں مہربانی ہو گی

بالخصوص ڈاکٹر زمان صابر بھائی صاحب کا بے حد ممنون ہوں گا اگر کچھ علاج اور وجہ بتا سکیں اللہ آپ سب پر اپنی رحمتیں نازل فرمائیں۔

....

محترم حکیم اعجاز صاحب کا بہترین تجویزی علاج:

محترم آپ ایلوپیتھک دوا چھوڑ دیں

سادہ شوربہ دار سالن خشک چپاتی کھائیں

جوارش جالینوس ایک چمچ چھوٹا ہر غذا کے بعد آدھا گھنٹہ پابندی سے کھاتے رہیں ایک ماہ میں مکمل شفاء ہوگی انشاءاللہ.

....

حکیم اعجاز بھائی کے تجویزی علاج کے بعد میری جرأت نہیں تھی کہ لب کشائی کرتا تاہم چونکہ مینشن کیا گیا اس لیے مندرجہ ذیل مشورہ لکھ دیا.

عاجز کا مشورہ:

وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہ. محترم ناصر حسین بٹ صاحب آپ کی بتائی علامات سے آنتوں میں ورم لگ رہا ہے۔

آپ اوپر کمنٹ میں محترم حکیم اعجاز کے بتائے علاج پر عمل فرمائیں.

ساتھ کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے چھوٹا چمچ چھلکا اسپغول پانی سے لیں دوپہر اور شام. نیز ناشتہ میں کوئی نمکین یا مرچ والی شے ہو تو ناشتہ سے پہلے بھی لے لیا کریں.

اگر الٹرا ساؤنڈ میں پتھری کلیئر ہوئی تو ہومیو دوا بربرس ولگرس Q کے دس قطرے ایک گلاس پانی میں تین ٹائم کھانے کے گھنٹہ بعد لے لیا کرنا.

اللہ کریم آپ کو شفاء نصیب فرمائے آمین.

....

ڈاکٹر محمد زمان صابر.

احتلام کی چند وجوہات:

احتلام گرمی سے نہیں ہوتا۔احتلام اور جریان میں تھوڑا فرق ہوتا ہے۔

جریان اکثر مثانہ اور جگر کی گرمی سے ہوتا ہے جبکہ احتلام کی بہت ساری وجوہات ہوتی ہیں جیسے

نفسیاتی وجوہات: شہوانی خیالات، غلط قسم کا لٹریچر پڑھنا، غلط مووی دیکھنا جنس مخالف سے میل اور نا مکمل آسودگی وغیرہ وغیرہ بہت ساری وجوہات ہیں۔

جسمانی طبّی وجوہات:۔ جیسے خوراک کا پوری طرح ہضم نہ ہونا، معدہ کی خرابی اور گیسز کا بننا، منی کا ایک مدت سے اخراج نہ ہو کر اکٹھا ہو جانا، نظام تولید کی کمزوری، پھیپھڑوں کی خرابی سے اکسیجن کی مناسب ترسیل نہ ہو کر گھٹن کا باعث ہونا، مثانہ میں پیشاب کی زیادتی یا کمزوری مثانہ سے پیشاب کی نالی وغیرہ میں جلن وغیرہ سے فحش خواب وغیرہ بنیادی وجوہات ہوتے ہیں۔

احتلام میں گرمی کا یا منی کے پتلا ہونے کا کوئی خاص دخل نہیں ہوتا بلکہ سرد مزاج بندوں کو بھی کثرت سے احتلام ہو سکتا ہے اور گرم مزاج کو کم بھی ہو سکتا ہے۔ واللہ اعلم۔

اعصابی کمزوری اور بطور جنرل ٹانک:

استفسارِ مریض:

السلام وعلیکم

جناب گذارش ھے کہ میری عمر 45 سال ھے بری صحبت کی وجہ سے نشہ کرتا رہا ہوں جس میں چرس شراب شامل تھی 7 سال ہونے کو ھیں سب چھوڑ دیئے سگریٹ تک بھی نہیں پیتا۔

مسئلہ یہ ھے کہ مزدور آدمی ہوں کام کرنے بعد وجود درد کرتا ھے جیسے زخم درد کرتے ھیں برائے مہربانی کوئی مختصر اور آزمودہ چیز بتائیں جس سے درد بھی ختم ہو جائیں اور پٹھے مضبوط ہو جائیں جزاک اللہ۔

عاجز کا جواب:۔

وعلیکم السلام۔اعصاب کمزور ہو گیے ہیں بوجہ معدہ کی خرابی اور خشکی سے۔

تجویزی علاج: مغز پنبہ دانہ (بنولہ) اور اسگندنا گوری برابر وزن پیس لیں۔

ایک بڑا چمچ یہ دوا ایک گلاس دودھ میں ڈال کر آگ پر ایک دو ابال دے کر اتار کر پینے کے قابل نیم گرم ہونے پر پی لیا کریں صبح شام کھانے کے بعد۔

تین چار ہفتہ یوز فرمائیں۔

اللہ کریم آپ کو جلد صحت عطا فرمائے آمین۔

اکسیرِ احتلام

نسخہ مبارک:۔

سفوفِ تخم سرس ایک تولہ, کشتہ شاخِ مرجان,

کشتہ بارہ سنگا, کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک تین ماشہ

خوراک:۔ایک رتی صبح نہار منہ, دس خوراک کافی ہیں.

لاجواب شے ہے دوستو.

اکسیرِ ملیریا و ٹائیفائڈ

اجوائن دیسی

گلو لکڑی

دونوں ہم وزن پیس کر رکھیں۔

ایک چمچ رات کو ایک گلاس گرم پانی میں ڈال کر ڈھک کر رکھیں۔ صبح نہار منہ چٹکی بھر نمک ملا کر گھوٹ چھان کر پی لیں۔یوں سات دن یوز کرنے سے تمام اندرونی بخار ٹائیفائڈ ختم ہو جائیگا۔اور ملیریا زندگی بھر نہیں آئیگا انشااللہ۔اگرچہ مچھر کاٹتا پھرے۔میرا آزمودہ ہے۔اللہ کے فضل سے مجھے سات سال سے ملیریا نہیں ہوا۔ آئندہ بھی اللہ خیر فرمائے۔اس کورس سے پہلے مجھے سال میں دو مرتبہ ملیریا ہوتا تھا۔میں نے اس نسخہ کا نام گلوجوئن رکھاھے۔(عطیہ: قاری یلداش صاحب.)

کشتہ شنگرف اکسیر صفت برائے باہ

....

دو تولہ شنگرف ایک بڑے سفید پیاز میں رکھ کر اوپر گندم کے آٹے کی انچ بھر تہہ ملفوف کر دیں. آٹا قدرے سوکھ کر سخت ہو جائے تو سات سیر اپلے کی گڑھے میں آگ دیں. ٹھنڈا ہونے پر شنگرف نکال کر سوتی کپڑے کی ایک تہہ دے کر روہو مچھلی ثابت ایک کلو کے پیٹ کو صاف کر کے اس میں رکھ کر پیٹ کو دھاگے سے سی دیں.

اب ایک کلو دیسی گھی کڑاہی میں ہلکی آگ پر رکھ کر مچھلی کو اس میں اتنی دیر تلیں کہ مچھلی کا رنگ براؤن ہو جائے.

پھر مچھلی سے نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں.

خوراک: ایک چاول سے چار چاول تک حسب طاقت ہمراہ دودھ کی چھٹانک ملائی. سات خوراک از کار رفتہ کو کافی ہیں.

مچھلی اور گھی بھی اعلیٰ مقوی ہیں حسب طاقت خوراک کریں.

پرہیز: فقط کھٹی شے نہیں کھانی.

عطیہ: لالا بشیر احمد المشہور درویش بابا سنیاسی موضع غور غشتی حضرو اٹک والے کی طرف سے الطب والکیمیا کے سب احباب کو تحفہ.

استفسار

اندرونی بخار کے لیے کوئی دوا بتادیں.

تجویزی دوا:

اجوائن کا قہوہ ایک کپ نیم گرم رات سوتے وقت پی لیں تین راتیں مسلسل.

ترکیب: ڈیڑھ کپ پانی, ایک چھوٹا چمچ اجوائن اور چینی حسب ضرورت اتنی دیر ابالیں کہ ایک کپ رہ جائے۔

رسائین برائے خواتین, مقوی رحم و معین حمل

....

یہ نسخہ تقریبا دس سال قبل میری ایک عزیزہ کو ایک لیڈی ڈاکٹر محترمہ رضیہ صاحبہ نے عنایت فرمایا تھا اور اس کے استعمال سے الحمدللہ ان کو اولاد کی دولت نصیب ہوئی.

پھر میں نے کئی خواتین کے لیے تجویز کیا اور اللہ کریم نے اس کی بدولت انھیں اولاد کی نعمت عطا فرمائی.

آج پیارے پیارے گروپ ممبران ! کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں بہت آسانی سے تیار ہو جاتا ہے.

....

نسخہ مبارک :۔

سپاری, نرماجو اور کمر کس چار, چار تولہ

بل کھ, سنگ جراح اور چھکن بوٹی ایک, ایک تولہ

کوٹ چھان کر سفوف بنالیں بس تیار ہے.

خوراک :۔

رات سوتے وقت ایک چمچ ہمراہ دودھ یا پانی.

علمِ طبیعت

....

جاننا چاہیے کہ جو شخص علمِ طبعی میں ماہر ہو جاتا ہے اس پر معدنیات اور نباتات کا علم, ترکیب, منافع و مضار منکشف ہو جاتے ہیں.

سب سے پہلے اللہ تعالی نے جس چیز کو پیدا فرمایا وہ حرارت کی طبیعت ہے اور اس کا اصل حرکت کونیہ ہے جس کا دوسرا نام اللہ کی قدرت ہے اور وہ قدرت تمام اشیاء متحرک کی علت العلل ہے. پھر اللہ تعالی نے برودت کی طبیعت کو پیدا فرمایا اور اس کا اصل سکونِ کونیہ سے ہے جس کا دوسرا نام اللہ تعالی کی قدرت ہے اور وہ قدرت تمام اشیاءِ ساکنہ کی علت العلل ہے.

پس یہ دو چیزیں سب سے اول ہیں جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا،

"ہم نے ہر چیز سے جوڑا بنایا تاکہ تم نصیحت پکڑو"

پھر گرم سرد پر متحرک ہوا اور آپس میں مل گیے. پس حرارت سے یبوست, خشکی, پیدا ہوئی اور اور برودت سے رطوبت, تری, پیدا ہوئی.

پس ایک روحانی, بسیط, جسم میں چار الگ الگ طبیعتیں پیدا ہو گئیں. اور یہی پہلی بسیط مزاج ہے.

پھر حرارت رطوبت کو لے کر اڑی تو اس سے اللہ تعالی نے حیات اور اعلی افلاک کی طبیعت پیدا فرمائی. اور برودت یبوست کے ساتھ نیچے کو اتری تو اس سے موت اور اسفل افلاک کی طبیعت پیدا فرمائی.

پھر اجسام کو ان ارواح کی ضرورت پڑی جو ان سے مصعد ہوئے تھے.

پھر اللہ تعالی نے دوسرے دورہ میں فلکِ اعلی کو بنایا تو حرارت برودت کے ساتھ اور رطوبت یبوست کے ساتھ مل گئی اور اس سے اربع عناصر پیدا ہوئے.

حرارت کے مزاج یبوست کے ساتھ ملنے سے, گرم خشک, عنصر نار پیدا ہوا. اور حرارت کے مزاج رطوبت کے ساتھ ملنے سے, گرم تر, عنصر ہوا پیدا ہوا. اور برودت کے مزاج رطوبت کے ساتھ ملنے سے, سرد تر, عنصر پانی پیدا ہوا.

اور یبوست کے مزاج برودت کے ساتھ ملنے سے, سرد خشک, عنصر مٹی پیدا ہوا.

پس یہ تمام مخلوقات کے مزاج ہیں.

اللہ تعالی نے اس سے عالمِ علویہ پیدا فرمایا اور معدنیات کو مرکب فرمایا. پس یہ موالید ثلاثہ کا پہلا مرکب ہے.

پھر اللہ تعالی نے تیسرے دور میں فلک اعلی سے اسفل تک بنایا اور اس سے نباتات اور حیوانات بنائے.

پھر اللہ تعالی نے چوتھے دورہ میں فلک اعلی سے اسفل تک بنایا اور اس سے حیوان ناطق یعنی انسان پیدا فرمایا. اور یہ تمام مرکبات سے ترکیب میں آخر و احسن اور اکمل ہے.

اوراس علمِ طبعی سے ہمارا مقصود یہی انسان ہے.

....

انسان چار چیزوں پانی, مٹی, آگ اور ہوا سے مرکب ہے.

لیکن جب پانی کا حصہ زیادہ ہوتا ہے توانسان حافظ, عالم اور شریف ہوتا ہے.

اور جب مٹی کا حصہ زیادہ ہوتا ہے انسان خون ریز, خبیث اور بخیل ہو جاتا ہے.

اور آگ کے اجزاء بڑھ جانے سے انسان ظالم اور بہادر بن جاتا ہے.

اور جب ہوا کا حصہ بڑھتا ہے توانسان کذاب ہو جاتا ہے.

واللہ اعلم.

....

اخلاطِ اربعہ اور مزاج کا بیان ان شاءاللہ دوسرے حصہ میں.

....

طالب دعا.

ڈاکٹر محمد زمان صابر

رنگ گورا کرنے کے لئے

باہر سے نہیں اندر سے گورے ہو جاؤان لوگوں کے لئے جو کالے رنگ سے پریشان ہیں اب جگر بنائے ایسا خون جو رنگ کر دے گورا۔

....

ہومیو نسخہ۔ اگنیشیا، آیوڈم، سار ساپریلا۔ تینوں 30 کی طاقت میں پانچ پانچ قطرے صبح دوپہر شام کھانے کے گھنٹہ بعد آدھا کپ پانی میں لیں۔

ڈاکٹر زمان صابر صاحب 6 مارچ-17

کشتہ سونا اکسیری جو ایک آگ میں تیار ہوتا ہے اور فوائد میں سو آگ والے سے کسی طور کم نہیں۔

برادہ سونا ایک تولہ کو کنگھی بوٹی کے 250 ملی لیٹر پانی میں کھرل کر کے اسی بوٹی کے پتوں اور کونپلوں کے ایک سیر نغدہ میں رکھ کر گڑھے میں ایک من اپلوں کی آگ دے دیں۔

بعد سرد ہونے کے نکال کر سنبھال رکھیں۔

خوراک: نصف تا ایک چاول۔ سات خوراک کافی ہوں گی۔

فوائد: قوت باہ اعصاب اور اعضائے رئیسہ کے لیے رسائین حقیقی ہے۔

گردن میں چوٹ سے اکڑاؤ اور ڈسک کے دباؤ کے متعلق استفسار

اگر گردن میں چوٹ لگنے سے مہرہ نمبر پانچ اور چھ کی ڈسک آگے کھسک کر اسپائنل کارڈ پر دباؤ ڈالنے لگے تو کیا اس کا کوئی علاج ہے

ڈاکٹر تو آخری علاج آپریشن بتاتے ہیں۔

مہروں میں اتنا مسئلہ نہیں ہے بس ڈسک کی وجہ سے مسئلہ ہے

گردن اور سر میں موچ جیسا اکڑاؤ چکر سر درد کمزوری۔

عاجز کی تجویز:۔

چوٹ کے اثرات اور درد وغیرہ کے لیے ہومیو دوا آرنیکا 200 بیسٹ ہے۔ پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر صبح شام ناشتے اور کھانے کے گھنٹہ بعد پی لیا کریں۔

ساتھ میں اعصابی طاقت کے لیے کوئی طبّی دوا استعمال فرمائیں۔

....

اکسیرِ معدہ، شوگر، کینسر، تمام لاعلاج سمجھی جانے والی امراض اور تریاقِ مار گزیدہ و زہر خوردہ

....

اِک ہمی ہیں کہ جو مے آنکھوں سے پلاتے ہیں

کہنے کو تو دنیا میں مے خانے ہزاروں ہیں :)

....

ھوالشافی :

زرد چوب، برگ نیم، مرچ سیاہ، ناگرموتھا، باوبڑنگ، پوست آملہ، زنجبیل، ہلیلہ سیاہ، فلفل دراز، لہسن۔ یہ تمام ادویہ ایک ایک تولہ کوٹ پیس کر ہمراہ سرکہ چنے برابر گولیاں بنالیں۔ بس تیار ہے۔

....

ترکیب استعمال: معدہ کی تمام خرابیوں اور دیگر ذکر کردہ لاعلاج سمجھی جانے والی تمام امراض کے لیے ایک تا تین گولیاں حسب برداشت و حسبِ مرض و مریض دن میں دو یا تین بار کھانے کے بعد پانی سے لیں۔

مار گزیدہ یعنی سانپ کاٹے کو سات گولیاں کھلادیں۔

زہر خوردہ یعنی جس نے زہر کھالی ہو اسے گیارہ گولیاں کھلادیں۔

مجرب ہے۔

استفسار برائے مسائلِ سن یاس.

اوروزن بڑھنا.

....

Aslamo_Alaikum Dr Shab plz ap mjh ko koi medicine hy hight 5.5 hy weight 95 weight loss ko bataien meri age 49 kg hy .BP high rehta hy o's ki dawa layti hn weight ki waja sy chala bht mushkil ho gea hy saray joint m dard rhyta hy ?weight ka problem 2 sal sy jb sy mjh ko menopause hua hy

....

عاجز کا تجویزی علاج:

آپ ہومیودوا فائیٹولاکا Q دس قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر سحر وافطار کے وقت لیں.

نیز ہومیودوا پلسٹیلا 200 پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں نہار منہ ایک بار روزانہ لیں.

ان شاءاللہ جلد آرام ہو گا.

....

استفسار برائے قلت حیض

....

السلام علیکم !

جناب ایک خاتون عمر ستائیس سال، شادی شدہ ایک بچے کی والدہ کہتی ہیں کہ ان کے پیریڈ ریگولر ہیں لیکن پچھلی تین ماہ سے صرف تین دن چلتے ہیں بلکہ پچھلے دو ماہ سے تو صرف دو دن کے بعد ختم ہو جاتے ہیں۔ وزن بھی بڑھ رہا ہے۔ کوئی حل بتائیے گا۔

ایک حکیم صاحب نے یہ نسخہ تجویز کیا۔

ہلدی۔۔ ملٹھی۔۔ سونف۔۔ ریوند خطائی۔۔ مکو دانہ۔۔ برابر وزن ملالیں نصف تا ایک گرام ہر کھانے کے 1 گھنٹہ بعد ہمراہ عرق مکو استعمال فرمائیں۔۔ 7 یوم بعد دوبارہ اطلاع دیں۔۔

خاتون نے دوا استعمال کی۔ اس ماہ ایام پہلے دن تو نارمل لیکن دوسرے دن سے نہ ہونے کے برابر۔ البتہ درد نہیں ہوا اس بار۔

خاتون اپنے ہارمون ٹیسٹ اور الٹرا ساؤنڈ وغیرہ کروا چکی ہیں جو سب نارمل ہے۔

اب وہ حکیم صاحب کہتے ہیں کہ کسی طبیب سے ملاقات کر کے معائنہ کروائیں۔ خاتون ملتان میں رہتی ہیں اور طبیب کو نہیں دکھانا چاہتیں۔ کچھ آپ تجویز فرمائیں کہ کیا علاج ہو سکتا ہے کہ پیریڈز نارمل ہو جائیں۔۔۔

عاجز کا تجویزی علاج:۔

وعلیکم السلام!

ہومیو دوائیں پلسٹیلا, سمی سی فیوگا اور میگ فاس تینوں 30 کی طاقت میں لے کر تینوں کے تین تین ڈراپ اکٹھے آدھا کپ پانی میں سحر وافطار کے وقت لیں. رمضان کے بعد صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پی لیا کریں.

ان شاءاللہ ماہواری کے سب مسائل درست ہوں گے۔

اللہ کریم جلد صحت نصیب فرمائے آمین۔

چہرے کی چھائیاں دور کرنے کے لئے

استفسار:۔چہرے پر چھائیاں ہیں کوئی بیرونی علاج کریم وغیرہ بتائیں پلیز.

عاجز کا تجویز کردہ علاج:۔

سفید تل لیجئے اور اسے بھینس کے دودھ میں ڈال کر

رگڑ لیں اور رات کو سوتے وقت چہرے پر مل لیں۔

صبح اٹھ کر اسے صابن سے صاف کر لیں۔ چھائیاں دور ہو جائیں گی اور چہرہ کھل جائے گا۔

دو تین ہفتے استعمال فرمائیں.

... عجائبِ طب .....ادویہ سے جنات بھگانا، جلانا اور قابوس کا علاج

....

السلام علیکم دوستو! اکثر آپ کو خصوصا اطباء کرام کو ایسے مریضوں کو دیکھنے کا اتفاق ہوا ہو گا جو جن گزیدہ ہوتے ہیں یا جن پر جنات کے اثرات کا گمان ہوتا ہے تو آج آپ سے طب کے کچھ ایسے نادر نسخہ جات شیئر کر رہا ہوں جو جن گزیدہ مریض کا علاج ہیں نیز کسی جگہ مکان پر قابض جنات کو وہاں سے بھگا سکتے ہیں.

ان ادویہ کے استعمال سے جنات سے حفاظت بھی رہتی ہے.

جادو کے اکثر اثرات بھی جناتی ہوتے ہیں وہ بھی ختم ہوں گے ان شاءاللہ۔

....

لیکن :)

ایسے نادر نسخہ جات کے لیے کچھ طلب بھی ہونی چاہیے نا؟

چلیں دیکھتے ہیں کتنے طالب ہیں :)

....

سوری دوستو آپ کو انتظار کرنا پڑا لیکن اس میں بھی فائدہ ہی ہوا کہ کتنی مفید باتیں کمنٹس میں مل گئیں.

اب آتے ہیں مذکورہ نسخہ جات کی طرف.

....

نمبر 1 : ایسے مریض جن کے ساتھ کوئی جن ہو یا جادو کے اثرات ان کے لیے میرے استاد حضرت عبد الودود رحمتہ اللہ علیہ کا عطیہ کردہ خوراکی نسخہ جو بہت بار تجربہ کی کسوٹی پر درست اترا ہے.

نسخہ مبارک :۔ گھاں, گیرو, سبز الائچی, نوشادر, پھٹکڑی, لونگ. یہ تمام ادویہ ڈھائی ڈھائی تولہ اور ست پودینہ چھ ماشہ لے کر سب کو باریک پیس چھان کر براؤن رنگ کی شیشی میں سنبھال رکھیں۔

خوراک :۔ دانہ گندم جتنی مقدار ناشتے کے دو گھنٹہ بعد سبز چاہے کے ساتھ دیں اور دوا کے بعد زوال کے وقت تک کوئی سفید شیئے کھانی پینی منع ہے ان شاء اللہ بہت جلد ہر قسم کے اثرات بد ختم ہو کر شفاء ملے گی۔

نمبر 2 : جن جادو کے اثرات چاہے کسی انسان پر ہوں چاہے کسی دوکان و مکان پر ان سب سے نجات :۔

نسخہ مبارک :۔

میعہ سائلہ, ہینگ, سداب, انار کا چھلکا. سب برابر وزن پیس کر سرکہ میں خوب گوند کر کسی شیشی میں ڈال کر کسی گھوبر کے ڈھیر یعنی روڑی میں دفن کر دیں بعد بیس یوم کے نکال کر روغن زیتون تمام دوا کے برابر شامل کریں اور آدھا کلو دوا کے حساب سے ایک تولہ تھوم کا پانی بھی شامل کر دیں. بس تیار ہے.

طریقہ استعمال:۔

جب کسی جن کو بھگانا یا جلانا ہو تو اس دوا کا ایک ایک قطرہ مصروع کے ناک اور کان میں ٹپکا دیں اور کچھ تیل سے جسم کی مالش کر دیں ان شاءاللہ جن بھاگ جائے گا اگر نہ بھاگا تو جل جائے گا.

....

اگر کسی دوکان مکان یا گھر وغیرہ میں جنات کے اثرات و شرارت پائی جائے تو اس دوا کی دھونی اس جگہ دیں تمام جنات بھاگیں گے اور اثرات ختم ہوں گے ان شاءاللہ.

....

حفاظت و حصار:۔اگر اسی تیل نما دوا کی دھونی کپڑوں کو دے کر پہنے جائیں تو پہننے والے پر نہ کوئی جادو اثر کرے گا نہ کوئی جن غالب آ سکے گا ان شاءاللہ.

....

حسب وعدہ نسخہ جات تو ہو گیے تاہم چلتے چلتے ایک اور نسخہ جو مرض قابوس کی اکسیر ہے.

قابوس جسے ہماری طرف 'خپسے' آنا کہتے ہیں اس میں سوتے سوتے اچانک ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی اوپر بیٹھا گلا دبا رہا ہے اور آواز نکلنا بند ہو جاتی ہے اس کے لیے نسخہ:۔

مصطگی رومی تین ماشہ صبح ناشتے کے بعد پانی سے دیں ان شاءاللہ ایک ہفتہ میں قابوس کا قلع قمع ہو گا.

چھوٹے بچوں کو حسب عمر یہی دوادیں خصوصا جورات کو بلاوجہ روتے رہتے ہیں.اللہ کریم سے دعا ہے تمام مریضوں کو شفاء کاملہ نصیب فرمائے آمین ثم آمین.

....

کشتہ الماس

....

کوکین ہائیڈروکلورائیڈ نصف ڈرام, پیرافین لی ڈائمین ایک گرام کھرل میں باریک کرکے پانچ قطرے ہائیڈروجن پر اکسائیڈ کے ڈال کر کھرل کریں موم ہو جائے گی

الماس ایک رتی اس موم میں رکھ کر تیز آنچ پر صرف پانچ منٹ رکھیں سب موم اڑ جائے گی اور الماس کشتہ ہو گا.

یہ کشتہ 60 تولہ پارے کا جاذب ہے

کٹھالی میں پارہ تولہ ڈال کر اوپر رائی کے دانے برابر کشتہ ڈال کر اوپر اتنی مٹی ڈال دیں کہ پارہ چھپ جائے دس منٹ آگ پر رکھیں پارہ ڈلی ہو گا۔

انشاءاللہ.

....

استفسار برائے چکن پوکس

....

اسلام علیکم !

ایک سات سالہ بچی کو چکن پوکس ھےاس کیلیئے کوئی علاج بتائیں۔

تجویز:۔

....

عاجز کا تجویزی علاج:۔

وعلیکم السلام ! ہومیودوابیلاڈونا30 تین قطرے آدھاکپ پانی میں دن میں تین بار کھانے کے دس منٹ بعد دیں . نیز بخار تیز ہو تو ہر دو گھنٹہ بعد دیں

ہومیودواایپس ملی فیکا200 تین قطرے صبح شام آدھاکپ پانی میں کھانے سے پہلے دیں ان شاءاللہ بہت جلد آرام ہوگا۔

اللہ کریم سے دعاہے جلداز جلد شفاء کاملہ نصیب فرمائے آمین۔

....

الحمدللہ. طلاء اکسیری ایک بار پھر تیار

....

پیارے بھائیو اور دوستو اس طلاء کو بنالو چاہے مشک کے لیے آپ کو نیپال (یا پاتال :)) ہی کیوں نہ جانا پڑ جائے لاجواب فوائد کا حامل ہے.

....

بشکریہ سجاول احمد:

یہ لیں فائدے۔۔

طلاء اکسیری

ایک ایسا مریض جسکی عمر 40 سال جسکا عضو پیچھے سے بہت پتلا تھا اور کمزوری بھی تھی اسے پہلی بار بنا کر دیا گیا 21 دن استعمال کیا اور مجھے جمعہ کی نماز کے بعد مسجد میں بیٹھا کر اس نے جو الفاظ ادا کئے تھے ڈاکٹر صاحب اگر آپ خانہ کعبہ میں بیٹھ کر اس تیل کے لاکھ روپے قیمت بھی لیں تو وہ بھی جائز ہے پھر کہا کہ 7 دن کے استعمال سے ایسے لگا کہ جیسے کسی مستری نے گرمالے سے پلستر لگا کر برابر کر دیا ہو یہ تھے اس مریض کے الفاظ 21 دن میں طاقت بھی بحال ہو گئی تھی۔

نسخہ خاص طلاء اکسیری

روغن بادام 4تولہ

روغن مالکنگی تولہ

روغن تارپین تولہ

روغن جمال گوٹہ تولہ

روغن بیضہ مرغ تولہ

روغن ارنڈی تولہ

مشک کستوری خالص اصلی =آدھاماشہ

!!!!! طریقہ استعمال:۔

تمام اجزاء کوایک شیشی میں ڈال دیں نسخہ تیار ہے استعمال کے لیئے سر اور نچلا حصہ چھوڑ کر صبح وشام 2قطرے جذب کریں ہلکی مالش سے !!!

....

ڈاکٹر زمان صابر.

استفسار برائے اخراج مذی

....

جریان مذی کا کوئی مجرب علاج ؟. انتشار کے وقت مذی کا بہت اخراج ہوتا ھے. .اس بارے میں حکماء حضرات رہنمائی فرمائیں. البتہ انتشار کامل رہتا ھے۔

عاجز کی تجویز:۔

بھائی انتشار میں مذی کا نکلنا بعض مصالح کے لیے فطرتی ہوتا ھے کچھ میں زیادہ کچھ میں کم نوجوان گھبرا جاتے ھیں حیا کی تلقین کے ساتھ کچھ حوصلہ دے دیا کریں. ہاں اگر نارمل حد سے بڑھ جائے تو پھر سہاگہ بریاں چٹکی بھر شام کھانے کے بعد پانی سے سات دن کھلوادیں. ان شاءاللہ افاقہ ہو گا۔

لیکوریا کا ہومیو علاج

استفسار:۔

ڈاکٹر صاحب۔۔۔ میرے گھر میں کئی لوگوں کو لیکوریا کا مرض ہے۔۔۔ جس کو شاید سفید پانی بھی کہتے ہیں۔۔۔ کوئی بہت مجرب اور آزمودہ نسخہ تجویز فرمادیں۔۔۔ مہربانی ہو گی۔

تجویز کردہ علاج:۔

ہو میو دوا کلکیر یا فاس 30 اور سیپیا 30 پانچ پانچ قطرے اکٹھے آدھا کپ پانی میں دن میں تین بار کھانے کے بعد پینے ہیں. اللہ کریم صحت عطا فرمائے آمین.

....

طبیب اور کیمیا دان بھائیوں کے لیے خوش خبری!

شنگرف قائم النار در بوٹی: خوراکی, شمسی, قمری

....

لاکھوں روپے کا راز:۔ آپ نے اکثر پڑھا سنا ہو گا شنگرف وغیرہ کو پیاز یا کسی بوٹی کا ایک دو من رس بذریعہ تشویہ پلائیں اف اتنا مشکل کام بندہ نسخہ سے ہی توبہ کر لیتا ہے اب آپ کو منوں رس پلانے کا راز بتایا جائے گا وہ بھی صرف ایک گھنٹہ میں جو آپ کو کتابوں میں شاید نہ ملے. ہے نا لاکھوں کا راز۔

....

شنگرف قائم جاری ساری در بوٹی. نہ بوٹی کمیاب نہ بنانا مشکل. چائے بنانے سے آسان نہ ہو تو اپنے پیسے واپس لے لینا۔

نہ کھرل نہ نغدہ نہ اپلوں کی ٹینشن اور شنگرف قائم اکسیری۔

....

لیکن ایسی شنگرف مع ایک قیمتی راز کے لیے کچھ طلب بھی ہونی چاہیے پس دیکھتے ہیں آپ دوستوں بھائیوں کی طلب. تو کس کس کو چاہیے ایسی شنگرف اور ایسا راز۔

....

لو جی انتظار کی گھڑیاں ختم

پہلے حسب وعدہ رس پلانے کا راز:۔

دوستو جب آپ شنگرف کو پیاز کا ایک من رس پلاتے ہو تو وہ اس رس میں سے فراری اجزاء تیل وغیرہ سے مدبر اور تیار و قائم ہوتی ہے اور ایک من رس میں یہ اجزاء و تیل جتنے ہوتے ہیں وہ فقط ایک پاؤ پیاز کے بیج میں سے پی سکتی ہے جس کا ثبوت ابھی آگے کشتہ شنگرف میں مل جائے گا۔

یہ میرا ذاتی تجربہ ہے جو آپ دوستوں کی آسانی کے لیے پیش کیا ہے آپ اپنی عقل سے اس کی مدد سے بہت کام لے سکتے ہیں۔

:کشتہ شنگرف مذکورہ:۔

پنساری سے ایک پاؤ پیاز کے بیج اور تولہ شنگرف لے لیں۔

(: دونوں پر پورے ایک سو پچاس روپے کا خرچہ ہے

اب کسی ایسے برتن میں جس میں یہ بیج آکر دو تین انچ جگہ خالی رہے۔

دو تہائی بیج برتن میں ڈال کر اوپر شنگرف کی ڈلی رکھ کر باقی بیج ڈال دیں اور اوپر محراب نماڈھکن الٹا رکھ دیں گھر میں عموماً آٹا ڈالنے کی قلفی کا ڈھکن ایسا مل جائے گا۔ڈھکن ایسے ہی کھلا رکھنا ہے کہ سائیڈوں سے دھواں نکل سکے۔

اب برتن کو آگ کے چولہے پر دھیمی آنچ پر رکھ دیں۔جب دھواں نکل جائے اور بیج خوب راکھ ہو جائیں یعنی ڈھکن آٹھا کر دیکھنے پر اندر بیجوں سے نکلا تیل بھی خشک ہو گیا ہو تو آگ بند کر دیں۔

ٹھنڈا ہونے پر احتیاط سے شنگرف کی ڈلی نکال لیں۔

یہ شنگرف ایک من پیاز کا رس پینے والی شنگرف سے بڑھ کر ہو گی ان شاءاللہ۔

قائم جاری ساری ہو گی۔

خوراک چاول سے چار چاول حسب

حال ہمراہ مکھن۔

قوت باہ میں بے مثال۔

باقی اس کے دیگر فائدے طبیب واہل صنعت خوب جانتے ہیں۔

.اب بتایئے ایسے راز اور اتنی آسان شنگرف کوئی ایسے بتاتا ہے بھلا۔ہر بندہ آسانی سے بنا سکتا ہے۔

چھاتی کی گلٹی کا آزمودہ علاج

....

استفسار:۔

اسلام علیکم میری نانی جن کی عمر پینسٹھ برس ہے شوگر کی مریض ہیں۔

انکو ایک سال سے سینے میں گلٹی ہے ٹیسٹ کرایا تو نارمل تھا مگر اب اچانک سے سینہ سخت پتھر کی طرح ہو گیا ہے ڈاکٹر نے کینسر تشخیص کیا ہے اور آپریشن کہا ہے بتایا ہے سینہ کاٹنا پڑے گا. گلٹی جڑ چھوڑ گئی ہے۔

....

تجویزی علاج:۔

وعلیکم السلام. ہومیو دوا کلکیریا فلور 200 پانچ پانچ قطرے دن میں تین ٹائم کھانے سے پہلے آدھا کپ پانی میں ڈال کر دیں ان شاءاللہ جلد گلٹی تحلیل ہو کر مکمل آرام ہو گا. اپریشن کی کوئی ضرورت نہیں پڑے گی اللہ کریم شفاء بخشیں آمین۔

یرقان کا تین روزہ علاج

....

استفسار:۔

میرا بیٹا جس کی عمر 7 سال ہے ہسپتال میں ایڈمٹ ہے اسے یرقان ہے ہیپاٹائٹس اے

حکماء حضرات سے اپیل ہے کوئی فوری اور دیرپا علاج تجویز فرمائیں

پیٹ میں درد رہتا ہے اگر ذرا سی حرکت کرے تو

الٹی اور ہلکا بخار بھی ہے

براہ کرم جلد رہنمائی فرمائیں

....

تجویزی علاج:۔

سرخ پھٹکڑی چٹکی بھر (دو انگلیوں کی) پیالہ دہی میں ملا کر خوب حرکت دے کر لسی سی بنا کر دوپہر کو پلادیں

صرف تین دن کے استعمال سے مکمل آرام ہوگا ان شاءاللہ

....

کشتہ ہڑتال ورقی

....

پھٹکڑی پسی ہوئی تقریبا5تولہ لے کر توے پر دو تین چٹکی ڈال کراوپر تولہ ہڑتال ورقی رکھ کراوپر چٹکی چٹکی ڈالتے رہیں کہ ہڑتال چھپی رہے آگ درمیانی جیسے چائے کے لیے ہوتی ہے. پھٹکڑی شیشہ نماگلاس کی طرح ھوگی اس میں ہڑتال نظرآتی رہے گی جب ہڑتال پگل کر سرخ ھوجائےآگ بند کردیں ٹھنڈی ہونےپرہڑتال پھٹکری سے الگ کرکے پیس لیں

مقدار خوراک:۔ایک چاول سے نصف رتی تک حسب مریض

طریقہ کار:۔ہلدی کے ہمراہ جذام اور کینسر کے لیے. آتشک میں شہد کے ساتھ

برص میں ہلیہ اور باوبڑنگ کے ساتھ. گنٹھیامیں چوب چینی اور شہد کے ساتھ. بھگندر میں رس بنداں کے ساتھ

الغرض مختلف بیماریوں میں حاذق طبیب اسے مختلف چیزوں کے ساتھ برت سکتاہے

....

وزن بڑھانے کا نسخہ

Hakeem sahab

Main bht preshan hon mera weight bht km hai agr thora bhrta b hai tu kuch arsy baad dobara km ho jata hai abi aik mah me 3 Kg km ho gia hai 48Kg hai weight bht slim lgti hon..... main weight brhana chahti hon.... milk yogurt makhan sab khati hon bht c med b khai hain lakin mera weight nahi bhrta plez koi med bta dain jis ka side effect na .ho.... main married hon

تجویزی علاج:۔

آپ سبز الائچی ایک عدد ہر دو گھنٹہ بعد صبح سے شام تک چوس لیا کریں یعنی پانچ چھ عدد دن بھر میں. کم از کم پانچ منٹ چوسنی ہیں پھر چاہیں نگل لیں یا پھینک دیں اور رات سوتے وقت ایک گلاس دودھ پی لیا کریں. ان شاءاللہ بہت جلد معدہ فعال ہو کر وزن بڑھے گا۔

نوٹ:۔ مرد و خواتین دونوں کے لیے مفید ہے

....

نصف چاول یاایک چاول خوراک کی مراد

....

!السلام علیکم دوستو بھائیو!

آج ایک پوسٹ پر کچھ کمنٹس دیکھ کر خیال آیا کہ اس بارے میں وضاحت کر دوں کہ دوا کی خوراک چاول بھریا نصف چاول وغیرہ سے اکثر حضرات کو مغالطہ ہو جاتا ہے اور وہ حجم پر قیاس کر کے دوا لے لیتے ہیں جبکہ مراد وزن ہوتا ہے یعنی ایک چاول یا نصف چاول کا جتنا وزن ہے اتنے وزن کی خوراک لینی ہے. عموما چاول وغیرہ دھاتی کشتہ کی خوراک ہوتی ہے اب جب کشتہ حجم کے حساب سے لیں گے تو بوجہ بھاری ہونے کے بہت زیادہ مقدار ہو جائے گی. اس لیے پلیز اس بات کا خیال رکھیں. شکریہ

....

کن پیڑے کی سنیاسانہ اکسیر

....

استفسار:۔

تمام حکیم حضرات سے گزارش ہے کہ میری بیٹی کو

کن پیڑے نکلے ہیں کوئی علاج بتائیں۔

تجویزی علاج:۔

راکھ کا پھول یعنی راکھ جو جل کر سفید ہو جاتی ہے ایک دو بار اوپر لگادیں بہت جلد ٹھیک ہو گا ان شاءاللہ

....

نوٹ:۔ کسی بھی لکڑی گتے وغیرہ کو جلا کر اس کی سفید راکھ ہاتھ پر لگا کر ایسے خشک ہی متاثرہ جگہ لگانی ہے سو فیصد مجرب علاج ہے۔

....

سانس کی نالی میں بلغم کا استفسار

....

ڈاکٹر صاحب میری سانس کی نالی میں بلغم جمع رہتا ہے زور سے سانس لینے پر سیٹی کی آواز نکلتی ہے کافی علاج کے باوجود ٹھیک نہیں ہو رہا پلیز کوئی علاج بتائیں۔

....

تجویزی دوا:۔

ہو میو دوا نیٹرم میور 200 پانچ پانچ قطرے صبح شام آدھا کپ پانی میں ڈال کر کھانے کے دس منٹ بعد پی لیا کریں ان شاءاللہ جلد شفاء ہو گی۔

گردوں کی صفائی کے متعلق استفسار

....

ڈاکٹر صاحب کچھ دنوں سے میرے کمر اور ساتھ میں گردوں میں درد ہو رہا ہے. کل اسپشلسٹ کے پاس گیا تھا اس نے الٹراساؤنڈ کے بعد بتایا کہ گردوں میں کچرا ہے اور ساتھ میں پھٹوں کا بھی مسئلہ ہے۔

....

تجویزی علاج:۔

ہومیو دوا بربرس ولگرس 200 اور لائیکو پوڈیم 200 دونوں کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے کے گھنٹہ بعد لیں ان شاءاللہ اسی سے گردوں کا کچرا بھی نکلے گا اور کمر درد بھی ٹھیک ہو گا. تاہم دس پندرہ دن کھانے کے بعد بھی کوئی اعصابی کمزوری محسوس ہو تو پھر بتانا تاکہ کوئی اعصابی طاقت کی دوا بتا سکوں فلحال طاقت کی دوا مناسب نہیں گردوں پر بوجھ ڈالے گی. اللہ کریم آپ کو جلد صحت سے نوازے آمین.

....

کانوں سے پیپ آنے سے متعلق سوال

....

mara beta age 3 saal dono kanoo sy puss (peep) bot ziada aty ha koi dasi elaaj btain.

....

عاجز کی تجویز کردہ دوا:۔

ھومیو دوا سلیشیا 30 دو تین قطرے چمچ پانی میں دن میں تین بار دیں.اللہ کریم شفاء نصیب فرمائے آمین

....

نوٹ: یہ دوا ہر عمر کے مریضوں کے لیے مفید و مجرب ہے

....

مریض کا استفسار مع علامات

....

اسلام علیکم حکیم دوست رہنمائی فرمائے

میرے عمر 34 سال ہیں میرا ہاتھ پاوں میں کئی عرصہ سے جلن ہوتی ہیں معدہ بھی ٹھیک نہیں رہتا گیس کی شکائیت بھی ہیں زبان صبح اٹھتے وقت زبان خشک ہوتی ہے-زبان کا رنگ سفید ہے

بھوک بہت کم لگتی ہے اور غصہ بہت جلد آتا ہے حافظہ کی کمزوری بھی ہے

جب پیاز کھاتا ہو تو چڑچڑا پن اور آدھے سر میں درد لگ جاتا ہے-چائے تو بلکل نہیں پی سکتا قبض ہو جاتی ہے-- برائے مہربانی--کوئی حل نکالئے--میں بہت تکلیف میں ہو۔

عاجز کا تجویزی علاج:۔

وعلیکم السلام بھائی ھومیو دوا سلفر 200 پانچ قطرے صبح نہار منہ آدھا کپ پانی میں اور نکس وامیکا 30 پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پی لیا کریں ان شاءاللہ بہت جلد آرام ہو گا

....

مقعد کے نیز ہر پھوڑے کی اکسیری دوا

اللہ شافی. ہومیو علاج. کلکیریا سلف 30، ہیپر سلف 30، مرک سال 30. تینوں کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں صبح دوپہر شام کھانے کے گھنٹہ بعد دیں انشاءاللہ مکمل آرام ہو گا اور مرض لوٹے گا بھی نہیں۔

....

اگر پھوڑا ابتدائی سٹیج پر ہو تو یہ دوائیں اونچی پوٹینسی میں دیں خشک کر دیں گی بہت جلد۔

رحم کی رسولیاں

....

اس مرض کی وجہ سے خواتین بانجھ پن اور کئی دیگر مسائل کا شکار ہوتی ہیں ایلوپیتھک آپریشن تجویز کرتے ہیں جو اکثر مزید پیچیدگی کا سبب بن جاتا ہے

اس مرض کے لیے ایک مجرب بارہا کا آزمودہ ہومیو نسخہ جس سے مکمل شفا ہو کر اس مرض کا خاتمہ ہو جاتا ہے

....

کلکیریا کارب،فاسفورس،لیمنا مائنز تینوں 30 کی طاقت میں لیکر تینوں کے پانچ،پانچ ڈراپ آدھا کپ پانی میں ملا کر پلائیں صبح دوپہر شام کھانے کے بعد.. نیز تھوجا 200 صبح نہار منہ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں پلائیں

پہلی تین شیشیاں ختم ہونے پر الٹرا ساؤنڈ کروالیں رسولیاں نہیں ہوں گی انشاءاللہ. تاہم ایک آدھ مریضہ میں اگر ایک کورس سے مکمل ختم نہ ہوں تو پہلی تین ادویہ کا ایک اور کورس کروالیں دوسری دوا تھوجا بھی ساتھ جاری رکھنی ہے۔

تمام اقسام کے لیے بارہا کا آزمودہ علاج ہے Fibroids اور Cysts،Tumors،Polyps

....

استفسار برائے ہیپاٹائیٹس سی

السلام علیکم ڈاکٹر صاحب کیسے مزاج ہیں؟

آپ سے بہت امید کے ساتھ درخواست ہے کہ مجھے ایک سال ہوا ہیپاٹائٹس سی کی بیماری ہے بہت علاج کروا چکا ہوں لیکن آرام نہیں مہربانی فرماکر کوئی ہومیو یا دیسی علاج بتائیں اگر آپ کہیں تو آپ کے پاس آسکتا ہوں میں حسن ابدال کا ہوں۔

عمر ٤٢ سال۔وزن ٧٠ کلو۔قد ٥ فٹ ٦ انچ

براہ کرم ضرور توجہ فرمائیں میں تو تھک کر مایوس ہو گیا ہوں۔بہت شکریہ۔

عاجز کا تجویزی علاج:۔

وعلیکم السلام۔الحمدللہ۔پیارے بھائی کوئی بیماری لاعلاج نہیں ہوتی مایوس نہ ہوں اللہ کریم وشافی سے شفاء کی امید رکھیں میں دوا لکھ رہا ہوں شفاءاللہ کریم عطا فرمائیں آمین۔

قسط شیریں 200 گرام، برگ کاسنی 50 گرام، برگ مہندی 50 گرام، انڈین کوڑ 15 گرام

سب کو پیس کر چھوٹا چمچ ہمراہ پانی صبح شام ناشتے کھانے کے بعد لیں۔

20 دن بعد رپورٹ کروا کر آگاہ فرمائیں.

درد سر نیا ہو یا پرانا، سارے سر میں ہو یا آدھی سیسی کا درد ہو۔ داڑھ میں درد ہو یا دانت میں، سب کے لئے مفید اور زود اثر ہے۔

نوشادر دو تولہ، کافور دو ماشہ، دونوں کو باریک پیس کر شیشی میں مضبوط ڈاٹ لگا کر رکھ لیں درد سر اور آدھا سیسی میں ایک چٹکی دوا ہلاس کی طرح دونوں نتھنوں میں چڑھائیں۔ چھینکیں آ کر یا یا بغیر چھینکیں آئے ناک سے رطوبت ہو کر درد کو آرام آجائے گا اگر ایک بار کے استعمال سے آرام نہ ہو تو دوسری اور تیسری بار بھی استعمال کریں۔

*اگر کسی داڑھ یا دانت میں درد ہو تو ایک چٹکی دوا دانت اور مسوڑھے پر ملیں اور منہ نیچے کی طرف جھکا لیں تا کہ منہ سے رطوبت بخوبی خارج ہو جائے۔

*یہ چٹکلہ بھی درد سر اور آدھی سیسی کے لئے نہایت مفید ہے اور بند زکام کو کھولتا ہے۔

*چاول باسمتی یا ارنے اپلے کی راکھ ایک چینی کے پیالہ میں ڈال کر اوپر سے آک کا دودھ اتنا ڈالیں کہ اچھی طرح تر ہو جائے اس کے بعد خشک ہونے پر باریک پیس لیں اور بوقت ضرورت ہلاس کی طرح سونگھیں۔

*اگر ناک میں کیڑے پیدا ہو جائیں اور ان کی وجہ سے مریض درد سر کی شدت سے بے تاب ہو تو کپڑے کے بتی بنا کر روغن تارپین میں بھگو کر اور کمیلہ سے لت پت کر کے ناک میں رکھیں تمام کیڑے مر کر خارج ہو جائیں گے، یا ایک عدد پیاز میں سوراخ کر کے اس میں تین ماشہ کافور رکھ کر اوپر آٹا لپیٹ دیں اور آگ پر بھون کر باریک

پیس کر عرق نکالیں اس عرق کے برابر دونا مردا کے پتوں کا عرق نکال کر دونوں کو ملا کر نیم گرم ناک میں ٹپکائیں فوراً آرام ہو گا۔

*اگر گرمی کی زیادتی سے منہ آگیا ہو اور بہت سوزش اور تکلیف ہو تو سبز دھنیے کے پانی میں لعاب اسبغول ملا کر غرارے کرنے سے بہت جلد آرام ہو گا۔

*اگر دانتوں سے خون یا پیپ جاری ہو یا دانت ہل رہے ہوں تو پھٹکری اور مازو برابر پیس کر پانی میں جوش دے کر غرارے کرنے سے چند روز میں صحت ہو گی۔

*اگر خناق ہو جانے کی وجہ سے کھانا کھانے یا پانی وغیرہ پینے کی تکلیف ہو تو برگ کنگھی چلم میں رکھ کر بطور حقہ پیئیں اور یہ دھواں حلق تک پہنچائیں۔اور انہی پتوں کو تلوں کے تیل سے چپڑ کر نیم گرم گلے پر باندھیں ورم فوراً تحلیل ہو جائے گا۔

*گلا پڑ جانے سے آواز بیٹھ گئی ہو تو سوتے وقت ایک ماشہ سفوف ملٹھی پان میں ڈال کر دانتوں کے نیچے دبا کر سو جائیں صبح کو آواز صاف ہو کر گلا کھل جائے گا۔

*کھانسی خواہ کتنی ہی پرانی ہو ثمر کنڈیاری خورد بیس تولہ کوٹ لیں اس کا نصف حصہ کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر پانچ تولہ نمک سیاہ باریک شدہ رکھ کر اور بقیہ ثمر کنڈیاری رکھ کر منہ بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک کر کے چھ سیر اپلوں کی آگ میں پھونک دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں اور سوتے وقت چار رتی منہ میں رکھ کر سو جائیں دوا خود بخود حلق سے نیچے اتر جائے گی اور چند روز میں قطعی آرام ہو جائے گا۔

*کیسا ہی سخت ہیضہ ہو پیاز ایک عدد، مرچ سیاہ سات دانہ دونوں کو پانی میں نہایت باریک پیس کر بغیر چھانے ہی مریض کو پلادیں دوا حلق سے نیچے اترتے ہی پیاس و بیقراری اور دست وقے بند ہو کر آرام ہو جائیگا۔

*ہچکی اگر کسی دوا سے بند نہ ہو تو سرکہ ایک تولہ، شکر سفید چھ ماشہ، تازہ پانی تین تولہ تینوں کو ملا کر پلاتے ہی ہچکی بند ہو گی۔

* تلی خواہ کتنی سخت اور بڑھی ہوئی ہو نوشادر اور چونہ برابر وزن چینی کی پیالی میں رکھ کر رات کو شبنم میں رکھیں تیل ہو جائے گا ایک بوند بتاشہ میں ڈال کر روزانہ کھلانے سے تلی بالکل درست ہو جائیگی۔

*بواسیر خونی ہو یا بادی کتنی ہی پرانی ہو شورہ قلمی ایک ماشہ باریک پیس کر دودھ بکری تین پاؤ کے ہمراہ کھانڈ ملا کر صبح کو پھانک لیا کریں ہر قسم کی بواسیر رفع ہو جائیگی۔

*درد گردہ، ریگ و پتھری کے لئے شورہ قلمی تین تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، دونوں کو باریک پیس کر توے پر رکھیں اور آگ جلائیں جب دونوں پگھل جائیں تو ہلا کر مٹی کے کورے برتن میں ڈال دیں سرد ہونے پر باریک پیس کر تین ماشہ صبح اور تین ماشہ شام ہمراہ آب مولی کھلائیں درد گردہ شروع ہوتے ہی ایک پاؤ کچی لسی کے ہمراہ تین ماشہ کھلادیں درد گردہ کو آرام آجائیگا، پھر مندرجہ بالا طریقہ سے دینے سے ریگ و پتھری کو آرام آجاتا ہے۔۔

*ذیابطیس شکری میں گڑمار بوٹی، سونٹھ اور مغز تخم جامن تینوں برابر وزن سفوف بنا کر تین ماشہ صبح و شام دہی کے پانچ تولہ پانی سے پھانک لیا کریں میٹھی اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

*اگر پیشاب بند ہو گیا ہو تو چوہے کی مینگنیاں پانی میں پیس کر پیڑو پر لیپ کر دیں پیشاب کھل جائیگا۔

*بانجھ عورت کیلئے تخم شو لنگی تین عدد لے کر ایک ماشہ قند سیاہ میں سالم لپیٹ کر تین گولیاں بنالیں بعد فراغت حیض تین روز تک ایک ایک گولی دودھ سے کھلائیں اور تیسری گولی کے بعد خاوند سے نزدیکی کی جائے نوے فیصد اسی روز نہ دوسرے یا تیسرے شرطیہ حمل قرار پاتا ہے۔

*چھپا کی زیادہ تکلیف دہ ہو تو تین ماشہ دال سفید ہمراہ دودھ گائے خام ایک پاؤ صبح کو پھانک لیا کریں سات روز کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے۔

*مسوڑھا سوج گیا ہو تو جائفل منہ میں رکھیں۔

*آتشک، بھگندر اور کوڑھ تینوں کو شرطیہ آرام کرنے کے لئے۔

*رسکپور ایک تولہ کڑچھے میں رکھ کر نرم آنچ پر رکھیں اور دس تولہ گندھک آملہ سار باریک پیس کر چٹکی دیتے جائیں جب تمام گندھک ختم ہو جائے تو رس کپور باریک پیس لیں، مقدار خوراک ایک چاول تا تین چاول مکھن میں رکھ کر۔

*جملہ اقسام تپ کے لئے سورج مکھی کی پتی یا بیج و شاخ تازہ ہو یا خشک چھ ماشہ تا ایک تولہ پانی میں پیس کر یا تر کر کے جس طرح چاہیں استعمال کریں ہر عمر اور ہر حالت میں استعمال کر سکتے ہیں۔

*ریوند چینی باریک سفوف کرکے اس کے برابر مصری باریک شدہ ملا کر رکھ لیں جس عورت کو درد کے ساتھ ماہواری آتی ہو وہ روزانہ یہ سفوف چھ ماشہ کی مقدار میں حیض آنے سے دوروز پہلے کھانا شروع کرے اور چار روز تک مسلسل کھائے درد و تکلیف کے بغیر ماہواری کھل کر آئے گی۔

*دردزہ کی حالت میں زعفران خالص دوماشہ کو پانی میں حل کرکے عورت کو پلادیجیے اس سے بچہ بآسانی پیدا ہو جاتا ہے۔

*سمندر پھل کو پانی میں پیس کر صبح کے وقت دو تین قطرے ناک میں ٹپکانا، درد سر کو فوراً دفع کرتا ہے۔

*نمک بعام ایک حصہ ' گڑ نصف حصہ دونوں کو پانی میں حل کرکے رکھ لیں آگ وغیرہ سے جسم جل جانے پر عضو ماؤف پر لگائیں جلن میں فوراً تخفیف ہو جاتی ہے اور آبلے نہیں پڑتے ہیں۔

*پیاز سفید اور نمک کو پیس کر بچھو کے ڈنک کے مقام پر لیپ کرنے سے زہر جلد اتر جاتا ہے اور جلن دور ہوتی ہے۔

*جو عورت اختناق الرحم (ہسٹریا) کے دورہ میں مبتلا ہو اسے گوگل کی دھونی دی جائے پانچ منٹ کے اندر دورہ ختم ہو جائیگا اور ہوش آجائے گا۔

*چھال درخت کرنجوہ کو سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھان کر سفوف بنالیں روزانہ سات ماشہ کی مقدار میں ٹھنڈے پانی کے ساتھ کھانا نار فارسی (ایگزیما) میں بہت مفید ہے دوران استعمال میں ترش سے پرہیز کریں۔

* چھوہارا ایک عدد لے کر اس کی گٹھلی نکال کر کے مغز پنبہ دانہ سے پر کر کے ایک پاؤ دودھ میں جوش دیں جب دودھ کھولنے لگے تو آگ سے اتار کر پہلے چھوہارا کھالیں اور دودھ میں بقدر ضرورت چینی ملا کا پی جائیں یہ مقوی باہ اور مقوئی دماغ و بصر ہے۔

* سفیدہ کاشغری اور سرمہ سیاہ دونوں برابروزن لے کر گلاب میں ایک ہفتہ تک کھرل کریں۔ پھر اسے محفوظ کر لیں بطور سرمہ روزانہ آنکھوں میں لگانا ضعف بصارت، آنکھوں کی جلن اور اکثر امراض چشم میں مفید ہے۔

* گلوئے نیب تازہ تین تولہ نیم کوٹ کر کے ایک پاؤ پانی میں جوش دیں جب آدھا پاؤ پانی باقی رہ تو چھان کر کے شہد خالص ایک تولہ ملا کر پئیں چند روز کے استعمال سے یرقان (پیلی کی بیماری) دفع ہوتی ہے۔

* سیاہ مرچ ایک تولہ کو آب برگ دھتورہ میں حل کر کے داؤ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں ایک یا دو عدد جاڑا بخار میں باری آنے سے دو گھنٹے پہلے استعمال کریں اس سے باری رک جاتی ہے۔

* شورہ قلمی اور گندھک آملہ سار دونوں کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملالیں اور ہلکی آنچ پر اتنی دیر رکھیں کہ دونوں چیزیں جل جائیں اس سے تین ماشہ یا حسب عمر کچھ کم و بیش لے کر آب مولی پانچ تولہ کے ساتھ استعمال کریں درد گردہ کے لئے بہت مفید ہے نیز پیشاب کے بند ہو جانے یا رک کر آنے میں اس کا استعمال مفید ہے۔

* دھنیا کی تازہ پتیاں پانچ تولہ لے کر کتر لیں سرسوں کے تیل یا تل کے تیل آدھا پاؤ میں ڈال کر پکائیں جب پتیاں جل جائیں تو آگ سے اتار لیں اس میں سیاہ مرچ دو ماشہ سفوف کر کے ملائیں اور نیم کے دستہ سے خوب گھوٹیں پھر اسے محفوظ کر لیں۔ اکوتہ کے مقام پر اسے لگانا بہت مفید ہے۔

* برگ اڑوسہ ایک پاؤ لے کر ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ پانی باقی رہے تو کپڑے سے چھان لیں پھر اس میں قند سیاہ کہنہ دو تولہ ڈال کر آگ پر اتنی دیر قوام کریں کہ گاڑھا ہو جائے اور گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے چنے کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ کھانسی اور دمہ میں ان گولیوں کا استعمال نافع ہے حسب دستور ایک دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

*جوان بیل کے سینگ کا مغز لے کر ایک مٹی کے پیالہ میں بند کر کے آگ میں اتنی دیر رکھیں کہ مغز جل جائے پھر اسے نکال کر باریک سفوف بنالیں تین یا چار ماشہ اس سے لے کر تھوڑے شہد کے ساتھ استعمال کریں کنٹھ مالا میں مفید ہے۔

* سفید گھونگھی کو باریک کر کے روئی کی بتی میں لپیٹ کر ناسور میں رکھیں اس سے زخم جلد بھر جائیگا۔

* تخم سروالی کو باریک کر کے رکھ لیں چھ ماشہ کی مقدار میں پانی کے ساتھ کھائیں اکیس روز مسلسل کھانے سے بواسیر خونی کی شکایت جاتی رہے گی۔

*پیشاب کے بند ہو جانے کی حالت میں لہسن کے ایک جوے کو چھیل کر اسے اتنا پتلا کریں کہ پیشاب کے سوراخ میں جاسکے اس کے رکھنے سے فوراً پیشاب جاری ہو گا۔

* شنگرف رومی ایک تولہ کو کاغذی لیموں کے پانی میں حل کریں یہاں تک کہ ایک سو ایک لیموں کا پانی ختم ہو جائے پھر اسے محفوظ کرلیں ایک چاول کی مقدار میں پان میں رکھ کر کھانا مرض جذام میں مفید ہے کچھ دنوں تک استعمال کریں اور مضر چیزوں سے پرہیز کریں۔

*داڑھ کے درد میں مکوئے خشک کو جلا کر اس کا دھواں اس دانت تک پہنچائیں جس میں درد ہے اس سے درد میں فوراً سکون ہو جاتا ہے دو تین بار دھواں پہنچانے سے پوری صحت ہو جاتی ہے۔

*گل ارمنی اور چنے بھنے ہوئے دونوں برابر وزن لے کر باریک کر لیں جس عورت کو کثرت حیض کی شکایت ہو یہ سفوف چار ماشہ کی مقدار میں صبح و شام ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

*مسوں پر مدار کا دودھ لگانے سے مسے جڑ سے نکل جاتے ہیں دو تین دن استعمال کریں۔

*ریوند چینی باریک سفوف کر کے اس کے برابر وزن مصری باریک شدہ ملا لیں جس عورت کو درد کے ساتھ ماہواری آتی ہو وہ ماہواری آنے سے دو دن پہلے اس سفوف کو چھ ماشہ کی مقدار میں صبح و شام استعمال کریں اور مسلسل چار روز تک استعمال کریں۔

*مرگی کے دورہ کی حالت میں ہینگ ایک ماشہ کو سکنجبین سادہ نو ماشہ حل کر کے مریض کے گلے میں ٹپکانے سے فوراً ہوش ہو جاتا ہے۔

*حب الآس اور زیرہ سیاہ مدبر دونوں لے کر سفوف کر لیں بستر پر نیند میں پیشاب ہونے کی شکایت میں چھ ماشہ صبح و شام چند روز تک استعمال کریں۔

*گدھے کے دائیں پاؤں کا کھر تراش کر کے اس کی انگوٹھی بنا کر مرگی کا مریض اپنے دائیں ہاتھ کی کسی انگلی میں پہن لے تو مرگی کے دورے ختم ہو جاتے ہیں۔

*موصلی سفید باریک کرکے اس کے برابروزن چینی باریک شدہ ملائیں ماہواری کی زیادتی کی حالت میں چھ ماشہ کی مقدار میں صبح وشام کھانا مفید ہے۔

*عاقرقرحا اور سیاہ مرچ ہر ایک ایک ماشہ کو پانی میں پیس کر زبان پر ملنے سے زبان کی لکنت دور ہو جاتی ہے چالیس روز مسلسل استعمال کریں۔

*تخم سرس کا باریک سفوف کرکے برابروزن مصری باریک شدہ ملائیں چھ ماشہ کی مقدار میں روزانہ صبح ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں جریان اور رقت منی میں مفید ہے۔

*گلابی پھٹکری کو جلا کر راکھ کرلیں اور ایک پختہ کیلے میں نصف ماشہ رکھ کر کھائیں اس کے اوپر تھوڑا دودھ بھی پی لیں۔ سوزاک میں مفید ہے۔

*دودھی گھاس سفید ڈنڈی والی ایک تولہ لے کر بکری کے دودھ ایک پاؤ میں جوش دے کر چھان لیں اس کا پینا سوزاک کے لئے بہت مفید ہے صبح وشام استعمال کریں۔

*درخت جیت کی پتیوں کا نچوڑا ہوا پانی ایک تولہ لے کر کتے کے کاٹے ہوئے مریض کو پلادیں اس کے پلانے سے قے ہو گی اور زہر دفع ہو کر مریض کی صحت بحال ہو جائے گی۔

*گولر کی چھال اور پتیاں لے کر اس میں تھوڑا کتھہ ملا کر سنکھیا کھائے ہوئے مریض کو پلادیں اس سے زہر دفع ہو گا۔

*ہینگ خالص بقدر باجرا کو موم خالص بقدر جوار میں رکھ کر کھانے سے درد گردہ کی شکایت جاتی رہتی ہے۔

*آب برگ ککرونده ایک تولہ لے کر بکری کے تازہ دودھ پانچ تولہ میں ملا کر روزانہ بائیس دن مسلسل پینا مرض استسقاء (پنڈروگ) میں مفید ہے۔

*زردی بیضہ مرغ ایک عدد، سیاہ مرچ پانچ عدد، دونوں پیس کر ایک کپڑے میں لگا کر درد کی جگہ پر رکھیں درد گردہ، اور ذات الجنب میں اس کا استعمال مفید ہے اس کے استعمال سے درد میں فوراً سکون ہو جاتا ہے۔

*ریوند چینی کو باریک کر کے رکھ لیں جس شخص کو باری سے جاڑا بخار آتا ہو اسے باری کے دن بخار آنے سے پہلے ایک رتی ہر ایک گھنٹہ پر کھلائیں۔ اس سے باری رک جاتی ہے۔

*درد سر کی حالت میں پیارانگہ کو پانی میں پیس کر پیشانی پر لگانے سے درد میں فوراً سکون ہو جاتا ہے۔

*انڈے کی سفیدی نکال کر ایک پیالہ میں رکھیں اسے ایک لکڑی سے اتنا چلائیں کہ جھین اٹھنے لگے گرمی کی وجہ سے آنکھ میں درد اور سرخی ہو تو اس کو آنکھ میں ڈالنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

*ہرڑ سیاہ چھوٹی چھوٹی لے کر ان پر گھی لگا دیں پھر انہیں اس طرح بھونیں کہ کچی نہ رہیں اور نہ جلنے پائیں اس کے بعد باریک کر کے رکھ لیں چار ماشہ کی مقدار میں تھوڑے دہی یا مکھن کے ساتھ استعمال کرنے سے پیچش میں فائدہ ہوتا ہے۔ پیچش کی اکثر قسموں میں اس کا استعمال نافع ہے۔

* تخم کنوچہ کو بریاں کر کے باریک کرلیں اس کے نصف وزن دیسی چینی ملالیں اور چھ ماشہ کی مقدار میں صبح و شام استعمال کریں پیچش کے لئے مفید ہے۔

* مالکنگنی کا باریک سفوف کرلیں پانچ ماشہ کی مقدار میں روزانہ پانی کے ساتھ صبح کو استعمال کریں بواسیر خونی و بادی کے لئے مفید ہے۔

* جس بچے کو ام الصبیان کا مرض ہو اس کے گلے میں عود صلیب کا لٹکانا بہت مفید ہے اس سے یہ شکایت جاتی رہتی ہے۔

* جس شخص کو بلغمی مادہ کی وجہ سے نسیان کی شکایت ہو وہ کبھی کبھی دار چینی چبایا کرے تو نسیان کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

* نوشادر کو باریک کر کے پونے دو ماشہ لے کر آب مولی چار تولہ کے ساتھ استعمال کرنے سے تلی کا ورم جاتا رہتا ہے چند روز استعمال کریں۔

* نک چھکنی کو سونگھنے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے اور یہ تجربہ شدہ ہے۔

* کوڑی کو جلا کر خوب باریک کرلیں پھر آب لیموں میں حل کر کے چند قطرے کان میں ڈالیں کان کے درد کے لئے مفید ہے۔

*سہاگہ بریاں کو باریک کر کے تھوڑا کان میں ڈال کر اس کے اوپر چند قطرے آب لیموں ڈال دیں اس سے کان کی میل باہر آجاتی ہے اور اگر ریم کی وجہ سے کان میں بدبو ہو تو اس سے ریم بھی صاف ہو جاتی ہے اور بدبو جاتی رہتی ہے۔

*انار کے پھل کو مسلم لیکر سرکہ میں پکائیں پھر اس سرکہ کے چند قطرے کان میں ڈالیں کان سے خون جاری ہونے کو روکتا ہے۔

*آب مولی کو نیم گرم کر کے چند قطرے کان میں ڈالنے سے کان کے کیڑے مر جاتے ہیں اسی طرح آب پودینہ یا آب پیاز کے ڈالنے سے بھی کیڑے مر جاتے ہیں۔

*السی کا لعاب نکال کر اس میں عورت کا دودھ ملا کر کان میں ڈالنے سے کان کا زخم اور دانوں میں فائدہ ہوتا ہے۔

*افیون نصف ماشہ لے کر دودھ میں حل کر کے نیم گرم کر کے کان میں ڈالنے سے کان کے اندر کے دانے اور شدید درد میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔

*کف دریا کو باریک کر کے شہد میں ملا کر مسوڑھوں پر ملنے سے بچوں کے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔

*خولنجاں (کلنجن) کو منہ میں رکھنا آواز بیٹھنے میں بہت مفید ہے۔

*چاول میں گڑ ڈال کر پکالیں پھر اسے رات کو خوب سیر ہو کر کھائیں تھوڑی دیر کے بعد دو گھونٹ گرم پانی پیئیں سرد پانی بالکل نہ پیئیں دو تین روز یہی عمل کریں آواز بیٹھ جانے میں بہت مفید ہے۔

* شلغم کے اوپر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کر کے تنور میں اتنی دیر رکھیں کہ پختہ ہو جائے پھر مٹی علیحدہ کر کے اس کا پانی نچوڑ لیں اس میں تھوڑی مصری ملا کر پینے سے خشک کھانسی میں مفید ہے۔

* مکھن میں تھوڑی مصری ملا کر کھانے سے خشک کھانسی میں مفید ہوتا ہے۔

* کلونجی دو ماشہ کی مقدار میں روزانہ کھانا، سانس چڑھنے اور دمہ میں مفید ہے اور جس عورت کو دودھ کی کمی ہو اس کے استعمال سے دودھ اتر آتا ہے۔

* سنگ جراحت کو باریک کر کے دو ماشہ کی مقدار میں عرق بارتنگ یا پانی کے ساتھ استعمال کرنا خونی اسہال اور بواسیری اسہال میں مفید ہے۔

* برگ حنا خشک کو نیم کوٹ کر کے ایک تولہ کی مقدار میں لے کر رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو پانی چھان کر پی لیں ایک ہفتہ مسلسل استعمال کرنا یرقان کے لئے بہت مفید ہے۔

* یرقان کی وجہ سے آنکھوں میں جو زردی ہوتی ہے اس کے دفع کرنے کے لئے چقندر کو کچل کر اس کا پانی نچوڑ کر ناک میں سڑکیں۔

* مغز تخم ارنڈ کو گائے کے دودھ میں پکا کر فوطوں پر لیپ کرنا فوطوں کے ورم ریحی یا سردی کے ورم میں مفید ہے۔

*گندھک آملہ سار کو خوب باریک کر کے نصف ماشہ کی مقدار میں ایک پاؤ گائے کے دودھ کے ساتھ کھانا حیض کی زیادتی کو روک دیتی ہے ایک ہفتہ تک مسلسل استعمال کریں۔

*چھال درخت ببول ایک سیر لے کر نیم کوٹ کر کے دس سیر پانی میں بھگو دیں دو روز کے بعد اتنا جوش دیں کہ نصف پانی باقی رہ جائے اسے چھان کر بوتل میں رکھ لیں جس عورت کو حیض کی زیادتی ہو ایام حیض میں جب بھی پیشاب کرے اسی پانی سے آبدست لے اس سے کثرت حیض کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

*اندرجو کو گرم پانی میں بھگو کر ایک روز رکھ چھوڑیں اس کے بعد اس کا چھلکا اتار کر دوگنا شہد خالص کف گرفتہ میں گوندھ کر آٹھ روز رہنے دیں اس کے بعد چار ماشہ کی مقدار میں روزانہ صبح کو استعمال کریں یہ مقوی باہ ہے۔

*ارہر کی دال کو پانی میں پیس کر بالخورہ کے مقام پر دن میں دو بار لیپ کریں دوسرے دن بالخورہ کے مقام کو اپلہ سے کھجلا کر تھوڑا گھی لگا کے دھوپ میں بیٹھیں دو تین بار اس عمل کے کرنے سے بال اگ آتے ہیں۔

*اسبغول کو بریاں کر کے چھ ماشہ کی مقدار میں پانی کے ساتھ کھانا اسہال و دست میں بہت مفید ہے۔

*تخم پلاس یعنی ٹیسو کے بیج سرکہ میں پیس کر چند روز لگائیں داد کے لئے نافع ہے۔

*پوست آملہ کو نیم کوٹ کر کے سات ماشہ کی مقدار میں لے کر تھوڑے پانی میں بھگو دیں دو تین گھنٹے کے بعد پوست آملہ کو مل کر پانی سے علیحدہ کر لیں۔ دوبارہ اسی مقدار میں پوست آملہ نیم کوٹ اس پانی میں ڈالیں یہاں تک کہ تین بار اسی طرح پوست آملہ کو ڈال کر پانی چھان لیں پھر اس پانی کو کسی شیشی میں محفوظ کر لیں اور آنکھوں میں ٹپکائیں آنکھوں کے ہلکے جالے اور پھولے کے لئے اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

*پوست آملہ اور زیرہ سیاہ دونوں برابر وزن لے کر باریک کرلیں اور تین گنا شہد میں ملا کر رکھ لیں چھ ماشہ یا کچھ زیادہ مقدار میں روزانہ کھانا بول فی الفراش (بستر پر پیشاب ہونے کی عادت) کے لئے نافع ہے۔

*ابھل کو باریک کر کے دوگنے شہد خالص میں ملا کر رکھ لیں ایک تولہ کی مقدار میں روزانہ صبح و شام استعمال کرنا خون حیض و نفاس کو جاری کرتا ہے۔

*برگ اڑوسہ خشک کو باریک کر کے چھ ماشہ کی مقدار میں لے کر تھوڑے شہد میں ملا کر کھانا، نکسیر اور نفث الدم (خون تھوکنے) میں مفید ہے۔

*ارہر کے پتوں کو پانی میں پیس کر نیم گرم کرنے کے بعد ورم پر لیپ کرنے سے ورم کو پکا کر پھاڑ دیتا ہے۔

*اسگند کو باریک کر کے اس کے برابر وزن چینی ملا کر رکھ لیں چھ ماشہ کی مقدار میں روزانہ صبح کو تھوڑے دودھ کے ساتھ استعمال قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

*اصل السوس (ملٹھی) کے اوپر کا چھلکا علیحدہ کر کے اسے سرمہ کی طرح باریک کرلیں پھر آنکھوں میں لگائیں آنکھ کے ہلکے جالے کو دور کرتا ہے بینائی تیز ہوتی ہے اور آنکھ کی زردی کے لیے نافع ہے۔

*افاقیا کو باریک کر کے سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر آگ سے جلنے کے مقام پر لگانا مفید ہے اس سے آبلے بھی نہیں پڑتے ہیں۔

*مغز کرنجوہ کو سرخ دھاگے میں باندھ کر حاملہ عورت کے گلے میں لٹکانے سے حمل ساقط نہیں ہوتا ہے اور دوسری آفتوں سے بھی بچہ محفوظ رہتا ہے۔

*درخت املتاس کی جڑ کو پانی میں پیس کر لیپ کرنا ہر قسم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

*املی کے بیج کو پوست کے ساتھ کوٹ کر کے دو ماشہ کی مقدار میں تنہا یا تھوڑے اسپغول کے ساتھ کھانا پرانے اسہال اور اسہال بواسیری میں بہت مفید ہے۔

*پوست انار ایک تولہ لے کر تھوڑے پانی میں جوش دے کر اسے چھان کر پینا سلسل البول (پیشاب قطرہ قطرہ آنے) کے لئے نافع ہے۔

*انجیر زرد اور مغز اخروٹ دونوں برابر وزن لے کر کوٹ لیں سات تولہ کی مقدار میں روزانہ کھانا بالخاصہ محرک و مقوی باہ ہے اور نعوظ پیدا کرتا ہے نیز ملین اور قبض کشا ہے۔

*انیسون ساڑھے تین ماشہ لے کر چبائیں یا سفوف بنا کر پانی کے ساتھ کھانے سے عورتوں کے لئے دودھ کی کمی دور ہوتی ہے۔

*بابچی کو جلا کر باریک کر لیں پھر اسے سرسوں کے تیل میں ملا کر لیپ کر لیں اکوتہ کے لیئے نافع ہے۔

*بادیان کو مٹی کے برتن میں جلا کر سرمہ کی طرح باریک کر لیں بذریعہ سلائی آنکھوں میں لگانے سے بینائی تیز ہوتی ہے اور آنکھ سے پانی جاری ہونے کو روکتا ہے اس کے برابر لگانے سے حدقہ میں سیاہی بھی آتی ہے۔

*بسد یعنی مونگے کی جڑ کو باریک کر کے ڈیڑھ ماشہ کی مقدار میں سکنجبین دو تولہ کے ساتھ روزانہ چند روز تک کھانا طحال اور سدہ طحال کے لئے نافع ہے۔

*گداپورنا (بسکھپرا) کے پورے پودے کو کچل کر اس کا پانی نچوڑ لیں یہ پانی دس ماشہ کی مقدار میں روزانہ پینا استسقا اور اسہال سدی میں بہت مفید و مجرب ہے ایک ہفتہ مسلسل استعمال کریں غذا بے نمک اور روغن استعمال کریں۔

*گداپورنا کی جڑ تھوڑی سی لے کر پان میں رکھ کر کھانا دمہ کے لئے مفید ہے۔

*گداپورنا کو پیس کر کے بچھو کے ڈنک کے مقام پر لیپ کر نا زہر کو کھینچ لیتا ہے اور درد و سوزش میں فوراً سکون ہو جاتا ہے۔

*سفید پھول والے بسکھپرے کی جڑ کو سایہ میں خشک کر کے گلاب یا پانی میں خوب حل کر کے آنکھوں میں لگانے سے آنکھ کی خارش اور پانی گرنے کو روکتا ہے اور اگر پلک کے بال گر گئے ہوں تو اس کے استعمال سے بال اگ آتے ہیں۔

منقول۔

طالب دعا۔

ڈاکٹر زمان صابر

استفسار برائے حاملہ کی بلیڈنگ

محترم ایڈمنز السلام علیکم، حمل کے دوران بلیڈنگ شروع ہو جائے تو اس کو روکنے کا کوئی مجرب نسخہ جلد عنایت فرمائیں؟

جزاکم اللہ

عاجز کا تجویز کردہ علاج:۔

وعلیکم السلام۔فوری آرام کے لیے اخبار جلا کر راکھ چٹکی چٹکی ایک دو ٹائم دے دیں جادو ہے(:

نیز ہومیو دوا امبر گریشیا 200 کے پانچ پانچ قطرے صبح شام آدھا کپ پانی میں ملا کر کھانے کے بعد دیا کریں

ان شا اللہ جلد آرام ہو گا

خواتین میں زچگی کے بعد پیٹ بڑھ جانا

آجکل اکثر خواتین میں زچگی کے بعد پیٹ بڑھ کر لٹک جاتا ہے ایسی خواتین کے لیے مجرب ہومیو دوا.

سلفر 30 اور پوڈوفائیلم 30 کے پانچ پانچ ڈراپ آدھا کپ پانی میں کھانے اور ناشتے سے پندرہ، بیس منٹ پہلے صبح دوپہر شام پی لیا کریں ان شاءاللہ بہت جلد پیٹ اپنی حالت پر آجائے گا.

....

اگر پیٹ بڑھنے کی وجہ چربی ہو تو ایسی خواتین کو اوپر والی دواؤں کے ساتھ کلکریا کارب 30 پانچ قطرے بھی شامل کر کے دیں.

....

استفسار:۔

----

as salam u alaikum.

Allah tmam attiba k ilm me izafa frmaye aameen. mera swal hy k tonsils kafi arsa tk hona or meda ka ulcer hona, in ka apas me kya koi conection hy? or plz is k liye koi mujarrab nuskha b inayt kryn. jazakAllah khair DrZaman Saber.

....

عاجز کا تجویزی نسخہ:۔

وعلیکم السلام وسیم بھائی آپ کی والدہ کو السر کی وجہ سے منہ پکنا نیز ٹانسلز کا پھولنا ہے۔

بیسٹ یہی ہے کہ وہ صرف السر کی دوا یوز کریں السر کے ٹھیک ہونے سے امید ہے باقی مسائل خود بخود ٹھیک ہو جائیں گے ان شااللہ

معدہ کے السر کا ایک بہترین نسخہ گروپ میں دیا تھا۔

آپ کی سہولت کے لیے یہاں دے رہا ہوں یہی استعمال کریں بہت جلد آرام ہوگا ان شااللہ۔

معدہ کا السر سات دن میں فشوں

....

آجکل ہر دوسرا بندہ السر کا شکار ھے اور سالوں علاج کر کے بھی فریادی ہی ملتا ھے تو لیجیے پیارے پیارے بھائیو اور دوستو!

اپنا آزمودہ نسخہ آپ کو دے رہا ہوں جو صرف سات دن میں السر کو ختم کرتا ھے. ضرور بنائیں خود بھی یوز کریں اور آس پاس کوئی اور مریض ہو اسے بھی دے کر ثواب کمائیں.

ہلیلہ سیاہ 50 گرام، ستاور 10 گرام، مصبر 3 گرام. تینوں پنسار اسٹور سے لے لیں.

ہلیلہ کو گھی میں بھون کر کپڑے سے مل کر خشک کر کے پیس لیں اور دونوں دیگر دوائیں بھی پیس کر تینوں کو ملا دیں بس تیار ھے.

کھانے کے بعد صبح دوپہر شام ایک رتی یعنی چٹکی بھر پانی سے لے لیا کریں

صرف سات دن میں السر نہیں رہے گا. تاہم اگر زیادہ دن بھی یوز کریں تو معدہ کے لیے بہت مفید ھے. دعا میں یاد رکھنا.

....

السر کی علامات:۔

معدہ کے السر کی کئی اقسام ہیں اگر اوپری وال یا ڈھکن کا ہے تو کھانے کے دوران تکلیف جلن وغیرہ ہوتی ہے اگر دیواروں میں ہے تو کھانے کے فورا بعد جلن وغیرہ ہوتی ہے اور اگر نچلے وال یا ڈھکن میں ہے تو کھانے کے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ بعد تکلیف محسوس ہوتی ہے اس کے علاوہ بھی بہت ساری علامات ہیں جو مشہور ہیں. یہ نسخہ تمام اقسام کے لیے مفید ہے بلکہ اکسیر ہے الحمدللہ۔

ایک مریض کا استفسار:۔

ASSLAMO ALIKUM,MOHTRAM DR SAHIB KIA HAL HAI...MERA BETA AGE 7.6 SAL..BISTR PR PESHAB KR DETA HAI BAZ AOQAT SHALWAR MAIN B,PESHAB CONTROL NAHI KAR PATA,KHANA B ACHI TARAH NAHI KHATA..USSE NAZLA ZAKAM B BAHOT JALD HO JATA HAI BARI NAZAK TABIYAT HAI..DUST ALERGY B HAI BRAEY KARAM RAHNMAYI FARMA DAIN..JAZZAK ALLAH

عاجز کا تجویزی نسخہ:۔

وعلیکم السلام۔ہومیو دوا نیٹرم میور 30 تین تین قطرے چمچ بھر پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے کے بعد دیں ان شاء اللہ بہت جلد ٹھیک ہو گا۔

ایک مرض کے متعلق سوال:۔

Assalam o Alaikum

Dr saab ksy han aap, ek.maura bhatija umer 15 saal, esk glaa bht kharab rehta hay, ek do hafta thek phir kharab ho jata jis k wajas say bukhar etc ,Dr kehtay han elergy hay , anti elergy ki med s waqtu aaram aata hay but phir wohi , koey achi c effected daisi med btaa dyn jis s agr elergy ya jo bhe ho wo permnent thk.ho jay

----

تجویزی نسخہ:۔

ادرک اور ملٹھی برابر وزن لے کر چمچ بھر لے کر اس کا ایک کپ قہوہ بنا کر رات کو سوتے وقت دیں اللہ کریم صحت عطا فرمائیں آمین۔

ایک انمول نسخہ: کشتہ دھاتی کا تیل کیمیائی:۔

....

کسی دھات کا قائم کشتہ ایک تولہ, نوشادر ہوائی تیل پانچ تولہ۔

کشتہ کو بذریعہ کھرل تیل مذکور پلائیں تھوڑا تھوڑا کہ تمام خشک ہو پھر خشک شدہ شیشے کی بوتل میں ڈال کر نمناک زمین میں تین دن دفن رکھ کر نکال لیں پھر آبی تیل بنا ہو گا تاہم کچھ کشتہ اس میں حل ہو گا اور باقی نیچے پڑا ہو گا. اسے کھرل میں ڈال بذریعہ کھرل خشک کر کے پھر شیشی میں دفن کر دیں یہ حل و خشک اتنی مرتبہ کریں کہ سب کشتہ حل شدہ نکلے. اگر تیل کم نکلے تو ہر بار تھوڑا نیا شامل کر کے کھرل کریں. جب سب حل شدہ نکلے تو شیشی کو سنبھال رکھیں.

میرا مجرب نہیں تاہم نہایت معتبر ذریعہ سے ملا ھے. ترکیب بھی درست ھے باقی دھاتی کیمیائی تیل کے خواص آپ حکماء حضرات سے پوشیدہ نہیں. واللہ اعلم.

....

طالب دعا.

ڈاکٹر زمان صابر

کیمیاء

....

کاہی سرخ اور شکر ہموزن توے پر بھون لیں. کاہی سبز آپ کے ہاتھوں میں. جس کی تلاش میں کیمیا گر پھرتے ھیں.

....

دھاتوں میں سمیٹ لاتی ھے. خصوصا چاندی میں.

....

شوگر کے لیے اکسیری نسخہ

....

صرف 50 روپے میں پورا نسخہ :)

....

مریض ایک خوراک کھا کر کہے گا کہ حکیم صاحب ایک خوراک نے وہ کام کیا ہے کہ باقی سب ٹیبلٹ پھینک دی ہیں :)

کیا ممکن ہے :):)

بتادیا تو شوگر ٹیبلیٹ کمپنیز کا کیا ہو گا؟

دوسری یہ بات کہ کروڑوں کا نسخہ ہے

کون دے گا مجھے کروڑوں :(

....

انتظار ختم

....

نسخہ مبارک= تخم جامن و تمر ہندی الگ الگ پیس کر الگ الگ 500mg کے کیپسول بھر لیں.

ناشتے کے بعد جامن والا کیپسول پانی سے دیں اور گھنٹہ بعد تمر ہندی والا دودھ کے ساتھ دیں انشاءاللہ بہترین نتائج ملیں گے. میرا ذاتی مجوز نسخہ ہے بہت آزمایا ہوا بے خطر استعمال فرمائیں.

کلیجہ نکال کے رکھا ہے اجزا کے عام ہونے پر نہ جایئے گا اکسیر ہے. سب بنا کر شوگر کے مریضوں کی دعائیں لیں

....

دائمی قبض کی اکسیری دوا

اور معدے کی اصلاح

....

چھلکا اسپغول 250 گرام، سفوف گری بادام 250 گرام، گلوکوز 250 گرام، سبز الائچی 50 گرام کے صرف بیج کا سفوف. ان سب کو ملا کر رکھ لیں. کھانے کے بعد چھوٹا چمچ پانی سے صبح دوپہر شام لیں انشاءاللہ دائمی قبض بھی ختم ہو گی اور معدے کی مکمل اصلاح ہو کر تمام بیماریوں کا سد باب بھی ہو گا۔

شوگر کے مریض گلوکوز کے بغیر استعمال کریں۔

بارہا مرتبہ کا مجرب ہے۔

....

نظر دور و قریب کی کمزور نیز دھندلی نظر.

Amblyopia,, Blurred vision

....

بینائی کی کمزوری کی بہت ساری وجوہات ہوتی ہیں نیز ہومیو علاج علامات پر ہوتا ہے تاہم دوستوں کے اصرار پر ایک ہومیو نسخہ لکھ رہا ہوں جو اکثر علامات پر کار گر ہے۔

....

ھوالشافی۔ ہومیو دوائیں روٹا 30، جیلسیمیم 30، نیٹرم میور 30 تینوں کے تین تین قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر صبح دوپہر شام کھانے کے گھنٹہ بعد پی لیا کریں۔ نیز ایسڈ فاس 200 کے پانچ قطرے صبح نہار منہ آدھا کپ پانی میں ملا کر پیئیں۔

ان شاءاللہ آنکھ کے جملہ امراض میں افاقہ ھوگا۔

....

رودنتی بوٹی کے چند نسخہ جات

....

بوٹی کے نصف تولہ پانی کے ساتھ پارہ تولہ بذریعہ کھرل ٹکیہ بناکر اوپر ٹشو پیپر لپیٹ کر کچھ دھاگہ لپیٹ کر بوٹی مذکورہ کے نغدہ چھٹانک میں رکھ کر تین پاؤ کرسیوں کی آگ دیں۔ پارہ کشتہ ھوگا جو۔ اکسیری ھوگا اس سے شمس بنانا اتنا آسان ھے جتنی اردو میں لکھا نسخہ پڑھنا۔

بوٹی مذکورہ پاؤ کے برابر وزن پیاز لیکر دونوں کوٹ لیں۔ اس کے درمیان ھڑتال تولہ کی ڈلیاں تین چار رکھ کر درمیانی آگ پر کھلے منہ کڑائی میں پکائیں۔ جب نغدہ جل کر سیاہ ھو کر پھٹنے لگے آگ بند کردیں۔ ھڑتال سفید باوزن ھوگی۔ آگے اس سے جو کام لینا ھے وہ آپ کی مرضی۔

ایک پاؤ بوٹی کے نغدہ میں پارہ جست کی دو تولہ گرہ رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں جو نکلے تانبہ پر ٹرائی فرمائیں.

....

نیز دیگر دوستوں کے پاس اس بوٹی کے استعمال ھوں تو ضرور کمنٹ میں شیئر فرمائیں. شکریہ.

دور کی نظر کمزور.Myopia

....

جن احباب کی دور کی نظر کمزور ہے ان کے لیے ہو میو نسخہ.

ہومیو دوا اگاری کس 30، جیلسیمیم 30، فائی سو سٹیگما 30. تینوں کے تین تین قطرے دن میں تین بار کھانے کے گھنٹہ بعد آدھا کپ پانی میں ڈال کر لیں دور کی نظر بہتر ہو گی ان شااللہ۔

قریب کی نظر کمزور ہو.Hypermetropia

ہو میو نسخہ : :روٹا 30، نیٹرم میور 30، کلکیر یا فلور 30. تینوں کے تین تین قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر صبح دو پہر شام کھانے کے گھنٹہ بعد پی لیا کریں. ان شاء اللہ بہت جلد قریب کی نظر ٹھیک ہو گی.

....

رحم کی خارش.

....

پیارے دوستو آج آپ سب کے ساتھ وہ نسخہ شیئر کر رہا ہوں جو میرا بیسوں بار کا مجرب ہے. صرف تین دن استعمال سے آرام ہو جاتا ہے

....

ہو میو دوائیں. سلفر 30 اور کلیڈیم 30 کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر دیں دن میں تین بار کھانے سے گھنٹہ بعد. تین دن میں آرام ہو گا ان شاءاللہ

بچوں کے چلنے میں دیر.

....

وہ بچے جو چلنے میں دیر لگائیں خصوصا چار سال کی عمر تک بھی چلنے میں ناکام ہوں ان کے لیے مجرب دوا.

....

ہو میو دوا کلکیریا کارب 30 پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ڈال کر اس پانی کا ایک کھانے کا چمچ صبح دو پہر شام پلا دیا کریں. دوسرے دن دوا تازی بنالیں اسی طریقہ سے. ان شاءاللہ بہت جلد چلنے لگے گا..

بچہ بولنا دیر سے سیکھے.Delayed Talking

....

ہومیو نسخہ : نیٹرم میور30، مرکیورس30 دونوں کے پانچ پانچ ڈراپ آدھا کپ پانی میں ملا کر اس پانی کا ایک چمچ دن میں تین مرتبہ پلادیں. ہر روز یہ دوا تازی بنا کر تین ٹائم دیں. ان شاءاللہ بچہ جلد بولنے پر قادر ہو گا.

....

رسائین

السلام علیکم دوستو!

نسخہ برائے مردانہ سپرمز کی افزائش۔بے اولادی۔امساک انتشار۔ جریان احتلام۔ کمر کے مہروں اور جوڑوں کے درد۔دماغی کمزوری۔ جسمانی اعصابی تقریباً ہر قسم کی کمزوری کے لیے بہت بہت بار کا مجرب نسخہ۔

تمر ہندی، سنگھاڑا، پنبہ دانہ اور گندم کا چھلکا جو چھاننے سے بچ جاتا ہے سب برابر وزن پیس کر شہد خالص میں معجون سی بنا کر ایک چمچ صبح نہار منہ دودھ سے لیں ایک ماہ بعد رزلٹ لیں ان شاءاللہ۔

شوگر والے بغیر شہد بطور پھکی آدھا چمچ دودھ سے لیں۔

عینک توڑ دوا

....

آجکل اسکول کے بچوں کی اکثر دماغی کمزوری اور پڑھائی کے زیادہ بوجھ سے نظر کمزور ہو جاتی ہے اور چھوٹے چھوٹے بچے اور بچیاں بوڑھوں کی طرح عینک پہن لیتے ہیں ایسے سب بچوں کے لیے اکسیری نسخہ جو کئی بار کا آزمودہ ہے پیش کر رہا ہوں بنا کر اپنے بچوں کو عینک سے نجات دلائیں. شکریہ

خشخاش پاؤ نیم بریاں پیس کر اس میں کھانے کا چمچ دیسی گھی ملا کر ہاتھوں سے خوب مل کر مکس کر دیں. آدھا چمچ صبح شام ہمراہ پانی کھانے کے بعد انشاءاللہ بہت جلد نظر درست ہو کر عینک سے بھی جان چھوٹ جائے گی اور حافظہ بھی بڑھے گا.

....

گلہڑ، گوائٹر، تھائی رائڈ غدود کے امراض Thyroid Gland .

اہم علامات: جاگتے سوتے نبض تیز چلنا، دل کا تیز دھڑکنا، انگلیوں کا کانپنا، وزن کا کم ہو جانا، اسہال، شدید کمزوری، بھوک زیادہ اور زیادہ کھانا مگر جسم کا گھلتے جانا اور غصہ بڑھ جانا.

Hyperthyroidism, Exophthalmic goitre.

تھائی رائڈ کا فعل تیز ہونا، جس میں آنکھیں باہر کو ابھر آتی ہیں

ہومیو علاج :۔

بیلاڈونا30، کلکیریا کارب 30، سپونجیا30 تینوں کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں ملا کر دن میں تین بار کھانے کے گھنٹہ بعد.

تھائی رائڈ غدود کا فعل سست پڑ جانا.

ہومیو علاج :۔

کیکٹس 30، گلونائن 30، تھائی رائڈین 30. تینوں کے پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں دن میں تین بار کھانے سے گھنٹہ بعد.

....

قد میں اضافہ اور جسمانی نشو نما کے لیے

خصوصا نوجوان بچوں اور بچیوں 25 سال سے کم عمر افراد کے لیے

قد بڑھانے کا آزمودہ ہومیو نسخہ.

ہومیو دوا برائیٹا کارب 200 پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں صبح نہار منہ پی لیا کریں اور ہومیو دوا کلکیریا فاس 30 تین تین قطرے صبح دوپہر شام آدھا کپ پانی میں کھانے کے گھنٹہ بعد پیا کریں ان شاءاللہ ایک کورس میں کافی فرق آئے گا ایک دو کورس مزید جاری رکھیں ضرور فائدہ ہو گا.

روغن نوشادر

حاجی بابا کا گروپ کو تحفہ !

....

ایک پاؤ برادہ صدف صادق میں پانچ تولہ نوشادر ٹھیکری رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلہ کی آگ دیں. نکال کر ہوا میں رکھیں روغن ہو گا.

....

عطیہ: جوگی بشیر المعروف حاجی بابا

لڑکیوں کے جملہ امراض اور قد کی افزائش کے لیے ایک ہی اکسیری دوا.

....

ھوالشافی: پیپل اور بوھڑ کے پھل برابر وزن پیس کر رکھ دیں.

خوراک: چھوٹا چمچ صبح شام ھمراہ پانی کھانے کے بعد.

عطیہ: استاذی مرحوم حکیم عبدالودود صاحب رحمۃ اللہ علیہ

....

امراض مطلب لیکوریا, حیض کی بے قائدگی. بےاولادی, اعصابی کمزوری. جسم کا ڈھیلا پن یا سوجن. چھرے کی چھائیاں, اعضائے حسن کی افزائش مع ڈھیلاپن کا خاتمہ, پیٹ کا نیچے کی طرف بوجھ, وغیرہ وغیرہ نیز ھڈیوں کی نشو نما ھو کر لڑکیوں کا قد بڑھاتی ھے جو لڑکیوں کی اولین خواھش ھوتی ھے (:

ایک پیارے بھائی کے تاثرات مع نسخہ جلد کی الرجی ہر قسم.

....

السلام علیکم ورحمۃاللہ۔۔۔

اساتذہ حکماءاور دوستو۔۔۔چند دن قبل پٹکنڈہ کے تعلق سے گروپ میں پوسٹنگ چلی تھی۔۔۔ جسمیں ڈاکٹر زماں صاحب نے خون صفا کے لئے ایک نسخہ میرے سوالکے جواب میں لکھا تھا۔۔الحمدللہ وہ نسخہ اتنازودواثر وکار آمد ثابت ہوا کہ آپ لوگ یقین جانیں کہ کس بندہ کو میں نے یہ نسخہ (برائے خون صفا) دیا تھا اس کی تکلیف صرف تین دن میں ختم ہو گئی اور اب زخم بھی بھرنے لگے ہیں۔۔۔الحمدللہ۔۔۔

جزاکم اللہ خیرا۔۔ڈاکٹر زماں صاحب۔۔۔

نسخہ ملاحظہ ہو۔۔۔

میری شاپ میں کام کرنے والے ایک بندہ کو کھجلی کی شکایت ہو گئی تھی حالت یہ تھی کہ سارا جسم میں کھجلاہٹ کے بعد زخم پڑ جاتے جس دن اس نے مجھ سے دوائی مانگی اسی دن یہ نسخہ مجھے ڈاکٹر صاحب نے اس گروپ میں بتایا۔۔۔

پھٹگنڈہ کے پتہ کو خشک کریں اور سفوف بنا کر کپڑ چھانکر کے 500 ملی گرام کے کیپسول بنالیں صبح شام ایک ایک کیپسول پانیکے ساتھ بعد کھانا کے دیں۔

دردوں کے لیے اکسیری آسان تیل.

....

تیل سرسوں ایک پاؤ میں پانچ تولہ نمک سرخ ڈلی ڈال کر ہلکی آگ پر 20 منٹ پکا کر ڈلی نمک نکال کر زمین میں دفن کر دیں کہ زہر یلی ہو گی کوئی جاندار نہ کھالے. تیل شیشی میں سنبھال لیں. دانت درد. داڑھ درد/اور بچھو کے کاٹے پر لگائیں. نیز جوڑوں کے درد، کمر درد اور دیگر ہر قسم کے دردوں کی اکسیر ہے.

....

بلغمی دمہ کا گھریلو علاج

....

مٹی کے برتن میں ایک پاؤ گندم جلا کر کوئلہ بنادیں. پھر اس میں آدھا پاؤ آدھ جلی ہلدی ملادیں. دونوں کو پیس کر ملانا ہے.

دو ماشہ دن میں تین بار کھانے کے بعد پانی سے لیں

ان شاءاللہ دس پندرہ روز میں شفا حاصل ہو گی.

....

السلام علیکم بھائیو ایک عزیز نے اپنے پردادا کے جو حکیم تھے ان کے نسخہ جات عنایت فرمائے ہیں. سوچا ان کو محفوظ کرنے کا راستہ عام کر دینا ہے اس لیے کوشش کروں گا ایک ایک کر کے شیئر کرتا رہوں

نسخہ جات مختلف بیماریوں کے ہیں

آج ان میں سے ایک مزید نسخہ لکھ رہا ہوں. تحریر صاحب نسخہ کے الفاظ ہی میں لکھوں گا برائے برکت.

....

اکسیر نمونیا اور سرسام

....

بارہ سنگا کے سینگ کو رات بھر شیر مدار میں رکھیں صبح نکال کر آگ پر اتنی دیر رکھیں کہ خشک ہو پھر رات بھر شیر مدار میں رکھیں صبح خشک کریں

ایسا اکیس روز کریں.

پھر گھیکوار کے پتے کو چیر کر اس میں رکھ کر کپر وٹی اور گل حکمت کر کے پانچ یا چھ سیر اپلہ کی آگ دیں. ٹھنڈا ہونے پر پیس کر شیشی میں رکھ لیں.

خوراک: ایک لکھ پتاسہ یا بیری کے دو پتوں میں میں رکھ کر دیں. اور مریض کو ہوا نہ لگنے دیں.

....

پیارے بھائیو میں عموما کوشش کرتا ہوں کہ آسان نسخہ جات شیئر کروں کہ عام بھائی جو طبیب نہیں آسانی سے بنا کر مستفید ہوں.

تاہم کچھ طبیب بھائیوں نے بار بار حکم فرمایا ہے کہ کچھ اپنے تجربات سے ان کے لیے اکسیری کشتہ جات بھی تحریر کروں

میں اس کے قابل تو نہیں لیکن اپنے ان بھائیوں کی محبت کو سامنے رکھتے ہوئے کوشش کروں گا آئندہ کچھ اپنی سنیاسانہ زندگی کے کچھ مجربات طبیب بھائیوں کی خدمت میں پیش کروں گا صرف اتنی درخواست ہے مخلوق خدا کی خدمت کو سامنے رکھ کر ان نسخہ جات کو بنا کر اپنے لیے صدقہ جاریہ بنا کر مجھ ناچیز کو بھی اپنی دعا میں یاد رکھنا شکریہ.

....

اکسیر باہ،ہر قسم کی اعصابی جسمانی کمزوری،خون کی کمی،خون کی خرابی سے ہونے والی امراض الغرض اکسیر اعظم ہے بلا مبالغہ.

....

ایک حصہ کشتہ شنگرف،ایک حصہ کشتہ سالفار،دو حصہ کشتہ فولاد

ملا کر ایک چاول خوراک ہمراہ گھی ملے دودھ سے روزانہ ایک خوراک ناشتے کے گھنٹہ بعد. دوران استعمال دودھ گھی خوب استعمال فرمائیں.

سات خوراک ایک بندے کو کافی ہوں گی ان شااللہ.

....

ان کشتہ جات کو مخصوص ترکیب سے کشتہ کرنا ہو گا جو مندرجہ ذیل ہے.

کشتہ شنگرف کی تیاری.

نمک کا ایک چار پانچ کلو کا موٹا سا ٹکڑا لیں اور اس میں پیالے کی طرح گھڑا اتنے سائز کا بنالیں کے اس میں دو تولہ شنگرف کی ڈلی پگلی ہوئی گندھک میں چھپ سکے. نمک کے ٹکڑے کو آگ پر رکھ کر پیالہ نما گھڑا میں شنگرف رکھ کر چٹکی چٹکی گندھک اتنی ڈالیں کہ ڈلی ڈوب جائے.36 گھنٹہ اس طرح پکائیں کہ ڈلی ڈوبی رہے گندھک کم ہونے پر چٹکی ڈالتے رہیں.

36 گھنٹہ پورے ہونے پر شنگرف کی ڈلی گرم نکال لیں کہ گندھک سے علیحدہ ہو جائے.

اب اس شنگرف کو ایک بٹیر کے پیٹ میں رکھ کر بٹیر کو جنگلی کبوتر کے پیٹ میں رکھ دیں پھر اس کبوتر کو ایک دیسی مرغ کے پیٹ میں رکھ دیں. تینوں پرندوں کو پروں اور بالوں وغیرہ سے پہلے صاف کرنا ہے

اب اس مرغ کو ایک روغنی ہانڈی میں ڈال کر گل حکمت کر کے بیس کلو اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر شنگرف نکال کر سنبھال رکھیں.

کشتہ سم الفار کی تیاری

سم الفار زرد چھ چھ ماشہ کی چار ڈلیاں کسی برتن میں ایک کلو میٹھا سوڈا میں رکھ کر درمیانی آگ پر چار گھنٹہ رکھیں. سرد ہونے کے بعد نکال لیں

اب چار دیسی انڈوں کے نوک والے سرے میں سوراخ کر کے ان میں سے سفیدی نکال کر ایک ایک ڈلی سم الفار کی ڈال کر اوپر حسب گنجائش دیگر دیسی انڈوں کی زردی ڈال کر ایک کڑاہی میں ریت کے اوپر کھڑا رکھ کر کہ چوتھائی حصہ انڈوں کا ریت میں دبا ہو دھیمی آگ پر اتنی دیر رکھیں کہ زردیاں تیل دے کر تیل خشک ہو جائے تو آگ بند کر دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال کر سنبھال رکھیں

....

کشتہ فولاد سرد کی تیاری

کیکر کے چھلکے چھوٹے چھوٹے انچ بھر کے ٹکڑے ایک کلو، برادہ فولاد خالص دس تولہ۔ دونوں کو کسی پلاسٹک کی بالٹی میں ڈال کر پانی اتنا ڈال دیں کہ تین چار انگل اوپر رہے۔ دن میں دو تین بار کسی ڈنڈے وغیرہ سے مکس اور ہلا دیا کریں۔ بعد چالیس دن کے اس میں کلو پانی مزید ڈال کر خوب مکس کر کے چھوڑ دیں کہ پانی نتھر جائے اب احتیاط سے اوپر سے پانی نکال لیں کہ پانی میں خام ذرات نہ آئیں۔ اب اس پانی کو لوہے کی کڑاہی میں ہلکی آگ پر اتنا خشک کریں کہ کریم سی ہو اور آگ بند کرنے پر ٹھنڈا ہوتے ہوتے خشک ہو جائے۔ یہ آپ کا پانی میں حل شدہ فولاد ہے جو جسم میں جاتے ہی حل ہو گا۔

جب مزید ضرورت ہو اسی طرح مزید پانی ڈال کر نکال کر خشک کر لیا کریں۔

موجاں کرو:) اور دعا میں یاد رکھنے کی درخواست ہے۔

طالب دعا۔ ڈاکٹر محمد زمان صابر

پارہ ڈلی

....

ایک تولہ سرخ کائی ایک تولہ سم الفار سفید دو تولہ پارہ اور ایک کیلا کا گودا سب کو باہم کھرل کروا یکشن ہو کر پارہ نابود ہو گا خشک ہونے پر ایک کپ میں ڈال کر اوپر تانبے کا ڈھکن دے کر گلحکمت کر کے دو سیر کرسی یعنی اپلہ کے ٹکڑوں کی آگ دیں. ٹھنڈا ہونے پر کھولیں کچھ پارہ ڈھکن سے لگا ہوا سے اتار کر تہ نشین مواد کے ساتھ ملا کر اس میں ایک تولہ سہاگہ پیس کر مٹی کے بوتہ میں بند کر کے آٹھ دس سیر اپلوں کی آگ دیں. ٹھنڈا ہونے پر نکالیں پارہ چرخ کھا کر ان شاء اللہ ڈلی ہو گا. کام میں لائیں۔

....

طالب دعا۔

ڈاکٹر محمد زمان صابر

ادویات کے کیمیائی خواص

پھٹکڑی:۔تانبہ کی سیائی دور کرتی ھے.چاندی کو صاف کرتی ھے.اس کا تیل بلور کو چرخ دیتا ھے اور اجساد کو حل کرتا ھے۔

....

سجی:۔چاندی کو صاف کرتی ھے.تانبہ کو پختہ رنگتی ھے.روحی اشیاء گندھک ھڑتال وغیرہ کو قائم کرتی ھے. گندھک اور سم الفار کو تیل کرتی ھے۔

....

کافور:۔ قائم کافور پارہ کو قائم کرتا ھے.گندھک کو تیل کرتا ھے۔

....

شورہ:۔اجساد کو حل کرتا ھے.سونے کو اجلا کرتا ھے. قائم النار ہو کر کل پا کھروں کو ثابت کرتا ھے.اس کا تیزاب کچے رنگ کو دور کر دیتا ھے۔

....

نوشادر:۔اگر قائم اور غواص ہو تو کچے رنگ کو پکا کرتا ھے اور سنڈھ کو غواص کرتا ھے۔

دارچکنا:۔پھوٹک کو نرم کرتا ھے.مدبر شدہ گندھک اور ھڑتال کا تیل نکالنے میں چھوڑ کا کام دیتا ھے۔

نیلا:۔ کم رنگ سونے کو شوخ کرتا ھے. لعاب دار اشیاء کو پھاڑ کر رقیق کرتا ھے۔

....

نمک:۔ کم رنگ کا رنگ بڑھاتا ھے. پارہ اور گندھک کو قائم کرتا ھے. دھات کی ملاوٹ اور تیل نکالتا ھے۔

....

کلس بیضہ: روحی اشیاء کو قائم کرتا ھے۔

....

جو کھار:۔ روحی اشیاء کے جوھروں کو آنچ پر رکھ کر اس کی چٹکی دینے سے وہ مشمع ہو جاتے ھیں۔

....

سہاگہ:۔ دھاتوں کو گلاتا ھے. سونے چاندی کی میل دور کرتا ھے. اس کا تیل نوشادر کو قائم اور غواص کرتا ھے۔

زنگار:۔ سرکہ میں ملا کر سونے کو اس میں لپیٹ کر چرخ دینے سے سونا نرم ھوتا ھے. نیز سختی زیادہ ھو تو چرخ دے کر مصطگی, سھاگہ ھموزن کی چٹکیاں دینے سے بھی نرم ھو جاتا ھے۔

h. Pylori: کیلئے کوئی نسخہ عنایت فرمادیں:۔ایک مریض کا سوال:

....

تجویزی نسخہ:۔ریوند چینی ایک حصہ اسپغول تین حصہ ملا کے ایک چمچ پانی کے ساتھ کھانے سے گھنٹہ پہلے پی لیا کریں صبح دوپہر شام. ان شااللہ بہت جلد یہ بیکٹریا ختم ہوں گے. اگر کھانے کے بعد السر معدہ والا نسخہ یوز کریں تو سونے پر سہاگہ۔

....

السر معدہ والا نسخہ یہ ہے۔

معدہ کا السر سات دن میں فشوں:۔

....

آجکل ہر دوسرا بندہ السر کا شکار ھے اور سالوں علاج کر کے بھی فریادی ہی ملتا ھے تو لیجیے پیارے پیارے بھائیو اور دوستو!

....

اپنا آزمودہ نسخہ آپ کو دے رہا ہوں جو صرف سات دن میں السر کو ختم کرتا ھے. ضرور بنائیں خود بھی یوز کریں اور آس پاس کوئی اور مریض ہو اسے بھی دے کر ثواب کمائیں۔

ہلیلہ سیاہ 50 گرام، ستاور 10 گرام، مصبر 3 گرام. تینوں پنسار اسٹور سے لے لیں

ہلیلہ کو گھی میں بھون کر کپڑے سے مل کر خشک کر کے پیس لیں اور دونوں دیگر دوائیں بھی پیس کر تینوں کو ملا دیں بس تیار ھے۔

کھانے کے بعد صبح دوپہر شام ایک رتی یعنی چٹکی بھر پانی سے لے لیا کریں

صرف سات دن میں السر نہیں رہے گا. تاہم اگر زیادہ دن بھی یوز کریں تو معدہ کے لیے بہت مفید ھے. دعا میں یاد رکھنا۔

....

گیس ٹربل+سر درد

....

دوستو آجکل جسے دیکھو معدہ کی گیس اور اس سے ہونے والے عوارض کی تکالیف میں مبتلا ہے خصوصا عورتیں تو ہر وقت سر درد کی وجہ سے سر باندھے نظر آتی ہیں۔

آج آپ کو اس کا آسان زود اثر سستا بہت بار کا مجرب اور مزیدار علاج بتاتے ہیں۔

....

پِسا ہوا ناریل جسے کھوپرا بھی کہتے ہیں پنساری سے عام مل جاتا ہے سفید دانے دار سفوف کی شکل میں

اس سفوف کاایک کھانے کاچمچ ایک پاؤدودھ میں ڈال کر حسب ذائقہ چینی بھی ڈال کر آگ پراتنی دیر پکائیں کہ چائے کی طرح دو تین ابال آجائیں بس مزے دار ناریل کھیر تیار ہے رات سوتے وقت چمچ سے نیم گرم کھالیں صرف سات دن میں معدہ کی گیس سے نجات ملے گی اور ساتھ اس گیس کی وجہ سے ہونے والی اکثر امراض سے بھی انشاءاللہ شفاہو گی. مزیدارا تنی ہے کہ کھیر اور فرنی کامزہ اکٹھا نہ آئے تو پیسے واپس۔

....

یہ ایک فرد کی مقدار خوراک ہے اسی حساب سے دودھ اور سفوف زیادہ لے کر زیادہ آدمیوں کے لیے بنا سکتے ہیں

....

ایک مریض کاسوال اور علامات :۔

....

السلام علیکم ورحمتہ للہ وبرکاتہ

گذارش عرض ھے کہ 53 سال عمر ھے

دل کا مریض بھی ہوں, کمر درد عرصہ سے

ھے, جسمانی کمزوری بہت ھے, جسم 24 گھنٹے پھوڑے کی طرح دُکھتا رہتا ھے

ہڈی ہڈی میں درد رہتا ھے, سستی بے انتہا ھے, دل کرتا ھے کہ ہر وقت کوئی جسم دبائے

یادداشت بہت کم ھے, کسی سے کچھ عرصہ بعد ملاقات ہو تو اکثر نام بھول جاتا ہوں

بڑی شرمندگی ھوتی ھے۔

صبح اٹھنے پر تقریباً جھک کر چلنا پڑتا ھے

40|50 منٹ بعد جب خون کی روانی نارمل ہونے پر کمر سیدھی ہوتی ھے۔

اپنے نسخے کئی آزماتا رہتا ھوں, وقتی افاقہ ھوتا ھے, چند سال قبل ایک حکیم صاحب سے ساری کیفیات بتائی انہوں نے بالکل صحیح تشخیص بتائی کہ آپ ٹینشن بہت لیتے اور یہ کمر درد اسی وجہ سے رہتا ھے۔

اپنی تمام کیفیات تفصیلاً بتائی ہیں

گھریلو نامساعد حالات کی وجہ سے

ٹینشن تو ہر وقت رہتی ھے۔

اللہ کریم آسانی فرمائیں۔

حکماء حضرات سے کوئی کم لاگت و مجرب اور قوت بخش نسخے کی التجاء ھے۔

مجھ جیسے کئی لوگوں کا بھلا ھو جائے گا۔

....

عاجز کا تجویز کردہ علاج:۔

وعلیکم السلام. آپ کی بیان کردہ علامات پر کچھ دوائیں تجویز کر رہا ہوں اور دعا ہے اللہؐ کریم شفا کا باعث فرما دے آمین. آپ ہومیو دوا رسٹاکس 200 پانچ پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں کھانے سے دس منٹ پہلے لیں صبح دوپہر شام..

نیز اسگند، چیڑھ دیسی گھی میں بریاں کردہ، بادام، نشاستہ،اخروٹ برابر وزن پیس کر حسب ذائقہ شکر سرخ ملا کر صبح شام ایک چمچ دودھ کے ساتھ لیں. ان شااللہؐ کافی بہتری آئے گی۔

....

دھاتوں کے کیمیائی خواص

....

سونا:۔ نوشادر ڈالنے سے رنگ اور شورہ ڈالنے سے صاف ھوتا ھے. سیسہ اور قلعی کی بو سے پھوٹک ھو جاتا ھے. نمک اور پھٹکڑی سے رنگ شوخ ھو جاتا ھے. پارہ ملنے سے سفید ھو جاتا ھے. شنگرف کو قائم کرتا ھے۔

....

چاندی:۔ سجی اور گندھک لگنے سے کالی پیلی ھو جاتی ھے. قلعی کی بو سے پھوٹک ھوتی ھے. گندھک سے سیاہ اور کشتہ ھو جاتی ھے. ھڑتال کے جوھروں کو قائم کرتی ھے. تانبے میں ملنے سے سرخی لے آتی ھے۔

....

قلعی :۔نوشادر اسے صاف کرتا ھے. شورہ اسے کھا جاتا ھے. نمک اس کی بو مارتا ھے. تانبے کو خستہ اور چاندی کو پھوٹک کر دیتی ھے. لوہا اس کو سخت کرتا ھے. پھٹکڑی اور سرمہ سے اس کی ڈھال سخت ھو جاتی ھے. اس کا تیل کیمیائی بن جائے تو لوھے کو طلاء کرتی ھے۔

....

جست :۔تانبے میں ہموزن ملانے سے پیتل بناتا ھے. چاندی کو زرد کرتا ھے. نوشادر کو تیل کرتا ھے. شنگرف کو قائم کرتا ھے. اگر جست قائم ھو تو تانبے کو طلاء کرتا ھے. پارہ کو نشست دیتا ھے۔

....

فولاد :۔ سرخ کردہ آگ پر اگر گندھک ڈالی جائے تو فوراً پگل جاتا ھے. اس کا سرخ کشتہ چاندی کو رنگ دیتا ھے. پارہ قائم کرتا ھے. قلعی سوخت کرتا ھے. سنکھ, کوڑی اور ھڑتال اس کو نرم ڈھال پر لے آتے ھیں. سرب, جست اور قلعی کو سخت کرتا ھے. شنگرف اور ھڑتال سے کشتہ ہو جاتا ھے. تانبے سے زندہ ہو جاتا ھے. کچا لوہا عمل شمسی میں اور پکا لوہا عمل قمری میں کام آتا ھے۔

سیسہ :۔آگ پر زیادہ تاؤ سے سرخ ہو جاتا ھے. سوائے سونے کے دیگر دھاتوں کو آگ پر فنا کر دیتا ھے. سونے کو خراب اور پھوٹک کرتا ھے. چاندی کو سرخ رنگتا ھے. پارہ کو روکتا ھے. اگر عمدہ کشتہ ہو تو تانبے کو طلاء کرتا ھے. مینسل سے کشتہ ہو جاتا ھے اور چاندی ملانے سے زندہ ہو جاتا ھے۔

تانبا:۔ گندھک اور شنگرف کو قائم کرتا ھے. گندھک کا چھوڑ ہے. پارہ کو عقد کرتا ھے. اگر سفید کر لیا جائے تو ھر لعاب دار شیرہ، دودھ اور روغن کو پھاڑ کر رقیق کرتا ھے. چاندی کو رنگ دیتا ھے. جست سے پیتل اور نکل سے سفید ہو جاتا ھے. سم الفار اور ھڑتال کے جوہر اس کو چاندی جیسا سفید کر دیتے ھیں۔

عرض: ان خواص میں اہل صنعت کے لیے بہت نکات مفیدہ ہیں۔

قد میں اضافہ اور جسمانی نشو نما کے لیے

خصوصا نوجوان بچوں اور بچیوں 25 سال سے کم عمر افراد کے لیے

قد بڑھانے کا آزمودہ ہومیو نسخہ:۔

ہومیو دوا برائیٹا کارب 200 پانچ قطرے آدھا کپ پانی میں صبح نہار منہ پی لیا کریں اور ہومیو دوا کلکیر یا فاس 30 تین تین قطرے صبح دوپہر شام آدھا کپ پانی میں کھانے کے گھنٹہ بعد پیا کریں ان شاءاللہ ایک کورس میں کافی فرق آئے گا ایک دو کورس مزید جاری رکھیں ضرور فائدہ ہو گا۔

السلام علیکم بھائیو! ایک عزیز نے اپنے پردادا کے جو حکیم تھے ان کے نسخہ جات عنایت فرمائے ہیں. سوچا ان کو محفوظ کرنے کا راستہ عام کر دینا ہے اس لیے کوشش کروں گا ایک ایک کر کے شیئر کرتا رہوں

نسخہ جات مختلف بیماریوں کے ہیں

آج ان میں سے تیسرا نسخہ لکھ رہا ہوں. تحریر صاحب نسخہ کے الفاظ ہی میں لکھوں گا برائے برکت۔

بائی کے دردوں کے لیے

پرانا حرمل آدھا چھٹانک توے پر کچھ بھون کر پرانا گڑ ملا کر چنے برابر گولی بنالیں

خوراک:۔ صبح تازے پانی سے ایک گولی

اکسیر باہ

کنیر سفید کی جڑیں رات کو نکالے کہ دھوپ نہ لگے ہموزن نیاز بو کی پھونجیاں علیحدہ علیحدہ سائے میں سکھا کر ملاوے۔

صبح، شام 6،6 ماسہ ہمراہ دودھ

اس میں شنگرف بھی تین سیر کی آگ میں سفید ہو گی۔

زخموں کے لیے مرہم اور دھوڑہ

گلابی کتھ، رال، ستھہ، رتن جوت ہم وزن تر زخموں کے لیے دھوڑہ ہے۔

اور تیل سرسوں میں ملا کر مرہم بنالیں تو ہر قسم کے خشک و تر زخم پر کارگر ہے۔

طالبِ دُعا۔

ڈاکٹر محمد زمان صابر

کتب خانہ طبیب